UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222773

UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—552—7-7-66—10,000

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵۴۳۱۴ Accession No. ۷۳۴۱

Author ک - م 7341

Title کلیات نوین

This book should be returned on or before the date last marked below.

الحمد للہ کہ کلیات (۱۹۳۲)

Checked 1975

1952

کلیاتِ مومن

Checked 1975

من تصنیف

افصح الفصحا حکیم مومن خانصاحب دہلوی مرحوم

بحسن اہتمام

Checked 1969.

کیسر داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

مطبع منشی نولکشور لکھنؤ میں چھپکر شایع ہوا

سنہ ۱۹۳۱ء

روشنی بخش چراغ دو ایمان فیض بنسی



مطبع منشی نولکشور میں ضیا طبع نورانی ہوا

باہتمام کیسری داس سپرنٹنڈنٹ

L 3441 (B)



بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ کلیاتِ مومن

حمد را بالای شکر ازان گزیدہ اند کہ این بازای نعمت است و آنرا انتظار مکرمت نی دور قدسی بارگاہ واہب بے مزد و منت ہمین اولی ترا تا آدم زاد را کہ ہنوز از صلب پدر بطن مادر نخرامیدہ مصدر گوناگون آلا است چہ نیرو کہ از شہرستان در بند سپاس یک نعمت برآید تا بدشوار گذار وادی حمد گام کہ زند یارب حسرتی فزون تر از حوصلہ خویشتن بمہتہا کامیاب و فزون تر ازین امیدوار درین راہ پر گم کردہ راہ ست و سخت سرگشتہ نیایشی کہ ترا سزاست از کجا آرد و سپاسی کہ فراخور چندین موہبتہا ست چگونہ گذارد و فرو بیدہ آنست کہ نغمۂ لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک ریزد کہ درین راہ تن زدن بال و پر زدن است و از پرواز ماندن بر کاخ نشستن و آشیان بر شاخ بستن و بہمین ہنجار زمزمہ **بیت** از دست و زبانی کہ برآید + کز عہدۂ شکرش بدر آید + سر آید کہ درین مقام لب از ترانہ بستن غلغل انداختن و زمزمۂ خموشی سر دون شور افگندن اما باین ہم نقش بیم از گوشۂ دل سترده میشود و تراشہ نمی یابد کہ مضمون وا ما بنعمت ربک فحدث دلنشین است این طرفگیہا بدان ماند کہ آبلۂ پاروندہ را از خارزار نسری بگذرانند و نفس شتاب از برق دریوزہ کردن و سرعت از صبا ربودن را سرزنش نمایند و او را کسی چگونہ

بیحساب نعمتہاے ترا بر شمار دہر نفسی کہ فرو میرود مدد حیاتست وچون برمی آید مفرح ذات پس در ہر نفسی دو نعمت موجود است لاجرم یک منت راکہ با جلالت آن ہزار موہبت مصادم و مقادم نہ گردد جلوۂ اظہار میدہد و آن خلق و آفرینش باعث آفرینش خلق و عالم سبب ظہور آدم نقادۂ دو جہان سرور انس و جان شفیع المذنبین سید المرسلین محمد مصطفےٰ است صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین الی یوم الدین کہ اگر وجود باجودش بگیتی نیامدی گیتی آفریدہ نشدی و عالمیان چندین نعمتہاے ارزان و عطیات گران در نہ ربودندی لذت چشان تلخی دنیا را حلاوت نعیم جنان بکام نرسیدی و روشنضمیران بیدار مغز را شبستان خاطر خورشید جان نگردیدی داؤد را لحن و یوسف را جمال موسیٰ را دست و عیسیٰ را دم چگونہ ارزانی گشتی گل را رنگ و بلبل را نظارہ شمع را افروختن و پروانہ را سوختن کجا بودی نہ دلربایان را ناز بودی و نہ دل ربودگان را نیاز نہ عندلیب نغمہ یافتی و نہ حسرتی سخن دانش پژوہان ژرف نگاہ دانند کہ در ہمہ عالم چیزی نیست کہ با سخن نطع مساوات گستردہ دم برابری زند انسان را بر حیوان شرف از نطق است و بس صفت مصطلحہ فلسفیان دلیل ست کلی را ہر چند صفحہ دل بنور توحید داور گیتی پرورد و بفروغ رسالت خداوند اعجاز شق القمر آفتاب منزل باشد با نیروی گویائی تا با فراز این رطب اللسان و با ظہار آن عذب البیان نگردد در کوچۂ اسلامیانش جا ندہند آری گفت مجردی قبول قلب و تسلیم دل برمذہذا ماین مایۂ خود مفت اوست کہ خونش بر تیغ بیدریغ غازیان کافرکش حلال نماند نہ قاضی بادافراہ کفر طلبد و نہ حاکم ذلتش سرمایۂ دنیا و آخرت داند بغائلہ سخن آرائی سخن نجات جاودانی را ذریعہ است و معیشت زندگانی را وسیلہ تا با ہم حرف نزنند ہیچ معاملہ در جہان صورت نگیرد و بدانسان کہ کلام منتظم النظام را بر پراگندہ الفاظ افزونی ہست موزون را بر ناموزون ترجیحی خرم آنکہ بداعیہ وزن فطری بہ تہذیب سخن چون تہذیب نفس مائل است کہ آن آرایش باطن ست و این پیرایۂ ظاہر نیل آنرا خدمت صاحبدلے شرط است و کسب این را

صحبت سخنوری لازم آئینه باصفای اصلی بروشنگر محتاج است وشمشیر باجوهر جبلی بصیقل گر
نیازمند آمروز کسیکه نیکو نوازندهٔ قانون سخن فرخ آموزندهٔ قوانین این فن باشد
حکمت پناه والادستگاه ذوالتربیت الجلیله عالی اللعب فی الفنون النظمیه
مهین پور آبای علوی گزین نتیجهٔ امهات سفلی فروغ بزم آفرینش چراغ چشم دانش
وبینش دقیقه کشای رموز مشکل کشاده خاطر آگاه دل گزیده دورزمان حکیم
محمد مومن خان است که هر حرفش گنجینهٔ مضامین ومعانی است وسخن غیررا
باکلامش نسبت هذیانات سلیمه وآیات قرآنی نگاو رطبعش راچرخ چارمین
درریزگام اولین است نازم بجولان توسن خیالش که فرازفلک تازد وپندارد که
برزمین ست تعالی الله دانش آئینی که شعررا پیرایهٔ حکمت پوشانیده ومقصودش
ازین بلندآهنگی نه بثراژ بطلیموس گردیدنست بل معنی ان من الشعر لحکمته راجلوه اظهار
بخشیدن جندا سحربیانی که نظم راهم اثرافسون گردانیده ومدعایش نه دکان هاروتی
چیدن است بلکه مضمون ان من البیان لسحرًا بعرصهٔ بروز کشیدن اگربقدح
چنگ ورباب نغمهٔ سازی کند زهره بچرخ درآید واگربه بیدانشی خمکدهٔ نشینان
سخن طرازی دهد فلاطون راورخم نشستن دوراز خردنماند

ابیات

سبحان الله چه نکته دانی است — یک حرف طلسم صد معانی است
در سینهٔ پاک او مضمون — گنجی وچه گنج گنج قارون
مضمون بسرش چودربدریا — معنی بدرش چومی بمینا
هرغنچه اوچمن بهاراست — هرگوهرفکرش آبداراست
رشح قلمش چوابرآزار — گلشن گلشن ومانده گلزار
خرم گل گلشن معانی است — نوبادهٔ باغ نکته دانی است
لطفش چودم مسیح اعجاز — درقالب مرده جان دمد باز

اکنون نفسی ازین دراز نفسهاے کوتاہ مے آساید و براستیهاے دروغ نامیگراید
و بر خود و بر دیگران می بخشاید کہ مبادا نا پارسا گوہرے را دیگ حسد بجوش آید
و را قم این تازہ نقوش را غبار آلودۂ تہمت و خویشتن را تر دامن معصیت نماید
و لختی بوصف سخنش سخن می آراید ابیات قصیدہ در فراوانی چون ثوابت و در
درخشانی چون سیارہ اشعار غزل ہم مانند ماہ فروغ نظر و ہم مانند مہر تاب سوز
نظارۂ مطلعش ہم جلوہ مطلع آفتاب عالمتاب مصرعش بسان مصرع قامت یار
بے جواب مخمس چون پنجۂ خورشید فروزان مثمن ہمرنگ ہشتم باغ جنان مسدساتش
در شش جہت منشور ربا عیاتش در چار دانگ عالم مشہور و مراعاتی کہ بے
تہذیب سخن افزودہ است گفتن را بیانش کالیوہ کند و تلمیذ را شوریدہ کہ از
روز آغاز این فن نہ زبانی چنین نغز ہا گفتہ و نہ گوشے چنین نوادر شنیدہ انموذج را
مثلی چند بیاورم کہ علی سبیل الالتزام ہر جنس سخن وی از شعر پر کن تہی است
سنگریزہ ہاے الفاظ غلط کہ باستانی شعر آنرا بالعل و گوہر برابر شمردہ اند با غیر کبیر
در دُرہاے شاہوارش نامسلک و غیر منتظم و دوشیزہ ہاے فکرش بہ زیور گوناگون
صنایع آراستہ و چنان بے تکلف کہ گوئی گوینده را بلفظ پیراے سری نبودہ
تنہا آرائش صورت معنی در نظر داشتہ طرز گزین روش متین الفاظ شگفتہ و دلپسند
معانی تازہ و بلند چستی اسطقس تراکیب شوکت کلمات تنومندی اندیشہ نزاکت
خیال رشاقت مضمون رعایت مقتضاے مقام شوخی انداز جزالت عبارت
الفاظ آشنا معنی بیگانہ تہ نشینی غور حسن ادا وقف فکرت اوست و براحتراز
از استعارات بعیدہ و تشابیہ رزیلہ و تصورات رکیکہ و تدقیقات وہمی و پیش
گذارش و محسنات صورت آرایندہ و معنی خراب کنندہ و معانی ناآشنا و مضامین
بیگانہ صرف ہمت او ناظورہ اندیشہ اش از لباس عاریتی ہمہ تن عور است
و تبقاضاے یکتاے از متاع دست فرسودۂ روزگار نفور اما از آنجا کہ ریت
آزادانہ گزیدہ است در بند بی تعلقیہا افتادہ و نیز دل شورش پسند و خاطر

ناآرمیدہ مجالے ندادہ از رام کردن وحشی غزالان شہری کہ در رم کردن سبق
برآہوان صحرائی می برند فرصتش کو کہ صید وحشی مضامین بسمل را بدام آور د صیادان کار
آگاہ دانند کہ اگر نخچیر بدست آمدہ و شکار بدام افتادہ رم خورد چہ خونہا کہ نباید خورد
وچہ دلہا کہ کباب نباید کرد حسرتے را تماشائی این شگرف ماجرا دل بسوخت
واین ستم طاقت گداز ناشکیبی آفرین را حوصلہ برنتافت در گرد آن شد کہ این
گران ارز جواہر را کہ چون در رمنثور پراگندہ است بہ رشتہ کشد و منتہا جویشتن
وشناسندگان سخن نہد لاجرم با دل شرحہ شرحہ و جگر پارہ پارہ آبلہ پای وادی تردد و
تلاش گشت پس فراوان جستجو و ہزاران تگاپو اندکی از بسیاری بدست آور د حیف کہ
بسیاری تلف گردیدہ شکر کہ اندک ہم بہم رسید و چون آن ابیات متفرق را بشیرازہ
جمعیت آور د و مشکل پسند خاطرش پارہ حذف فرمود و بختی افزود کہ باغبان را افگندن
خس و خاشاک ناگزیر است و مشاطہ در آئین بستن نگار ناچار ازین گفت حاصل من
آنست کہ جز این ہر چہ بنامش نگرند از انش ندانند و انچہ این وقت از خیالاتش
بکجا شدہ قیاس شش ہزار بیت میدہد از ین پس ہر نہالی کہ نخلبند فکرتش بہ پرورد
بوکہ درین چمن زار بجلوہ در آید چہ سرو مصاحبت گل و قمری ہمدمی بلبل را شاید
و بزمانہ کہ تہذیب این دلفریب بستان اتفاق افتاد از ہجرت ہزار و دو صد و چہل
و سہ سال بروفق ہلال گشتہ بود و سنین عمرش کہ چون عمر خضر از حد شمار برکران بادیہ بست
و نہ رسیدہ و از بسکہ این دیوان بنظیر است تاریخش دیوان بے نظیر ہست الا ای سینہ ریشان
سوختہ دل اگر یکی از شمار ابروز سخت جانہا ازین شمشیر ہندی کار تمامی نکشد زود ا
کہ بآتش فارسی دو د از نہاد برآورم سخن آفرین را نیایش و سخن شناسان را مژدہ کہ
بیاوری بخت و تنومندی ہمت سعی من مشکور آمد و بویہ کہ از دیر باز گرد دل میگشت
بخوبترین وجہی سرانجام یافت بنامیزد نکو ترا ز ارژنگ مانی مرقعی آراستہ شد
دیدہ دران تصویر یوسف را بہ بیعانہ ہم نگیرند کہن ناسور تازہ جراحت تمنایان را
مرہمی گشت مشک و نمک بہم سرشتہ تشنہ کامان دریا طلب را شربتی آمد

قند با گلاب آمیختہ محفل دلبران را گرمی ہنگامہ افزون شد دل رفتگان را
سر رشتہ آہ و نالہ بچنگ آمد گویندگان را قانون دلنوازی بدست افتادہ
سخن را ساز و برگ دیگر گشت بدستان آگہی را جام جہان نمائے دانش
بکف رسید جنون زدگان را بہاری تازہ آمد زہرہ نازیدہ عطارد بالید الٰہی چنان
کہ این آغاز بہ نکوئی انجامید فرجام حسرتے نامہ سیاہ ہم بخیر و سعادت باد۔

قصائد

گہر ریزی خامہ بستایش یگانہ ایست کہ دُر یکدانہ بآب رسانندہ اوست و گوہر شبچراغ بتاب آوردۂ او

الحمد لواہب العطایا — اس شور نے کیا مزہ چکھایا
والشکر لصانع البرایا — جس نے ہمین آدمی بنایا
احسان ہین اُسکے کیا گرانبار — سر سبع شداد کا جھکایا
کیا پایۂ منت سلیمان — اک بات مین تخت پر بٹھایا
کیون شکر کرین نہ آل داؤد — افسون شہنشہی سکھایا
وہ نیر آسمان تقدیس — جانسوز مناظر و مرایا
اب بھی نظر اس مجاز مین ہے — کیون مہر نگاہ مین سمایا
نے عقل بسیط اُس کا پرتو — نے نور مجرد اُس کا سایا
سبحانک یا الٰہ عالم — عالم ترا عجز نے دکھایا
ہر جاے ہے تیرا جلوہ لیکن — دیکھا تو کہین نظر نہ آیا
یان عقل ہے گم کہ بس تجھی کو — پایا ہر شے مین پر نہ پایا
اللہ ری تیری بے نیازی — یعقوب کو مدتون رولایا
یوسف سے عزیز کو کئی سال — زندان عزیز مین پھنسایا
یان شعلے کو سرکشی کی کیا تاب — ابلیس کو خاک مین ملایا
تجکو ہی سزا ہے کبریائی — کرسی کا نہ عرش کا پایا
مومن کو بقا ہے بعد دیدار — کیا مژدۂ جان فزا سنایا
گو وصف ہے یومنون بالغیب — پر بندہ تو اس سے باز آیا

یان تاب کسے کہ خاک و خون مین — بیتابیٔ شوق نے لٹایا
اللہ دکھا دے اپنا دیدار — اکشف بجمالک الغطا یا
عظمت نے سجود کی فلک کو — گرد کرۂ زمین پھرایا
وہ خاتم مرسلین محمدؐ — جس نے ہمین شرک سے بچایا
جب بندہ ہے تیرا تو رہا کون — پھر لائق بندگی خدایا
تو واحد بے نظیر و ہمتا — تو حاکم و خالق برایا
تجکو بھی نہ کہہ سکے ترا مثل — یہان تک انقش دوئی مٹایا
یعنی وہ فنا ازل سے ہے اور — اس ذات کو کب زوال آیا
آوے تری حمد کا تو ہم — یہ حوصلہ مین کہان سے لایا
کام آئی نہ شوخی خموشی — دل کی تپشون نے جب ستایا
ہون بندۂ شور عجز ادراک — ناکام کو کام سے لگایا
کیا جانیے ایسے بے زبان نے — کس طرح یہ شور و غل مچایا
معلوم خرد کی نکتہ یابی — یان علم نے عقل کو گنوایا
لاعلم لنا ہے یاد ہر چند — سب کچھ مجھے عجز نے بھلایا
تھا دھیان مین عذر لایحیطون — جب سینے مین دم ذرا سمایا
کیا صعب گذار ہے رہ حمد — جبریل کا پانون لڑکھڑایا
چکر مین ہے عقل عرش اعظم — اس نے بھی مگر تجھے نہ پایا
مرغان درازا جنجر کو — اس اوج نے خاک پر گرایا
ہر جزو ضعیف جوہر عقل — عرفان کے جو غور نے گھٹایا
مین روح قدس کا ہمزبان ہون — یہ مرتبہ عجز نے بڑھایا
مومن ہے زبان عرض احوال — مین نے تجھے بے خرد جتایا
رو رو کے دعا کر اک ذرا دیکھ — کیا ابر کرم ہے سر پہ چھایا
اللہ غم بتان مین یک چند — بے فائدہ جان کو گھپایا

یہ عشق وہ بدبلا ہے جس نے ہاروت کو چاہ مین پھنسایا
سمجھا نہ کہ ہے رہ خطرناک دین و دل و عقل کو لٹایا
حاصل نہ ہوا سوا ندامت کس تخم کو خاک مین ملایا
کی گریہ نے کتنی آبیاری دریا مری چشم سے بہایا
گرداب مرے ڈبونے کو تھا جو قطرہ کہ خاک پر گرایا
ہر حلقۂ دام آرزو نے طوق لعنت مجھے پہنایا
دل گرمی شوق شعلہ رو نے کیا کیا مجھے خاک پر لٹایا
گہ ساقی سرخ لب کے غم نے خونناب دل جگر پلایا
ہم بزمے ماہ وش نے گاہے جون بدر سحر تلک جگایا
بتخانے کو رشک کعبہ سمجھے گرشوق نے گرد کو پھرایا
تھا شور فداک جانے لبیک اس دشمن دین نے گر بلایا
کرتے رہے شکر بخت بیدار ساتھ اپنے صنم نے گر سلایا
بوسہ جو دیا ذقن کا گویا سیب خلد برین کھلایا
یہ بے خبری کہ یاد جس کی تھی واجب و فرض اسے بھلایا
روٹھا کوئی نازنین صنم گر سوگند دروغ کھا بٹھایا
کتنی ہی قضا ہوئین نمازین پر سر کو نہ پانون سے اٹھایا
گل پیرہنون کی آرزو نے اکثر خزد پرنیان پہنایا
آیا نہ کبھی خیال حج کا تلوا سو بار گرکھجایا
نیت ہی تھی توڑنے کی گویا گر اس نے نماز مین ہنسایا
افسوس شکست صوم یک سو یہ شکر کہ اس نے ساتھ کھایا
واعظ کی کبھی کوئی نہ مانی کتنا ہی عذاب سے ڈرایا
ہر چند کہ قول ناصحون کا کچھ تلخ نہ تھا ولے نہ بھایا
توڑا نہ وفا کے سلسلے کو تو بہ ہی پہ زور آزمایا

اللہ مرے گناہ بے حد — وہ ہین کہ شمار کو تھکایا
ہے عام خطاب یا عبادی — اس نے تو کچھ آسرا بندھایا
عالم مین نہ ہوے گا وگرنہ — مجھسا کوئی سنکر اسجایا
کیونکر نہو تیری آس تو نے — افلاک کو بے ستون تھمایا
اس دام سے مجکو تو چھوڑا دے — داؤد نے جس مین دل پھنسایا
دل زلف سے ہو رہا تو جانون — زندان فرنگ سے چھوڑایا
وہ عشق دے جسکا نام اسلام — وہ شیوہ نبی نے جو بتایا
وہ نعرۂ علمہ بجائے — جس نے کہ اُس آگ کو بجھایا
کچھ آب زنی کرے نہین تو — سرنا رجیم نے اٹھایا
مجکو بھی بچالے جیسے تو نے — یوسف کو گناہ کے سے بچایا
وہ رفعتِ حال دے کہ جس نے — منصور کو دار پر چڑھایا
اس کامرے دل پہ ایک پرتو — جس شعلہ نے طور کو جلایا
مومن کے گس سے حال آخر — ہے کون ترے سوا خدایا

زمزمہ سنجی طبع بہ مضمون باد خوانی نسیم گلشن نبوت و شمال چمن رسالت

چمن مین نغمۂ بلبل ہے یون طرب مانوس — کہ جیسے صبح شب ہجر نالہاے خروس
ہے اس طرح فرح انگیز کوکے قمری — کہ جیسے فوج مظفر مین شور و غلغل کوس
نواے طوطی شکر فشان کی لذت سے — سماع وقص مین اہل مذاق جون طاوس
غبار صحن چمن کیمیاے عیش و نشاط — بہار لالہ و گل سیمیاے عرض شموس
صفاسے وہ در و دیوار باغ کا عالم — کہ آشیانہ مین دشوار طائرون کو جلوس
زہے فریب صفا خاک بیز ہے گلچین — پڑے جو وسعت گلزار مین گلونکے عکوس
ہجوم سبزہ نے کی بسکہ رنگ آمیزی — زمین پہ چادر مہتاب تنگئی ہے سدوس

علہ ہادی ہست کہ در سری باشد

ہوئی ہے سقف فلک مانع قدافرازی
وگرنہ بید کہان اور برتری معکوس

ہو کیونکہ ایسی رطوبت پہ سنگ آہ اثیم
بنا ہے شبنم گل آبگینۂ فانوس

خزانہ خاک مین ہر تنگدل ملاتا ہے
ز بسکہ لفظ خزان جانتے ہین سب منحوس

تو بید مالک گلزار کو کہ زر کی جگہ
ہر ایک کاسۂ گل مین ہے گنج دقیانوس

یہ آب و رنگ کہان لعل اور زمرد کا
مگر دیا ہے گل و سبزہ نے انھین ملبوس

چمن کی خاک سے گلگونہ اب بناتے ہین
شگفتہ تا دم رخصت بھی ہو عذار عروس

خمیدہ شاخ سے یون رنگ گل چمکتا ہی
کہ جس طرح سے بھڑک اٹھے مشعل منکوس

پڑھے ہے مرغ گلستان وہ مطلع رنگین
کہ ٹن کے بس جسے ہجاے سن ہی بلبل طوس

مطلع ثانی

زبان لال کہان اور مدیح تاج خروس
گرا ہے خاک پہ کیا لعل افسر کاؤس

ہزار داغ ہو پروانے آفتاب کسے
پرستش گل خورشید مین ہے گرم مجوس

شگفتہ تر ہے چمن روضہ ہاے جنت سے
ہنسی کی جا نہین گر صومعہ نشین ہے عبوس

خلل پذیر رطوبت ہوا دماغ بہار
عجب کہ سبزۂ خوابیدہ کو نہو کابوس[۱]

ہے دشت بزم طرب کثرت نتایج سے
نہ کیون ہو مشکل حماری کو ناز مشکل عروس

ہواے سیر چمن زار کی وہ مستی ہے
کہ خلق کو ہوئی مشکل حفاظت ناموس

عجب نہین مے گلرنگ کی ہوس سے اگر
خود آکے شیشۂ خالی مین ہو پری محبوس

مزاج دہر مین یہ اعتدال آیا ہے
کہ جس نبات کو دیکھو وہ صلح الکیموس

عجب نہین کہ بسان مگس عسل اگلے
گر اندرون ہو کوئی مبتلاے ایلاؤس[۲]

تمو کا معجزہ صل علے کہ پھر گندم
ہواے جنبش غربال سے بنے ہے سبوس

رطوبت ایسی نظر آئی داغ لالہ مین
کہ چاک چاک حسد سے ہوا دل یاقوس[۳]

قباے گل کو گر اطلس سے دیجیے تشبیہ
سیاہ پوش جگر خون ہو درون ماتم سوس[۴]

قواے نامیہ کو ناگوار ہے کتنا
کہ ہضم رابعہ محتاج ہو سوے کیلوس

ہوا ہے ابتو یہ سرمایۂ لطافت آب
کہ پشت ماہی پہ گلہاے اشرفی ہین فلوس

---

[۱] مرض سے کہ از کثرت رطوبت دماغ پیدا شود و آنچنان بانگد کہ در حالت خواب ترسد کہ مبادا بر وے بیفتد و او را بکشد ۱۲ [۲] مرضی ست کہ بر اثر رطوبت دماغ پیدا شود و در وے خواب غالب باشد ۱۲ [۳] یاقوس رنگ سرخ ۱۲ [۴] سوس رنگ سیاہ ۱۲

گمین جہان مین کائی نظر نہین آتی
کہ صرف رنگرزان ہوگئی بجاے ایوس

سرایت نم آب وضو سے دور نہین
جو سبزہ زار بنے ریش زاہد سالوس

بعید کچھ نہین شادابی زمین سے اگر
زیادہ تر کرے سیلان خون گل خاموس

گر اس بہار کی یعقوب کو ہوا لگجاے
شمیم جامۂ یوسف کبھی نہ ہو محسوس

ہوا سے بسکہ گل شمع بھی ہے عطر آگین
عدیل طبلۂ عطار بنگئی فانوس

یہ گل کھلاتی ہین آب و ہوا کی ترتیبین
کہ ہے پیاز کو لاف منافع ملبوس

ہواے جنبش اوراق سے ہین عطر فروش
لغات ورد کہ ہین ثبت صفحۂ قاموس

فسونگری دم مشاطہ نسیم کی دیکھ
کہ مشک نافہ ہوے غنچہ ہاے زلف عروس

صفات آئے جو آئینہ ہوا مین نظر
ہوا خواص وعوارض کو اعتبار نفوس

سدا نکلتی ہے ملکر ہوا سے کیا ہو فرق
کہ بانگ خندۂ گل ہے کہ نالۂ ناقوس

عجب ہوا ہے کہ فیض ہوا سے ہوتا ہی
شکم مین خستہ کے نشو ونماے اصل السوس

غریق آب خجالت ہوا کے فیض سے ہون
کہ گل ہوا ہے مرا غنچۂ دل مایوس

ہوا ہے کونسی ایسی مگر مدینے کی
دم مسیح کو ہے جس کی حسرت پابوس

شرف مدینے کو جس سے ہے ہو نہو وہ ہو
جسے بتاتے ہین محبوب حضرت قدوس

جو خواب مین بھی کبھی دیکھتی جمال اُس کا
تو دیتی دل کوئی یوسف کو دخترطیموس

جو شمع بزم کہون اسکے روے تابان کو
کتان وماہ بنے نور شعلۂ وفانوس

وہ کون احمد مرسل شفیع ہر دوسرا
جو خلق کا سبب اور باعث معاد نفوس

جہان مطاع شہنشاہ آفتاب نشان
فلک سریر و قمر طلعت و ملک ناموس

سیاہ چشمون کو مشکل نگاہ دزدیدہ
یہ اسکے حفظ سے ہے ملک معدلت محروس

نگاہبانی عصمت سے وہ رواج حیا
کہ چار چشم نہون نرگس اور اد قینوس

سنے ہے دور عدالت مین اُسکے شیر غرین
شبان کی ضربت بیجا سے نالش جاموس

کرم مین دون اُسے نیسان سے کس طرح تشبیہ
کرون مین جان کے کیونکر ترقی معکوس

کہ جنکی بخشش یکروزہ کو وفا نہ کرین
ہزار سالہ گہر ہاے قلزم وقاموس

نام دریاے دخار ۱۲

یہ جی مین ہے کہ پڑھون اور ایک وہ مطلع — جو ہو ہر اک تنفس کی طبع سے مانوس

مطلع ثالث

ترے ہے فیض سے ہر قطرہ آبیار عجوس — ترے ہے نور سے ہر ذرہ جلوہ زار شموس
ہمیشہ عفو ترا طالب گنہگاران — مدام رحم ترا دردمند کا جاسوس
تری حسود کی نسبت سے جل رہی ہے نکیون — ہجوم شعلہ سے دوزخ ملے کف افسوس
تری غلامی کی دولت سے خاکپائے ہلال — سفیدۂ رخ فغفور چین و خسرو روس
خمیدہ کس لیے نہ آسمان بنے تھے بھلا — نہ تھا ازل سے جو مد نظر ترا پابوس
بہا مین دیتی ہے ماہی دفینہ ہائے زمین — یہ بڑھ گئی ترے سکے سے قدر تا بفلوس
ہے احتساب ترا مانع لباس حریر — نہ پھینک دیوے کہین چرخ طلس ملبوس
ترا وہ خوف کہ رک جائے تا گلو آکر — نہ نکلے معبد ترسا مین نالۂ ناقوس
یہ مے کو نہی جہانسوز نے جلایا ہے — کہ مغ نہ کر سکے فرق صراحی و فانوس
زبس شراب کو بھی آفتاب کہتے ہین — نہ آسمان کے داڑون رہے مدام کیوس
قریب وعدہ پہ چھوڑی بتون نے جھوٹ قسم — سنا زبسکہ زبان سے تری وعید غموس[۱]
دم مصاف ترے دشمنون کے لشکر مین — صدائے نوحۂ وشیون ہی شور و غلغل کوس
دو نیم ہون تری شمشیر کے تصور سے — بسان ساغر خورشید کاسہ ہائے رؤس
ملا دے گا دُر زمین گاؤ چرخ سے نیزہ — بٹھا دے خاک پہ شیر سپہر کو دبوس

قطعہ

اگر کہے مدد اے یا محمد عربی — صفیر مرگ ہو رستم کو نعرۂ لاکوس[۲]
مخالفون کو ترے دو جہان جہنم ہے — کہ تاب مہر سے جلتے رہے ہین یان بھی محبوس
براق اسپ ترا ابر دے فرشتہ رکاب — کہان ہو چشم بشر ایسی پانون سے ممسوس
نہ جسکے دھیان مین مضمون قاب قوسین آئے — وہ دیکھ لے ترے زین و کمان کا قرقوس[۳]
ترے عدو کی خرابی کا کچھ علاج نہین — نہو قبول دعا سے بھی رفعت لبیوس
ترے خیال سے اصحاب کہف کو ہے یہ چین — وگرنہ خواب کہان اور زمان و قیانوس[۴]

---

[۱] غموس وہ جھوٹی قسم کہ جس مین قصداً جھوٹ بولے [۲] لاکوس نوحہ [۳] قرقوس ایک قسم کا تیر [۴] قیانوس ایک بادشاہ کا نام ہے

ظہور مین ہوئی تقدیم انبیا کے نہ تھا — ترے وسادۂ دولت پہ احتمال جلوس
شہا ستم ہے کہ تیرے مدیح خوان پہ کرے — ہزار گونہ ستم روزگار نامانوس
کچھ انتہا بھی کواکب کے دور پیچا کی — ہمیشہ ہے مرے طالع مین اجتماع نحوس
جو اپنی حسرت وارمان مین بیان کرون — نہ تاب لائے دل سخت زاہد سالوس
جفا کو آئے مرے دل شکستگی پہ رحم — بلا کرے مرے احوال زار پر افسوس
ملے ہین خاک مین کیا کیا مرے فنون و علوم — خدا کسی کو نہ دے ایسے طالع منکوس
حکیم وہ ہون کہ جاتے رہین حواس اگر — کرے معارضہ سر دفتر عقول و نفوس
طبیب وہ ہون کہ ہو سوز سینۂ بلبل — نظارۂ رخ گلفام سے مجھے محسوس
جو ہون معالج مبطون تو قابض ارواح — کرے دعاے رواج طریق جالینوس
ورم ہو چارہ گر قبض تا بدست لئیم — کیا ہو مین نے جو تجویز وزن مغز فلوس
اگر ون جو گردش انجم کی مین رصد بندی — فدا ہو وجد مین آکر روان بطلیموس
گواہ عصمت مریم ہو کثرت اولاد — عقیمہ مجھ سے سنے گر بیان شکل عروس
طلسم ماہ لکھون گر پے زبان بستن — بناے مہر دہن چرخ نکتہ جاسوس
یقین کہ زہرۂ و خورشید مین مقابلہ ہو — پڑھون جو مین پے دوری دعاے بد بطلیوس
جو میری نثر کی دیکھے لآلی منثور — اٹھائے مسند حشمت حجاب سے کاؤس
بفرض گر کرہ خاک کو کہون دائر — شکستہ شکست اسپ گلی ہو دے پیشتاز فردوس
فنون نظم مین مین نے نکالی ایسی راہ — طریقۂ شعراے سلف ہوا مطموس
مرے کلام ثریا نظام کا منکر — وہ تیرہ روز جو برجیس کو کہے منحوس
جو دیکھین میری طبیعت کی گوہر افشانی — شریک درد ہون محمود و نکتہ پرور طوس
دیے ہین میری حسد نے زبس ہزار ون داغ — روا ہے باندھیے گر غند لیب کو طاؤس
قماش دیکھ کے رنگینی سخن کا مرے — حریر لاؤ گل شرم سے ہوا مدروس
خدا کے واسطے گر رم دعا ہو مومن بس — کہ منتظر ہے ازل سے اجابت قدوس
ہے جب تلک گل و بر قسمت نہال و شجر — ہے جب تلک دل لالہ مین داغ حسرت فوس

سلطان علاء الدین احمد شاہ بہمنی کے بزرگ جو ایران سے آئے تھے

مدام پھولے پھلے دوستون کا نخل مراد | رہین داغ عدو کا رہے دل مایوس

بیعت معانی بر دست عبارت سراپا اعجاز بقبض مدیح اوّلین دستور صداقت طراز

کوئی اس دور مین جیے کیونکر | ملک الموت ہے ہر ایک بشر
داد خواہون کے شور سے دیکھو | چونک پڑتا ہے فتنۂ محشر
آئینہ نے بھی اس زمانے مین | تیغ کے سے نکالے ہین جوہر
آتش لعل سینۂ جانسوز | آب نیسان ہے ایک بد گوہر
جسکو دیکھو سو مایۂ بیداد | کیا ہوا گر نہین ہے سیمین بر
ذکر انسان سے دیو مجنون ہو | آدمی سے پری کو آئے حذر
ہے پے اشتیاق ویرانی | شاہ فرہاد و بے ستون کشور
نہ امیرون کو پاے بندی عدل | نہ رعایا مطیع و فرمان بر
اسکو سو رستم زمان کا خطاب | جو کرے قتل خورد سالہ پسر
کمترین خانہ زاد طعنہ زن | طرز حرف ملامت مادر
ہین گدا پر غرور شیرہ یہ | بے گنہ جو کیا ہے خون پدر
چمن آرا کو رسم پیرایش | اک بہانہ ہے بہر قطع شجر
دشمن جان عاشقان دیدار | نے نگہ تیغ نے مژہ خنجر
خاص وہ مایۂ دل آشوبی | جس کا بیمار غم نہو جان بر
وہ جو سر کاٹ کر پشیمان ہو | رحم گر آئے نیم بسمل پر
وہ نہ لی جس نے حال کی میری | عمدًا کیا کہ بھول کر بھی خبر
وہ کہ مومن کی ضد سے مومن ہو | یہ گرا سکے لیے بنے کافر
ہاے مجھسا عزیز ہو یون خوار | حیف خورشید زیر خاکستر

واہ اے چرخ تیری نافہمی — مہ اوج کمال فال اختر
اُسے دینا تھا رحم نوشابہ — مجھے دی تھی جو عقل اسکندر
اُسے بلقیس گہنا یا تھا — مین بھی زمینده تھا سلیمان فر
زہرہ پیرایہ گر کیا تھا اُسے — مجھے لازم تھی شاہی خاور
یان بھی ہوتی کلاہ زرین گو — تھی جو وان سر پہ گوہرین معجر
ملک پرویز چاہیے تھا مجھے — اُسے شیرین حشم کیا تھا اگر
روتے ہین تیری جان کو ظالم — ایک مین گیا کہ سارے اہل ہنر
سینہ صافون کو سلک مروارید — نہ ملے جز سرشک دیدۂ تر
لب رنگین بیان ہو اور خوناب — تیرہ باطن ہے اور مے احمر
قاضی مشتری کمال سے ہین — ہندوان زحل شمیم برتر
نشیان عطارد آسا گو — نور خورشید سوز حسرت از در
صدر انجم شناس سے تابان — مہ کامل کی طرح داغ جگر
ہوس خوشہ سے بسان مغان — عید خورشید روز شہر بدر
من و سلوا کباب مے آلود — زاہد اتنے ہین جوع سے مضطر
پاکے الزام دست خالی سے — فلسفی پیٹتا ہے اپنا سر
آب دنان کے لیے گرو رکھین — رستمان زمانہ تیغ و سپر
شعرا کو بآرزوے شعیر — خوان عیسے ہے نیم خوردہ خر
کام آئے نہ نغمہ شیرین — طوطیون کو ہے حسرت شکر
سروران سپہر مرتبہ ہین — بسکہ جاہل نواز و دون پرور
کھائے وہ سرمۂ صفاہانی — جسے لکھے کمال نور بصر
دیکھے نرگس حسد سے جانب گل — خوردہ بین ہو گئے ہین اہل نظر
واعظون کی زبان پہ آتا ہے — بر ملا شکوۂ قضا و قدر
بن دندان سے کھائے نالۂ قلم — خوشنویسون مین جو ہے سر دفتر

کہے مفتی سوال کو واجب — کب مفقود وجود ہوے یکسر
خاک اُڑاتا ہے پشت آئینہ — دیکھکر زرنگار آئینہ گر
پھلے پھولے ہین بے خرد کیا دور — بید مجنون بھی گرلے آئے ثمر
سختی و کاہلی کی دولت سے — دامن کوہ مین ہین لعل و گہر
باندھتے ہین سخن سرا موزون — کس طرح ہو نصیب سرو کو بر
جام نمرود کا فسانہ کہین — چارہ فرمائے علاج سہر
سُن کے لا یحتسب کا مژدہ ہوا — کافرون کو بھی گو نہ گو نہ خطر
جب نہ تب والضحیٰ پڑھے ہے امام — مقتدی تا سنین فلا تہر
قدردانی کا نام ہی نہ رہا — چند نادان ہوے ہین نام آور
اک امیر سخن شناس نہین — لاکھ ہین شاعر ثناگستر
کہیے گر بادشہ کو عرش سریر — کہے میری بلا کو ہو چکر
صدا رسطو کہے سے مانے بُرا — حکما کو سنا جو ہے کافر
اے لب یاوہ گوے ہرزہ درا — بس کہان تک یہ ناستودہ سمر
کب تلک شکوۂ جفاے فلک — تا کجا طعنہ قسمت چاکر
ہجو گو ئی نہین ہمارا کام — ایسی باتون سے خامشی بہتر
پڑھ کوئی وہ غزل کہ اعدا بھی — جبذا جبذا کہین سنکر

مطلع ثانی

لاؤن اس مفلسی مین سوزن زر — ہو شٹ سینے دے گر نصیحت گر
جو مری سُن لے مین بھی اسکی سُنون — کہ زبان گنگ ہو نہ گوش ہو کر
کیا کہون جی پہ کیا گذرتی ہے — یہ ستم کس کو آئے گا باور
اپنی حسرت کا کچھ علاج نہین — یار ہو بخت یا فلک یاور
ہے یقین یہ کہ خاک ہی مین ملے — آرزوے وصال سیمین بر
نکلے ارمان کیا کہ نکلے نہیچ — نالہاے شب و فغان سحر

دیکھو انصاف سے کہ ظلم ہو ظلم — اگر نہو روے التفات ادھر
تاب رخسار و تیرہ روزی سے — وہ اگر مہر ہے تو مین ہون قمر
نہ کوئی مایہ دار حسن اتنا — نہ کوئی مجھسا عاشق بے زر
وہ بھی ایسا نہین کہ یون محروم — رکھے مستوجب کرم کو مگر
مانعین زکات ہین اغیار — یا دایام نصفت سرور
مسند آرائے محفل تقدیس — اولین جانشین پیغمبر
خاکساری پسند عرش مقام — آدمی صورت فرشتہ سیر
ملک دل سریر جان خرگاہ — شاہ دین تاج معدلت کشور
سینہ سرشار مہر یزدانی — چشم لبریز جلوۂ محشر
لب وہ آب حیات جسکے لیے — تشنہ کام صد آرزو کوثر
آز پابوس مین پے خورشید — ذرہ وہ اوج پایہ منبر
چرخ و آشوب دور مین اُسکے — جوش یاجوج و سد اسکندر
کیا گنے خوبیان کوئی اسکی — ایک سخاوت شمار سے باہر
لکھیے اس ہاتھ کو جو نچہ بھر — ذرہ پاوے رواج خوردہ زر
ذکر مین اُسکے جود پیہم کے — مبتدا ایک ہے ہزار خبر
خاک بیز اس گلی کا ڈالے ہے — خاک مذکور گنج قارون پر
ہم بہا اُس کی دُرفشانی سے — تار اشک یتیم و سلک گہر
اُسکے دروازہ کے گدا کی زکات — ملک خاقان و حشمت قیصر
کچھ نظر مین سمائے تو دیکھے — پنجۂ خور کو اُس کا دست نگر
خلق ایسا کہ ذکر مین جس کے — بھولے عاشق حکایت دلبر
دم بھرے اُسکے کوے دلکش کا — باغ جنت مین بھی نسیم سحر
بسکہ ہے کین و دشمنی اُسکی — قدر کاہ و بہا شکن نکیر
ربط سے زخمہاے اعدا کے — قطرۂ خون ہو مشک بار دگر

رافت اسکی ہو جب ضعیف نواز — آب ہو جاے شرم سے عنبر
جب اولی الفضل منکم اے حاسد — اُسکے حق مین کہے جہان داور
فضلیت مین کیا سخن یہی بات — سب سے بہتر کہ سب سے ہے بہتر
حکم سے اسکے بے سروسامان — سرجم سے اتارے افسر
اور پڑھتا ہون ایک وہ مطلع — جان دے جسپہ ہر سخن گستر

مطلع ثالث

اے مسیح دم روان پرور — زندگی بخش دین پیغمبر
گرمی التفات سے تیری — خشک ہو عاصیون کا دامن تر
ہے سراپا تو مہرۂ تریاک — تجکو کیا نیش مار سے ہو ضرر
ہے ترے خار جیب کا قصہ — شریان حسود کو نشتر
تو وہ سلطان کہ بارگہ کا تری — پشت کا شانہ ہے فلک منظر
قصر جاہ و جلال مین تیرے — فخر کیوان ہے پاسبانی در
ذرۂ خاک در کی تابش سے — جل گیا مہر آتشین پیکر
گر تری بے رضا کرے گردش — ٹوٹے دولاب چرخ کا محور
ماجرا سن کے تیغ کا تیری — الامان الامان کہین کافر
ذکر کرتے زبان کٹتی ہے — کیا بیان کیجے تیزی خنجر
دیکھکر گرز خاردار ترا — ہو زرہ فرق خصم پر مغفر
تیری چین کمند دلکش کا — دم بھرے جذبۂ دم اژدر
کچھ تعجب نہین جو چڑھجاوے — قلعۂ چرخ پر ترا لشکر
کہ ہے قدسی گہر ملک فطرت — جیش منصور مین ہر ایک بشر
تیری تلوار کی وہ آنچ کہ گبر — چھوڑ دیوین پرستش آذر
دیکھکر تیری تیغ کوہ شگاف — ٹوٹ جاتی ہے سرکشون کی کمر
خط نصف النہار ہو محسوس — گر فلک کو عدو بنالے سپر

دور نصفت مین تیرے فتنے کا — پاس اصحاب کہف کے بستر
تو وہ عادل کہ ذکر گسرے مین — عدل کی تجھ سے داد چاہے عمر
نرد بازون کو عہد مین تیرے — شش جہت جیسے مہرہ شش در
دزد چوری سے جی چراتے ہین — گونہ وے ذرا مقام خطر
فتنہ سازون کو وہم فتنہ نہین — دل ترا ہے جو کاشف مضمر
بادہ کش ایسے تلخ کام کہ ہے — کف مار سیہ مے احمر
خم واژون فلک سبوے تہی — دور بگذشتہ گردش ساغر
عیب جو خوردہ بین کا یہ احوال — دوپہر کو فلک نہ آئے نظر
ذکر مین انتقام حق کی ترے — مترادف ترحم و کیفر
خوف عصمت سے تیرے آئے جو پاس — شمع پروانہ کے جلادے پر
لکھے گر ہے تیرا مثل بالفرض — صفحہ سے محو ہو خط مسطر
زر و سیم نثار کردہ ترا — ہے عروس زمانہ کا زیور
مومن اب کر دعا کہ سنتا ہے — تیری تقریر گوش دل سے اثر
جب تلک گردش سپہر سے ہے — انتساب حدوث نیکی و شر
تیرے احباب نیک بخت مدام — تیرے اعدا ہمیشہ فال اختر
جب تک اس تیرہ خاکدان مین ہے — کوئی گم کردہ رہ کوئی رہبر
تیرے حاسد ہون غول صحرائی — تیرے پیرو ہون پیشوائے خضر
نیکخواہ اور خوبی دارین — بدسگال اب سے خوار تا محشر

خطبہ خوانی دل و زبان بامید ثواب باثبات خلافت امیر المومنین عمر بن الخطاب

عوانکی زلف کو دون اپنے عقدہ مشکل — تو بوالہوس کا بھی ہرگز کبھی نہ چھوٹے دل

تم اور حسرتِ ناز آہ کیا علاج کروں
مین نیمجان نہ رہا امتحان کے قابل

امید حور بہشتی پہ لاؤں کیا ایمان
کہ برہمن ہوں تو رو کردۂ بتان چگل

وہ شوخ برق عنان خاک مین ملا دیوے
اگر ہو حسرت و نبالہ گردی محمل

چلا ہی جاتا ہون مین گو چلا نہین جاتا
غضب ہے شوق رسائی و دوری منزل

مین کیونکہ مطربۂ مہروش کو رام کروں
چلے نہ زہرہ پہ زنہار جادوے بابل

مثال دیتے ہین روز فراق سے کیا دور
بلا مین ہون شب یلدا مین چرخ سے نازل

مزا ہے وصل کا ہجران سے بیشتر یعنے
گل خزان زدہ کو کیا بہار سے حاصل

ہون بیگناہ ولے خون بہا معاف کیا
کہ وارثون سے کہین التفت نہو قاتل

خدا سے ڈر بت بیدرد ہے یہ کیا انصاف
کہ تو جفا سے نہو اور وفا سے ہون مین خجل

جو سیکھے فتنہ گری پنج عشق سے یاجوج
نہو سکے کبھی سد سکندری حائل

یہ کیا غضب ہے کہ تمکو تو ربط غیر سے اور
مجھے یہ حکم کہ زنہار تو کسی سے نہ مل

جلا پذیر ہو میرے غبار دل سے تو زنگ
فنائے آئینہ کے بعد بھی نہ ہو زائل

مین اپنی کشتی طوفان رسیدہ سے خوش ہون
کہ بحر عشق مین کام نہنگ ہے ساحل

وصال غیر کے طعنون سے جی جلا اس کا
کہان وہ گرمی صحبت کہ خود ہوا مین خجل

نئی طرح سے مین کرتا ہون اب غزلخوانی
عدو بھی چاہیے اس زمزمہ کے ہون قائل

مطلع ثانی

دل ابکی بار ہوا ایسی بے جگہ مائل
کہ جان کو بھی کھٹکنے لگا رہے گا دل

تغافل کہ دلبر خود کام سے پڑا مجھے کام
حصول کار ہے بیکار و سعی بے حاصل

وہ تند خو کہ اگر جور سے پشیمان ہو
تو بہر عذر کرے ناز ہائے تاب گسل

وہ پرفریب کہ ہو دلنشین تغافل ناز
ہمیشہ حالت عاشق سے گر ہے غافل

وہ سخت گیر کہ رہوے نہ طاقت جنبش
تو نیمجان غم عشق کو کہے کاہل

وہ بیوفا کہ مگر جاے جان شکستن تک
کرے جو عدۂ روز جزا دم بسمل

وہ شمع انجمن ناز ہائے وصلہ سوز
جو سمجھے خواری مشتاق رونق محفل

وہ جنگجو کہ اگر سہیے رشک دشمن بھی
تو بیحیائی کے طعنے ہون جان کے قاتل

وہ بے نیاز کہ لیلی بھی گر رکاب مین ہو
نہ پھر کے دیکھے کہ کون آئے ہے پس محمل

وہ بدشعار و طرحدار دلرباجس سے
امید وصل خطا ترک آرزو مشکل

وہ شوخ بے سبب آزار و بیگنہ خونریز
کہ جرم قاتل عثمان کا نہو قائل

وہ نکتہ دان کہ تقیہ کو اصل دین کہے تا
دم شکایت عاشق نہو جفا سے خجل

وہ دوربین کہ خدا پر کرے مداثابت
نہین ہے غیر زبس اعتماد کے قابل

وہ کج ادا صنم خود پسند کافر کیش
کہ جسکے زعم مین باطل حق اور حق باطل

وہ فتنہ گربت حق ناشناس ناانصاف
جو فرض عین گنے کین داور عادل

امام اہل یقین شہریار کشور عدل
امیر لشکر دین و مبارز مقبل

بلند پایہ عمر جس کے قصر رفعت کا
گدای خاک نشین شاہ آسمان منزل

جو شمس شمسۂ قصر اس کا ہو تو ہندسہ دان
کرین نہ مدخل ظل سے تمیز مخرج ظل

شہ سریر خلافت مہ سپہر کمال
محیط ابر نوال و سحاب دریا دل

وفور بذل و کرم یون پکارے کہتا ہے
کہان ہے معن کریم اور حاتم باذل

یہ احتساب کی اسنے نئی نکالی راہ
ہوا دفور سخاوت سے مانع سائل

حساب دفتر احسان کا اسکے مشکل سہل
کہ بے شمار ہے گو ہے فقط مد فاضل

جو دیوے تخی خصم لئیم سے تشبیہ
کوئی پلید تو سقمونیا نہو مہمل

رہے نہ بیم خسوف اور نہ احتمال ہبوط
جو اسکی راے سے ہو مستضی مکامل

معاند و جو کہا خاتم رسالت نے
کہ میرے بعد نبوت کے تھا عمر قابل

یہی خلافت راشد کی اسکو بس ہے دلیل
یہی امامت برحق کی اسکو بس ہے سجل

بڑھایا پایۂ الہام راے صائب سے
کہ مشورہ پہ ہوئی اسکے وحی بھی نازل

یقین کہ راہ نمائی ہے پیروی اسکی
نہین توسائے سے کیون بھاگتا ہے دیو خجل

مثال عدل مین نوشیروان کو مجھسے غلط
کہ بت پرست کہان فارق حق و باطل

رواج حسن عمل تیرے دور مین یہ ہوا
کہ گفتگو مین بھی مرفوع ہو گیا فاعل

یہ جوش خانہ کفار کی خرابی کا — کہ خود گرائے کلیسا کو راہب خال
دم خرابی و تسخیر تیرا گوشہ چشم — نگاہ لطف و غضب سے مثلث عال
وداد و خشم ترا صوفیون نے دیکھا ہے — جبھی تجرد امثال کے ہوے قائل
ترے زمانے مین صد سالہ پیر فانی سے — زیادہ تر ہین جوانان فتنہ گر کاہل
نہین ہے جان مین جان رستم و نریمان کی — ترے قتیل شجاعت کے جو ہوے ناقل
یہ خوف ہے کہ اگر کیجے ذکر خونریزی — عدوے منقبض الطبع کو ترے ہو سل
مثال دون جو زرہ پوشی مخاصم سے — ہزار پارہ ہو بے صدمہ دانۂ فلفل
وہ آنچ تیغ مین تیری کہ کہتے ہین دشمن — ابھی سے ہمتو جہنم مین ہو گئے داخل
گرا دے جب تری تکبیر قلعۂ صاصطخر — تو کیا عجب ہے کہ کلمہ پڑھین بتان چگل
شہا کسی نے نہ دی یہان مرے ہنر کی داد — کہ نکتہ فہم نہ تھا ایک سرور باذل
وہان صلے مین نعیم جنان کی ہے امید — اگر ہو لطف ترا میرے حال کے شامل
وحید عصر ہون مین عقل اولین ہے گواہ — فرید دہر ہون ہون صفوۂ زمان ہے سجل
یہی صلہ یہی ممدوح مجکو زیبا تھا — یہی سخن یہی مداح تھا ترے قابل
یہ وہب ہے کہ مناجات کبریا جو کرون — تو انصتوا کہے ذاکر سے عابد شاغل
سنے جو ذوق شب وصل مجھسے ماہ لقا — کبھی نہ گردش ایام ہو سکے فاصل
مرے بیاض پہ وہ انتخاب کے نقطے — سپند جسپہ ہوے گردن بتان کے تل
جہان ہو ذکر مری دانش آفرینی کا — سفیہ ہے وہ جو بہلول کو کہے عاقل
اگر پڑے مرے پیک خیال کا سایہ — گرا دے شاہ سوارون کو رہرو راہل
مرے کلام سے ہین گونہ گونہ فائدہ مند — ادیب و نبض شناس و منجم و فاضل
یہ فیض دیکھ کے اپنی خطا سے ہو آگاہ — گر اعتراض کرے کوئی حاسد جاہل
یہ معجزہ مرے سحر حلال کا کہ ہے کفر — ہر ایک مذہب و ملت مین جادوے بابل
زحل پرست جو میری عزیمت منظوم — پڑھے تو نخلۂ مشاک ہو دخان مقل
اگر مین گریہ مستانہ کا کرون مذکور — زمین میکدہ بے ابر آذری ہو گل

ہے فرق لفظ جدید اور معنی نو مین
نہ کیونکہ چپ مرے آگے ہوا فصیح وائل

کلام حد سے زیادہ سزا نہین مومن
مبادا طعنۂ طول مقال دے مبطل

خموش تا بہ کجا لافہائے بے معنے
خموش تا بہ کجا ترہات لاطائل

دعا پہ ختم سخن کر کہ شور آمین سے
اٹھا بٹھائینگے مردون کو عرش کے حامل

نصیب روز جزا جب کرے نزول جلال
زمین پہ چرخ سے تخت شہنشہ عادل

موافقون کو بہشت و ترقی درجات
مخالفون کو جہنم کا طبقۂ سافل

نامۂ راجبہ چون مہر و ماہ نو نسبیت ہمانا بفیض مدیح ذوالنورین درافشانی است

ہے یہی حسرت دیدار تو مرنا دشوار
دم شماری کی مری عمر ہے تا روز شمار

بدگمانی نے دعا سے بھی رکھا محروم آہ
راز دل غیر سے کس طرح مین کرتا اظہار

دور اتنے رہے محرومی قسمت سے کہ ہم
سمجھے ہندی صنمون کو بھی بتان فرخار

دیکھ اتنا مین ترے عشق مین رویا کہ ہوئی
جلوہ گر مہر گیا دشت سے لے تا کسار

بے سبب قتل سے آیا نظر انجام اپنا
سرمۂ دیدۂ دشمن ہے مری خاک مزار

دھوم ہے تابش خورشید قیامت کی مگر
مجھ سے اللہ نہ پوچھے گا عذاب شب تار

درد سر میری شکایت سے نہین یہ تو کہو
بزم دشمن مین جو مے پی تھی سو اسکا ہی خمار

تاب بھی دیکھکر اس بت کی تجلی نہ رہی
میری قسمت مین نہ تھا ہائے خدا کا دیدار

پہنے تو غیر کے بھیجے ہوے کنٹھے افسوس
دست گل خوردہ مرا ہو نہ گلے کا تیرے ہار

خاک ڈالی ہے جو سر مین تو اسی کوچے کی
یون مین دیوانہ ہون پر کام مین اپنے ہشیار

حیف صد حیف اگر غیر کے دم مین آئے
مین اسی بات پہ مرتا تھا کہ تم ہو غیار

سیر کو باغ مین وہ شاخ گل آجائے اگر
سرو شمشاد سے قمری نہ کرے فرق چنار

ہمسے دشمن نے ترے راز کہے مستی مین
ایسے کمظرف کو دیتے نہین جام سرشار

پرسش گور کا اب ڈر ہے غلط فہمی سے
ہائے جو دشمن جان تھا اسے جانا دلدار

بیوفا بوالہوس اور آپ ستمگر سچ ہے — نہ تمہارا کوئی عاشق نہ ہمارا کوئی یار
کیا ترا تیر مرا تشنہ خون ہے ظالم — وان سے آتا ہے کئی بار دہان سوفار
غیر کا ذکر ہو ناک سے کرلے وعظ — مجکو اس بت کے سوا اور سے کیا ہے سروکار
میرے سینہ پہ قدم زور سے مت رکھ ظالم — ہان نہ چبھ جائین کف پا مین کہین دلکے خار
کس کے دل گرمی بیجا نے جلایا جی کو — کہ ہے خاکستر گلخن مری خاطر کا غبار
پہلوے خم مین نہ جائے یہ خمارے ساقی — ہون مین خمیازہ کش حسرت آغوش و کنار
بات میری جو کسی طرح سمجھتا ہی نہین — وہم آتا ہے کہ ناصح بھی نہو عاشق زار
غیر کو بام پہ آ جلوہ دکھایا تم نے — یہ نہ سوجھا کہ پڑا ہے کوئی زیر دیوار
نور خورشید سے ہے جرم قمر کی تابش — مے سے ہو کیون نہ فزون حسن رخ ماہ عذار
ہم رسوائی و اندیشۂ بدنامی سے — کیا کرون کر نہ سکا وحشت دل کا اظہار
تجکو دکھلاؤن تماشا مین جنون کا اپنے — آرہے کوئی پریوش جو ترے قرب و جوار
دیکھتا ہے تری ابرو کیطرف یون مہ عید — جسطرح سوے ہلال رمضان بادہ گسار
ننگ ہم صحبتی آخر مرے کام آئے گا — وہان نکالین گے جہنم سے مجھے اہل دیار
شاد شاد آئے عیادت کو دم آخر تم — ایسے بیدرد پہ کرتا ہے کوئی جان نثار
اور اک کھینچتے ہین شعلہ فشان نالۂ گرم — کیا کرین یون ہی نکالین گے ذرا دل کے بخار

مطلع ثانی

نیکنامی نہ سہی مجکو ہے تم سے سروکار — چھوڑ دون آج وفادار ہو وفا سے بیزار
آگیا لب پہ دم اور بات نہ پوچھی تمنے — بوسہ دینے کا اسی منہ سے کیا تھا اقرار
کس ادا سے مجھے کہتا ہے کہ حیوان ہو تم — چھیڑنے کو جو کہا مین نے اسے گلرخسار
گر تمھین صحبت اغیار سے پرہیز نہین — ہم بھی کچھ چارۂ آزار کرین گے ناچار
سچ ہے مفلس کو نہین عشق کی لذت کا مجھے — زخم دل کے لیے پیدا نہوا مشک تتار
وہ جلے محفل دشمن مین جو ہو شمع لقا — مجکو چھیڑا نہ کرو تم سے کہا ہے سو بار
پائے خم ہی تھے سزاوار پہ زیبا نہوئی — محتسب کے سر ناپاک پہ اپنی دستار

رنج کے بعد ملون کیا کہ رہائی معلوم
ہاتھ آجائے جو صیاد کے رم کردہ شکار

فائدہ وصل ہو ناک سے وہ بات کرو
جس سے ہر دم مجھے رنجش ہو نہ تم کو آزار

کیا کہون قصۂ طغیانی دریائے سرشک
دیکھ لو آئینۂ چرخ ہے زیر زنگار

رشک وہ شے ہے کہ ہر اک ملک الموت مجھے
نظر آتا ہے فرشتہ ہی اگر ہون استار

نقد جان اپنی تجلی کی نہ کیونکر قیمت
صبح محشر کہین بنجائے نہ روز بازار

کیا ہو گر اسکے ستم روز جزا بھی نہ کھلین
مین نے واعظ سے سُنا ہے کہ خدا ہے ستار

دائم اس جان کے دشمن سے جدا ہی رکھا
تھا سپہر ستم ایجاد کہان کا مرا یار

ق

بیمروت مری نظرون مین ہین انداز ترے
آج کل کچھ نگہ لطف ہے سوے اغیار

آپ دیکھا نہ سُنا اور سے پر جھوٹ نہین
تیری آنکھین کہے دیتی ہین نہ کرنا انکار

اے صنم چاہیے مومن کی فراست سے حذر
کیا نہین تو نے سُنا قصۂ شاہ ابرار

سیومین زیب دہ صدر خلافت عثمان
جسکی مسند کے حسد سے فلک اطلس خوار

لطف سے اسکے زمین غیرت باغ فردوس
خلق سے اسکے زمان رشک دکان عطار

اُسکے احسان فراوان کا جو مذکور چلے
کم ہو مستعمل تقریر بجاے بسیار

قلزم جود کا وہ جوش کہ پانی پانی
آگے خط ہاے کف دست کے مون انہار

آتش مہر و حمل کو نہ بجھا دیوے کہین
شعلۂ رشک سے جلتا ہے سحاب آذار

بیر روحہ کی حکایت مین کہا رضوان نے
سلسبیل اسکے ہے دریاے سخاوت کا کنار

کرۂ آب ہو گر قطرۂ عمان ہم
صدف چرخ کرے شکوۂ طغیان بجار

دست یاقوت فشان دھوے لب جو وہ اگر
کوہ سیلان پہ ہنسے خاک فضاے گلزار

کرم اسکا ہو اگر پایہ فزاے اعداد
ذرۂ عرش کو بھی صفر گنے روز شمار

ذکر بخشش مین پڑے چھڑتے ہین منھ سے موتی
مدح خوان کے لیے ہے یان صلہ پیش از ایثار

اُسکے تمکین سے اگر کوہ کو دیجے تشبیہ
ہے یقین شعلۂ جوالہ کو آجائے قرار

نظر لطف سے گر چارہ گر عاشق ہو
کرے حیرت سے بدل شرم کو چشم بیمار

اسکے دروازے کے سگان کا آرام تو دیکھ
ہو گیا دشمن بسمل کو تڑپنا دشوار

شرط ایمان ہے پیمان خلافت اُسکا — وہ مسلمان ہے کیا جسکو ہو اِسمین انکار
قصۂ بیعت رضوان مین اشارہ ہے یہی — ورنہ کوئی نہین ہمدست رسول مختار
احتساب اسکے سے گو محفل کفار بھی ہو — ذکر تحریم مزامیر کرے موسیقار
آپ ہی سایۂ مژگان سے لگائے درے — چشم خوبان کو جو باندھے کوئی شاعر میخوار
گل ہوا بیم سے پھر غنچہ کہ تھا صورت جام — دیکھکر باغ مین مستانہ صبا کی رفتار
جب تلک فتوی برجیس نہو کیا مقدور — کہ کوئی کام کرے یہ فلک ناہموار
توڑ دین سبحۂ زاہد کے لیے یون ہندو — ہین اسی واسطے گویا کہ پہنتے زنار
کاٹ لے ہاتھ ہی پہلے وہ اگر روز وغا — اپنے مرنے سے ذرا جان چرائین کفار
اُس کی تلوار کے آہن کا گر آئینہ بنے — زرد تر چہرۂ عاشق سے ہو رنگ رخ یار
معنی روشن و مضمون بلند اور رنگین — سامعین کو ہے اگر مطلع ثالث پہ اصرار

مطلع ثالث

اے شہ عرش سریر و مہ خورشید عذار — در دولت پہ ترے انجم و افلاک نثار
توسن چرخ سے تشبیہ فرس کو ترے ننگ — کلب جبار سے نسبت سگ در کو ترے عار
سائلون کا ترے کوچے مین دم فیض ہجوم — جیسے گلزار مین ہنگام سحر جوش ہزار
جل رہے ہین پس مردن بھی نہین کیون گریان — تیرے حسّاد کے احوال پہ ہے شمع مزار
صرصر عاد سے غالب ہے کہ جنبش نکرے — وہ ورق جسمین رقم ہون ترے اوصاف وقار
جا کے جنت مین بھی رہتی ہو ترے در کی ہوس — ورنہ مرغان اولی اجنحہ کیون ہون طیار
بحر ارشاد و ہدایت سے تری ہو جاوے — فیضیاب نم تاثیر اگر ابر بہار
موسم گل مین سیہ مست جوان تائب ہے — روز باران مین کرے پیر مغان استغفار
دل روشن نے ترے بسکہ کیا تھا حیران — صرف آئینہ ہوا خاطر حاسد کا غبار
شکوۂ غمزۂ سفاک نہین عاشق کو — اُٹھ گئی تیرے زمانے مین یہ رسم آزار
آز بیصرفہ مین افلاک ہین کیون سرگردان — کب ہوا ایسے شریرون کو ترے بزم مین بار
مقتبس ہین مہ و خور رائے درخشان سے تری — ہے منجم کو اسی واسطے کشف اسرار

راکب حزم ترا ناقۂ صالح تہ ران — راکض عزم ترا دوش ملائک پہ سوار
پسند کیا چرخ ترے حکم کے چوگان کے لیے — لامکان کیون نہو پر تنگ بہت ہے مضمار
سنکر افسانۂ یوسف ترے ایام مین گرگ — غم تہمت مین ہوے جنس سے اپنے بیزار
سیل خود دوڑے ہے گل کے لیے لیکر پانی — کرے تعمیر مکان کا جو ارادہ معمار
پایۂ عرش پہ ہو کیون نہ غلاف طلس چرخ — پوشش ساق نبی تیری حیا سے ہے ازار
صوفیون نے ترے چہرے کا جو دیکھا عالم — ہوے قائل کہ تجلی کو نہین ہے تکرار
خوف سے تیری عدالت کے لگا کر مسی — سرخی لب کو چھپاتے ہین بتان خونخوار
اوج لاہوت کا ہے طائر اندیشہ کو شوق — وان سے آئلہے نظر جو تری رفعت کا حصار
اے شہ پایہ فرا مدح سرا گر شیدا — پستی بخت نگونسار سے ہو شکوہ گذار
ہوے فریاد رسا سمع خراش قارون — پر ترحم کہ ہے بے صرفہ نہ آئے زنہار
طالع پست کی نسبت سے مرے واژون چرخ — بخت تیرہ سے مرے روز مہ انور تار
روز با حوردن اور رات شب یلدا ہے — دونون نقطون پہ ہے یون ہمسری لیل و نہار
میرے اقبال کا آجائے اگر دور قریب — تو ثوابت سے گران رو ہون نجوم سیار
ذروۂ اوج سے برجیس کو جست ہو جاے — ثور مین زہرہ کرے مہ کے قران سے انکار
تاکہ ہو جائے ہر آزار کا مصدر ایک ایک — سخت تحسین کو ہے دفع طبیعت پہ قرار
بندھے امید گر اک خوشہ گندم کی مجھے — تیر تحویل سے ہو برج شرف کے بیزار
گر حصول زر مسکوک کی سمجھون مین دلیل — ناخن شیر سے ہو سینۂ خورشید فگار
خون کے میرے ارادے سے ہوا ذابح سعد — قتل پر میرے کمر باندھے ہے شکل جبار
زیست اپنی ہے تو ترجیع و تقابل کے سوا — بھول جاوینگے منجم جو مین باقی انظار
حور و جنت کی بھی امید خدا سے نرہی — شور محشر سے نہون آگے مرے طالع بیدار
نہ ہنر کی مرے پرسش نہ سخن کی مرے قدر — نہ گہر کی مرے ارزش نہ طلا کی معیار
کسقدر حکمت اشراق سے جی جلتا ہے — ہو گئے شعلۂ دوزخ مرے دل کے انوار
غم بیقدری ہیبت سے جگر چاک ہوا — خرق افلاک سمجھتا تھا مین کتنا دشوار

کیا حساب اس لیے سیکھا تھا کہ گھر مین بیٹھے — کیجیے درہم و دینار کو داغون کے شمار
ہوا بسکہ مریضون سے حصول الارنج — کر دیا مجکو مری چارہ گری نے بیمار
در منثور مرے زینت صدر صدر ہوے — لیک بزم امرا مین نہ ملا مجکو بار
موشگافی کی بہت شعر مین پر فائدہ کیا — ہے وہی دست تہی شانۂ دست ادبار
نہ صلۂ مدح کا پایا نہ غزل کا انعام — ہاے ناکامی یاقوت لب و لعل نگار
کف رنگین نے کیا خون خیال رنگین — دست دربار کی شاکی ہے زبان دربار
اب تلک ہاتھ بھی خالی ہے بغل بھی خالی — کیا امید برسیمین و زر و دست افشار
واہ قسمت کہ ندے خردۂ گل بھی گلچین — زمزمے مرغ گلستان کے سے کھینچون مین ہزار
کیا قیامت ہے کہ اکدم نہ ٹھہرنے پاؤن — دون اگر خلد سے تشبیہ دکان خمار
ورنا یاب تو کیا خاک سے بھی منھ نہ بھرے — جسکے در پر مین کرون لوے شاداب نثار
مدح خوانی کا مری جائزہ شاہی بھی نہین — وائے ارمان کہ ہین بے جائزہ ایسے اشعار
ہین ہنر سب سبب رنج جہان مین کہ گیاہ — خاصیت سے ہوے سزاوار شکنج عصار
مومن اے ہرزہ درا نالہ و فغان سے حصول — ذکر کیا راہ پر آئے فلک ناہنجار
بس بس آہنگ دعا سنجی ممدوح کہ ہے — متصل عرش معلی سے نزول آثار
جب تلک گردش افلاک ہے اس عالم مین — ایک کے دل کو قلق ایک کے دل کو ہے قرار
تیرے احباب رہین تکیہ زن مسند عیش — تیرے حساد ہون آوارۂ دشت ادبار

تیزی زبان کلک گوہر نثار بیان ساطع حقیقت امامت خداوند ذوالفقار

کٹتی ہے میری تیغ زبان سے زبان تیغ — کیونکر سخن فروش ہون سوداگران تیغ
میرے نفس کی دیکھ کے معجز نمائیان — کیا دور ہے کہ دم نرہے درمیان تیغ
فردوسی ایک خار جنان بیان تھا — گلریز میرے دم سے ہوئی داستان تیغ
حساد سر سے پاؤن تلک خونمین ڈوب جائین — جوہر اگر دکھاؤن مین اپنے بسان تیغ
میدان کشت و خون مین مرا دست بے سوار — جاوے عنان کشیدہ تو ہو عنان تیغ
یہ دل خراشیان مرے اشعار شوخ کی — سینے پہ منکرون کے ہین لاکھون نشان تیغ

ہرگز نہ کر سکے مرے خامہ سے سرکشی — پیدا سر نگون سے ہے عجز بیان تیغ
جس جائے خطبہ خوان ہو مری تیزی زبان — واں جائے فرض سجدہ منبر فسان تیغ
یا بوس گر کرے مرے خامہ کا بند ہون — شیرینی سخن سے لب خوش بیان تیغ
خجلت سے آب و تاب سخن کی ہے آب آب — کیونکر چھپے چھپائے سے شرم نہان تیغ
مت پوچھ مجھ سے خون عنادل کا ماجرا — ہر گل زمین شعر پہ ہے آسمان تیغ
ہووے نہ میری حجت قاطع کے سامنے — سرگرم لاف و دعوی برش زبان تیغ
کیسی شکست رونق بازار ہو گئی — ہے تختہ بند دست قلم سے دکان تیغ
میری بدیہہ سنجی کی جاہل کشی کو دیکھ — فطرون سے گر پڑا ستم ناگہان تیغ
اک بات مین تمام ہے یان کار مدعی — کس کی بلا ہو بار کش امتنان تیغ
آہن گزار نالہ مراد یکھکر نہو — پیکان ضمان خنجر و خنجر ضمان تیغ
کیا تاب میرے حرف پہ انگشت رکھ سکے — ہر خط پہ نکتہ چین کو ہے وہم و گمان تیغ
گر شوق زخم عشق کی لذت بیان کرون — ہرگز ہمانہ کھائے بجز استخوان تیغ
دل ہی مین حسرت نفس خونچکان رہی — میرے معاندون پہ ستم ہے امان تیغ
پڑھتا ہون اور مطلع رنگین کہ سن جسے — سرگرم آفرین ہو لب خونچکان تیغ

مطلع ثانی

نہلا دیا عدو کو لہو مین بسان تیغ — میری زبان کے آگے چلے کیا زبان تیغ
پھر جوش آگیا دم خونابہ ریز کو — پھر تیزی زبان پہ ہے قربان زبان تیغ
صد مژدہ جراحت منکر حسود کو — کرتا ہون رزمگاہ مین میں امتحان تیغ
مومن کو آرزوے ثواب جہاد ہے — کفار کاش آکے سنین داستان تیغ
آئی ہے لب پہ مدح خداوند ذوالفقار — بیجا و منکرون کے لیے ارمغان تیغ
شیر خدا علی کہ شجاعت سے جسکی ہے — سر پنجۂ اسد پہ زنخ زن بنان تیغ
غالب کہ سر چڑھائے سے اسکے ہو فرض عین — تعظیم تیغ و مکرمت تیغ و شان تیغ
کیا دور اسکے دست کرم کے اثر سے گر — یاقوت ریز ہو مژۂ خون فشان تیغ

اے ابر تند بار ظفر خرمن عدو
ہے محو گرم پائی برق تپان تیغ

وہ آنچ تیری تیغ مین جل جائے مثل طور
گر تو صنم کدہ پہ کرے امتحان تیغ

کہتے ہین دیکھکر ترے دشمن ہلال عید
کھاوے سوائے زخم کے کیا میہمان تیغ

جوہر ترے مخالف مجروح مین نہین
کوئی مگر یہی کہ وہ ہے قدردان تیغ

حسرت ہے تیرے بوسۂ دست بلند کی
کس طرح چرخ پر نہ چڑھے کہکشان تیغ

دشمن کا ایک نیم اشارے مین کام ہو
ابرو کا تیرے عکس پڑے گر میان تیغ

کوشش نے تیری حرف تعصب مٹا دیا
کیون بید خوان دہر نہون بادخوان تیغ

تمکین کو تیرے دیجیے گر کوہ سے مثال
روئین تنون سے اٹھے نہ بار گران تیغ

آب حیات چارہ کرے یا دم مسیح
ممکن نہین جبین ترے خون گردگان تیغ

منکر تری امامت حق کے ہین گرم جنگ
درکار ہے وضو کو جو آب روان تیغ

کیا سرکشی کی تاب کسی سخت کوش کو
جھکتا ہے تیرے آگے سر قہرمان تیغ

تیرے عدو گرا اپنا گلا آپ کاٹ لین
کام آئے کوشش وکشش رائگان تیغ

نسبت سے تیری ہاتھ سے چشمک نہ کرے
ابروے دلربا پہ چشم جانستان تیغ

کیا بات تیرے پنجۂ آہن فشار کی
ورد زبان ہے غلغلہ الامان تیغ

سرخی ترے عدو کے لہو سے ہے جابجا
رنگین کس طرح سے نہو داستان تیغ

ظالم ہین تیرے دو رین نالان کہ وقت جنگ
بانگ شکست تیغ ہے شور و فغان تیغ

کوئی کرے نہ گرمی روز نشور رین
بسمل پہ تیرے مہر مگر سائبان تیغ

وہ دست زور مظہر سر پنجۂ خدا
وہ تیغ باعث شرف دودمان تیغ

مرزان تھے مثل بید ترے رعب سے جو ہاتھ
پھل باغیون کو کچھ نہ ملا جز زبان تیغ

پتھر کو بھی نہین ترے حملہ کی تاب ہے
یاقوت زرد شاہد بیم نہان تیغ

جراح کیا کہے ترے زخمی کا ماجرا
سوزن کی بھی زبان نہوئی ترجمان تیغ

یہ کہکشان نہین کہ رہا خوف سے جو دھیان
سو پڑ گیا ہے دیو فلک کے نشان تیغ

پایہ ترے مدیح شجاعت سے بڑھ گیا
کیونکر رہے نہ تارک سر پہ زبان تیغ

ہر بار کیون نہو تری تلوار تیز تر
دشمن کی ہے قساوت قلبی فسان تیغ

سیف و قلم ہین دونون ستون کاخ دین کے
حیران ہون باب علم کہون یا جہان تیغ

رنگین بیان ہو گر ترے غزوہ کے ذکر مین
پڑھنے لگے درود لب خونچکان تیغ

غازی بھی تو شہید بھی تو تیرے دم سے ہے
سرگرم جلوہ فصل بہار و خزان تیغ

زہر آب دین اگر ترے دولت کے دور مین
عمر خضر ہو زندگی جاودان تیغ

گرم دعاے شاہ ہو مومن کہ کب سے ہے
آہن سر زبان اجابت فشان تیغ

روز نبرد حادثہ ریز شکست و فتح
جبتک کہ ہے نشیب و فراز جہان تیغ

تاج ظفر ہو زیبدہ فرق دوستان
اعدا کا سر رہے تہ بار گران تیغ

قصیدہ در مدح حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

چاہنا خلق کو صہبا و صنم سے محروم
ایسی نیت پہ ثبت آپ کو وعظ معلوم

محتسب نے خم مے چھین لیا یا قسمت
ایسے کمبخت کو ہاتھ آئے ہمارا مقسوم

پاکدامن ہو تو بدگو کے نہ دم مین آنا
سنتے ہین لوط کے مہمان کوئی افتاے لزوم

ہم ہین اور عشق حقیقی کہ بجز ذات خدا
نہین پایا کہین دنیا مین وفا کا مفہوم

ہاے لینے نہ دیا نام عدو غیرت نے
ورنہ کیا کیا مرے ویرانے پہ تھی کثرت ہجوم

نہین ایسا نہو وہ غیرت حور آجائے
ہے بہت میرے جنازہ پہ فرشتون کا ہجوم

گاہ کہتا ہے جنون عشق کو گہ کفر و حرام
جہل کر نیکو پڑھے تھے مرے ناصح نے علوم

گرمی شوق شہادت ہوئی فولاد گداز
رہ گیا شہ نہ آب دم خنجر حلقوم

گر نہو مے کشی و وصل صنم کی تعذیر
تو یقین آئے مجھے یہ کہ جہان ہی موہوم

مصرعۂ زلف کبھی ہاتھ نہ آیا اپنے
نہوا پر نہوا حال پریشان منظوم

جوش وحشت ہے پہ ناصح نہ پہنانا زنجیر
دیکھ دیوانہ نہین مین نہین پابند رسوم

نوجوان جب کوئی جاتا ہی جہان سے ناشاد
تازہ ہوتا ہے مجھے داغ امید مرحوم

کر دیا خواہش بیداد نے احوال تباہ
تو تو ظالم نہین زنہار پہ مین ہون مظلوم

زلزلے آتے ہین جب سے مین تہ خاک آیا
چین دیتے نہین اب تک بھی مجھے طالع شوم

چاہیے صبر مقدر پہ دریغ اے واعظ
تو خدا کا نہین جیسا ہون مین دل کا محکوم

طعنۂ وصل ہو سناک پہ ہنس دیتے ہین
مگر الزام و ندامت نہین لازم ملزوم

تیری رفتار قیامت مری زاری طوفان
حسن وہ عشق یہ کیونکر نہ پڑے خلق مین دھوم

پاکبازی کی طمع ہمسے گنہگارون سے
کیا ہوے عشق مین اے زہرہ جبین وہ معصوم

نالۂ گرم نے دلبر کو بنایا دلدار
معجز عشق سے جان بخش ہوئی باد سموم

جان کی لاکھون خلشین ان کی ہزارون فکرین
ایک جان اُسپہ یہ ہنگامۂ آلام و غموم

کیا کہین آج ترے کوچے سے گذری تھی نسیم
ویسے ہی تازہ ہین گلہاے مکرر مشموم

محتسب آپ کے آنے سے ہوے دیر خراب
قصد کعبہ کا نہ کیجیے گا بایں یمن قدوم

آچک اے صبح طرب کٹ نہین سکتی شب غم
جلد جائین مع اغیار جہنم مین نجوم

مجکو پامال کیا کیون نہ فزون ہو عزت
دود افغان سے ملی پیر فلک کو خرطوم

گا لیان دیکے زمانے کو کرون گا تسخیر
ہین پسند فلک سفلہ صفات مذموم

جب منایا مجھے اُسنے وہی الفت وہی دل
یہ غلط ہے کہ اعادہ نہین بہر معدوم

سبب شادی دشمن تو بتا دو پہلے
پوچھنا پھر یہ تجاہل سے تو کیون ہو مغموم

سبزہ رنگی نے تری قتل کیا ہے ظالم
یاد آتا ہے مجھے حال امام مسموم

افضل الناس حسن ابن علی سبط نبی
سید و سرور و مولا و مطاع و مخدوم

ابر بارندۂ دانش گہر فیض کمال
قلزم حسن عمل منبع دریاے علوم

مظہر شان الٰہی ہے یہان تک کہ حکیم
متنزل ہے دم بحث و جواب اور لزوم

علم اعجاز اسے معجزۂ علم اسے
جس مین اندیشہ ہو عاجز وہ سب اسکو معلوم

فکر الزام حکیم و متکلم ہوا سے
تو مجسم نظر آجائین نکات موہوم

اثر ذکر سے ہو صاف دلی کے اسکے
نقش مرآت ہوا عکس ضمیر مکتوم

سائلون کو جو وہ دیتا ہے طلب سے پہلے
فرط بخشش سے نہ مجمع رہے کوچے مین نہ دھوم

جوہر بار فزون سے کف بے فاصلہ بخش
دشمن مایۂ معمول و کفاف مرسوم

ہین مشابہ بہت اس دست کرم کے تل سے
کیونکر اصفار نہون مرتبہ افزائے رقوم

شبہہ کیا عصمت بخت جگر احمد مین
جب مسلم ہو کہ معصوم ہے جزو معصوم

عہد مین اسکے جو گل زاری بلبل پہ ہنسے
ہو نسیم سحری ہم اثر باد سموم

کہین منکر کو نہ انکار قیامت ہو زیاد
عدل سے اسکے ہے آبادی ہر کشور و بوم

نہ وہ خالق ہے مگر ہے اثر باعث خلق
نہ وہ رازق ہے ولے قاسم رزق مقسوم

السلام اے روش آموز طریق اسلام
السلام اے خضر جادۂ جنت ملزوم

وہ ترا پایہ ہے اے شاہ جوانان بہشت
کہ ہوئی حرمت پیری کی تمنا محروم

گر کہے کوئی کہ بالفرض مماثل ہے ترا
ذکر کیا پھر کوئی تقدیر کا سمجھے مفہوم

کیا ترے مرکب چالاک کی لکھی تھی ثنا
لیک کاغذ پہ نہ ٹھہرے کلمات مرقوم

یہ سبک رو کہ بیان تگ و دو مین اسکے
منھ سے مفتوح نکلتے ہین حروف مضموم

ہے بجا دیجے اگر تجکو سلیمان سے مثال
کہ مسخر ہے پری اور ہوا ہے محکوم

تیری افواج کا میدان مین دم جنگ خروش
بلبلون کا مہ آزار گلستان مین ہجوم

مدعی کو تری تلوار سے بچنے کی تھی فکر
کر دیا تیغ گریبان نے دو پارہ حلقوم

تیرے اعدا کو سمجھ ہو تو کرین جان پہ رحم
آدمی تو نہین یہ پر ہین جبول اور ظلوم

یوسہ دے تیرے دم تیغ کو تو آجاوے
جس کو آتی نہو تقطیع کلام منظوم

تیر باران سے ترے کیونکہ نہ بھاگین اعدا
جانتے ہین کہ شہب ہین پی شیاطین ہین رجوم

آج کہدے ترے قاتل کی سزا اور حشر
تو عجب کیا ہے کہ جاتی رہے تاثیر سموم

مدد غیب پہ کی لشکر مغلوب سے صلح
کہ مسلمان نہون معتقد طالع شوم

نہ مقابل ہو ترے قصد کے عزم افلاک
نہ برابر ہون ترے حکم کے احکام نجوم

ہو دل آزردہ کوئی گر ترے دشمن کے سوا
طبع تحسین سے جاتی رہے تاثیر غلوم

جہد شاہانہ یہی ہے ترے کوشش سے ہوئی
خالقاہ فقرا بارگہ قیصر روم

امنیت ایسی ہوئی دور حراست مین تمے
ڈھونڈھتی پھرتی ہے تاثیر فغان مظلوم

ہین مخاصم ترے بدبخت پہ کم بخت نہین
یعنی کثرت سے ہے قسمت مین جحیم اور زقوم

مرحبا یا بن علی کی چلی آتی ہے صدا
ابتیلک روضۂ رضوان سے زہے فیض قدوم

دعوت عام تری سب کو بنا دیوے خاص
گر قضا کو نہو پاس صفت فیض عموم

ختم اللہ کا مورد ہے زبس قلب سیاہ
تیرے دشمن کو ہے خونناب حریق مختوم

دوستوں کو نہیں ڈر دسوسۂ شیطان کا
ہیں جو دشمن قصدی شعار مذموم

جام مے گر کوئی پی جاے تری نہی کے بعد
زہر کھاوے پے درمان خراش بلعوم

ترے ایام میں باقی نہ رہا بسکہ فساد
چشمۂ خضر ہیں انہار عروق مجذوم

بدی خلق سے افزوں تھی نکوئی تیری
کردی انصاف الٰہی نے یہ ہیئت مرحوم

گر کہے یرحمک اللہ ترا خصم لئیم
عطسہ زن پھر نہو زنہار دماغ مزکوم

تا سحر شام عبادت تری شب بیداری
شارح آیت کرسی پس حی القیوم

جبتلک ذلت و عزت طرب و غم کا ہو تخلق
گوشہ گیر انجمن افروز زمین و معدوم

مومن آہنگ دعا ختم سخن کا ہے یہ وقت
آپ تو آپ ہیں دانا ہے قوانین رسوم

تیرے احباب مطاع اور ترا بن ہیں شاد
تیرے حساد خراب اور ترے اعدا مغموم

قصیدہ[1]

یاد ایام عشرت فانی
نہ وہ ہم ہیں نہ وہ تن آسانی

جائیں وحشت میں سوے صحرا کیوں
کم نہیں اپنے گھر کی ویرانی

خاک میں رشک آسمان سے ملے
ہاے کیسے بلند ایوانی

کردیا گردش سپہر نے حیف
برج خاکی مسیر کیوانی

ایسی وحشت سرا میں آئے کون
بے دری کر رہی ہے دربانی

نکتہ سنجوں سے جی میں ہے پوچھوں
کہ میں شہری ہوں یا بیابانی

کیا ہوئی وہ بلندی دیوار
کیا ہوے وہ عماد طولانی

جلے گل ہیں چمن میں ریزۂ سنگ
کاہ کرتی ہے ناز ریحانی

اٹ گئے حوض و نہر غیر از چشم
ایک قطرہ کہیں نہیں پانی

نہ ملا کچھ نشان آب روان
خاک سارے جہان میں چھانی

[1] نامزد یہ قصیدہ مدح حضرت امام حسین علی افضل التحیۃ والتسلیم کہا ہے ۱۲

سقف رنگین و زر نگار کہان — جز سپہر و نجوم نورانی
شور زاغ و زغن ہے سمع خراش — اب کہان بلبل و غزلخوانی
نظر آتی نہین وہ تصویرین — نقش دیوار کیون نہو مانی
صرف دلق گدا ہوے پردے — زینت افزاے کاخ سلطانی
آپ کاشانہ فرش خاک ہوا — کیسے قالیچہ کاشانی
یا ظروف و سماط سے مجھے تھا — دعوے قیصری و خاقانی
یا نہین ہے مرقع و کشکول — تاکرون تازہ رسم ساسانی
مسند گوہرین کا دھیان آیا — پوچھتے کیا ہو وجہ گریانی
بالش سنگ و خواب واویلا — بار خاطر ہوئی گران جانی
ہم ہین اور حسرت مے گلگون — خون پلاتا ہے قیر یزدانی
زہر ملتا نہین کہ پی جاؤن — اب کہان وہ شراب ریحانی
شور مستی دعاے نوح نہ تھا — کشتی مے ہوئی جو طوفانی
وہ گزک کیسی وہ کباب کہان — ثقل مجلس ہے دل کی بریانی
یا یہان پرنیان و اطلس سے — ق — جلوہ گر تھی سپہر سامانی
یا یہ احوال ہے کہ چاک ہوا — تنگیون سے لباس عریانی
کیا کہون اپنی گردش ایام — صبح نوروز ہے شبستانی
اس چمن زار کو خزان بھی ضرور — مین نے کیا تہ کی بات پہچانی
کردیا خالق دوعالم نے — امتیاز ریاض رضوانی
ہاے وہ رقص خوش قدان جسکے — صدقے انداز سرو بستانی
ہاے وہ زمزمہ سراجن کے — سحر ہاروت زہرہ الحانی
ہاے وہ ساز و برگ عیش و نشاط — قوت افزاے روح انسانی
تیر باران فاقہ نے مارا — بک چکی تھی کلاہ بارانی
پنبۂ داغ دل کو حیران ہون — نرہا خرقۂ زمستانی

ایک دن یون ہجوم یاران تھا — جیسے اب مجمع پریشانی
کس سر پُر غرور کو دی ہے — تنگی غم نے چین پیشانی
مجھے دونون جہان سے کھویا — کیا کہون ظلم چرخ دورانی
یعنی اس حال پر فزون تر ہین — آرزو ہاے نفس شیطانی
حسرت لعل سیمتن مین ہوے — گوہر اشک چشم مرجانی
اے فلک دل کو داغ کرتی ہے — زر خورشید کی درخشانی
بے زری سے مری مجھے حاصل — کچھ نہوگا بجز پشیمانی
طالع ہر بدیع سنج مین ہے — کیا ضرورت ہبوط میزانی
جان مومن پہ گو نہ گو نہ ستم — کافر اتنی بھی نامسلمانی
تا کجا اے یزید شمر خصال — فتنہ ہاے فریب مروانی
اس سے کاوش نہ کر نہ ہو ظالم — آپ اپنا تو دشمن جانی
مجھے معلوم ہے کہ ہے وہ کون — کھول دون مین یہ راز پنہانی
مدح خوان شہ وزیر لقب — ختم جس پر ہوئی سخندانی
پایہ سنج کمال اہل کمال — فارقی فارقی و عمانی
کیا کہون اس کی دست ہمت کی — مین گہر باری و زر افشانی
ہر گدا کی ہے زینت کشکول — رشک تر صیع تاج سلطانی
اسکے احسان سے غرۂ شوال — اہل تقوے کو سلخ شعبانی
کہین نیرنگی زبان سے فزون — خوان نعمت کی اسکے الوانی
مور کو وہ جواد دے ڈالے — شوکت و حشمت سلیمانی
کردے سارے جہان کو سیراب — بحر ہمت کی اس کے طغیانی
بخشش بے شمار سے مشکل — ہے دبیر فلک کو دیوانی
اُسکے خوان نوال سے ہو شل — آرزاے شعث کی کند دندانی
اُسکے عہد کرم کی نسبت سے — بڑھ گئی عمر عالم فانی

بے سخاوت اُسے قرار کہان — کہ ہے عادت طبیعت ثانی
اُسکے ہے روزگار مین یکسان — ابر کو بہمنی و نیسانی
دوری اپنی نہین ہے مانع فیض — مہر کو کیا حجاب ظلمانی
گرگ نے دور عدل مین اسکے — سیکھ لی راہ و رسم چوپانی
آشیان عقاب و شاہین مین — روز گنجشک کی ہے مہمانی
حملۂ شیر گیر سے اس کے — نعرہ زن ضیغم نیستانی
اسکے ایک ایک لشکری کا تنگ — دعوے سامی و زعفرانی
خنجر جان شگاف ہین اُسکے — ابروے یار کی سی بُرانی
افعی زلف دیکھ لے اس کا — تو عصا بھول جاے ثعبانی
گرز سے اسکے بار گردن ہے — مغفر مدعی کی سندانی
اُسنے شمشیر جب علم کی ہے — گاؤ گردون ہوئی ہے قربانی
موج دریاے خون سے روز مصاف — ہووے کشتی زمین کی طوفانی
ہین مخاصم بھی سخت شکر گذار — عمر جو کٹ گئی بآسانی
تیر خار اشگاف سے اُسکے — لعل جو ہے سو لعل یکپانی
زیر ران اُسکے توسن چالاک — رشک اسپ سپہر گردانی
شوخی یار کی سی چالاکی — نگہ شوق کی سی جولانی
دم گلگشت وہ سبک رفتن — اہتزاز نسیم بستانی
روز جنگ اُسکے نیم جولان مین — صرصر عاد کی سی طغیانی
کثرت باد عنصری اُس کے — مثبت انقلاب ارکانی
اس سے دیتے سپہر کو تشبیہ — گر نہ ہوتا ستارہ پیشانی
مانع سعی دل پسند اسکو — ملک عالم کی تنگ میدانی
تیرے اوصاف کے صحیفہ مین — صنعت کارنامہ مانی
گل جبینی پہ تیرے قربان ہو — نو بہار ریاض رضوانی

برومندی آرزوے حصول — کشت مطلب کی تیرے دہقانی
آستانہ پہ تیرے چرخ نہم — ہو نجاے بلند بنیانی
سمجھے ہے درجۂ شرف کیوان — قصر رفعت کی تیرے دربانی
شعلۂ شمع بزم کو تیری — دعوے حسن ماہ کنعانی
داغ مے تیرے جام عشرت سے — گل دامان پاک دامانی
تیرے دشمن کے واسطے عاشق — زلف جانان سے لے پریشانی
اے سخن سنج نکتہ دان تیری — کس زبان سے کروں ثناخوانی
مجھ سے ناکس کی ہمنشینی کا — تجھ سے داور کو شوق پنہانی
نہ یہ سمجھا ہوں سیر اختر سے — علم ظنی نہووے ایقانی
حامل دفتر مدیح سے یوں — مجھے پہونچا تھا علم اوعانی
کہ نہیں کیوں خیال طوف حرم — مومن اور اتنی نامسلمانی
تجھے معلوم کیا نہیں نادان — فرض ہے حج بہ نص قرآنی
کیونکہ ہو عذر بے زری مقبول — ہے خلاف قیاس برہانی
اول اس در پہ سجدہ ریزی کر — تا ملے مفت جاہ کیوانی
پھر طواف حرم میں ہو مشغول — تیرے صدقے شروط ایمانی
کب تلک اعتکاف بتخانہ — کب تلک کنج دیر و رہبانی
یوسف مصر نکتہ سنجی حیف — یوں گرفتار چاہ کنعانی
کیا پیام اور کیا پیام گذار — جسکی ہر بات وعظ عرفانی
آب و تاب کلام سے اسکے — آب ہو لو لوے دمرجانی
عالم مجمل حدیث رسول — واقف نکتہ ہاے فرقانی
اسکے آگے علوم پیر فلک — سبق کودک دبستانی
دیکھ اشراق اس کا افلاطون — کہے ہذا حکیم ربانی
جبہہ خورشید سے فزوں تر ہے — جبہہ سے دل زیادہ نورانی

شام پیری مین اُسکا وہ عالم — تر در و جس سے صبح ریعانی
کرم اللہ نام و ذات اسکی — مظہر لطف ہاے یزدانی
ہے مجھے بھی خیال طوف حرم — خضر رہ گر ہو فضل رحمانی
تا کہ صحن منا مین کر ڈالون — نفس امارہ کو بھی قربانی
اس سے افزون ہے شوق اس رکا — جس سے حاصل ہو یہ بآسانی
کہ محرک ہے التفات نہان — تاب فرسا ہے جذب روحانی
پر کرون کیا کہ بن نہین آتی — ورنہ مین اور تہیہ ہیمانی
دشت گردی کے شوق نے مارا — ہون تو دیوانہ لیک زندانی
سوچ سوچ اپنے دلمین ڈرتا ہون — گو ہون وسواس ہاے شیطانی
ہے ابھی آرزوے وصل صنم — ہے ابھی حسرت ہوس رانی
فکر انجام سد راہ ہوئی — سن چکا ہون حدیث صنعانی
بعد یک چند گر خدا چاہے — مین ہون اور تیرے در کی دربانی
آکے اس بزم مین دکھاؤن گا — شعلہ ہاے خرد کی نیرانی
میرے سینے کے صفحے مین ہے رقم — علم دانا دلان یونانی
مجھ تلک پہونچے ہین اب جد سے — ورثہ نکتہ ہاے لقمانی
مہر افلاک عقل و دانش ہون — فطرتی ہے مری دوشانی
نسر طائر کہ سمجھے ہے بے پر — مرغ فکرت کی بال جنبانی
وہ خرد مند ہون کہے ہے مجھے — عقل اوّل حکیم لاثانی
مین روش دان حکم برجیسی — مین ادا فہم سلیمانی
ہون وہ نباض جسکے ناخن مین — حرکات عروق شریانی
آئینہ ہے صفا سے دل میرا — کیا ہوا گر نہین ہے حیرانی
میرے خامے کے جوش گریہ سے — زور دے دیتا ہے ابر نیسانی
سامنے میری تر زبانی کے — نطق الکن حدیث سحبانی

میرے ربط کلام کو سمجھو نجے — نثر سعدی نہ نظم سلمانی
جانفزائی مرے سخن کی دیکھ — سم گنے خضر آب حیوانی
میرے زاغ قلم کی نیم صریر — صد صفیر ہزار دستانی
میرے گوہر تمام ناسفتہ — میرے یاقوت سب بدخشانی
میری نیرنگی تخیل سے — سیمیا گر ہے روح نفسانی
مین وہ سرمایہ بلاغت ہون — جسکے در کا گدا ہے خاقانی
انوری کے بیان مین ہے کہان — میری تقریر کی سی تابانی
ملک معنی کا شہریار کہے — دیکھ خسرو مری قلمرانی
میری نسبت سے خاک ہند کو ہے — رونق سرمۂ صفاہانی
آج ہوتا کمال تو کہتا — اب تخلص سزا ہے نقصانی
مومن اب ختم کر دعا پہ سخن — تا کجا لافہائے طولانی
جب تلک باعث نشاط و ملال — ہے وصال و فراق جانانی
تیرے احباب اور عدی آسانی — تیرے اعدا دو رنج گونا گون
تیرا اقبال روز افزون ہو — جیسے مومن پہ لطف رحمانی

قصیدہ در مدح راجہ اجیت سنگھ

صبح ہوئی تو کیا ہوا ہے وہی تیرہ اختری — کثرت دود سے سیاہ شعلۂ شمع خاوری
چشم ستارۂ سحر یون ہے زحل سے سرسری — دشنۂ ترک چرخ سے تیز نگاہ مشتری
خط بیاض صبح وہ شعلہ دم اژدر سفید — عکس سے جسکے آب ہوا آئینہ سکندری
یاد ہوا ہے کوئی یار خانہ خراب جانگداز — خفیہ شمال مین سموم باد صبا مین صرصری
سامعہ سوز دخمۂ اش گریہ فزا و زخم ریز — نغمۂ نوک عندلیب قہقہۂ گل تری
مجکو فغان سے کام اور ذکر مین اہل خانقاہ — دیر مین شور بید خوان میکدہ مین نوا گری
چار طرف ہے غلغلہ حے علی الفلاح کا — بدظنیون سے عذر لنگ شدت ضعف و لاغری

شعلۂ شمع سے فزون چہرہ مرا زریر گون
رنگ شفق سے بیشتر گریہ مرا مصفری

رشک فرانظارۂ صحبت ساکنان قرب
پستی بخت کو دکھائے گھر کی بلند منظری

صبح مری شب مریض شب کو لین گو
روز گذار بیم شام سختی روز محشری

غم نہ سما سکا مرا بسکہ جہان تنگ مین
چرخ مین یہ ملحدی آگئی اور مقعری

صبح کی جب بہار ہے ساقی غنچہ لب بیاد پاس
مے سے عذار لالہ رنگ لب سے مذاق شکری

ہر حرکت محرک شوق و مہیج ہوس
قم قم شیشہ قاہ قاہ مطرب طرفہ زیلوری

بستر گل پہ خوب خوش سر خوشی نشاط خواب
عطر لباس سے گلاب جرم دماغ کی تری

ظل گران دم صبوح مستی شبیہ روح
سر بسر امتیاز طبع بیخ خمار سری

عطر مشام حور عین نہ فلک نور آفرین
ادخنۂ و بخور سے عنبر و بان مجمری

ایک سے ایک کامیاب سینۂ حاسدان کباب
ایکطرف شراب ناب ایکطرف گرگ دھری

جب نہ ہی طمع تو کیا خلد مین گر ملی بفرض
قصر زبرجد و مے لعلی و جام گوہری

میرے بخت ہائے بخت ایسے نصیب یا نصیب
چارۂ یاس امید حشر مرگ علاج مضطری

طول امل کی حد نہین ساز طرب کہانسے آئے
بادشہی جہان ہو کم حیف وہان قلندری

یا نکے ہوے نہ ولنکے ہم جیسے فقیر بت پرست
بندگی خدا تو ہو گر نہو صاحب افسری

چرخ نے جیسے جیتے جی کین پدری عنایتین
خاک کریگی بعد مرگ ویسی ہی مہر مادری

عشق عیان کا کیا بیان حسن ہنر ز انہان
قمری نالہ کش زبان میری ہے دل صنوبری

ہم برون شدن خیال قید سے چھوٹنا محال
یان سے گریز کیا مجال بند گران پہ بیدی

چھٹ بھی گئے تو راہ بند جاے بجاے لامکان
کوئی عجب طلسم ہے گنبد چرخ چنبری

رغبت وصل پر حذر یار کو ہاے ہاے ہے
ناکسی آفت قرار نے ہوس ستمگری

کل سے زیادہ آج ہے غم کی فراہمی مباد
آج سے کل زیادہ ہو حال کی اپنے ابتری

چرخ سے جنگ اور ایک جزو ضعیف چرخ یہ
طالع دون خراب ہو آپ کرے جواوری

نالہ سے میرے گرم و خشک زہرہ و ماہ کا مزاج
گریہ سے میرے سرد تر طبع بروج آذری

جان جہان کو دل دیا دشمن جان ہوا جہان
سر مین ہوا نظر مین یاس سینہ مین آرزو بھری

یکدل و گونہ گونہ زخم یک تن و فوج فوج خصم — یک جگر و ہزار نیش یک سر و صد گران سری
جور سہون و فا کرون حق وفا ادا کرون — یہ نہ کرون تو کیا کرون قہر ہے عشق بے زری
قدر ہنر کو چاہیے عقل و تمیز و درک و فہم — دست کشادہ دل فراخ منعمی و توانگری
سوا مرا ے عصر تو بیخرد اور جہل دوست — بخل کے ساتھ ہر جگہ جمع بہمی و خنری
ایک جہان مین قدر دان سودہ بہ رغم آسمان — آج یہان ہو کل وہان واہ کمال داوری
راجہ اجیت سنگھ نام کام روائے خاص و عام — جود سے جسکے بے نظام کارجہان کی ابتری
فیل نشین بنا دیا خاک نشین کو اُسنے اب — خاک نہین فلک کو زیب لاف و گزاف برتری
چین سے زر عدن سے دُر کان سے لعل و گہر آئے — بسکہ جہان مین شہرہ ہے اسکی غریب پروری
دست گہرفشان سے وہ نامہ اگر کرے رقم — دام ہما ہو حسرت مرتبۂ کبوتری
لیتے ہوے گر آئے جو بارِ عطا سے لعل و در — کلبۂ خاکروب کو جلیے دکان جوہری
حاتم و معن پائمال اُسکے صف نعال مین — صدر نشین بزم کام بخشی و فیض گستری
لعل لب اسکے درفشان جیسے گہر نثار دست — جائزہ کم نہ آفرین دونون مین ہے برابری
ایک شہ چرخ بزم کا نیمہ خراج نیمروز — بخشش ہفتہ حاصل و فائدہ ہفت کشوری
ایک جہان گدائے در اور وہ سب جو معتقد — بے طمعی سے شیخ وقت جسکا سوال قیصری
دور کرم مین اسکے لعل خشکی لب کا ہے بہار — در یتیم کو بکے چشم یتیم کی تری
اس سے زیادہ اور کیا ہووے گی بخشش و عطا — کم رہے اکثرون سے ملک بیش نہو مقرری
رونق لولیان بزم دیکھکر اسکی جود سے — خیرہ نگاہ بسکہ ہے لولی چرخ چنبری
گرم دعا ہی باز گشت شکل بشر مین سے خاک — بہر حصول زیور و چارۂ رشک زیوری
اُسکے ادیم حشمت و مائدۂ جلال پر — خستہ ذباب کے تئین طنطنۂ سکندری
جوش طراوت مشام وجہ عطاس عزو جاہ — لطف نسیم مشک بیز خلق شمیم عنبری
بوسہ روا بہر طرق سجدہ و فرق ہر فریق — سنگ درا سکا اک صنم رشک بتان آذری
تو وہ بہار حسن باغ جسپہ کرے نثار جان — لالہ رخی سہی قدی انگبدنی سمن بری
لب کو مثال کس سے دون لعل و عقیق بے مزا — گل مین کہان یہ ناز کی مل مین کہان یہ احمری

چشم کا تیری امتزاج روح فزا نظر فزا
گریۂ مستی و نگاہ روح و گلاب عبہری

فصل بہار بعد یاس کس لیے غنچہ پھر ہوا
بزم مین تیری گر نہ تھی گل کو امید ساغری

جمع جو تجھ مین عدل و حسن جنسے خرابیان خراب
مست شراب لب شراب محو پری رخے پری

اطلس چرخ زیر گرد جوش ہوائے رشک سے
آتش سینۂ نجوم خجلت آب پیکری

تو وہ سوار یکہ تاز عرصۂ رزمگاہ مین
جامہ دریدہ جسکے ساتھ قطرہ زنی سے صفدری

تو سن باد پا ترا روز وغا بگاڑ دے
صرصر عاد کی ہوا دم مین دکھاکے صرصری

سیر ریاض مین نسیم سطح ہوا پہ بوے گل
عرصۂ بحر طے کرے آن مین بے شناوری

رونق نبرد گرچہ ہو خصم جہان کے زیر ران
تو سن برترین فلک تو بھی مجال جان بری

اس تگ و دو کو کیا کہین چرخ رسا یک جست مین
نیم قدم پہ رہ گئی طائری و نگاوری

پاے سبک عنانیان واہ گران رکابیان
گاہ غزال چین ہے دہ گاہ پلنگ بربری

مجھ سے میح سنج کا پیک خیال گر نہو
شاہ سوار کیا کرے کس سے ہے اسکی چاکری

کر دے دشمن اس لیے تو نے زبون و سرنگون
سجدہ گہ صفات بد تا کہ ہو نیک محضری

تختہ حریف کا تباہ حال و تغیر کعبتین
نیل مرام و شش جہت مہرہ و قید شش دری

جس نے مقابلہ کیا بے جگری سے چل دیا
کیا کھلے ایک حملے مین گرچہ کھلے دلاوری

چرخ سے کم تو کیا ہو وہ خود بضرب گرز اٹھاے
حربہ سے پہلے شرنگن بہر عدو یہ مغفری

ساکن بحر و بر تمام رام نہون تو کیا کرین
تیغ مین یہ نہنگی اور طبع مین یہ غضنفری

افعی رمح سینہ کو چیر کے دل نکال لے
مار سیاہ زلف سے ہو نہ سکے یہ دلبری

بال و پر فرشتۂ موت ہین یا پر خدنگ
دشنہ ہے دشنۂ قضا یا ترے تیر کی سری

خندۂ برق تیغ مین گرمی مہر تیر ماہ
گریۂ زخم تیر مین جوش سحاب آذری

شہرت ظلم و جور سے دور مین تیرے کیا عجب
ہفت پدر اگر بہم ترک کرین برادری

رونق بزم و عزم و رزم فر جلال و قدر جاہ
تو نے بغایت کمال جمع کیے نہ سرسری

سینہ پہ روے دلبران بر مین قباے رستمی
پانون پہ فرق سروران سر پہ کلاہ سروری

اسقدر اعتبار پر اسقدر انقلاب حال
یعنے ترے خدم کے ہین طالع و بخت سنجری

ہے ترے در پہ منجھ صراب جو شرف تو جائے تنگ — ماہ کو بیت زہرہ اور زہرہ کو برج مشتری
بسکہ خلف محال تھا ہو گئی نسل منقطع — ذات پہ تیری اسقدر ختم ہے پاک گوہری
ہے تو خرد مجسم و نکتہ نواز قدردان — دیکھ نگاہ غور سے تو مری نکتہ پروری
شاعر بے نظیر ہون سحر بیان دبیر ہون — دم ہے مرا نمونۂ معجزۂ پیمبری
سحر حلال سے مرے جادوے سامری خجل — طور کلیم اوج فکر نور خداوندگری
لاف زنی پس میچ رسم قدیم کیا کرون — اس غم تازہ سے نہین مجکو امید جان بری
کفر حکایت غرور اسکے بغیر یہ محال — تا متبنی و جریر عار ہے مجکو ہمسری
میری زبان مین وہ بات جس سے تمکت سخن پست — میرے بیان مین وہ سحر جس سے جنون زدہ پری
حیرتی عقوبت تازہ موکلان قہر — بسکہ مرے جسد سے ہے تیرہ روان انوری
مجکو یہ گل زمین پسند آگئی اتفاق سے — مزرع غیر مین کسے ورنہ سر کد پوری
نان گدا پہ رغبت شاہ جہان غلط غلط — باہمہ برتری دروغ آرزوے فروتری
اب نہین کی ہے اختیار نظم کوین نے یہ زبان — آپ ہین لب پہ بوسہ زن ہندی و تازی و دری
باغ مین اپنے ہر شجر تا بہ چنار و سرو بید — اول و آخر بہار باد فروش نوبری
لذت مدح جا نفزا تلخی ہجو تاب کاہ — شہد ہی یا ین تو شہد ناب صبر ہی تو سقوطری
میری طلاقت لسان میری فصاحت کلام — چارۂ صد مریض ہے انپے گنگی و کری
میرے معاند و حسود ہر زہ ستاے زنگان — باجی خویش و بیجبر مست بلب کف آوری
ہین یہ سگان جیفہ خوار مغز سخن سے بے نصیب — کافر استخوان پرست طرفہ سگی و کافری
ہین وہ شہ سریر فضل جس کے خطیب کے لیے — اوج و حضیض آسمان پست و بلند منبری
فرط جمال سے نہین گرچہ لباس کا خیال — تو بھی تو بکر فکر کو ننگ ہے زہرہ معجری
قیمت حسن یوسفی میرے سخن کا رد نما — ہے یہ وہ حسن جنکی بیع مایہ فزاے مشتری

حضرت مومن اسقدر لاف اگرچہ ہو درست
طول مقال عیب و شعر جملہ عیوب سے بری

ختم سخن دعا پہ ہو تا نہ اثر مین ہو کلام — آپ پہ قصہ مختصر ختم ہوئی سخنوری

تاکہ ہے بیت مفتین قوت لولی فلک
تجکو نصیب دولت صحبت نوجوان نگار
تا رہے الفت آزما ناز و غرور دلربا
جور پہ تیری جان نثار غارتیان دین و دل
تاکہ ہو نو بہار مین قسمت رند مشربان
بہر حسود جام زہر ساغر مے ترے لیے
رقص و سرود سے تری انجمن نشاط گرم
سوے ہزار گوش جان روے زمین پہ نذر فشان
تجکو نصیب بزم مین داد دہی صلہ دہی

تاکہ نہم مین ہے فرح بہر عروس خاوری
تجکو ہمیشہ عشرت تازہ عروس دہر بری
تا رہے آرزو فزا طرز ادائے دلبری
وصل سے تیرے کامیاب لب شکران عسکری
مستی و بے حجابی و نغمہ زنی و مسخری
تا نہو ناگوار طبع تلخی بادہ شکری
شعلۂ دود و عارض روشن و زلف عنبری
باغ مین جبتک اس طرح جلوہ کرے گل تری
مجکو مبارک ایکسو مدح گری گدا گری

غزلیات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نہ کیونکر مطلع دیوان ہو مطلع مہر وحدت کا
کہ ہاتھ آیا ہے روشن مصرع انگشت شہادت کا

بجاؤں آبلہ پائی کو کیونکر خارِ ماہی سے
کہ بامِ عرش سے پھسلا ہے پا رب پاتوں وقت کا

سرشکِ اعتراض عجز نے الماس ریزی کی
جگر صد پارہ ہے اندیشۂ خونگشتہ طاقت کا

نہ یہ دستِ جنوں ہے اور نہ وہ جیبِ جنوں کی شان
کہ ہو دست مژہ سے چاک پردہ چشم حیرت کا

ندے تیغ زبان کیونکر شکست رنگ کو طعنے
کہ صفہائے خرد پر حملہ ہے فوج تجالت کا

غضب ہے تیرے ڈرتا ہوں رضا کی تیرے غمّاش ہے
نہ مین بیزار دوزخ سے نہ مین مشتاق جنت کا

گلوے خامہ مین سرمہ مداد دودۂ دل ہے
مگر لکھتا ہے وصف خاتمہ جلدِ رسالت کا

نہ پوچھو گرمی شوق ثنا کی آتش افروزی
بنا ناخنی دست عجز شعلہ شمع فکرت کا

نمک تھا بخت شور فکر خوانِ مدح شیرین پر
کہ دندان طمع نے خون کیا ہے دست حسرت کا

خدایا ہاتھ اٹھاؤن عرض مطلب سے بھلا کیونکر
کہ ہے دست دعا مین گوشۂ دامن اجابت کا

عنایت کر مجھے آشوبگاہ حشر غم اک دل
کہ جسکا ہر نفس ہم نغمہ ہو شور قیامت کا

جراحت ارک جان دے کہ جسکی ہر جراحت سے
نمکدان شور الفت سے مزا آوے عیادت کا

فروغ جلوۂ توحید کو وہ برق جولان کر
کہ خرمن پھونکدیوے ہستی اہل ضلالت کا

مرا جو ہر ہو سرتا پا صفائے مہر تمثیل
مرا حیرت زدہ دل آئنہ خانہ ہو سنت کا

مجھے وہ تیغ جوہر کر کہ میرے نام سے خون ہو
دل صد پارہ اصحاب نفاق و اہل بدعت کا

خدایا لشکر اسلام تک پہونچا کہ آپہونچا
لہون پر دم بلا ہے جوش خون شوق شہادت کا

نہ رکھ بیگانہ مہر امام اقتدا سنت
کہ انکار آشنائی کفر ہے اسکی امامت کا

امیر لشکر اسلام کا محکوم ہون یعنے
ارادہ ہے مرا فوج ملائک پر حکومت کا

زمانہ مہدیٔ موعود کا پایا اگر مومن
تو سب سے پہلے تو کہیو سلام پاک حضرت کا

آگ اشک گرم کو لگے جی کیا ہی جل گیا
آنسو جو اُسنے پونچھے شب اور ہاتھ جل گیا

پھوڑا تھا دل نہ تھا یہ موے پر خلل گیا
جب ٹھیس سانس کی لگی دم ہی نکل گیا

کیا رو ون خیرہ چشمی بخت سیاہ کو
وان شغل سرمہ ہے ابھی یان نیل ڈھل گیا

کی مجکو ہاتھ ملنے کی تعلیم ورنہ کیون
غیرون کو آکے بزم مین وہ عطر مل گیا

اس کوچے کی ہوا تھی کہ میری ہی آہ تھی
کوئی تو دل کی آگ پہ پنکھا سا جھل گیا

جون خفتگان خاک ہے اپنی فتادگی
آیا جو زلزلہ کبھی کروٹ بدل گیا

اس نقش پا کے سجدے نے کیا کیا کیا ذلیل
مین کوچۂ رقیب مین بھی سر کے بل گیا

کچھ جی گرا پڑے تھا پر اب تو نے ناز سے
مجکو گرا دیا تو مرا جی سنبھل گیا

لجائے گر یہ خاک مین اسنے وہان کی خاک
گل کی تھی کیون کہ پانون وہ نازک پھسل گیا

بتخانے سے نہ کعبے کو تکلیف دے مجھے
مومن بس اب معاف کہ یان جی بہل گیا

لگے خدنگ جب اس نالۂ سحر کا سا
فلک کا حال نہو کیا مرے جگر کا سا

نجاؤن گا کبھی جنت مین مین نجاؤن گا
اگر نہووے گا نقشہ تمھارے گھر کا سا

کرے نہ خانہ خرابی تری ندامت جور
کہ آب شرم مین ہے جوش چشم تر کا سا

یہ جوش یاس تو دیکھو کہ اپنے قتل کے وقت
دعاے وصل نہ کی وقت تھا اثر کا سا

لگے ان آنکھون سے ہر وقت اید صد چاک
ترا نہ رتبہ ہوا کیون شگاف در کا سا

ذرا ہو گرمی صحبت تو خاک کر دے چرخ
مرا سرور ہے گل خندۂ شرر کا سا

یہ ناتوان ہون کہ ہون اور نظر نہین آتا
مرا بھی حال ہوا تیری ہی کمر کا سا

جنون کے جوش سے بیگانہ وار ہین احباب
ہمارا حال وطن مین ہوا سفر کا سا

خبر نہین کہ اسے کیا ہوا پر اس در پر
نشان پا نظر آتا ہے نامہ بر کا سا

دل ایسے شوخ کو مومن نے دیدیا کہ وہ ہر
محب حسینؑ کا اور دل رکھے شمر کا سا

گر وہان بھی یہ خموشی اثر افغان ہوگا
حشر مین کون مرے حال کا درمان ہوگا

ان سے بدخو کا کرم بھی ستم جان ہوگا
مین تو مین غیر بھی دل دیکھے پشیمان ہوگا

اور ایسا کوئی کیا بے سروسامان ہوگا
کہ مجھے زہر بھی دیجے گا تو احسان ہوگا

محو جمجہ سا دم نظارۂ جانان ہوگا
آئنہ آئسنہ دیکھے گا تو حیران ہوگا

خواہش مرگ ہو اتنا نہ ستانا ورنہ
دلمین پھر تیرے سوا اور بھی ارمان ہوگا

ایسی لذت خلش دل مین کہان ہوتی ہی
رہ گیا سینہ مین اُس کا کوئی پیکان ہوگا

بوسہ ہاے لب شیرین کے مضامین ہین کیون
لفظ سے لفظ مرے شعر کا چسپان ہوگا

کیا سناتے ہو کہ ہے ہجر مین جینا مشکل
تمسے بیرحم پہ مرنے سے تو آسان ہوگا

حیرت حسن نے دیوانہ کیا گر اُسکو
دیکھنا خانۂ آئینہ بھی ویران ہوگا

دیدۂ منتظر آتا نہین تجھ تک شاید
کہ مرے خواب کا بھی کوئی نگہبان ہوگا

ایک ہی جلوۂ مہر وین ہوا سو ٹکڑے
جامۂ صبر جسے کہتے ہین کتان ہوگا

گرمی گرمی مضمون شرر ریز رہی
رشتۂ شمع سے شیرازہ دیوان ہوگا

کیونکہ امید وفا سے ہو تسلی دل کو
فکر ہے یہ کہ وہ وعدے سے پشیمان ہوگا

گر ترے خنجر مژگان نے کیا قتل مجھے
غیر کیا کیا ملک الموت کے قربان ہوگا

اپنے انداز کی بھی ایک غزل پڑھ مومن
آخر اس بزم مین کوئی تو سخندان ہوگا

بے سبب کیونکہ لب زخم پہ افغان ہوگا
شور محشر سے بھرا اسکا نمک دان ہوگا

آخر امید ہی سے چارہ حرمان ہوگا
مرگ کی آس پہ جینا شب ہجران ہوگا

مجمع بستر مخمل شب غم یاد آیا
طالع خفتہ کا کیا خواب پریشان ہوگا

دل مین شوق رخ روشن نہ چھپے گا ہرگز
ماہ پردے مین کتان کے کوئی پنہان ہوگا

درد ہجر جان کے عوض ہر رگ و پے مین ساری
چارہ گر ہم نہین ہونے کے جو درمان ہوگا

شومی بخت تو ہی چین لے اے وحشت دل
دیکھ زندان ہی کوئی دن مین بیابان ہوگا

نسبت عیش سے ہون نزع مین گریان یعنے
ہے یہ رونا کہ دہن گور کا خندان ہوگا

بات کرتے مین رقیبون سے ابھی ٹوٹ گیا
دل بھی شاید اسی بدعہد کا پیمان ہوگا

چارہ جو اور بھی اچھا وہ کریگا ٹکڑے
پردۂ شوخ جو پیوند گریبان ہوگا

دوستی مائل صنم آفت ایمان سے کرے
مومن ایسا بھی کوئی دشمن ایمان ہوگا

دیدۂ حیران نے تماشا کیا — دیر تلک وہ مجھے دیکھا کیا
ضبط فغان گو کہ اثر تھا کیا — حوصلہ کیا کیا نہ کیا کیا کیا
آنکھ نہ لگنے سے سب احباب نے — آنکھ کے لگ جانے کا چرچا کیا
مر گئے اُسکے لب جانبخش پر — ہم نے علاج آپ ہی اپنا کیا
بجھ گئی اک آہ مین شمع حیات — مجکو دم سرد نے ٹھنڈا کیا
غیر عیادت سے بُرا مانتے — قتل کیا آن کے اچھا کیا
اُنسے پریوش کو نہ دیکھے کوئی — مجکو مری شرم نے رسوا کیا
زندگی ہجر بھی اک موت تھی — مرگ نے کیا کار مسیحا کیا
پان مین یہ رنگ کہان آپنے — آپ مرے خون کا دعوی کیا
جور کا شکوہ نہ کرون ظلم ہے — راز مرا صبر نے افشا کیا
کچھ بھی بن آتی نہین کیا کیجیے — اُسکے بگڑنے نے کچھ ایسا کیا
جاے تھی تیری مرے دل مین سو ہی — غیر سے کیون شکوۂ بے جا کیا
رحم فلک اور مرے حال پر — تو نے کرم اے ستم آرا کیا
سچ ہی سہی آپ کا پیمان ولے — مرگ نے کب وعدہ فروا کیا
دعوی تکلیف سے جلا دنے — روز جزا قتل پھر اپنا کیا
مرگ نے ہجران مین چھپایا ہے مُنھ — لو منھ اسی پردہ نشین کا کیا

دشمن مومن ہی رہے بت سدا
مجھ سے مرے نام نے یہ کیا کیا

موے نہ عشق مین جبتک وہ مہربان نہوا — بلاے جان ہے وہ دل جو بلاے جان نہوا
خدا کی یاد دلاتے تھے نزع مین احباب — ہزار شکر کہ اس دم وہ بدگمان نہوا
ہنسے نہ غیر مجھے بزم سے اٹھانے پر — سبک ہے وہ کہ تری طبع پر گران نہوا
دیت مین روز جزا لے رہین گے قاتل کو — ہمارا جان کے جانے مین بھی زیان نہوا
وہ آئے بہر عیادت تو تھا مین شادی مرگ — کسی سے چارۂ بیداد آسمان نہوا

وہ حال زار ہے میرا کہ گاہ غیر سے بھی
تمھارے سامنے یہ ماجرا بیان نہوا

لگی نہین ہے یہ چپ لذت ستم سے کہ مین
حریف کشمکش نالہ و فغان نہوا

دم حساب رہا روز حشر بھی یہی ذکر
ہمارے عشق کا چرچا کہان کہان نہوا

ہے شرط ہمپہ عنایت مین گو نہ گو نہ ستم
کبھی محبت دشمن کا امتحان نہوا

امید وعدۂ دیدار حشر پر مومن
تو بے مزہ تھا کہ حسرت کش دشان نہوا

سم کھا موے تو درد دل زار کم ہوا
بارے کچھ اس دوا سے تو آزار کم ہوا

کچھ اپنے ہی نصیب کی خوبی کھلی بعد مرگ
ہنگامۂ محبت اغیار کم ہوا

معشوق سے بھی ہمنے نبھائی برابری
وان لطف کم ہوا تو یہان پیار کم ہوا

آئے غزال چشم سدا میرے دام مین
صیاد ہی رہا مین گرفتار کم ہوا

ناکامیون کی کاہش بیحد کا کیا علاج
بوسہ دیا تو ذوق لب یار کم ہوا

ہر چند اضطراب مین مین نے کمی نہ کی
تو بھی وہان تغافل بسیار کم ہوا

کیا مجھ مین دم بھی لینے کی طاقت نہین رہی
کیون شور نالہ ہاے عزا بار کم ہوا

سب تا بہ فتنہ چونک پڑے تیرے عہد مین
اک میرا بخت تھا کہ وہ بیدار کم ہوا

کچھ قیس اور مین ہی نہین سب کے سب موے
اچھا تو درد عشق کا بیمار کم ہوا

ذکر بتان سے پہلی سی نفرت نہین رہی
کچھ ابتو کفر مومن دیندار کم ہوا

گر غیر کے گھر سے نہ دل آرام نکلتا
دم کاہیکو یون اے دل ناکام نکلتا

مین وہم سے مرتا ہون وہان رعب سے اسکے
قاصد کی زبان سے نہین پیغام نکلتا

کرتے جو مجھے یاد شب وصل عدو تم
کیا صبح کہ خورشید نہ تا شام نکلتا

جب جانتے تاثیر کہ دشمن بھی وہان سے
اپنی طرح اے گردش ایام نکلتا

ہر ایک سے اس بزم مین شب پوچھتے تھے نام
تھا لطف جو کوئی مرا ہمنام نکلتا

کیون کام طلب ہے مرے آزار سے گردون
ناکام سے دیکھا ہے کہین کام نکلتا

تھی نوحہ زنی دل کی جنازے پہ ضروری
شاید کہ وہ گھبرا کے سر بام نکلتا
کانٹا سا کھٹکتا ہے کلیجے مین غم ہجر
یہ خار نہین دل سے گل اندام نکلتا

حورین نہین مومن کے تصیبون مین جو ہون مین
بتخانے ہی سے کیون یہ بدانجام نکلتا

وصل کی شب شام سے مین سو گیا
جاگنا ہجران کا بلا ہو گیا
دل نہ پھرا جان ہی ٹھہرے خدا
یہ تو بجائے کہین وہ تو گیا
آئنہ جلدی سے پٹک دو کہین
دل ہی نہین ہاتھ سے دیکھو گیا
ہون مین سیہ روز کہ شمع رو
شام کو آیا تھا سحر کو گیا
طالع برگشتہ مرے کیا پھرین
ملک عدم سے نہ پھرا جو گیا
ساتھ نہ چلنے کا بہانہ تو دیکھ
آکے مری نعش پہ وہ رو گیا
شوخی قاتل کے مین قربان ہون
کہتے رہے سب یہ گیا وہ گیا
صبر نہین شام فراق آجکو
جس سے کہ بیزار تھے تم سو گیا
شکر اثر تھا گلہ دشمنان
نالہ مرے کام سے یارو گیا
زلف کی بو آئے گی ہم کو مگر
غیر کے گھر دستہ مشبو گیا

ہائے صنم ہائے صنم لب پہ کیون
خیر ہے مومن تمھین کیا ہو گیا

ڈر تو مجھے کسکا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
پر حال یہ افشا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
ناصح یہ گلہ کیا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
تو کب مری سنتا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
مین بولون تو چپ ہوتے ہین اب آپ جبھی تک
یہ رنجش بیجا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
کچھ غیر سے ہونٹون مین کہے ہے یہ جو پوچھو
تو دوہین مکرتا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
کب پاس پھٹکنے دون رقیبون کو تمھارے
پر پاس تمھارا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
ناصح کو جو چاہون تو ابھی ٹھیک بنا دون
پر خوف خدا کا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
کیا کیا نہ کہے غیر کی پر بات نہ پوچھو
یہ حوصلہ میرا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

کیا کہیے نصیبون کو کہ اغیار کا شکوہ
سن سن کے وہ چپکا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

مت پوچھ کہ کسواسطے چپ لگ گئی ظالم
بس کیا کہون مین کیا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

چپکے سے ترے ملنے کا گھر والون مین تیرے
اسواسطے چرچا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

ہان تنگ دہانی کا نہ کرنے کے لیے بات
ہے عذر پر ایسا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

اے چارہ گرو قابل درمان نہین یہ درد
ورنہ مجھے سودا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

ہر وقت ہے دشنام ہر اک بات مین طعنہ
پھر اسپہ بھی کہتا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

کچھ سن کے جو مین چپ ہون تو تم کہتے ہو بولو
سمجھو تو یہ تھوڑا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

سنتا نہین وہ ورنہ یہ سرگوشی اغیار
کیا مجکو گوارا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

مومن بجذاسحر بیانی کا جبھی تک
ہر ایک کو دعوی ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

ے

رات کس کس طرح کہا نہ رہا
نہ رہا پر وہ مہ لقا نہ رہا

غیر آکر قریب خانہ رہا
شوق اب تیرے آنے کا نہ رہا

تیرے پردہ نے کی یہ پردہ دری
تیرے چھپتے ہی کچھ چھپا نہ رہا

غم مرا کس لیے کہ دنیا مین
نہ رہا مین مرا فسانہ رہا

مدعا غیر سے کہا تا وہ
سمجھے اب کچھ بھی مدعا نہ رہا

کسکی زلفون کا دھیان تھا کہ مین شب
محو دود چراغ خانہ رہا

غیر چھڑکے ہے زخم دل پہ نمک
شور الفت مین بھی مزا نہ رہا

پہونچے وہ لوگ رتبہ کو کہ مجھے
شکوۂ بخت نارسا نہ رہا

تلخکامی نصیب اعدا حیف
جب کہ وہ اپنے کام کا نہ رہا

دل لگانے کے تو اٹھائے مزے
جی بلا سے رہا رہا نہ رہا

تو فلک مرگ ہمسے سب غافل
اب کسی کا بھی آسرا نہ رہا

مومن اس بت کے نیم ناز ہی مین
تھا وہ اک شخص آشنا نہ رہا

تانکنے چاک گریبان کو تو ہر بار لگا
ہاتھ کٹواؤن جو ناصح رہے اب تار لگا

بسکہ اک پردہ نشین سے دل بیمار لگا
جو مریضوں سے چھپاتے ہین وہ آزار لگا

جذبۂ دل کو نہ چھاتی سے لگاؤن کیونکر
آپ وہ میرے گلے دوڑ کے اکبار لگا

شوخ تھا رنگ حنا میرے لہو سے سو ہے
قتل اغیار سے کیا ہاتھ ترے یار لگا

تو کسی کا بھی خریدار نہین پر ظالم
سر فروشون کا ترے کوچہ مین بازار لگا

در و یاقوت کی پھر غیر پہ فرمائش ہے
جوہری کی تو دکان چشم گہربار لگا

یاد آئی مجھے ناصح کی زبان کی تیزی
دیکھ اغوائے رقیبان سے نہ للوار لگا

منھ مین کیسا خم صہبا کے بھر آیا پانی
تیرے لب سے جو لب ساغر شار لگا

ہاگہان نغش پہ عاشق کی دم نوحہ گری
کوئی مذکور ترا کر نے ستمگار لگا

دیکھ تو حسرت دیدار پس مردن بھی
آنکھین وہ کھول کے تکنے در و دیوار لگا

کعبہ سے جانب بتخانہ پھر آیا مومن
کیا کرے جی نہ کسی طرح سے زنہار لگا

شب غم فرقت ہمین کیا کیا مزے دکھلاے تھا
ہم رکے تھا سینے مین کمبخت جی گھبراے تھا

یا تو دم دیتا تھا وہ یا نامہ بر بہکاے تھا
تھے غلط پیغام سارے کون یانک آے تھا

بل بے عیاری عدو کے آگے وہ پیمان شکن
وعدۂ وصل آج پھر کرتا تھا اور شرماے تھا

سُن کے میری مرگ بولے مرگیا اچھا ہوا
کیا بُرا لگتا تھا جسدم سامنے آجاے تھا

یار و دشمن راہ مین کل دیکھنا کیونکر ملے
وہ اُدھر کو جاے تھا اور یہ اِدھر کو آے تھا

بات شب کو اُس سے منع بیقراری پر بڑھی
ہم تو سمجھے اور کچھ وہ اور کچھ سمجھاے تھا

کوئی دن تو اسپہ کیا تصویر کا عالم رہا
ہر کوئی حیرت کا پتلا دیکھکر بنجاے تھا

سوے صحرا لے چلے اس کو سے میری نغش ہاے
تھا یہی ڈر اندرون تلوار کھچلاے تھا

ناز و شوخی دیکھنا وقت تظلم دمبدم
مجھ سے وہ عذر جفا کرتا تھا اور جھنجلاے تھا

ہوگئی دو روز کی الفت مین کیا حالت ابھی
مومن وحشی کو دیکھا اسطرف سے جاے تھا

ہماری جان تجھ بن شب دل ناکام لیتا تھا
خدنگ آہ سے تیر قضا کا کام لیتا تھا

یہی حالت رہی آٹھوں پہر تجھ بن کہ دم الٹے
سحر تک شام سے دل صبح سے تا شام لیتا تھا

عبث الفت بڑھی تجھکو وہ کب دیتا تھا دم پھر
پہ مجھکو دیکھکر دشمن کلیجا تھام لیتا تھا

چھٹایا کیون مرا دان رات دن رہنا بہم پھر نا
بتا تو کیا ترا مین گردش ایام لیتا تھا

نہ کانٹو پر کوئی یون لوٹے جون مین بستر گل پر
ترے بن کروٹین شب اے سمن اندام لیتا تھا

رقیبون پر ہوئی کیا آج فرمایش جواہر کی
کہ ہیرا عاشق خط زمرد فام لیتا تھا

سحر تک شام سے تجھ بن یہی حالت رکھی دل نے
نہ مجھکو چین دیتا تھا نہ آپ آرام لیتا تھا

نہ مانون گا نصیحت پر نہ سنتا مین تو کیا کرتا
کہ ہر ہر بات مین ناصح تمھارا نام لیتا تھا

مین اسکی بزم مے مین زہر پی کیونکر نہ مر جاتا
کہ میرے سامنے اس لب نے بوسے جام لیتا تھا

اگر مومن ہی ہو مومن دلے مین تو نہ مانون گا
جو عہد دوستی وہ دشمن اسلام لیتا تھا

وقت جوش بحر گریہ مین جو گرم نالہ تھا
حلقۂ گرداب رشک شعلۂ جوالہ تھا

آگ کیا ہمکو لگائی ابر نے تیرے بغیر
وقت بارش اخگر خورشید لفت سہرا کا لہ تھا

اس لب نازک کو برگ گل سے دینی ہے مثال
ہونٹ برگ لالہ تھے اور نیل داغ لالہ تھا

اک نگاہ سرسری دیوانہ ہم کو کر گئی
گردش چشم پریرو ساحر بنگالہ تھا

دیکھکر یہ مجمع اڈا گیا ہے ابر افلاک آہ
حلقۂ اغیار اسکے گرد مہ کا ہالہ تھا

آبلے کیونکر نہ نکلین جائے اشک آنکھون سے آہ
میرے پہلو مین ابھی وہ آگ کا پرکالہ تھا

شور الفت نے کیا کیا بے مزہ جلاد کو
گرم خونی سے لب شمشیر پر بخالہ تھا

آہ پرورد وا اپنی کب زیب فلک تھی اسکو
دیدۂ مہتاب مین سرمہ کا یہ دنبالہ تھا

مومن عاشق طبیعت نوجوان ہی مر گیا
عشق طفل چند سالہ دشمن صد سالہ تھا

میرے کوچے مین عدو مضطر و ناشاد رہا
شب خدا جانے کہان وہ ستم ایجاد رہا

اس روانی سے ذرا خنجر بیداد رہا
بارے اک دم اثر نالہ و فریاد رہا

بیکسی نے نہ دیا ہائے نہ خاک بھی چین
تا قیامت الم گریۂ جلاد رہا

نقد جان تھا نہ سزائے دیت عاشق حیف
خون فرہاد سر گردن فرہاد رہا

لذتِ جور سے دم لینے کی فرصت نہ رہی
کیا اثر منتظر دعوت فرہاد رہا

یاد سہوًا اسے اے غیر ہے نسیان عمدًا
یاد رکھ بھول گیا جس کو وہی یاد رہا

سر پٹکنے نے مرے سنگ در اسکا توڑا
یہی سودا ہے تو گھر کا ہے کو آباد رہا

کرۂ خاک ہو گردش مین طپش سے میری
مین وہ مجنون ہون کہ زندان مین بھی آزاد رہا

چھوٹنا دام شکستہ سے بھی آسان نہین
مین گرفتار خم گیسوئے صیاد رہا

کیجیو جوش جنون جانب صحرا افسوس
جب مرے کوچے مین آکر وہ پریزاد رہا

گہ غم ہو رہے عشق بتان لے مومن
مین سدا سوختۂ حسن خداداد رہا

مین نے تمکو دل دیا تمنے مجھے رسوا کیا
مین نے تمسے کیا کیا اور تمنے مجھسے کیا کیا

کشتہ ناز بتان روز ازل سے ہون مجھے
جان کھونے کے لیے اللہ نے پیدا کیا

روز کہتا تھا کہین مرتا نہین ہم مر گئے
ابتو خوش ہو بیوفا تیرا ہی لے کہنا کیا

سر سے شعلے اُٹھتے ہین آنکھونسے دریا جاری ہے
شمع سے یہ کس نے ذکر اُس محفل آرا کیا

رو دیئے کیا بخت خفتہ کو کہ آدھی رات سے
مین یہان رویا کیا اور وہ وہین سویا کیا

آتش الفت بجھادی داغہائے اشک نے
مدعی کی گرمی صحبت کو پانی نے جی ٹھنڈا کیا

آنکھ عاشق کی کوئی پھرتی ہے اے وعدہ خلاف
دیکھ لے مین مرتے مرتے سوے در دیکھا کیا

دلبرون مین بیوفا میری وفا کی دھوم ہے
بوالہوس سے کیون کہا تھا راز جو فشا کیا

چارہ گر زندان مین اُسکے آستان سے لیگئے
ایک بھی میری نہ مانی لاکھ سر پٹکا کیا

غیر کا اور آپکا گر دل نہین ہے ایک تو
کیون ترے دلمین مری یاد آنیکا چرچا کیا

کیا خلش تھی رات دل مین آرزوے قتل کی
ناخن شمشیر سے مین سینہ کھجلایا کیا

کیا خجل ہون اب علاج بیقراری کیا کرون
دھر دیا تھا اُسنے دل پر تو بھی دل دھڑکا کیا

عرض ایمان سے ضد اس غارتگر دین کو بڑی
مومن خدا سمجھے یہ تو نے کیا کیا

کسی کا ہوا آج کل تھا کسی کا — نہ ہے تو کسی کا نہ ہوگا کسی کا
کیا تمنے قتل جہان اک نظر مین — کسی نے نہ دیکھا تماشا کسی کا
نہ میری سنے وہ نہ مین ناصحون کی — نہین مانتا کوئی کہنا کسی کا
مجھے مار ڈالا ہے انکار نے پھر — نہ کہنا کہ کیا مجھپہ دعوے کسی کا
جو پھر جائے اُس بیوفا سے تو جانون — کہ دل پر نہین زور چلتا کسی کا
صبا لائی کہان سے یار لائی کہان سے — نہین دخل اس کو مین اصلا کسی کا
وہ کرتے ہین بیباک عاشق کشی یون — نہین کوئی دنیا مین گویا کسی کا
کوئی کیا کرے آپ ہر جائی ہوتم — نہین میری جان شکوہ بیجا کسی کا

دم الجھنے اور عشق بتان سے
مجھے ڈر ہوا اے مومن ایسا کسی کا

حشر مین پاس کیون دم فریاد آگیا — رحم اسنے کب کیا تھا کہ اب یاد آگیا
اُلجھا ہے پانون یار کا زلف دراز مین — لو آپ اپنے دام مین صیاد آگیا
نالا کا میون مین نے جو شبیہ مجھسے دی — شیرین کو دردمخی فرہاد آگیا
ہم چارہ گر کو یون ہی پھانسین گے بیڑیان — قابو مین اپنے گر وہ پریزاد آگیا
دل کو تعلق ہے ترک محبت کے بعد بھی — اب آسمان کو شیوۂ بیداد آگیا
وہ بدگمان ہوا جو کہین شعر مین مرے — ذکر بتان خلخ و نوشاد آگیا
تھے بے گناہ جرأت پابوس تھی ضرور — کیا کرتے وہم خجلت جلاد آگیا
جب ہو چکا یقین کہ نہین طاقت وصال — دم مین ہمارے وہ ستم ایجاد آگیا

ذکر شراب و حور کلام خدا مین دیکھ
مومن مین کیا کہون تجھے کیا یاد آگیا

وعدۂ وصلت سے دل ہو شاد کیا — تمنے دشمن کی مبارکباد کیا
کچھ قفس مین اندنون لگتا ہے جی — آشیان اپنا ہوا برباد کیا
نالہ پیہم سے یان فرصت نہین — حضرت ناصح کرین ارشاد کیا

ہین اسیر اُسکے جو ہے اپنا اسیر — ہم نہ سمجھے صید کیا صیاد کیا
شوخ بازاری تھی شیرین بھی مگر — ورنہ فرق خسرو و فرہاد کیا
نشۂ الفت سے بھولے یار کو — سچ ہے ایسی بیخودی مین یاد کیا
نالہ اکدم مین اڑا ڈالے دھوین — چرخ کیا اور چرخ کی بنیاد کیا
جب مجھے رنج دل آزاری نہو — بیوفا پھر حاصل بیداد کیا
پانون تک پہونچی وہ زلف خم بخم — سرو کو اب باندھیے آزاد کیا
کیا کرون اللہ سب ہین بے اثر — ولولہ کیا نالہ کیا فریاد کیا
دلربائی زلف جانان کی نہین — پیچ و تاب طرۂ شمشاد کیا
ان نصیبون پر کیا اختر شناس — آسمان بھی ہے ستم ایجاد کیا
روز محشر کی توقع ہے عبث — ایسی باتون سے ہو خاطر شاد کیا
گر بہائے خون عاشق ہے وصال — انتقام زحمت جلاد کیا

بتکدہ جنت ہے چلیے بے ہراس
لب پہ مومن ہر چہ باداباد کیا

دل بیتاب کو گر باندھ کر رکھون نہ ٹھہر یگا — سوا اس در کی زنجیرون کے یہ مجنون نہ ٹھہریگا
طپش سے خاک مین بھی عاشق مفتون نہ ٹھہریگا — کہ گنبد قبر کا جون گنبد گردون نہ ٹھہریگا
نہ ٹھہرا بوسہ دینا تو دل مفتون نہ ٹھہریگا — اگر وان و دن نہ ٹھہریگا تو یان بھی یون نہ ٹھہریگا
اگر گردش یہی ہے مغبچون کے چشم میگون کی — کف ساقی مین جام بادہ گلگون نہ ٹھہریگا
مرے خط مین شکایت اسکی شہباز نظر کی ہے — پر و بال کبوتر ایک اک لکھدون نہ ٹھہریگا
اُسے خو پڑ گئی ہے بے طرح زانوے جانان کی — یہ سر تکیہ پہ ہمدم جس طرح رکھون نہ ٹھہریگا
سراپا بسکہ محو شوخی قاتل ہون محشر تک — مرے زخمون سے جاری ہی رہیگا خون نہ ٹھہریگا
کیا بہر عیادت گر ارادہ اُسنے آنے کا — تو جبتک جان ہی در دل محزون نہ ٹھہریگا
ہوئی تاثیر کیا تھوڑی بہت اس سرو موزون کو — زمین کیا آسمان پر نالہ موزون نہ ٹھہریگا
سہ نو بنگئے ہم طول شبہاے جدائی سے — کہان تک دیکھیے وہ حسن روز افزون نہ ٹھہریگا

وہ شاعر ہون کہ باندھونگا خم نہ نخیر کا کل سے
اگر دل کا قلق کے دھیان مین مضمون نہ ٹھہریگا

طواف کعبہ کا خوگر ہی دیکھو صدقے ہونے دو
بتو سمجھو ذرا مومن ہے مومن یون نہ ٹھہریگا

یہ عذر امتحان جذب دل کیسا نکل آیا
مین الزام اسکو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

نہ شادی مرگ ہون کیونکر ہی مژدہ قتل دشمن کا
کہ گھر مین سے لیے شمشیر وہ روتا نکل آیا

ستم اے گرمی ضبط فغان و آہ چھاتی پر
کہ بوس پڑ گیا چھالا کہ پھوڑا نکل آیا

کیا از خبر مجھکو چارہ گر نے کن فکون مین جب
عدو کی قید سے وہ شوخ بے پروا نکل آیا

نکل آیا اگر آنسو تو ظالم مت نکال آنکھین
سنا معذور ہے مضطر نکل آیا نکل آیا

ہمارے خونبہا کا غیر سے دعوی ہی قاتل کو
یہ بعد انفصال ابا وہی جھگڑا نکل آیا

ہوئی بلبل ثنا خوان ہان تنگ کس گل کی
کہ فروردی مین غنچہ کا منہ اتنا سا نکل آیا

کوئی تیرا سکا دلمین رہ گیا تھا کیا کہ آنکھون سے
ابھی رونے مین اک پیکان کا ٹکڑا نکل آیا

دم بسمل یہ کسکے خوف سے ہم پی گئے آنسو
کہ ہر زخم بدن سے خون کا دریا نکل آیا

خدنگ یار کے ہمراہ نکلی جان سینے سے
یہی ارمان اک مدت سے جی مین تھا نکل آیا

بہت نازان ہی تو اے قیس پر وحشت دکھاؤنگا
کتابون مین کہو قصہ جو مومن کا نکل آیا

روز جزا جو قاتل و بخوخطاب تھا
میرا سوال ہی مرے خون کا جواب تھا

ناصح ہے طعنہ زن مری ناکامیون پہ کیا
بجوئیون سے تیری کبھی کامیاب تھا

پھرنے سے شام وعدہ تھکے یہ کہو رہے
آرام شکوہ ستم اضطراب تھا

کیا کیا شکن دیے ہین دل زار کو مگر
اسکے خیال مین ورق انتخاب تھا

عاشق ہوے ہین آپ کہین گواہی پہ ہون
شب حال غیر مجھسے زیادہ خراب تھا

وقت وداع بے سبب آزردہ کیون ہوے
یون بھی تو ہجر مین مجھے رنج و عذاب تھا

وہ چشم انتظار کہان باز بعد مرگ
دیکھا تو ہمنے آنکھ نہ لگنا بھی خواب تھا

بے پردہ غیر سے نہوا ہوگا شب کہ صبح
آنکھون مین شرم تھی نہ نظر مین حجاب تھا

دیکھا نہ ہو یہ رشک و حسد وہ بلا کہ آج
سنبل کو تیری زلف کا سا پیچ و تاب تھا

ہون کیون نہ محو حیرت نیرنگہاے شوق
جو دلمین شعلہ تھا وہی آنکھون مین آب تھا

کیا جی لگا ہے تذکرۂ یار مین عبث
ناصح سے مجکو آج تلک اجتناب تھا

روز جزا حنداں بت جلاد کو ملا
گویا کہ خون ناحق مومن صواب تھا

مجکو تیرے عتاب نے مارا
یا مرے اضطراب نے مارا

بزم مے مین بس ایک مین محروم
آپ کے اجتناب نے مارا

لے کے دل بھی کجی نہین جاتی
زلف کے پیچ و تاب نے مارا

کیا پسند آئی اپنی جور کشی
چرخ کے انتخاب نے مارا

خاک اٹھینگے خاک سے جو یو ہین
ترک آرام و خواب نے مارا

تشنہ کامی وصال کی مت پوچھ
شوق تیغ خوش آب نے مارا

خون کیونکر مرا کھلے کہ مجھے
اک سراپا حجاب نے مارا

یاد ایام وصل یار افسوس
دہر کے انقلاب نے مارا

لب میگون پہ جان دیتے ہین
ہمین شوق شراب نے مارا

جبہہ سائی کا بھی نہین مقدور
اُن کی عالی جناب نے مارا

نازک اندام سے لگی ہے آنکھ
حسرت فرش خواب نے مارا

کسپہ مرتے ہو آپ پوچھتے ہین
مجھے فکر جواب نے مارا

یون کبھی نوجوان نہ مرتا ہین
تیرے عہد شباب نے مارا

مومن از بس ہین بے شمار گناہ
عزم روز حساب نے مارا

دیکھ لو شوق ناتمام مرا
غیر لے جاے ہے پیام مرا

بے اثر ہے فغان خون آلود
کیون نہ ہوے خراب کام مرا

آتشین خو سے آرزوے وصال
پک گیا اب خیال خام مرا

دیکھنا کثرت بلا نوشی — کاسۂ آسمان ہے جام مرا
تربہ افتادگی کا دیکھو ہے — عرش کے بھی پرے مقام مرا
کس صنم کو چھوڑا دیا واعظ — لے خدا تجھ سے انتقام مرا
ہو کے یوسف جو دل چراتے ہو — کون ہو جائے گا غلام مرا
اس لب لعل کی شکایت ہے — کیونکہ رنگین نہو کلام مرا
تو نے رسوا کیا مجھے اب تک — ق — کوئی بھی جانتا تھا نام مرا
زانوے بت پہ جان دی دیکھا — مومن انجام و اختتام مرا

بندگی کام آ رہی آخر
مین نہ کہتا تھا کیون سلام مرا

ناز بیجا سے سوا شرم کے حاصل نہوا — غیر پر ظلم کیے میرے مقابل نہوا
خود گلا کاٹ موا جسکہ مین بسمل نہوا — اُنکو آسان نہوا جو مجھے مشکل نہوا
کس طرح بزم مین وہ آنکھ چراتے مجھ سے — دل کو کھو کر یہ ڈرا تھا کہ مین غافل نہوا
خون چھپانے کو مری لاش سے کہتا ہے شوخ — مجکو یہ غم ہے کہ مین کیون ترا قاتل نہوا
یاد کاکل مین بھی خود رفتگی اپنی گئی — جوش وحشت سے مین پابند سلاسل نہوا
دلدہی کیسی وہ دم دیتے ہین ہوے دشمن — کیا نہ دیتے مجھے مین آپ ہی سائل نہوا
خون مرا بار گلے کا نہو کیون اے قاتل — دست رنگین مری گردن مین حمائل نہوا
آتش سینۂ تفسیدہ کو کیا مین روؤن — اشک جانب کرۂ آب کے مائل نہوا
دیتے تکلیف شب ہجر مین آہ اپنے پاس — نقد جان مشکش مرگ کے قابل نہوا
بے حجابی کا گلہ کیجیے تو کہتا ہے ترے — پردۂ چشم کی تقصیر کہ حائل نہوا
کیا گلے ہوتے گر اور دینہ بھی رحم آجاتا — شکر صد شکر کہ میرا سا ترا دل نہوا

مر گیا جسپہ نہین گھر مین رسائی اُسکے
تھا تو مومن مین وے خلد مین داخل نہوا

فراق غیر مین ہے بیقراری یاب اپنا سا — بنایا تو نے اسکو بھی دل بیتاب اپنا سا

سی کا سوز دل ہرگز تجھے باور نہین آتا
تو سب کو جانے ہے اے مہر عالمتاب پناسا

واب خون ناحق میرا ایسا کیا دیا تو نے
کہ ظالم رہ گئے منھ لیکے سب اجواب پناسا

ر مرضی یہی ٹھہری کہ تجکو چھوڑ دون مجکو
بتا دے اور کوئی غیرت مہتاب پناسا

یہ نگ آمیزیان کیسی ہین کس کا ڈر ہی دیکھو تو
مجھے تو کچھ نظر آتا ہے یہ خونناب پناسا

بناوٹ سے وہ زلفین لاکھ بل کھایا کرین لیکن
یہ ممکن ہی نہین ہی ہووے پیچ و تاب پناسا

اگرچہ شعر مومن بھی نہایت خوب کہتا ہے
کہان ہے لیک معنی بند مضمون یاب پناسا

لیا مرنے دم کے لطف مین پنہان ستم نہ تھا
وہ دیکھتے تھے سانس کو اور مجھ مین دم نتھا

بیخود تھے غش تھے محو تھے دنیا کا غم نہ تھا
جینا وصال مین بھی تو مرنے سے کم نتھا

شاید کہ دست غیر ربا رات شانہ کش
اس زلف تا بدادہ مین کچھ آج خم نتھا

جوش قلق نے اسکو بھی دیوانہ کر دیا
پہلے تو ورنہ طبع تحمل مین رم نتھا

کیون جوڑ متصل سے ترے غیر کھنچ گئے
مین کیا حریف کشمکش دمبدم نتھا

چھڑکے ہی لون زخم پہ وہ کیون نہون غمین
الماس کی تھی آس جبھی تک الم نتھا

مین مر گیا وہ چشم جو یاد آئی اور یار
حیران ہین کہ مے تھی پیالہ مین سم نتھا

چھوڑا نہ دلمین کچھ بھی تپ ہجر نے کہ رات
روتے تھے زار زار اور آنکھون مین نم نتھا

دربان کو آنے دینے پہ میرے نہ کیجیے قتل
ورنہ کہین گے سب کہ یہ کوچہ حرم نہ تھا

مومن چلا گیا تو چلا جلے اے بتو
آخر قدیم خادم بیت الصنم نتھا

غیر کو سینہ کہے سے سیمبر دکھلا دیا
تمنے کیا کچھ کس کو اتنی بات پر دکھلا دیا

زرد منھ دکھلا دیا غم کا اثر دکھلا دیا
آج ہمنے اسکو اپنا زور و زر دکھلا دیا

صبح سے تعریف ہے صبر و سکون غیر کی
کس نے شب مجکو تڑپتے پیش در دکھلا دیا

موت کے صدقے کہ وہ بے پردہ آئے لاش پر
جو نہ دیکھا تھا تماشا عمر بھر دکھلا دیا

اسکے دلمین اب خیال قتل ہر دم آئے ہے
موت کو کس نے آخی میرا گھر دکھلا دیا

گو حسد سے ہو پر اب بھی ہو وہی ناصح کی بات
ناحق اس جان جہان کو اک نظر دیکھا دیا

نام الفت کا نہ لوں گا جب تلک ہے دم میں دم
تو نے چاہت کا مزہ اے فتنہ گر دکھلا دیا

جب کہا دل پھیر دو بولے کہ دل پہلو میں ہے
میں نے انکی ضد سے سینہ کاٹ کر دکھلا دیا

اُس قیامت قد کو شب دیکھا تھا ہم نے خواب میں
دل نے محشر کا سماں وقت سحر دکھلا دیا

صورت اغیار کو دیکھے ہے وہ حیرت زدہ
میرے رنگ رُخ نے آئینہ مگر دکھلا دیا

سخت کمبختی ہوئی یہ بھی نصیبوں کا لکھا
غیر کو خط نامہ بر نے بے خبر دکھلا دیا

دیکھیں گے **مومن** یہ ہم ایمان بالغیب آپکا
اُس بت پردہ نشین نے جلوہ گر دکھلا دیا

غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا
میری طرف بھی غمزۂ غماز دیکھنا

اڑتے ہی رنگ رخ مرا نظروں سے تھا نہاں
اس مرغ پر شکستہ کی پرواز دیکھنا

وشنام یار طبع حزیں پر گراں نہیں
اے ہمنفس نزاکت آواز دیکھنا

دیکھ اپنا حال زار منجم ہوا قریب
تھا سازگار طالع ناساز دیکھنا

بدکام کا مآل بُرا ہے جزا کے دن
حال سپہر تفرقہ انداز دیکھنا

مت رکھیو گرد تارک عشاق پر قدم
پامال ہو نہ جائے سر افراز دیکھنا

کشتہ ہوں اسکی چشم فسونگر کا اے مسیح
کرنا سمجھ کے دعوے اعجاز دیکھنا

میری نگاہ خیرہ دکھاتے ہیں غیر کو
بے طاقتی پہ سرزنش ناز دیکھنا

ترک صنم بھی کم نہیں سوز جحیم سے
مومن غم مآل کا آغاز دیکھنا

الہٰی کون کس سے بے شکیبائی ملا
مجکو قسمت سے نصیحت گر بھی سودائی ملا

میرے گھر بھی پھرتے چلتے ایکدن آجائیگا
دو مبارکباد اب کی بار رہ جائی ملا

گو رہیں بھی جوش غم دل سے نہ نکلا جائے ہے
آپ ہی ہیں ہم نہیں جب کنج تنہائی ملا

ہم بھی تو نادان ہیں آخر اس مطلب کیلیے
خضر موسیٰ کو پے تعلیم دانائی ملا

پند گو حال زلیخا یاد کر کچھ خیر ہے
کام دل جس کو ملا یاں بعد رسوائی ملا

تلخکامی پر مجھے تجکو لب شیریں پہ ناز
آ مرے جادو سے اعجاز مسیحائی ملا

ہو جنون ایسے کے آگے ٹھہرنا اے بوالہوس
دیکھتے ہی مجکو بھاگا جو تماشائی ملا

جستجو سے وصل دلبر کی تمنا کس لیے
کیا دل گم گشتہ اے ہنگامہ آرائی ملا

چھوڑ بتخانہ کو مومن سجدہ کعبے مین نکر
خاک مین ظالم نہ یون قدر جبین سائی ملا

ہم رنگ لاغری سے ہون گل کی شمیم کا
طوفان باد ہے مجھے جھونکا نسیم کا

چھوڑا نہ کچھ بھی سینے مین طغیان اشک نے
اپنی ہی فوج ہو گئی لشکر غنیم کا

یاران نو کے واسطے مجھ سے خفا ہو بالے
تمکو نہین ہے پاس نیاز قدیم کا

یاد آئی کافرون کو مری آہ سرد کی
کیونکر نہ کانپنے لگے شعلہ جحیم کا

از بسکہ ثبت نامہ ہی سوز تپ درون
قاصد کا ہاتھ ہے ید بیضا کلیم کا

واعظ کبھی ہلا نہین کوے صنم سے مین
کیا جانون کیا ہے مرتبہ عرش عظیم کا

مارا ہے وصل غیر کے شکوہ پہ چاہیے
مدفن جدا جدا مری لاش و دو نیم کا

کہتا ہو بات بات پہ کیون جان کھا گئے
گویا کہ پک گیا ہے کلیجہ ندیم کا

واعظ بتون کو خلد مین لیجا مینگے کہین
ہے وعدہ کافرون سے عذاب الیم کا

مومن مجھے تو وہم ہے مومن ہی وہ نہین
جو معتقد نہین تری طبع سلیم کا

جون نکہت گل جنبش ہے جی کا نکلجانا
اے باد صبا میری کروٹ تو بدل جانا

یا لغز محبت سے مشکل ہے سنبھل جانا
اس رخ کی صفائی پر اس دل کا پھسل جانا

سینہ مین جو دل تڑپا دھر ہی تو دیا دیکھا
پھر بھول گیا کیسا مین ہاتھ کا پھل جانا

اتنا تو نہ گھبراؤ راحت نہین فرماؤ
گھر مین مرے رہجاؤ آج اور بھی کل جانا

اے دل وہ جوان آیا کیا کیا نہین ترسایا
تو نے کہین سیکھا یا قابو سے نکل جانا

کیا ایسے سے دعوی ہو محشر مین کہ مین نے تو
نظارۂ قاتل کو احسان اجل جانا

ہے ظلم کرم جتنا تھا فرق پڑا کتنا
مشکل ہے مزاج اتنا اک بار بدل جانا

حوروں کی ثنا خوانی و غلمان کی کب مانی
لے آکہ ہے نادانی باتوں میں بہل جانا

عشق انکی بلا جانے عاشق ہوں تو پچھانے
تو مجکو اطبا نے سودے کا خلل جانا

کیا بات بناتا ہے وہ جان جلاتا ہے
پانی میں دکھاتا ہے کافور کا جل جانا

مطلب ہے کہ وصلت میں ہو بوالہوس آفت میں
اس گرمی صحبت میں اے دل نہ پگھل جانا

دم لینے کی طاقت ہے بیمار محبت ہے
اتنا بھی غنیمت ہے مومن کا سنبھل جانا

کیا قہر طعن بوالہوس بے ادب ہوا
جرم رقیب قتل کا میرے سبب ہوا

محو جفا ستم کش الطاف کب ہوا
رحم اسکو میرے حال پہ آیا غضب ہوا

بوسے دم غضب لیے الٹی سمجھ تو دیکھ
بل جو پڑا جبین پہ تمنا کو لب ہوا

کس دن تھی اسکے دل میں محبت جواب نہیں
سچ ہے کہ تو عدو سے خفا بے سبب ہوا

بجلی گری فغان سے مری آسمان پر
جو حادثہ کبھی نہ ہوا تھا سو اب ہوا

جی طعن وصل غیر سے کیسا جلا دیا
روز جزا کا ذکر جو محفل میں شب ہوا

از بسکہ تھی وصال میں غیروں سے ہمسری
عیش و سرور باعث رنج و تعب ہوا

تھا میں برنگ شعلۂ جوالہ بے قرار
جی خاک ہو گیا مجھے آرام جب ہوا

برمیں عدو کے سوے بغل سے مری اٹھے
وہ کیا کہ سب کو جذبۂ دل سے عجب ہوا

اب اذن انتقام جفائے فلک تو دو
سو بار جوش نالہ اجازت طلب ہوا

ربط بتان دشمن دیں اتہام ہے
ایسا گناہ حضرت مومن سے کب ہوا

اے آرزوے قتل ذرا دل کو تھامنا
مشکل پڑا مرا مرے قاتل کو تھامنا

تاثیر بیقراری ناکام آفریں
ہے کام اُن سے شوخ شمائل کو تھامنا

دیکھے ہے چاندنی وہ زمیں پر نہ گر پڑے
اے چرخ اپنے تو مہ کامل کو تھامنا

مضطر ہوں کس کا طرز سخن سے سمجھ گیا
اب ذکر کیا ہے سامع عاقل کو تھامنا

ہو صرصر فغان سے نہ کیونکر وہ مضطرب
مشکل ہوا ہے پردۂ محمل کو تھامنا

سیکھے ہین مجھ سے نالۂ نہ آسمان شکن
صیاد اب قفس مین عنادل کو تھامنا

یہ زلف خم بہ خم نہو کیا تاب غیر ہے
تیرے جنون زدے کی سلاسل کو تھامنا

اے ہمدم آہ تلخی ہجران سے دم نہین
گر تاب ہے دیکھ جام ہلاہل کو تھامنا

سیماب وار مر گئے ضبط قلق سے ہم
کیا قہر ہے طبیعت مائل کو تھامنا

آغوش گور ہو گئی آخر لہو لہان
آسان نہین ہے آپکے بسمل کو تھامنا

سینہ پہ ہاتھ دھرتے ہی کچھ دم پہ بنگئی
لو جان کا عذاب ہوا دل کو تھامنا

باقی ہے شوق چاک گریبان ابھی مجھے
بس اے رفو گرا پنی انامل کو تھامنا

مت مانگیو امان بتون سے کہ ہے حرام
مومن زبان بیہودہ سائل کو تھامنا

لے اڑی لاشہ ہوا لاغر زبس تن ہو گیا
ذرۂ ریگ بیابان اپنا مدفن ہو گیا

بن ترے اے شعلہ رو آتشکدہ تن ہو گیا
شمع قد پر میرے پروانہ برہمن ہو گیا

تھی کمین غارت بوس ذہن ہنگام خواب
شب کی بیداری سحر کا خواب رہزن ہو گیا

ایک ہی جنبش مین تھی صد رحمت خواب عدم
طفلہاے اشک کو گہوارہ دامن ہو گیا

میرے جلنے پر جو رویا غیر تیری بزم مین
سوز دل کو آب اشک آتش پہ روغن ہو گیا

پاؤن زندان سے اٹھے کیا سر اٹھا سکتے ہین
حلقۂ زنجیر آخر طوق گردن ہو گیا

جھانکتے ہین کیا ملائک اس پری رخسار کو
پردۂ تو بر تو افلاک چلمن ہو گیا

شہر مین ہی شہرہ کس قد قیامت کا کیون
جلوہ گاہ حشر ہر کوے و برزن ہو گیا

ہم یقینی جوش وحشت سے فلک پہونچتے
خار دامنگیر عیسی کے سوزن ہو گیا

آخر اشکون کے بھر آنے نے ڈبویا ہی مجھے
چشم کا سوراخ لو کشتی کا روزن ہو گیا

خاک اڑائی مین نے کیا طرز جنون فیس کی
شاہ جہان آباد سارا رشک بدکان ہو گیا

داغ سینہ سے دل و جان و جگر سب پھک گئے
تھا چراغ خانہ ہمکو برق خرمن ہو گیا

بیکسی سے نزع مین اپنے کو رویا آپ مین
دم جو کچھ باقی رہا تھا صرف شیون ہو گیا

اپنے ڈھب کی کیا پڑھی اک اور مومن نے غزل
دو ہی دن مین یہ تو کیسا ماہر فن ہو گیا

ہین ہلاک اشتیاق طرز کشتن ہوگیا — دوستی کیا کی کہ اپنا آپ دشمن ہوگیا
دھودیا اشک ندامت نے گناہونکو مرے — تر ہوا دامن تو بارے پاکدامن ہوگیا
ہوگیا سنکر نوید وصل شادی مرگ مین — لب تلک یہ زمزمہ آیا کہ شیون ہوگیا
گونسا گذرا یہان سے شہسوار نازنین — سبزۂ تربت مرا پامال توسن ہوگیا
زخم نو بھی مرہم زخم کہن ہے چارہ گر — بند تیر یار سے سینہ کا روزن ہوگیا
نیم جلوہ کو بھی وہ اگنتے ہین اب بے پردگی — جسم کا ہیدہ یہ کسکا صرف جلپن ہوگیا
بسکہ مین سارے برس رویا ترا ہجر مین — جیٹھ اور بیساکھ کا بھی چاند ساون ہوگیا
ف رے سوز عشق بریان دلکی تسکین کے لیے — خرمن گل پر جو لوٹا وہ بھی گلخن ہوگیا
ور کی چاہت کا تو نے جب کیا مجھپر خیال — تب مجھے بھی تجھسے وہم ربط دشمن ہوگیا
صاف تھا تو جبتلک مجھسے تو مین بھی صاف تھا — بدگمانی سے تری اب مین بھی بدظن ہوگیا

ق

مومن دیندار نے کی بت پرستی اختیار
ایک شیخ وقت تھا سو بھی برہمن ہوگیا

قابو مین نہین ہے دل کم حوصلہ اپنا — اس جور پہ جب کرتے ہین تجھسے گلہ اپنا
لبیک حرم ہم ہین نہ ناقوس کلیسا — پھر شیخ و برہمن مین ہی کیون غلغلہ اپنا
تھا روز نخستین غم شبہاے دراز آہ — طفلی سے ہے اختر شمری مشغلہ اپنا
ل جاتے ہی اغیار نکل آتے ہین باہر — زنجیر در یار ہے یا سلسلہ اپنا
تھے دشت مین ہمراہ مرے آبلہ چند — سو آپ ہی پامال کیا قافلہ اپنا
اس حال کو پہونچے ترے عقصہ سے کہ اب ہم — رضی ہین گرا عدا بھی کرین فیصلہ اپنا
زندہ نہوا ہاے دل مردہ اگرچہ — تھا شور قیامت سے فزون ولولہ اپنا
صورت وہی عظمت وہی گردش وہی کیفی — حیران ہین کہ یہ چرخ ہے یا آبلہ اپنا

انصاف کے خواہان ہین ہین طالب زر ہم
تحسین سخن فہم ہے **مومن** صلہ اپنا

رازنہان زبان اغیار تک نہ پہونچا — کیا ایک بھی ہمارا خط یار تک نہ پہونچا

اللہ ری ناتوانی جب شدت قلق مین
بالین سے سر اٹھایا دیوار تک نہ پہونچا

روتے تو رحم آتا سو اس کے روبرو تو
اک قطرہ خون بھی چشم خونبار تک نہ پہونچا

عاشق سے مت بیان کر قتل عدو کا مژدہ
پیغام مرگ ہے یہ بیمار تک نہ پہونچا

بے بخت رنگ خوبی کس کام کا کہ مین تو
تھا گل ولے کسی کی دستار تک نہ پہونچا

مفت اول سخن مین عاشق نے جان دیدی
قاصد ترا بیان اقرار تک نہ پہونچا

تھی خار راہ تیری مژگان کی یا کہ شب
تا صبح خواب چشم بیدار تک نہ پہونچا

بخت رسا عدو کے جو چاہے سو کہے اب
کیا یار مجھ تلک مین یار تک نہ پہونچا

غیرون سے اسنے ہرگز چھوڑی نہ ہاتھا پائی
جب تک اجل کا صدمہ دو چار تک نہ پہونچا

مومن اسی نے مجھ سے دی برتری کسی کو
جو پست فہم میرے اشعار تک نہ پہونچا

وعدے کی جو ساعت دم کشتن ہے ہمارا
جو دوست ہمارا ہے سو دشمن ہی ہمارا

یہ کاہ رباسے بھی ہین کم اے کشش دل
مذکور کچھ ایسا پس چلمن ہی ہمارا

افسوس موے شمع شب وصل کے مانند
جو قہقہہ شادی ہے سو شیون ہی ہمارا

مہتاب کا کیا رنگ کیا دود فغان نے
احوال شب تار سے روشن ہی ہمارا

پیتا نہین اس ضعف پہ بھی جوش جنون ہین
ہر ریگ روان دشت مین توسن ہی ہمارا

تفریح نہ کیونکر ہو ہوا آنہین سکتی
گویا در و دیوار نشیمن ہی ہمارا

آغشتہ بخون دست کو لو پوچھتے ہین وہ
اسلئے کف جلاد مین دامن ہی ہمارا

گر پاس ہے لوگون کا تو آجا کہ قلق سے
ہے لاش کہین اور کہین مدفن ہی ہمارا

جذب دل اسے کھینچ کے لائے تو کہان لائے
جو غیر کا گھر ہے وہی مسکن ہی ہمارا

بتخانے سے کعبے کو چلے رشک کے مارے
مومن خضر راہ برہمن ہے ہمارا

ہمسری اس نے کی اب یہ بھی ایسا ہوگیا
لو مرے بخت سیہ کو اور سودا ہوگیا

گو جنازے پر عدو کے وہ خود آرا ہوگیا
پر ہمارا بھی تو مرجانا تماشا ہوگیا

کس طرح معلوم ہو حال دل گم گشتہ ہائے
جو کبوتر لے گیا وان نامہ عنقا ہو گیا

مرگ سے تھی زندگی کی آس سو جاتی رہی
کیون بری حالت نہو وہ غیر اچھا ہو گیا

ظلم کا ثمرہ یہی تھا دیکھکر گلہائے داغ
بید مجنون شرم سے وہ سرو رعنا ہو گیا

چشمۂ حیوان بنا اسکے لبون کی شرم سے
پانی پانی بسکہ اعجاز مسیحا ہو گیا

روز محشر کیا ہوا پھر کیون شب دیجور ہو
کیا ہمارا نامۂ اعمال کچھ وا ہو گیا

بیوفائی ہے سرشت انکی سو وہ ہم مین کہان
ہم مزاجی کے سبب سے غیر اپنا ہو گیا

جان و دل پر لشکر آرائی تھی جوش یاس کی
مفت اس بلوے مین شب خون تمنا ہو گیا

ہٹ گیا ہوگا دوپٹہ مُنھ سے سوتے مین کہین
شب یہان رہنے کا تیرے سب مین چرچا ہو گیا

لگ گئی چپ مجکو تو بھی بات وہ کرتا نہین
کیا کہون قسمت کو کہنا دشمنون کا ہو گیا

شربت مرگ آب حسرت شور بختی زہر غم
تلخکامی سے مجھے کیا کیا گوارا ہو گیا

رو دیا اُسنے جو میری لاغری کو دیکھکر
قطرۂ اشک ندامت مجکو دریا ہو گیا

ہی مشبک بسکہ روتے روتے چشم اے ماہرو
شب جو اشک آیا سو اک عقد ثریا ہو گیا

حق تو یہ ہی کیا غزل اک اور مومن نے پڑھی
آج باطل سارے استادون کا دعوی ہو گیا

مین تو دیوانہ تھا اُس کی عقل کو کیا ہو گیا
قیس کہتا ہے مجھے ناصح کو سودا ہو گیا

جوش عشق و حسن نے کیا رنگ بدلا دیکھنا
اشک خونی سے مرے مُنھ زرد کا ہو گیا

سینہ زن یا جامہ در ہوتا ہے بن ماتم کوئی
آپ اپنے ہاتھ سے مین ہائے رسوا ہو گیا

صور تھی منقار مرغ صبح پہلو سے مرے
وہ قیامت قد جو اٹھا حشر برپا ہو گیا

زخم کھایا زہر کھایا تو بھی کچھ ہوتا نہین
دیر گذری مرگ کو کیا جانیے کیا ہو گیا

کیسی سے ہو کہ ان لطفون پہ گستاخی نہو
غیر ہمسا کب ہوا ہر چند ہمسا ہو گیا

یون لب خنجر کے بوسے متصل لینے نہ تھے
زخم کاری کی ہنسی مین کام میرا ہو گیا

سرمۂ تسخیر سے ہم خود مسخر کیون نہون
آنکھ کی پتلی جو تھی جادو کا پتلا ہو گیا

تو فلک ہین کیا کرے یہ نالۂ آتش فشان
ایک دشمن سر سے کھویا اور پیدا ہو گیا

کفر ہے بے گلرخِ ترسا تماشائے چمن
گلشن اپنے حق مین اے مومن کلیسا ہوگیا

کیا رشک غیر تھا کہ تحمل نہو سکا
مین جانکر حریف تغافل نہو سکا

ہوتا ہے آہ صبح سے داغ اور شعلہ زن
کیسا چراغ تھا یہ کبھی گل نہو سکا

اُسنے جو دل کو مُنہ نہ لگایا دو نیم ہے
یہ جام جم ہوا قدح مل نہو سکا

عاشق نہو کہین کہ انھین قتل غیر مین
مشکل بنی کچھ ایسی تساہل نہو سکا

کہتے ہین گلشن اپنی کلی اسکے دم سے تھی
دشمن جو ہم ترانۂ بلبل نہو سکا

نفرت تھی اسقدر کہ نہ ٹھہرے وہ سجدم
پاس دراز ہی شب کاکل نہو سکا

پروردۂ وفا سے ہو کب تک عاشقی
کیا ناز تھے کہ مجھسے تحمل نہو سکا

وہ عکس زلف چشم عدو مین پڑا نہو
نظارہ مجھ سے جاب سنبل نہو سکا

تنگی وہی رہی دل صد چاک کی ہوا
یہ غنچہ پاش پاش مگر گل نہو سکا

ہجر بتان مین تجکو ہی مومن تلاش زہر
غم پر حرام خوار تو کل نہو سکا

شوخ کہتا ہے بے حیا جانا
دیکھو دشمن نے تمکو کیا جانا

شعلۂ دل کو ناز تابش ہے
اپنا جلوہ ذرا دکھا جانا

شوق نے دور باش اعدا کو
اس کی محفل مین مرحبا جانا

گلے لگتا ہے مبدم مجکو
طوق گردن نے کیا خدا جانا

اُسکے اٹھتے ہی ہم جہان سے اُٹھے
کیا قیامت ہے دل کا آجانا

گھر مین خود رفتگی سے دھوم مچی
کیونکہ ہو اُس تلک مرا جانا

پوچھنا حال یار ہے منظور
مین نے ناصح کا مدعا جانا

مے نہ اتری گلے سے جو اس بن
مجکو یاردن نے پارسا جانا

شکوہ کرتا ہے بے نیازی کا
تو نے مومن بتون کو کیا جانا

اس وسعتِ کلام سے جی تنگ آگیا
ناصح تو میری جان نہ لے دل گیا گیا

ضد سے وہ پھر رقیب کے گھر مین چلا گیا
اے رشک میری جان گئی تیرا کیا گیا

یہ ضعف ہے تو دم سے بھی کب تک چلا گیا
خود رفتگی کے صدمے سے مجکو غش آگیا

کیا پوچھتا ہے تلخی الفت مین پند گو
ایسی تو لذتین ہین کہ تو جان کھا گیا

کچھ آنکھ بند ہوتے ہی آنکھین سی کھل گئین
جی اک بلاے جان تھا اچھا ہوا گیا

میرا گلا ہنسی سے نہین گھونٹتے تھے وہ
کیا سوچ کر رقیب خوش آیا خفا گیا

آنکھین جو ڈھونڈھتی تھین نگہ ہاے التفات
گم ہونا دل کا وہ مری نظرون سے یاد گیا

جلتی ہے جان آتش خس پوش دیکھکر
چلون سے شعلہ رو کوئی جلوہ دکھا گیا

بوے سمن سے شاد تھے اعتبار بیتمیز
اس گل کو اعتبار نسیم وصبا گیا

آہ سحر ہماری فلک سے پھری نہو
کیسی ہوا چلی یہ کہ جی سنسنا گیا

آتی نہین بلاے شب غم نگاہ مین
کس مہروش کا جلوہ نظر مین سما گیا

اے جذب دل نہ تھم کہ نہ ٹھہرا وہ شعلہ رو
آیا تو گرم گرم ولیکن جلا گیا

مجھ خانمان خراب کا لکھا کہ جانکر
وہ نامہ غیر کا مرے گھر مین گرا گیا

مہندی ملے گا پانون سے دشمن تو آنکر
کیون میرے تفتہ سینے کو ٹھوکر لگا گیا

بوسہ صنم کی آنکھ کا لیتے ہی جان دی
مومن کو یاد کیا حجر الاسود آگیا

وہ ہنسے سن کے نالہ بلبل کا
مجھے رونا ہے خندہ گل کا

دھیان ہے غیر کے تحمل کا
ہوش دیکھا ترے تغافل کا

ہم کسی شانہ بین سے پوچھین گے
سبب افتادگی کاکل کا

لاش کس کی ہے یہ عدو سے نپوچھ
مین ہون کشتہ ترے تجاہل کا

حال ساقی سے کہکے روتا ہون
کہ محرک ہے خندہ قلقل کا

نکہت اس زلف کی صبا مین نہو
اڑ گیا رنگ بوے سنبل کا

جلوہ دکھلاے تا وہ پردہ نشین
مین نے دعوے کیا تحمل کا

نالۂ شب نے یہ ہوا باندھی ہو گیا گل چراغ بلبل کا

حیلۂ بے خودی سے ہے مومن
توڑنا ہمکو شیشۂ مل کا

اشک واژونہ اثر باعث صد جوش ہوا ہچکیون سے مین یہ سمجھا کہ فراموش ہوا
جلوہ افزائیے رخ کے لیے مے نوش ہوا مین کبھی آپ مین آیا تو وہ بیہوش ہوا
کیا یہ بیگانہ مبر غیر ہے اے مرغ چمن خندہ زن باد بہاری سے وہ گل گوش ہوا
ہے یہ غم گور مین لبریز شب اول سے فزون کہ وہ مہر و مرے ماتم مین سیہ پوش ہوا
مجھپہ شمشیر نگہ خود بخود آپڑتی ہے عاجز احوال زبون سے وہ ستمکوش ہوا
آفرین دلمین رہی خنجر دشمن کے سبب اپنے قاتل سے خفا تھا کہ مین خاموش ہوا
درد شانہ سے ترا محو نزاکت خوش ہے کہ مین ہمدوش ہون گو غیر بھی ہمدوش ہوا
وہ ہے خالی تو یہ خالی یہ بھری تو وہ بھری کاسۂ عمر عدو حلقۂ آغوش ہوا

تو نے جو قہر خدایا دد لایا مومن
شکوۂ جور بتان دل سے فراموش ہوا

چلون کے بدلے مجکو زمین پر گرا دیا اُس شوخ بے حجاب نے پردہ اٹھا دیا
برق آہ کو جو مین نے کہا مسکرا دیا دل گرمیون نے اسکی کلیجا جلا دیا
فرماتے ہین وصال ہے انجام کار عشق کیا ناصح شفیق نے مژدہ سنا دیا
دھوتا ہے عہد نامۂ غیر اپنا حال دیکھ آب حیا نے خط جبین کیا مٹا دیا
تاثیر سوز دل کرۂ نار سے مگر اس شعلہ رو کو سینہ سے میرے لگا دیا
کیا شاد شاد ہون کہ وہ ہے تلخکام تر میری جو شورشون نے عدو کو مزا دیا
دیکھا نہ میرے نالۂ آہن گداز نے آئینہ دیکھنے کا تماشا دکھا دیا
رشک فغان کی بلاے رقیب آفرینیان محشر نے خفتگان زمان کو جگا دیا
مٹی نہ دی مزار تلک آکے اسپہ کبھی کہتے ہین لوگ خاک مین اُسنے ملا دیا
ہمدم دکھا اب اسکو کسی ڈھب کہ رحم آئے ناصح کو میرے حال زبون نے رلا دیا

اسکی شرار تون سے جگر داغ داغ ہے | گل کھانے کو رقیب کا چھلا منگا دیا

ایسی غزل کہی یہ کہ جھکتا ہو سب کا سر
مومن نے اس زمین کو مسجد بنا دیا

دل قابل محبت جانان نہین رہا | وہ ولولہ وہ جوش وہ طغیان نہین رہا
ٹھنڈا ہے گرم جوشی افسردگی سے جی | کیسا اثر کہ نالۂ و افغان نہین رہا
کرتے ہین اپنے زخم جگر کو رفو ہم آپ | کچھ بھی خیال جنبش مژگان نہین رہا
دل سختیون سے آئی طبیعت مین نازکی | صبر و تحمل تلق جان نہین رہا
کیا اچھے ہو گئے کہ بھلون سے بُرے ہوے | یارون کو فکر چارہ و درمان نہین رہا
غش ہین کہ بید ماغ ہین گل پیرہن نمط | ازبس دماغ عطر گریبان نہین رہا
آنکھین نہ بدلین شوخ نظر کیونکہ اب کہ مین | مفتون لطف نرگس فتان نہین رہا
ناکامیون کا گاہ گلہ گاہ شکر ہے | شوق وصال و اندۂ ہجران نہین رہا
بے تودہ تودہ خاک سبکدوش ہو گئے | سر پر جنون عشق کا احسان نہین رہا
ہر لحظہ مہر جلوون سے ہین چشم پوشیان | آئینہ زار دیدۂ حیران نہین رہا
پھرتے ہین کیسے پردہ نشینون سے منھ چھپاے | رسوا ہوے کہ اب غم پنہان نہین رہا
آسیب چشم قہر پری طلعتان نہین | اے انس اک نظر کہ مین انسان نہین رہا
بیکاری امید سے فرصت ہے رات دن | وہ کاروبار حسرت و حرمان نہین رہا
بے سیر دشت و بادیہ لگنے لگا ہے جی | اور اُس خراب گھر مین کہ ویران نہین رہا
کیا ناکامیون نے لب زخم سی دیے | وہ شور اشتیاق نمکدان نہین رہا
بے اعتبار ہو گئے ہم ترک عشق سے | ازبسکہ پاس وعدہ و پیمان نہین رہا
نیند آئی ہے فسانۂ گیسو و زلف سے | وہم و گمان خواب پریشان نہین رہا
کس کام کے رہے جو کسی سے رہا نہ کام | سر ہو مگر غرور کا سامان نہین رہا

مومن یہ لاف الفت تقوی ہے کیون مگر
دلی مین کوئی دشمن ایمان نہین رہا

کیا رم نہ کروگے اگر ابرام نہوگا
الزام سے حاصل بجز الزام نہوگا

کاش آپ وہ آئین جو سنون نازکی باتین
قاصد سے ادا پاسخ و پیغام نہوگا

ہان جوش طپش چھیڑ چلی جاے کہ پر تو
جھڑ جائین گے فرسودہ اگر دام نہوگا

ناکامی امید پہ صبر آئے تو کیا آئے
ہر بات مین کہتے ہو کہ یہ کام نہوگا

منقوش دل خلق ہے پرہیز کی خوبی
کتنا ہی کرے ظلم وہ بدنام نہوگا

بیٹھا رہون کیا منتظر دور مین ساقی
اتنون مین کوئی میکدہ آشام نہوگا

اس جوش طپش پر ہوئی مشکل سے رسائی
صد شکر گذر غیر کا تا بام نہوگا

کیا کیجے دل شوخی فطرت پہ جو آجائے
یہ تو مین سمجھتا تھا کہ وہ رام نہوگا

گلرنگ ہوا گریہ خون سے مرے دامن
کیا اب بھی خجل چرخ سیہ فام نہوگا

خو ہوگئی ہجران مین تڑپنے کی شب وصل
گو چین ہو اُن کو مجھے آرام نہوگا

ہین پاک نظر ہمتو ولے ذوق فزا عشق
بے چاشنی بوسہ و دشنام نہوگا

کم ظرفی اغیار پہ ساقی کو نظر ہے
افسوس مے آلودہ لب جام نہوگا

وہ شوخ فریب قلق غیر مین آیا
اب مجھ سے تو صبر اے دل ناکام نہوگا

کیا فتنہ محشر کو قدیار سے نسبت
بے خاص کشی ولولہ عام نہوگا

اغیار سے بے فائدہ ہے گرمی صحبت
کاہیکو جلے گا جو کوئی خام نہوگا

ہے مہر تجھے دیکھ کے شرمندۂ و مشتاق
اتنا کہ ظہور سحر و شام نہوگا

بلبل کے سے نالے کہ صبا کی سی کرون سعی
میرا نہوا ہے وہ گل اندام نہوگا

وہ مشق رہی اور نہ وہ شوق ہے مومن
کیا شعر کہین گے اگر الہام نہوگا

گر مین کمبخت وہ تجیل ہوا
مجکو چھیڑ آسمان ذلیل ہوا

گر یہی بیخودی ہے صہبا مین
کون مشتاق سلسبیل ہوا

آسمان راہ پر نہین آتا
دعوی خضر بے دلیل ہوا

ہاے وہ لافاے خود کامی
غیر ہر کام مین دخیل ہوا

اب تغافل ہے وان مگر گردون — میرے آزار کا کفیل ہوا
کس قدر تیز رو ہے سوے صنم — نامہ بر میرا جبرئیل ہوا
اثر حسن و عشق تھا بے مثل — مین ترا تو مرا عدیل ہوا
لعطش زن سپہر و یار و عدو — بے گنہ خون مرا سبیل ہوا
آپ کی کون سی بڑھی عزت — مین اگر بزم مین ذلیل ہوا
آتش آہ بے اثر سے مری — آسمان گلشن خلیل ہوا
کوتہی کی جواب مین جون جون — اور بھی خط مرا طویل ہوا

ہاے مومن شہادت بے اجر
بہر وصل صنم قتیل ہوا

غصہ بیگانہ وار ہونا تھا — بس یہی تجھ سے یار ہونا تھا
کیا شب انتظار ہونا تھا — ناحق امید وار ہونا تھا
کیون نہوتے عزیز غیر تمھین — میری قسمت مین خوار ہونا تھا
مجھ سے جنت مین وہ صنم نہ ملا — حشر اور ایک بار ہونا تھا
گر نہ تھی ایدل اسکے رنج کی تاب — کیون شکایت گذار ہونا تھا
خاک ہوتا نہ مین تو کیا کرتا — اس کے در کا غبار ہونا تھا
سیرزہ گردی سے ہم ذلیل ہوے — چرخ کا اعتبار ہونا تھا
مرگ شام وصال حرمان ہاے — صبحدم جان نثار ہونا تھا
اور سے ہمکنار ہے دشمن — آج تو ہمکنار ہونا تھا
شکوۂ دہر پر کہا تمکو — آفت روزگار ہونا تھا
چشم بے اختیار جانان مین — کیا مرا اختیار ہونا تھا
صبر کر صبر ہو چکا جو کچھ — اے دل بے قرار ہونا تھا
کوے دشمن مین جا پڑا کیون — کیا مجھے شرمسار ہونا تھا
وہ نمک پاش بھی نہین ہوتے — یون ہی دل کو فگار ہونا تھا

خاک مین حیف یہ شراب ملے
محتسب بادہ خوار ہونا تھا

نہ گیا تیر نالہ سوے رقیب
مرغ عرشی شکار ہونا تھا

رات دن بادہ و صنم مومن
کچھ تو پرہیزگار ہونا تھا

اثر اُسکو ذرا نہین ہوتا
رنج راحت فزا نہین ہوتا

بیوفا کہنے کی شکایت ہے
تو بھی وعدہ وفا نہین ہوتا

ذکر اغیار سے ہوا معلوم
حرف ناصح بُرا نہین ہوتا

کس کو ہے ذوق تلخکامی لیک
جنگ مین کچھ مزا نہین ہوتا

تم ہمارے کسی طرح نہوے
ورنہ دنیا مین کیا نہین ہوتا

اُس نے کیا جانے کیا کیا لیکر
دل کسی کام کا نہین ہوتا

امتحان کیجیے مرا جب تک
شوق زور آزما نہین ہوتا

ایک دشمن کہ چرخ ہی نہ رہے
تجھ سے یہ اے دعا نہین ہوتا

آہ طول امل ہے روز فزون
گرچہ اک مدعا نہین ہوتا

نارسائی سے دم رُکے تو رُکے
مین کسی سے خفا نہین ہونا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہین ہوتا

حال دل یار کو لکھون کیونکر
ہاتھ دل سے جدا نہین ہوتا

رحم بر خصم جان غیر نہو
سب کا دل ایک سا نہین ہوتا

وا مکن اسکا بوسہ ہے دراز تو ہو
دست عاشق رسا نہین ہوتا

چارۂ دل سوا ے صبر نہین
سو تمھارے سوا نہین ہوتا

کیون سُنے عرض مضطرب مومن
صنم آخر خدا نہین ہوتا

کیا ہوا ہوا گر وہ بعد امتحان اپنا
دیگنہ سزا پاے اے وہ دل کہان اپنا

خارخس مین گلشن کے بوے گل جو آتی تھی
رشک سے کیا برباد آپ آشیان اپنا

روز کا بگاڑ آخر جان پر بنا دے گا — انکو شوق آرائش دل ہے بدگمان اپنا
وشنہ چھین لیگا کیا ہمنشین شب فرقت — آپ جب نہین اپنے کون میری جان اپنا
بعد مدت اس کوسے یون پھرے بتنگ آکر — جاے جاے پھرتے ہین پوچھتے مکان اپنا
صبر بعد آسایش اس قلق پہ مشکل تھا — عیش جاودان نکلا رنج جاودان اپنا
عشق بت مین خود ابتو درخور پرستش ہین — نام ہوگیا اتنا گم کیا نشان اپنا
دل کے لینے تک ہی بس آپکی خریداری — کیون کرین وہ سودا ہم جسمین ہو زیان اپنا
دل کی بیقراری سے ہر طپش زمین فرسا — بہر خرمن گردون شعلہ ہر فغان اپنا
دیکھیے پس مردن حال جسم و جان کیا ہو — مدعی زمین اپنی دشمن آسمان اپنا

دیر و کعبہ یکسان ہی عاشقونکو اے **مومن**
ہو رہے وہین کے ہم جی لگا جہان اپنا

ہم جان فدا کرتے گر وعدہ وفا ہوتا — مرنا ہی مقدر تھا وہ آتے تو کیا ہوتا
اس حسن پہ خلوت مین جو حال کیا کم تھا — کیا جانیے کیا کرتا گر تو مری جا ہوتا
ایک ایک ادا سو سو دیتی ہی جواب اسکے — کیونکر لب قاصد سے پیغام ادا ہوتا
اچھی ہی وفا مجھ سے جلتے ہین جلین دشمن — تم آج ہوا سمجھو جو روز جزا ہوتا
جنت کی ہوس واعظ بیجا ہی کہ عاشق ہون — ہان سیر مین جی لگتا گر دل نہ لگا ہوتا
اس تلخی حسرت پر کیا چاشنی الفت — کب ہمکو فلک دیتا گر غم مین مزا ہوتا
تھے کوسنے یا گالی طعنون کا جواب آخر — لب تک غم غیر آتا گر دل مین بھرا ہوتا
ہے صلح عدو بے حظ تھی جنگ غلط فہمی — جیتا ہے تو آفت ہے مرتا تو بھلا ہوتا
ہونا تھا وصال ایک شب قسمت مین بلا سے گر — تو مجھسے خفا ہوتا مین تجھ سے خفا ہوتا
ہے بیخودی دائم کیا شکوہ تغافل کا — جب مین نہوا اپنا وہ کیونکہ مرا ہوتا
اس بخت پہ کوشش سے تھکنے کے سوا حاصل — گر چارۂ غم کرتا رنج اور سوا ہوتا
اچھی مری بدنامی تھی یا تری رسوائی — گر چھوڑ نہ دیتا مین پامال جفا ہوتا
دیوانے کے ہاتھ آیا کب بند قبا اسکا — ناخن جو نہ بڑھجاتے تو عقدہ یہ وا ہوتا

ہم بندگی بت سے ہوتے نہ کبھی کافر
ہر جائے گرائے مومن موجود خدا ہوتا

عدم میں رہتے تو شاد رہتے اسے بھی فکر ستم نہوتا
جو ہم نہوتے تو دل نہوتا جو دل نہوتا تو غم نہوتا

ہوئی خجالت سے نفرت افزون گلے کیے خوب آخرین دم
وہ کاش اک دم ٹھہر کے آتے کہ میرے لب پہ بھی دم نہوتا

پڑا ہی مرنا بس اب تو ہمکو جو اسنے خط پر ہٹھے نامہ سے
کہا کہ گر سچ یہ حال ہوتا تو دفتر اتنا رقم نہوتا

کسی کے جلنے کا دھیان آیا وگرنہ دود و فغان سے میرے
اگر ہزار و سپر بنتے تمھاری آنکھون مین نم نہوتا

جو آپ در سے اٹھا نہ دیتے کہین کرتا مین جبہہ سائی
اگرچہ یہ سر نوشت مین تھا تمھارے سر کی قسم نہوتا

وصال کو ہم ترس رہے تھے جواب ہوا تو مزا نپایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اسکو رنج و الم نہوتا

جہان تنگ و ہجوم وحشت غرض کہ دم پر بری بنی تھی
مگر رقیبون نے سر اٹھایا کہ یہ نہوتا تو بیمروت

وہان ترقی جمال کو ہی یہان محبت ہے روز افزون
شریک یا تھا ہوا ہوس بھی جو بیوفائی مین کم نہوتا

غلط کہ صانع کو ہو گوارا خراش انگشتہائے نازک
جواب خط کی امید رکھتے جو قول جف القلم نہوتا

یہ بے تکلف پھر ا ہی ہے کشش دل عاشقان کی اسکو
وگرنہ ایسی نزاکتون پر خرام نازک قدم نہوتا

وصال تو ہی کہان میسر مگر خیال وصال ہی مین
مزے اڑاتے ہوس نکلتی جو ساتھ اندازہ رم نہوتا

ہوا مسلمان مین اور ڈر سے نہ درس واعظ کو سنکے مومن
بنی تھی دوزخ بلا سے بنتی عذاب ہجر صنم نہوتا

ردیف الباء

گئے وہ خواب سے اٹھ غیر کے گھر آخر شب
اپنے نالے نے دکھایا یہ اثر آخر شب

صبحدم وصل کا وعدہ تھا یہ حسرت دیکھو
مر گئے ہم دم آغاز سحر آخر شب

شعلۂ آہ فلک رتبہ کا اعجاز تو دیکھ
اول ماہ مین چاند آئے نظر آخر شب

سوز دل سے گئی جان نجابت چمکنے کے قریب
کرتے ہین موسم گرما مین سفر آخر شب

ملے ہو غیر سے بے پردہ تم انکار کے بعد
جلوہ خورشید کا ساتھا کچھ ادھر آخر شب

صبحدم آنے کو تھا وہ کہ گواہی دے ہے
رجعت قہقری چرخ و قمر آخر شب

غیر نکلا ترے گھر سے گئی اس وہم میں جان
غل ہوے چوکے اُس کوچے میں گر آخر شب

دی تسلی تو وہ ایسی کہ تسلی نہ ہوئی
خواب میں تو مرے آے وہ مگر آخر شب

موسیقیدی کے قریب اور ہی غفلت مومن
نیند آتی ہے بہ آرام مگر آخر شب

قتل عدو میں عذر نزاکت گران ہے اب
مجھ میں ستم اٹھانے کی طاقت کہاں ہے اب

وحشت سے میری سارے اجنبا چلے گئے
آنا ہے گر تو آؤ کہ خالی مکان ہے اب

سجدے پہ سر قلم ہو دعا پر زبان کٹے
گویا نہ وہ زمین ہے نہ وہ آسمان ہے اب

قتل عدو نے شوق شہادت مٹا دیا
لب پر ہمارے غلغلۂ الامان ہے اب

پیری میں وصل غیرت یوسف ہوا نصیب
بخت وفا مثال زلیخا جوان ہے اب

کہدیں رقیب نے تری بے التفاتیاں
ناصح ہمارے حال پہ کچھ مہربان ہے اب

رکھ لے سر اپنے زانوے نازک پہ شوق سے
تیرا مریض عشق بہت ناتوان ہے اب

چشم غضب سے مشورۂ قتل کھل گیا
جو بات دل میں تھی سو نظر سے عیان ہے اب

بے طاقتی سے مجھ میں نہیں تاب التفات
بیہودہ فکر جور و سر امتحان ہے اب

وہ دن گئے کہ لاف و گزاف جا دتھا
مومن ہلاک خنجر ناز بتان ہے اب

تم بھی رہنے لگے خفا صاحب
کہیں سایہ مرا پڑا صاحب

ہے یہ بندہ ہی بے وفا صاحب
غیر اور تم بھلے بھلا صاحب

کیوں الجھتے ہو جنبش لب سے
خیر ہے میں نے کیا کہا صاحب

کیوں لگے دینے خط آزادی
کچھ کنہ بھی غلام کا صاحب

ہاے ری چھیڑ رات سن سن کے
حال میرا کہا کہ کیا صاحب

دم آخر بھی تم نہیں آتے
بندگی اب کہ میں چلا صاحب

تم آزار ستم و جور و جفا
جو کیا سو بھلا کیا صاحب

کس سے بگڑے تھے کس پہ غصہ تھا
ق رات تم کس پہ تھے خفا صاحب

کسکو دیتے تھے گالیان لاکھون — کس کا شب ذکر خیر تھا صاحب

نام عشق بتان نہ لو مومن
کیجیے بس خدا خدا صاحب

تھی وصل مین بھی فکر جدائی تمام شب — وہ آئے تو بھی نیند نہ آئی تمام شب
وان طعنہ تیر بار ہیان شکوہ زخم ریز — باہم تھی کس مزے کی لڑائی تمام شب
رنگین ہین خون سر سے وہ ہاتھ آجکل رہے — جس ہاتھ مین وہ دست حنائی تمام شب
تالو سے ہان زبان سحر تک نہین لگی — تھا کس کو شغل تہمراہی تمام شب
یکبار دیکھتے ہی مجھے غش جو آگیا — بھولے تھے وہ بھی ہوش ربائی تمام شب
مرجاتے کیون نہ صبح کے ہوتے ہی ہجر مین — تکلیف کیسی کیسی اٹھائی تمام شب
گرم جواب شکوۂ جور عدو رہا — اس شعلہ خو نے جان جلائی تمام شب
کہتا ہے مہروش تمھین کیون غیر گر نہین — دن بھر ہمیشہ وصل جدائی تمام شب
دھر پانون آستان پہ کہ اس آرزو مین آہ — کی ہے کسی نے ناصیہ سائی تمام شب

مومن مین اپنے نالون کے صدقے کہ کہتے ہین
اُن کو بھی آج نیند نہ آئی تمام شب

یان سے کیا دنیا سے اُٹھ جاؤن اگر کہتے ہین آپ — رک گیا میرا بھی دم کیون اسقدر کہتے ہین آپ
ضبط نالہ بوالہوس کا ننگ کے باعث نہین — شرم سے آہ و فغان بے اثر کہتے ہین آپ
سنگ رہ ہے امتحان تاثیر حسن و عشق کا — ہم ادھر کہتے ہین آپ اور وہ اُدھر کہتے ہین آپ
جذب دل نے غیر کے بھی کیا کہین تاثیر کی — آج کیون آتے ہوے ہر گام پر کہتے ہین آپ
جائیے پھر اُسکے کوے دلکشا مین کس لیے — حضرت دل سینے مین آنکھون پھر کہتے ہین آپ
سچ کہو ہم کس سے وعدہ آج جاؤ گے کہان — خود بخود بیٹھے ہوے کیون اپنے گھر کہتے ہین آپ
پاس تمکو ہی نہین تو جائیے غیرون کے پاس — مین نہ روکون رکنے سے میرے مگر کہتے ہین آپ
وصل شیرین کی تمنا کوہکن کو کیا کہون — صحبت شاہان سے ارباب ہنر کہتے ہین آپ

دل کسی بت کو دیا الحضرت مومن کہین — وعظ مین کیون ہمکو کافر کہتے ہین آپ

باب التاء

کیا دیکھتا خوشی سے ہی غیرون کے گھر بسنت
پھولی ہی یان کچھ اور ہی اے بیخبر بسنت

واں تو ہی زرد پوش یہاں مین ہون زرد رنگ
واں تیرے گھر بسنت ہے یان میرے گھر بسنت

یہ کسکے زرد چہرہ کا اب دھیان بندھ گیا
میری نظر مین پھرتی ہے آٹھون پہر بسنت

آوارگی ہے باعث نشو و نما کہ دیکھ
سرسبز جب ہوئی کہ پھری دربدر بسنت

ہم قیدیون کو چاہیین سونے کی بیڑیان
اے چارہ گر جہان مین ہے جلوہ گر بسنت

اس رشک گل کے ہاتھ تلک کب پہونچ سکے
سرسون ہتیلی پر نہ جمائے اگر بسنت

کس کو بھلا خلل یرقان کا ہے اے طبیب
پھولی ہے باغ عشق کی یان آنکر بسنت

ہے اوّل بہار سیہ مستیون کا جوش
دکھلائے ہے کچھ ابکی بہار دگر بسنت

مومن یہ کیا کہا کہ ہے رسم ہنود اب
کاہیکو لائین گے وہ مری گور پر بسنت

سودا تھا بلائے جوش پر رات
بستر پر بچھائے نیشتر رات

بگڑے تھے یہان وہ آنکر رات
بے طور بنی تھی جان پر رات

ہم تا سحر آپ مین نہین تھے
کیا جانے رہے وہ کسکے گھر رات

افسانہ سمجھ کے سو گئے وہ
کام آئی فغان بے اثر رات

آئینہ مین ہو نہ موم جادو
سوتے نہین اب وہ تا سحر رات

تارے آنکھین جھپک رہے تھے
تھا بام پہ کون جلوہ گر رات

اندھیر پڑا زمانے مین ہائے
نے دن کو ہے مہر نے قمر رات

اس لیل و نہار غم نے مارا
ہے روز سیہ سیاہ تر رات

کیا پوچھو ہو منکر و نکیر آہ
بگڑے جو وہ طعن غیر پر رات

یہ بات بڑھی کہ مر گئے ہم
موت آئی تھی قصہ مختصر رات

اس گھر مین ہے عیش خلد مومن
کیا جانے کہان ہو دن کدھر رات

کرتے ہین عدو وصل مین حرمان کی شکایت — تھی بارے موثر غم ہجران کی شکایت
یون کرتے تھے وہ کب فلک نالان کی شکایت — کی ہوگی فلک نے مرے افغان کی شکایت
اے پردہ نشین چلون اُٹھا دے کہ نہ جلجلے — کرتا ہون مین سوز غم پنہان کی شکایت
ہم خاک مین بھی مل گئے لیکن نہ ملے وہ — دل ہی مین رہی بخش جانان کی شکایت
پامال ستم ہے دل ناکام کے ہاتھون — کس منھ سے کرون ولولہ جان کی شکایت
صد شکر وہ الجھی ہوئی تقریر نہ سمجھا — تھی برہمی زلف پریشان کی شکایت
ہے کس لیے مجھ سے اُسے دل دینے کا شکوہ — کرتا ہی جہان مین کوئی احسان کی شکایت
کیا باب اجابت پہ گذر ہووے دعا کا — سنتا ہی اثر کب ترے دربان کی شکایت
اے شور جنون ڈر ہے زبان بند نہو جائے — گر آئے لبون پر مرے زندان کی شکایت
کیون طعنہ سمجھکر ہے گلہ شکر جفا کا — جانے دو کہ بیجا ہے پشیمان کی شکایت
کس واسطے اے شمع زبان کاٹتے ہین لوگ — کیا تو نے بھی کی تھی شب ہجران کی شکایت

حوران بہشتی کو بتون کا سا نہ پایا
مومن مجھے کیونکر نہو ایمان کی شکایت

ردیف الثاء

اظہار شوق شکوہ اثر اس سے تھا عبث — یعنے کہا کہ مرتے ہین تم پر کہا عبث
ہین ایک سخت جان ہون گر دو سے پوچھ لو — تم کو خیال ہے مرے آزار کا عبث
تھا ہم پہ لطف تو پے افزائش الم — صد شکر غیر ہو گئے اس سے خفا عبث
اے مہروش حسین تو ہرگز نہ چھپ سکے — چلون تو کیا ہی پردے کا بھی چھپنا عبث
امید وعدہ بھی تو نہین روز ہجر مین — ہم سے وفائے زندگی بیوفا عبث
اس ضعف مین تو سینے سے آتا ہی لب تلک — کہتے ہین اپنے نالے کو ہم نارسا عبث
کیا اپنے درد دل کا بھی شکوہ نہ کیجیے — الجھے ہے بات بات پہ زلف دوتا عبث
گو چارہ ساز حضرت عیسی ہی کیون نہون — گر درد عشق ہے تو امید شفا عبث
جس غم مین صبر رہے ہے وہ غم ہی نہین رہا — افسوس مر کے سمجھے کہ جینا ہے کیا عبث

اے روز حشر کچھ شب ہجراں بھی کم نہیں
بدنام ہو جہان میں تیری بلا عبث

ہرگز نہ رام وہ صنم سنگدل ہوا
مومن ہزار حیف کہ ایمان گیا عبث

ردیف الجیم

ہو نہ بیتاب ادا تمہاری آج
نازکرانی ہے بے قراری آج

اڑ گیا خاک پر غبار اپنا
ہو گئی خاک خاکساری آج

نزع ہے اور روز وعدۂ وصل
ہے بہر طور دم شماری آج

مانع قتل کیوں ہوا دشمن
جان ہی جائے گی ہماری آج

تیرے آتے ہی دم میں دم آیا
ہو گئی یاس امیدواری آج

کوئی بھیچے ہے دل کو پہلو میں
کس نے کی اس سے ہمکناری آج

اسکے شکوہ سے ہے اثر ظاہر
کچھ تو کہتی ہے آہ وزاری آج

اک نئی آرزو کا خون ہوا
ہم ہیں اور تازہ سوگواری آج

چھٹ گئے مر کے نیش ہجراں سے
کام آئے ہے زخم کاری آج

بیکسی کیوں ہے نقش پر مجمع
کیا ہوئی تو مری پیاری آج

بھولے حضرت نصیحت اے ناصح
ہے کسی کی تو یادگاری آج

مومن اس بت کو دیکھ آہ بھری
کیا ہوا الاف دینداری آج

پنجۂ شانہ سے تو زلف گرہ گیر نہ کھینچ
دل سے دیوانہ کو مت چھیڑ یہ زنجیر نہ کھینچ

ہم تو سمجھے تھے نہیں تا شام وہ آئے بھی تو کیا
اے دعائے سحری منت تاثیر نہ کھینچ

اے ستم پیشہ مرے بعد کہاں نشۂ عشق
دیکھ خمیازۂ حسرت ہے یہ شمشیر نہ کھینچ

ہے دوا میری وہی سو نہیں ممکن کہ ملے
چارہ گر رنج و مصیبت پے تدبیر نہ کھینچ

میں نہ کہتا تھا مصور کہ وہ ہے شعلہ عذار
دیکھ تو صفحۂ قرطاس پہ تصویر نہ کھینچ

ہم جوانمرد محبت بھی سمجھ لیں گے بھلا
اپنی ایذا سے تو باتھ اے فلک پیر نہ کھینچ

روز غم کون بھلا آن کے ہوتا ہے شریک
انتظار اثر نالۂ شبگیر نہ کھینچ
اتنی فرصت دے ستمگر کہ پہونچ جائے اجل
دم کے دم اور بھی سینے سے مرے تیر نہ کھینچ

مومن آکیش محبت مین کہ ہی سب جائز
حسرت حرمت صہبا و مزامیر نہ کھینچ

ردیف الحاء

گرچہ دے اور یہ ہی رہی یار کی طرح
ہم بھی بنین گے بوالہوس اغیار کی طرح
آواز گنبد اس سے شکایت عدو کی تھی
ناچار چپ ہین صورت دیوار کی طرح
سونے دیا نہ اسنے شب وصل مین بھی کیا
ہم جاگتے ہین طالع بیدار کی طرح
پھرتا ہے بہر شتن عشاق کو بکو
گردش مین ہے وہ چرخ ستمگار کی طرح
ہوتے ہین پائمال گل اے باد نوبہار
کس سے اڑائی تو نے یہ رفتار کی طرح
چین جبین بلا و نگاہ غضب ستم
کرتی ہے قتل اس بت خونخوار کی طرح
خوریخ رشک غیر کی بھی ہم کو ہو گئی
اب اور کچھ نکالیے آزار کی طرح
ہوتے ہین قتل غیر اب ادھر ہنے نگاہ لطف
ارمان مرے نکلتے ہین تلوار کی طرح
کرتا ہے ابر اپنا لہو پانی ایک کیون
کب رو سکے گا دیدۂ خونبار کی طرح
بس ناز کی ضعف کہ گلگشت باغ مین
چبھتے ہین میرے پانون مین گل خار کی طرح

دل مین ہوائے بتکدہ ظاہر مین کیا حصول
رہنا حرم مین مومن مکار کی طرح

رویا کرینگے آپ بھی پہرون اسی طرح
اٹکا کہین جو آپ کا دل بھی مری طرح
بیمار ہجر ہی وہ تو کسی ڈھب سے داو مین
بنتی نہین ہے ملنے کی اسکے کوئی طرح
تشبیہ کس سے دون کہ طرحدار کی مرے
سب سے نرالی وضع ہے سب سے نئی طرح
مرچک کہین کہ تو غم ہجران سے چھوٹ جائے
کہتے تو ہین بھلے کی ولیکن بری طرح
لے تاب ہجر مین ہے نہ آرام وصل مین
کم بخت دل کو چین نہین ہے کسی طرح
لگتی ہین گالیان بھی ترے منھ سے کیا بھلی
قربان تیرے پھر مجھے کہہ لے اسی طرح

پامال ہم نہوتے فقط جورِ چرخ سے — آئی ہماری جان پہ آفت کئی طرح
نے جائے واں بنے ہے نہ بن جائے چین ہے — کیا کیجیے ہمین تو ہے مشکل سبھی طرح
معشوق اور بھی ہین بتا دے جہان مین — کرتا ہے کون ظلم کسی پر تری طرح

ہون جان بلب بتان ستمگر کے ہاتھ سے
کیا سب جہان مین جیتے ہین مومن اسی طرح

ردیف الخاء

عدو نے دیکھے کہان اشک چشم گریان سرخ — نہ آستین ہے نہ رومال ہے نہ دامان سرخ
نمود حسن خط یار سے نہو کیونکر — بہار ہے جو نہ سبز ہو نمایان سرخ
تمھارے دشنہ کا دشت جفا نے کام کیا — ہے زرد رنگ گلو حلقۂ گریبان سرخ
زبس نگار ہوے پانون خار و خارہ سے — تمام دشت ہے جون وسعت گلستان سرخ
ملی ہین غیر نے پائے نگار سے آنکھین — سرشک خون سے نہین پنجہ ہائے مرگان سرخ
گمان فہر سے اپنا تو رنگ زرد ہے اور — سیاہ مستی مے سے ہے چشم جانان سرخ
مواہون عشق مین گل پیرہن کی لازم ہے — مرا کفن بھی ہو جون جامۂ شہیدان سرخ
سرا پین ہین یہ طوفان شوخی کی — کہ ایک ایک شجر ہے برنگ مرجان سرخ
کرم جو غیر پہ دیکھا ہوا ئر آیا — نہ پوچھ کیون تری آنکھین ہین بنکے ناوان سرخ
تو دید مرگ انھین جو ہین زخمی لب یار — کہ رنگ پان سے ہوے اور لعل خندان سرخ
نظارۂ رخ مردم سے کیون نہ غم ہو کہ تھا — ہمارا رنگ بھی پیش از دو روز ہجران سرخ
ہمارے خون کا دھبہ نہ جائے حشر تلک — وہ لاکھ بدلے قبا پر رہیگا دامان سرخ

غریق گریۂ خونی رہا نہ کر مومن
لباس یعنے پہنتے نہین مسلمان سرخ

ردیف الدال

ہم دام محبت سے ادھر چھوٹے اُدھر بند — پرواز بھی کی آہ تو جون طائر پر بند
دیکھا نہ کسی کی طرف ایما سے حیا سے — جادو کو کیا نرگس جادو نے نظر بند

یہ شب پر سوختہ پھونکین گے قفس کو
تو ساتھ کسی کے مجھے صیاد نہ کر بند

وہ آخر شب آئے ہین کچھ بات تو کرلون
کر اپنی زبان دم کے دم اے مرغ سحر بند

کیا ٹھہرے دل بوالہوسان مین تری الفت
شیشہ مین پری کرتے ہین ارباب ہنر بند

جا سکتے نہین جاتے ہین اسکو مین جو ناصح
چھٹ جائینگے قصہ سے کیا تو نے اگر بند

شاید کہین تو نے بھی اسے خواب مین دیکھا
انکھین تری اے بخت ہین کیون آٹھ پہر بند

اے سوزش سینہ مجھے وہ سینہ دکھادے
کھولے تری گرمی سے وہ گھبرا کے مگر بند

کیا حضرت مومن کہین کعبے کو سدھارے
سنسان ہے درس لیے کیون آج ہے در بند

غربت مین گل کھلاے ہے کیا کیا وطن کی یاد
جیسے قفس مین مرغ چمن کو چمن کی یاد

گلگون قبا پہن کے کیا قتل غیر کو
کیا آئی اپنے کشتہ خونی کفن کی یاد

از خویش رفتگی ہے عنان گسل زمان
دکھلائیگی عدم ہی کہین اس دہن کی یاد

تو آب زن نہو دے تو کیا جانے کیا کرے
دشمن کے دل سے میرے دم شعلہ زن کی یاد

اے محتسب نہ توڑ یو شیشہ کو دیکھنا
آتی ہے مجکو سنگ دل پرشکن کی یاد

تا شکوہ غیر کا نہ کرون مجھ سے کہتے ہین
کیون سر گذشت تمکو بھی ہے کوہکن کی یاد

پھر پیرہن کے ہوتے ہین ٹکڑے برنگ گل
پھر مجکو آگئی کسی گل پیرہن کی یاد

ایسے ہی روز گر ستم تو نبو رہے
تمکو بھلا رہے گی سپہر کہن کی یاد

ہے کفر و بدعت ایک نہین تار سبحہ سے
زنار مومن آتے ہے کیون برہمن کی یاد

نامہ روانے مین جو لکھا تو یہ بھیگا کاغذ
کہ بنا ہم گہر صفحہ دریا کاغذ

اسکے کوچے سے چلا آے ہے اڑتا کاغذ
پھاڑ کر پھینکدیا کیا مرے خط کا کاغذ

کیا جواب آئے کہ کثرت سے خطون کی میرے
کیمیا یاب سیاہی بنی عنقا کاغذ

سب نوشتے ترے اخبار کو دکھلاؤنگا
جانتا ہے تو مرے پاس ہین کیا کیا کاغذ

لکھ کے بدمستی غم تا کہ وہ میکش پڑھ لے
باندھ دیتا ہون سر شیشہ صہبا کاغذ

مشق کرتے ہین وہ کیون لفظ نظر بازی کی
پردۂ دیدۂ مشتاق ہے یہ یا کاغذ

رنگ اڑجائیگا احوال اسے لکھنا ہے
زرد ہی رخ سے ذرا فشان مین کرونگا کاغذ

وصف لکھون مین تری آنکھ کے ڈورونکا اگر
رنگ گل خامہ دے اور نرگس شہلا کاغذ

ہوگیا اس لب لعل و در دندان کے سبب
غیرت نسخۂ اکسیر مسی کا کاغذ

ضد یہ ہے خط سے مرے تاؤ ہزارون کھائے
دست اغیار مین بھی گر کبھی دیکھا کاغذ

یان تلک تو ہون سیہ کار کوئی پڑھ نہ سکا
حشر مین جب مرے اعمال کا کھولا کاغذ

قبر مین چھوٹے عذاب دل بیتاب سے ہم
نام جب لکھ کے ترا سینہ پہ رکھا کاغذ

تو غزل سنج ہے یا مرثیہ خوان اے مومن
رو دیا جس نے کہ دیکھا ترا لکھا کاغذ

ردیف الراے

نہ کیونکر بس مواجاؤن کہ یاد آتا ہی رہ رہکر
وہ تیرا مسکرانا کچھ مجھے ہونٹون مین کہہ کہکر

گمان بخت جگر ہین سیل گریہ مین چڑھا دریا
چلے آتے ہین یہ ڈوبے ہوونکے لاشے بہ بہکر

بہار باغ دو دن ہی غنیمت جان اے بلبل
ذرا ہنس بول لے ہو زمزمہ پرداز چہچہکر

تو دیدار کہ رشک غیر سے چھوٹے اسے ہمنے
ستم کا کر دیا خو گر جفا و جور سہ سہکر

ستم اے شدت گریہ سرایت خون نے کی پہ کی
رکھے رومال چشم خونفشان پر لاکھ تہ تہکر

لگی ہچکی ہے سر زانوے غم پر ہے کہ یاد آیا
کسی کا ہاتھ ہر دم مار نازانو پہ قہقہکر

خدا کو مان اپنی راہ لے کعبہ کو جا مومن
صنم خانہ مین کیا لیوے گا اے گم گشتہ رہ رہکر

اے تند خو آجا کہین تیغا کمر سے باندھ کر
کن مدتونسے ہم کفن پھرتے ہین سر سے باندھکر

یا وہ ڈبو دیوے زمین یا ہم ڈبو دیوین فلک
آجاے تو روتے ہین ہم شرط ابر ترسے باندھکر

خط مین تو لکھ سکتا نہین احوال سوز دل سے
پر بھیجدون جی مین ہی پروانے کے پرسے باندھکر

دشمن سگ کو چہ ہو اس شوخ آہو چشم کا
نادم ہون کعب گر گ پاے نامہ برسے باندھکر

ہی سرخ پیکا اور خون غیر مین رنگا ہوا
کیا قتل پر میرے کمر نکلے ہو گھرسے باندھکر

آجھانک تو بھی توکہین بے دید کیسی ٹکٹکی
مٹھے ہوے ہین روزن دیوار و در سے باندھکر

جراح کیا سوچا بتا کیا رنگ دیکھا کیا ہوا
کیون کھول لی پٹی مرے زخم جگر سے باندھکر

دیوانہ نازک ہون مین فصاد مژگان بیشتر
لے فصد میرے ہاتھ کو تار نظر سے باندھکر

مومن سے اچھی ہو غزل تھا اسلیے یہ زور شور
کیا کیا مضامین لائے ہم کس کس منہ سے باندھکر

جاتے تھے صبح رہ گئے بیتاب دیکھکر
طالع ہمارے چونک پڑے خواب دیکھکر

پایا جو دشمنون نے ترے پاس اعتبار
آنکھین چراتے ہین مجھے احباب دیکھکر

یہ تشنہ کامی نگہ گرم دیکھنا
حیرت سے رو دیا طرف آب دیکھکر

توبہ کہان کدورت باطن کے ہوش تھے
غش ہو گیا مین رنگ مے ناب دیکھکر

اٹھی نہ نعش بھی ترے کوچہ سے بعد قتل
ہم رہ پڑے زمین کو شاداب دیکھکر

روے وہ میرے حال پہ حیران کیون نہون
آنکھین سی کھل گئین در نایاب دیکھکر

شوق وصال دیکھ کہ آیا عدو کے گھر
سوجھا نہ کچھ مجھے شب مہتاب دیکھکر

ہے ہے تمیز عشق و ہوس آجتک نہین
وہ چھیڑتے پھرتے ہین مجھے بیتاب دیکھکر

مومن یہ تاب کیا کہ تقاضاے حلوہ ہو
کافر ہوا مین دین کے آداب دیکھکر

یاد اسکی گرمی صحبت دلاتی ہے بہار
آتش گل سے مرا سینہ جلاتی ہے بہار

کوہ و صحرا مین پے فرحت پھراتی ہے بہار
مین تو کیا انکو بھی دیوانہ بناتی ہے بہار

کھل چکی نرگس کہ شرمائی ہی جاتی ہے بہار
دیکھکر اسکی بہار آنکھین چراتی ہے بہار

جلوۂ لالہ رقیبون کو دکھاتی ہے بہار
داغ کھانے پر مرے کیا داغ کھاتی ہے بہار

آمد آمد ہے چمن مین سمن اندام کی
سبزۂ خوابیدہ سے محفل بچھاتی ہے بہار

خاک تو مرغ گلستان کو خزان ہی نے کیا
دیکھیے اب آنکر کیا خاک اڑاتی ہے بہار

ہے خزان مین بھی وہی جوش جنون کیا ہو گیا
اب کہین پاس اپنے ہمکو ہی بلاتی ہے بہار

جوش گل سے یاد آتی ہین تری رنگینیان
رنگ رفتہ سے مرے کیا رنگ لاتی ہے بہار

داغ اور زخم سمین ہین جو لالہ و گل سمین ہین — فصل ہی یا آپکے عاشق کی چھاتی ہی بہار
امتیاز دلدہی و دلبری مین فرق ہے — تمکو بھاتی ہے خزان اور ہمکو بھاتی ہی بہار
محو حیرت کو وصال و ہجر دونون ایک ہین — بلبل تصویر کو کب یاد آتی ہی بہار
میری ضد سے غیر پر تیری عنایت دیکھکر — سبزۂ بیگانہ کے قربان جاتی ہی بہار
ابتدائے فصل ہی مین غیر نے بھی کھائے گل — دیکھیے اس سال کیا کیا گل کھلاتی ہی بہار
چشم گلشن پر قدم رکھتا ہوا کون آ ے گا — عطر فتنہ مین گل نرگس بساتی ہی بہار
خندۂ دیوانگی یان بعد مردن بھی رہا — خاک سے اُگتے ہین گل انکو ہنساتی ہی بہار
کچھ سوائے گریہ جون برا اپنی قسمت مین نہین — زعفران کی کیون نہو مجکو رُلاتی ہی بہار

غنچہ ہاے آرزوے مومن اب کھلنے کو ہین — خیر مقدم گلشن ایمان مین آتی ہی بہار

بیمروت ناتوان ہین ہنس دے روتا دیکھکر — دل دیا مین نے اسے کیا جانے کیا دیکھکر
خواب مین کیا عشق ہو یوسف کو زلیخا دیکھکر — کھل گئین آنکھین تجھے اے جلوہ آرا دیکھکر
تھی جہنم وہ نگاہ گرم بھی سوے عدو — سوجھی اپنی عاقبت کی ہمکو دنیا دیکھکر
قیس کی دیوانگی مین عقل کیا حیران ہے — مجکو وحشت ہوگئی تصویر لیلا دیکھکر
چشم نرگس بدنظر ہے اور گل بے اعتبار — بیوفا سیر گلستان کیا کرے گا دیکھکر
خاک مین کیونکر نہ لوٹون بند ہگیا سو مین دھیان — اسکے صحن خانہ کا پہنائے صحرا دیکھکر
تاش کا ہمدم کفن لانا کہ بس مین مرگیا — چلونون سے جلوۂ خورشید سیما دیکھکر
یاد آیا سوے دشمن اسکا جانا گرم گرم — پانی پانی ہوگیا مین موج دریا دیکھکر
اسکے ہٹتے ہی اندھیرا آگیا ایسا کہ بس — گر پڑا مین روزن دیوار کو وا دیکھکر
کیا تماشا تھا جھپکنا آنکھ کا بے اختیار — آئینہ کو ہاتھ سے اُسنے پھوڑا دیکھکر
مین نہ مانون گا کہ چشم آبلہ بے دید ہے — یہ نہ دیکھے روے غیر اپنے کف پا دیکھکر
پھر گئی آنکھون کے آگے اُسکی چشم شرمگین — پھر گئین آنکھین مری نرگس کا جھکنا دیکھکر
دشمنی دیکھو کہ تا الفت نہ آجاے کہین — لے لیا منہ پر دوپٹہ حال میرا دیکھکر
کیون نہ گھبراے وہ مین گھبرا گیا بلبے ہجوم — حسرتین آتی ہین کیا کیا اسکو تنہا دیکھکر

انتظار یا ہوش مین تو نہون آنکھین سفید
شب یہ وہم آیا ہے سوے چرخ خضرا دیکھکر

کاٹ لینے دو گلا مے شوق سے گھر جائیو
لیک رقص نیم بسمل کا تماشا دیکھکر

سب تمہارے نہان نظر دنمین تھے ناصح پوچھ
کیا کہون مین غش ہوا کیا سوچکر کیا دیکھکر

جو نقاب اٹھی مری آنکھون پہ پردہ پڑ گیا
کچھ نہ سوجھا عالم اس پردہ نشین کا دیکھکر

کر دیا خاک آپکو اس بت کے در پر ہاے ہاے
جل گیا جی لاش کو مومن کی جلتا دیکھکر

ردیف الراء ہندی

مومن خدا کے واسطے ایسا مکان چھوڑ
دو زخ مین ڈال خلد کو کوے بتان چھوڑ

عاشق تو جانتے ہین وہ ایدل یہی سہی
ہر چند بے اثر ہے پر آہ و فغان چھوڑ

اُس طبع نازنین کو کہان تاب انفعال
جا سوس میرے واسطے اے بدگمان چھوڑ

ناچار دینگے اور کسی خوبرو کو دل
اچھا تو اپنی خوے بد اے بدزبان چھوڑ

زخمی کیا عدو کو تو مرنا محال ہے
قربان جاؤن تیرے مجھے نیمجان چھوڑ

کچھ کچھ درست ضد سے تری ہو چلے ہین وہ
یک چند اور کجروی اے آسمان چھوڑ

جس کوچہ مین گذار صبا کا نہو سکے
اے عندلیب اسکے لیے گلستان چھوڑ

گر پھر بھی اشک آئین تو جانون کہ عشق ہے
حقہ کا منہ سے غیر کی جانب دھوان چھوڑ

ہوتا ہے اس حجیم مین حاصل وصال حور
مومن عجب بہشت ہے دیر مغان چھوڑ

ردیف الزاء

ہے چشم بند تو بھی ہے آنسو رواں ہنوز
جی سرد ہو گیا ہے و لے دل طپان ہنوز

یہ دن دکھلے ہین سب فرقتے ہمکو اور
وہ رشک آفتاب نہین مہربان ہنوز

مر بھی گئے جدائی مین پردہ نشین کے پر
آیا نہین زبان پہ درد نہان ہنوز

ہم تیرہ بخت خاک مین بھی مل گئے دلے
کچھ کم نہین غبار دل آسمان ہنوز

یان امتحان مرگ سے فارغ ہوے ہین یار
وان اپنے ہی پہ مرنے کا ہے امتحان ہنوز

تشبیہ دی تھی مین نے کمین ابرو سے تجھ کو
تجھ کو نخچیر ہے لب شیرین دہان ہنوز

باغ جہان مین گو مرے خورد داد آگیا
یان ہے اُسی بہار پہ فصل خزان ہنوز

روز جزا نہ قتل کا انکار کر کہ ہین
دامن پہ تیرے میرے لہو کے نشان ہنوز

یان اپنا اُن کی چاہ مین مرنا یقین ہوا
وان اور ہی کے چاہنے کا ہے گمان ہنوز

مومن تو مدتون سے ہوے پر قبول درد
دل سے نہین گیا ہے خیال بتان ہنوز

ہجران کا شکوہ لب تلک آیا نہین ہنوز
لطف وصال غیر نے پایا نہین ہنوز

اے جذب دل وہ شوخ ستمگر تو یک طرف
پیغام لے کے بھی کوئی آیا نہین ہنوز

جا چک خدا کے واسطے اے موسم بہار
خاک عدو پہ پھول وہ لایا نہین ہنوز

یہ اہتمام جور ہے کیا تو نے اے فلک
انداز غفلت اس سے اڑایا نہین ہنوز

یک چند اور کاہش غم چشم التفات
مین یار کی نظر مین سمایا نہین ہنوز

واعظ ہمارے سامنے کرتا ہے وصف حور
سمجھا ہے اس نے جلوہ دکھایا نہین ہنوز

ہون خون گرفتہ یار و شفاعت سے فائدہ
صید اجل کسی نے چھوڑایا نہین ہنوز

کیونکر مجھے گناہ زلیخا یقین آے
دامن کو تیرے ہاتھ لگایا نہین ہنوز

کیا سوز رشک کی دل اغیار کو خبر
دوزخ نے کافرون کو جلایا نہین ہنوز

ایسے ستم کیے کہ مرا جی بھر آگیا
ہر چند سر فلک نے اُٹھایا نہین ہنوز

ناصح رقیب سے ہے بد آموز تر کہین
پر مین نے تیرا حال سنایا نہین ہنوز

ابکی وفور عشق صنم مین ہے گفتگو
مومن وہ لب پہ ہائے خدایا نہین ہنوز

لب پہ دم آیا ولے نالہ نہین ہے ہنوز
نغمۂ غم بھی ترا پردہ نشین ہی ہنوز

ہاے پس مرگ بھی دفن کرین مجکو غیر
خاک مین ملجاے چرخ برسر کین ہی ہنوز

لیکے دل و عقل و دین پھر پے غارت ہی عشق
اے اجل آچک کہین جان حزین ہی ہنوز

روز جزا کیون کیا خون کا مرے اتہام
مہر عدو بدگمان تجکو یقین ہی ہنوز

مردہ وحیران ہین کیا شبہہ پڑا دیکھنا
محو خود آرا ترا آئنہ بین ہی ہنوز

چاک سراپردہ سے جھانکے تھے وہ یکدن
سجدۂ محراب در شغل جبین ہی ہنوز

کیون نہین لاتا اُسے آہ مری یاد ہے
کہدو فلک سے دم بازپسین ہی ہنوز

دود دل و گرد غم کیون یہ امید اثر
وہ ہی فلک ہی ہنوز وہ ہی زمین ہی ہنوز

جھوٹ نہین تیرے پاس بیٹھتے ہین بے تمیز
چین بجبین کیون نہون فرش مین چین ہی ہنوز

وصل بتان کی دعا کرتے ہو شکر خدا
حضرت مومن تمھین دعوی دین ہی ہنوز

ردیف السین

یون ہی شعاع داغ مرے دل کے آس پاس
ہالہ ہو جس طرح مہ کامل کے آس پاس

ڈوبا جو کوئی آہ کنارے پہ آگیا
طغیان بحر عشق ہی ساحل کے آس پاس

یہ غیرت وفا کا اثر ہے کہ بوالہوس
بسمل تڑپتے ہین ترے بسمل کے آس پاس

کیا دعوی آہ جب نہ رہا مین ہی کس لیے
ہین جمع اقربا مرے قاتل کے آس پاس

اے قیس تیرے نالے کی غیرت کو کیا ہوا
لیلی نے رنگ باندھے ہین محمل کے آس پاس

مرجائین تا خوشی سے عدو وصل کی
یارو دعا کرو گلے مل مل کے آس پاس

کیا کیا جلی ہی بزم مین تجھ سے یہ جب پھرے
پروانے شمع شعلہ شمائل کے آس پاس

ہے تو ہی بیوفا نہین باور تو دیکھ لے
گل جامہ درہین گور غریبان کے آس پاس

کافر ہے کون ہم مین سے مومن پھرے ہے تو
کعبے کے آس پاس تو مین دل کے آس پاس

کھا گیا جی غم نہان افسوس
جل گئی غم کے مارے جان افسوس

میرے مرنے سے بھی وہ خوش نہوا
جی گیا یون ہی رائگان افسوس

شکوہ آزار غیر کا جو کرون
ہنسکے کہتا ہے وہ کہان افسوس

مرنے ہم غیر چھوٹتے نہ کیا
تو نے الفت کا امتحان افسوس

گل داغ جنون کھلے بھی نہ تھے
آگئی باغ مین خزان افسوس

کشتہ روز ہجر کا اس کے مرگ کرتی ہے ہر زمان افسوس
بیوفائی ہوئی وفا کا سبب غیر سے ہے وہ بدگمان افسوس
مرگ پر اپنے ناتوان کے ترے دل سے آیا نہ تا زبان افسوس
موت بھی ہوگئی ہے پردہ نشین راز رہتا نہین نہان افسوس

تھا عجب کوئی آدمی مومن
مرگیا کیا ہی نوجوان افسوس

ردیف الشین

کل دیکھ کے وہ عذار آتش کیا کیا ہی جلی ہے یار آتش
پھونکا تپ غم نے جی کو نکلے دل کے ترے اب بخار آتش
ہووے نہ مقابل تف دل بھڑکائے کوئی ہزار آتش
ہان سیر دکھائے گا کہین تو اے نالہ شعلہ بار آتش
اف ری تپ گرمی محبت اس نام پہ جان نثار آتش
دل کو مرے پوج گبر جس کو سجدے کرے بار بار آتش
تو نے تو وہان لگائی مہندی یان دل مین لگی نگار آتش
مت آئیو میری خاک پر تو برسے ہے سر مزار آتش
مین آہ زبانہ کش جو کھینچون باندھے ہے ابھی حصار آتش
دیکھے ہے تو اور لگی ہے دلمین اے دیدۂ اشکبار آتش

پڑھتا ہے کہین غزل جو مومن
لگ اٹھتی ہے ایک بار آتش

کہان نیند تجھ بن مگر آئے غش تو اک صورت خواب دکھلائے غش
تمہاری کدورت سے ہوش آگیا کیا بوسے گل نے مداوائے غش
نہ ٹھہرے بس آئینہ کو دیکھکر وہ اتنا کہ دیکھین تماشائے غش
قیامت جنون مین ہون نازک دماغ نہ کیون نکہت گل سے آجائے غش

ترے بال لاکر سونگھائے کہین — کہ غش ہوگئے چارہ فرمائے غش
نہو جب کہ میرا خیال وفات — تو کیا اس ستمگر کو پروائے غش
خبر لو مری تم کہان تک رہے — یہ حالت کہ غش پر چلا آئے غش

خدائی کا جلوہ ہے مومن کہ تو
گر اُس بت کو دیکھے تو ہو جائے غش

ردیف الصاد

روز ہوتا ہے بیان غیر کا اپنا اخلاص — چشم بد دور تمھین ہمسے بھی ہو کیا اخلاص
غیر کرتا ہے بیان مجھ سے تو مین کہتا ہون — ہارے ابتک تو نہین تجھ سے مرا اخلاص
غیر سے لطف کی باتین ہین مرے چھیڑ نیکو — دشمنی کہتے ہین جس کو وہ تمھارا اخلاص
ہم یہان سورۂ اخلاص کا پڑھتے ہین عمل — اور بڑھتا ہو وہان غیر سے اسکا اخلاص
مجھسے مل ورنہ رقیبون سے مین سب کہدونگا — دشمنی ابکی تری اور وہ پہلا اخلاص
جنبش لب کی ترے پوچھنے کو کیفیت — تیرے بیمار سے کرتا ہے مسیحا اخلاص
اس ستمگر نے بناوٹ کی لگاوٹ بھی نہ کی — ہائے قسمت مری کچھ کام نہ آیا اخلاص
پس قتل آمری خاطر سے ٹھہر جاتا دفن — ظالم آخر تجھے مجھ سے بھی کبھی تھا اخلاص
چاہتا ہو کہ دل اس تنگ قبا سے ہٹ جائے — میرے ناصح کا ہے دنیا سے نرالا اخلاص
اب انھین لکھتے ہین ہم خط مین سراسر دشمن — جنکو لکھتے تھے سدا یار سراپا اخلاص
موت بھی آنہ پھری پاس ہمارے شب ہجر — سچ تو یہ ہے کہ بُرے وقت مین کیسا اخلاص

مومن اس زہد ریائی سے بھی کیا بدتر ہو
اس بت دشمن ایمان سے ہمارا اخلاص

ردیف الضاد

بے صبر کو کہان تپ داغ جگر سے فیض — گلچین کو کب ہوا شجر بار ور سے فیض
زاہد نگاہ بھر کے وہ بے دید دیکھ لے — اتنا ہوا نہ خدمت اہل نظر سے فیض
یا وہ خط نگار مین ہم زہر کھا موے — کیا آب زندگی کا ہوا ہے خضر سے فیض

بالطبع گر کرم ہو تو مفلس بھی ہے کریم — ہوتا ہے سایہ کا شجر بے ثمر سے فیض
ہی چرخ سے امید کشایش عبث ہمین — کسکو ہوا ہے خانہ وابستہ در سے فیض
ملنے کو خاک ہی مین بخیلون کا مال ہے — دیکھو تو ہی کسی کو بھی غنچہ کے زر سے فیض
شب بھر کیا ہے مبداء فیاض کا گلہ — تو بھی عیان ہوا نہ دعائے سحر سے فیض
ترسا صنم پہ مر گئے ہم آہ جب نہین — جاری مسیح کے لب اعجاز اثر سے فیض
تصویر سے تری مجھے تسکین دل کہان — کیا خاک تشنہ کام کو آب گہر سے فیض

کیونکر نہ غم ہو خلق کو مومن کی مرگ کا
تھا سب کو اسکی ذات سراپا ہنر سے فیض

ہان مان کہا بیچ بوے زلف دوتا قرض — جان اب تو نہین حشر کے دن دینگے صبا قرض
سمجھین گے قیامت مین ستم پیشہ دم قتل — دیکھا نہ ادھر تو نے رہا خون بہا قرض
کیونکر دے فلک دام عدو کو درم داغ — مفلس کو جہان مین کوئی دیتا ہی بھلا قرض
گر کیجیے کہ کیون لیتے ہو تم دل کو تو وہ شوخ — کس نا سے کہتا ہے کہ یون دیتے ہو یا قرض
کچھ دینے کا بھی دیکھ لے اے آہ ٹھکانا — کس پوے پر لیتی ہے تو تاثیر دعا قرض
افلاس سے کھایا کیے غم سبز خطون کا — افسوس کہین زہر بھی ہمکو نہ ملا قرض
گن گن کے دیے داغ فلک نے مجھے گویا — آتا تھا یہ اسپر زر ناياب مرا قرض
آمد سے فزون خرچ ہے اے شور محبت — بختون کا مرے زخم سے کیونکر ہوا قرض

ہم قرض یہ نقد دل اسے دیتے ہین مومن
جس نے نہ کبھی آج تلک لیکے دیا قرض

ردیف الطاء

ہر غنچہ لب سے عشق کا اظہار ہے غلط — اس مبحث صحیح کی تکرار ہے غلط
کہنا پڑا درست کہ اتنا رہے لحاظ — ہر چند وصل غیر کا انکار ہے غلط
کرتے ہین مجھسے دعوی الفت وہ کیا کرین — کیونکر کہین مقولہ اغیار ہے غلط
یہ گرم جوشیان تری گودل سے ہون ولے — تاثیر نالہ ہاے شرر بار ہے غلط

کرتے ہو مجھ سے راز کی باتیں تم اس طرح
گویا کہ قول محرم اسرار ہے غلط

اٹھ جا کہاں تلک کوئی باتیں اٹھائے گا
ناصح تو خود غلط تری گفتار ہے غلط

تھا ربط غیر میں مرے مرنے کا انتظار
ہے شوخ بے وفا تو وفادار ہے غلط

کیا جذب انتظار کی تاثیر بے وفا
منکر نہو تو پہلے ہی اقرار ہے غلط

ہے حرف کامیابی دشمن میں ہمنشیں
مت کہہ درست وہم غلط کار ہے غلط

سچ تو یہ ہے کہ اس بت کافر کے دور میں
لاف و گزاف مومن دیندار ہے غلط

ردیف الظاء

بیان تو کیونکر نہ کرے ترک بتاں اے واعظ
ایسی حوریں تری قسمت میں کہاں اے واعظ

منتظر ہے کسی بت کا جو نہیں تو کیوں ہے
مجلس وعظ میں ہر سو نگراں اے واعظ

اب ذرا جان دہی کو ے بتاں کی باتیں
ہو چکا تذکرۂ باغ جناں اے واعظ

سچ ہے کافر تری تقریر سے کیونکر جلیں
شعلۂ آتش دوزخ ہے زباں اے واعظ

حور کی مدح میں کیا ترک صنم کا مذکور
یہی باتیں ہیں مرے دل پہ گراں اے واعظ

ڈر مری آہ سے ظالم نہ جلا جی کہ نہیں
یہ جہنم سے تو کم شعلہ فشاں اے واعظ

اہل جنت سے کرو دلبری حور کا ذکر
ایسی باتیں کوئی سنتا نہیں یاں اے واعظ

جو لعین تجھ سے بصد شوق وہ کیا ہونگے نہ کر
بس مرے سامنے حوروں کا بیان اے واعظ

کیسی آرام پس مرگ مگر کافر تو
اہل اسلام کا ہے دشمن جان اے واعظ

شرم کی بات نہیں ہے یہ اثر ہو کیونکر
نہ میں مومن ہوں نہ تو پیر مغاں اے واعظ

ردیف العین

کس ضبط پر شرار فشاں ہے فغان شمع
اک برق تھی جو لال نہ ہوتی زبان شمع

دل گرمی فریب پہ بھی میں نثار ہوں
پروانہ کیا مجال کرے امتحان شمع

روشن ہے اہل بزم پہ شکوہ نسیم کا
اس بہکتی زبان پہ دیکھو بیان شمع

آتا ہے بیکسون پہ تو جلاد کو بھی رحم
روتی ہے شمع آپ سرِ کشتگان شمع

مجھ بیگنہ کے قتل مین کیون سوچ دیکھ لے
بن بولے لوگ کرتے ہین قطع زبان شمع

ہے تار گریہ تار نفس اہل سوز کو
یعنے روان شمع ہے اشکے وان شمع

داغ جدائی دُر دندان دروے وزلف
ہے اشک شمع و شعلۂ شمع و دخان شمع

سب گرمی نفس کی ہین اعضا گدازیان
دیکھو نہ زندگی ہے سراپا زیان شمع

اسکو بھی کوئی پردہ نشین ہی جلاے ہے
فانوس سے سُنا ہے یہ رازنہان شمع

اک اور پڑھ دو مومن شعلہ زبان غزل
جل جائین جسکے رشک سے حاسد بسان شمع

محفل فروز تھی تب و تاب نہان شمع
پروانہ جل گیا کہ نہین رازدان شمع

تھا شب چراغ خانۂ دشمن وہ شعلہ رو
کیا کیا جلا ہے صبح تلک جی بسان شمع

اے سوز گریہ آگے تری آب و تاب کے
پانی بھرے ہے جلوۂ آتش فشان شمع

صحبت مین ایک رات کی کیا محو ہو گئی
اس بزم مین سحر کو نہ پایا نشان شمع

پہونچے تری نزاکت و گرمی کو کیا مجال
ہر چند موم جسم ہے اور شعلہ جان شمع

ہون داغ بدگمانی دل بسکہ یار پر
پروانہ کو ہے سادہ دلی سے گمان شمع

حیرت فزا ہے حسن بہت کیا عجب اگر
تھم جاے تیری بزم مین اشک روان شمع

گر دیکھ لے رخ عرق آلودہ کو ترے
گھل جاے سوز رشک سے تا استخوان شمع

تابتک یہ سوز دل ہے کہ میرے مزار پر
مائل ہوا زمین کی جانب دخان شمع

لائین نہ تاب حرف بتان کافران عشق
پروانہ کو جحیم ہے مومن زبان شمع

ردیف الغین

مت کہہ شب وصال کہ ٹھنڈا نہ کر چراغ
ظالم جلا ہے میری طرح عمر بھر چراغ

پروانے کیون نہ صدقے ہون اس آگ کے کہ ہے
ہر رشتہ فتیلۂ رخم جگر چراغ

سوختہ جگر ہون کہ پیمانہ وسبو
بنتے نہین ہین خاک سے میری مگر چراغ

زلفین اٹھاؤ رخ سے کہ دل کی جلن مٹے
بجھ جائے ہے ہمان مین وقت سحر چراغ

اس مہروش کے جلوہ کے قربان کیون نہون
پروانہ کو بھی رات نہ آیا نظر چراغ

کیا بے تکلف آئے صدا ہائے شمع رو
گر میرے آب اشک سے ہو نوحہ گر چراغ

ہم پیشہ کے ہے سامنے عرض ہنر ضرور
جلتا ہے میرے گھر مین بطرز دگر چراغ

کیا خوب روشنی ہو کہ چہرے کی تاب سے
ہے داغ بوالہوس تری مجلس مین ہر چراغ

غنچا نہ تنگ و تار ہے او ہم سیاہ روز
جلتے ہین یعنی چاہیے آٹھون پہر چراغ

ہے شام انتظار تماشائے سوختن
جلتے ہین تا بصبح ادھر ہم اُدھر چراغ

اُس شعلہ رو نے تا کہ پس مرگ بھی جلون
جلوائے دشمنون سے مری گور پر چراغ

مومن یہ شاعرون کا مرے آگے رنگ ہے
جون پیش آفتاب ہو نے نور تر چراغ

گلشن مین لالہ مین ہون کہ ہو دلنشین جلے داغ
اپنے تو دلنشین نہین کچھ بھی سوائے داغ

کیا دکھ نہ دیکھے عشق مین کیا کیا نہ پائے داغ
زخمون پہ زخم جھیلے ہین داغون پہ کھائے داغ

پہنا ہے کس کا جامۂ گلدوز غیر نے
کیون تنگ ہو گئی مرے تن پر قبائے داغ

کیا کہیے گر میان دل بیتاب کی کہ ہے
سینے مین ایک شعلہ جوالہ جائے داغ

کرتا ہے سخت ناخن غم رو خراشیان
دل کو پہ کس کے چہرے کے چیچک کے بھائے داغ

اُس رشک مہر و مہ کی نشانی ہے دیکھنا
اے چشم اشکبار کہین بہ نہ جائے داغ

چھوڑا نہ لالہ زار مین ساتھ اُسنے غیر کا
سو بار سینہ چیر کے مین نے دکھائے داغ

دیکھو تو سرد مہری چرخ اس سے گرم ہو
وان تو بغل رقیب کی یان دل جلائے داغ

دوزخ مین کچھ عذاب نہ پایا بسکہ مین
خو کردہ تھا بہ تاب و تب شعلہ ہائے داغ

رہ تو بغل مین غیر کے سینے سے لگ کے یان
پہلو برائے زخم ہے سینہ برائے داغ

تارون کے بدلے گن کے شب تار کاٹ دی
ایام ہجر مین مرے کیا کام آئے داغ

جلتا ہون اہل نار کی تبدیل جلد سے
مومن غضب ہے آتش لذت فزائے داغ

ردیف الفاء

مجلس مین تا نہ دیکھ سکون یار کی طرف — دیکھے ہے مجکو دیکھ کے اغیار کی طرف
کتنا شعاع مہر نے حیران کیا ہمین — تکتے ہین کب سے روزن دیوار کی طرف
وہم فغان غیر نے سینہ جلا دیا — آتش لگی تھی کوچۂ دلدار کی طرف
شام فراق خواب عدم کا ہے انتظار — آنکھین لگی ہین دولت بیدار کی طرف
اس نے دکھا دکھا کے مجھے چھیڑ دیکھنا — گل پھینکے عندلیب گرفتار کی طرف
ہے کیا قبول سجدۂ شہیدان عشق کا — ہون غوث سر جھکاتے ہی تلوار کی طرف
دیکھ اشک لالہ گون قرین سنے ہنس دیا — دیکھا نہ میرے دیدۂ خونبار کی طرف
گلبانگ نالہ ہے یہ نیا گل کھلا مگر — گذری نسیم آہ چمن زار کی طرف
اب رشک زخم یار پہ منصف کرین کسے — کی آکے موت نے بھی تو اغیار کی طرف
دل بعد قتل بھی نہین پھرتا کہ گورمین — منھ پھر گیا ہے کوے ستمگار کی طرف

کافر گلے لگا ہے تو مومن کے مت مگر
دیکھ اپنے نقش رشتہ زنار کی طرف

ردیف القاف

وہ جو زندگی مین نصیب تھا وہی بعد مرگ ہا قلق — یہ قلق ہے کیسا کہ ہے ستم گئی جان پر نہ گیا قلق
کسی کے خرام کی یاد مین تہ خاک بھی یہ رہا قلق — کہ زمین کو زلزلہ آئے ہے جو لٹائے مجکو ذرا قلق
پے ہم ہے حالت جانکنی غرض اب تو جان پر آبنی — یہ عذاب مرگ ہے یا تپش یہ خدا کا قہر ہے یا قلق
یہ گمان کی جی کو بلا لگی مری ہائے کیونکہ ہو زندگی — کوئی کیا جیے جو ہوا یہ سا شب و روز صبح و مسا قلق
شب ہجر روز وصال کی تری شوخیا جو نظر مین تھین — کہون کیا تغیر حال دل کبھی تھا سکون کبھی تھا قلق
نہین چارہ میری اگر انھین نہین راہ دلمین تو کس لیے — مجھے روتے دیکھ کے رو دیا مرا حال سُن کے ہوا قلق
غم ہجر یار کے ہاتھ سے شب و روز ہو مین عذاب مین — ہے ہمیشہ ایک نئی تپش ہے مدام ایک نیا قلق
شب وعدہ جذبۂ شوق سے ہوئی کشمکش یہ ستم ہوا — کہ وہ آتے آتے جو تھم گئے تو کسی طرح نہ تھنبا قلق
کہا جان لب پہ ہون جو آئے تو مری زندگی ہو تو یون کہا — ترے جینے کی مجھے کیا خوشی ترے مرنے کا مجھے کیا قلق

یہ شرارتون کی شکایتین یہ جلانا غیر کا دیکھنا — کیے مجھ سے وہ ترے ہاتھ سے نہین چین مجکو سو اقلق
نظر ابر پر جو کبھی پڑے تو خیال رونے کا آجدے — جو تپش کو برق کی دیکھون تو مجھے یاد آوے تر اقلق

یہی دین اگر ہے تو چھوڑ دو طرف اس صنم کے نہ رخ کرو
جسے مومن آپ کے واسطے ہے مثال قبلہ نما قلق

قہر ہے موت ہے قضا ہے عشق — سچ تو یون ہے بری بلا ہے عشق
اثر غم ذرا بتا دینا — وہ بہت پوچھتے ہین کیا ہے عشق
آفت جان ہے کوئی پردہ نشین — کہ مرے دل مین آچھپا ہے عشق
بوالہوس اور لاف جانبازی — کھیل کیسا سمجھ لیا ہے عشق
وصل مین خیال شادی مرگ — چارہ گر درد بے دوا ہے عشق
سوجھے کیونکر فریب دلداری — دشمن آشنا نما ہے عشق
کس ملاحت سرشت کو چاہا — ملخ کامی پہ با مزا ہے عشق
ہم کو ترجیح تم پہ ہے یعنے — دلربا حسن و جان ربا ہے عشق
دیکھ حالت مری کہین کافر — نام دوزخ کا کیون دھرا ہے عشق
دیکھیے کس جگہ ڈبودے گا — میری کشتی کا ناخدا ہے عشق
اب تو دل عشق کا مزا چکھا — ہم نہ کہتے تھے کیون برا ہے عشق
آپ مجھ سے نباہین گے سچ ہے — با وفا حسن و بے وفا ہے عشق
مین وہ مجنون وحشت آرا ہون — نام سے میرے بھاگتا ہے عشق

قیس و فرہاد و وامق و مومن
مر گئے سب ہی کیا وبا ہے عشق

ردیف الکاف

امتحان کے لیے جفا کب تک — التفات ستم نما کب تک
غیر ہے بیوفا پہ تم تو کہو — ہے ارادہ نباہ کا کب تک
جرم معلوم ہے زلیخا کا — طعنۂ دست نارسا کب تک

مجھ پہ عاشق نہین ہے کچھ ظالم — صبر آخر کرے وفا کب تک
دیکھیے خاک مین ملاتی ہے — نگہ چشم سرمہ سا کب تک
کہین آنکھین دکھا چکو مجکو — جانب غیر دیکھنا کب تک
نہ بلائین گے وہ نہ آئین گے — جوش لبیک و مرحبا کب تک
ہوش مین آ تو مجھ مین جان نہین — غفلت جرأت آزما کب تک
لے شب وصل غیر بھی کاٹی — تو مجھے آزمائے گا کب تک
تم کو خو ہو گئی برائی کی — درگذر کیجیے بھلا کب تک

مر چلے اب تو اس صنم سے ملین
مومن اندیشۂ خدا کب تک

ہم مین اور نزع شب ہجر مین جان ہونے تک — صبر آتا ہی کوئی تاب و توان ہونے تک
آسمان فتنہ کچھ ایسا نہین اے اہل جہان — کوئی باقی نہین رہنے کا امان ہونے تک
شمع ساں اپنی تپش ہے تو سنے یا نہ سنے — طے نہ ہووے گا یہ افسانہ زبان ہونے تک
اس چمن زار کا حسرت سے نظارہ کرلے — اے نگہ دیدۂ ہر سو نگران ہونے تک
کون جیتا ہے ترے زلف کے سر ہونے تک — سخت جانی ہی ترے دل مین گران ہونے تک
گریہی نالۂ جانکاہ کے مین شور و شغب — دم رہا کاہے کو تاثیر فغان ہونے تک
ہاتھ شاید کہ وہ سرمایۂ حسن آجاوے — کچھ نہ کچھ فائدہ ہی جی کے زیان ہونے تک
غم و غصہ سے ہی خلقت مری جون طفل سرشک — نہین کرنے کی وفا عمر جوان ہونے تک

ضد ہوئی محتسب و پیر مغان مین مومن
عید ہر روز ہی اب کی رمضان ہونے تک

پھر چھوڑون گو وہ کرے چاک جیب جان تک — ہاتھ پہونچا چاہیے اس شوخ کے دامان تک
خاک دے آنکھون کو میری گر وہان کی مجھسے تو — سب مکدر ہین ہوائے کوچہ جانان تک
اول الفت ہی یار وصل ہی مین ہو وصال — ہم کو تو جیتا نہ رکھیو آمد ہجران تک
سینے سے گھبرا کے آخر جان لب پر آگئی — حال پہونچا یار تک اور تم نہ آئے یان تک

ل کا جلسہ بھولتا ہر گز نہیں اے اضطراب — آج پھر لیجل کسی ڈھب سے مجھے تو وان تلک
ر مثل سیخ ہو کنوئین کے پاس پیاسا آئے ہے — کیون نہ آپہونچی زلیخا مصر سے کنعان تلک
طالع برگشتہ اے شوق شہادت دیکھنا — مرگ و قاتل پھر گئے سب خنجر بران تلک
یندہ مین یارب دوپٹہ کس کے منہ سے ہٹ گیا — ہے زمین سے روشنی افلاک نورافشان تلک

شوق بزم احمد و ذوق شہادت ہے مجھے
جلد مومن لے پہونچ اس مہدی دوران تلک

ردیف الکاف فارسی

لگائی آہ نے غیرون کے گھر آگ — ہوے کیا کیا وہ اتنی بات پر آگ
وفور اشک و طغیان فغان ہے — کدھر جاؤن اِدھر پانی اُدھر آگ
سمندر کر دیا آتش رخون نے — کہ گر پڑتا ہون آتے ہی نظر آگ
جلایا آتش ہجران نے دل کو — ترے گھر مین لگی اے بےخبر آگ
نچوڑین گے ہم اپنا دامن تر — جہنم مین ہے اے واعظ اگر آگ
وہان تاب رخ دیان آتش دل — جدھر دیکھو اُدھر ہے جلوہ گر آگ
جلے کیا کیا شجر تربت پہ میری — دبی تھی لاش کے بدلے مگر آگ
زبس غیرون سے ہے وہ گرم صحبت — مرا جلتا ہے جی کیا دیکھ کر آگ
دھوان اٹھتا ہے دل سے وقت گریہ — بجھا دی تو نے کیا اے چشم تر آگ
حصول سوز دل جز داغ کیا ہو — کہ نخل شعلہ لاتا ہے ثمر آگ
نکالا رنگ عالم سوز کس نے — یہ کیون بکھری پڑی ہے دربدر آگ

پڑھے مومن نے کیا کیا گرم اشعار
بھری تھی دل مین یارب کس قدر آگ

ردیف اللام

مجھ پہ بھی تجکو رحم نہین یہ کرخت دل — کم ہوے گا جہان مین تجھ سا بھی سخت دل
داغ جنون و سنگ در یار ہو نصیب — کرتا ہے رات دن ہوس تاج و تخت دل

گر جانتے کہ ہے شب ہجراں یہ کچھ بلا
دیتے کسی کو کاہے کو ہم تیرہ بخت دل
الماس ریزہ تھے مرے آنسو کہ ضبط سے
ہو ہو پاش پاش سب جگر اور لخت لخت دل

کیا شبہ مومن آہن و فمری کے کفر مین
کرتے ہین نذر جلوۂ سنگ و درخت دل

مرد عشق ستیزہ کار ہے دل
ملک الموت سے دوچار ہے دل
بسکہ مشتاق ناز یار ہے دل
ستم آموز روزگار ہے دل
زلف مشکین مین کاہے کو رکھتے
کیا خبر تھی اُنھین نگار ہے دل
وصل جانان کہان سوائے خیال
ہم ہین مایوس امیدوار ہے دل
دیکھ افراط زخم و کثرت داغ
سینہ گلزار و لالہ زار ہے دل
بس کہ تھے ہم زبان گلی مین تری
دل سے مین مجھ سے شرمسار ہے دل
بے دواد رد و بیوفا ہے وہ شوخ
بے اثر آہ و بے قرار ہے دل
تیرہ بختون کی پیچ و تاب نہ پوچھ
غیرت زلف تابدار ہے دل
بس کہ اُسنے جلاکے خاک کیا
سر عشاق کا غبار ہے دل
کیا کہون مین ہجوم یاس و امید
رشک ہنگام انتظار ہے دل

شب ہجراں کو سمجھا روز جزا
مومن ایسا سیاہ کار ہے دل

کیا کرون کیونکر رکون ناصح رکا جاتا ہے دل
پیش کیا چلتی ہے اس سے جس پہ آجاتا ہے دل
سوزش پروانہ دکھلاتے ہو کیا مین کیا کہون
دیکھ جلتے شمع محفل کو جلا جاتا ہے دل
یا الٰہی مجھ کو کس پردہ نشین کا غم لگا
سینے مین اندر ہی اندر کچھ گھلا جاتا ہے دل
حیرت دیدار بس آئینہ رکھ دے ہاتھ سے
اپنی حالت دیکھ کر ظالم کٹا جاتا ہے دل
کوئی محنتا ہی نہین بکتا ہے کیون دیوانہ وار
میرے دل کے ساتھ ناصح کا بھی کیا جاتا ہے دل
مت بگڑ تو ہر زہ گردی سے مری انصاف کر
کچھ بھی بن آتی ہے جب اے بیوفا جاتا ہے دل
وہ ستمگر دیکھیے رہتا ہے یا جاتا ہے دل
کیا بنے گی دیکھیے رہتا ہے یا جاتا ہے دل

تھ اٹھائے کس کے دل سے کس کے سینے پر دھرے
ہاتھ سے اغیار کا بھی تو چلا جاتا ہے دل

مدگر یہ دم اندوہ بے موجب نہیں
سینے میں رکتا ہے جب آنکھوں میں آجاتا ہے دل

چاہتا ہوں میں تو مسجد میں رہوں مومن پر لے
کیا کروں بتخانہ کی جانب کھنچا جاتا ہے دل

ردیف میم

شام سے تا صبح مضطر صبح سے تا شام ہم
ایک عالم میں ہیں کیوں اے گردش ایام ہم

شب بے ہے تجھ بن زبس بیچین و بے آرام ہم
صبح تک رویا کیے لے لے کے تیرا نام ہم

یار دشمن نے ستایا جبکہ ہم عاشق ہوئے
ہے کنہ اپنا ہی پھر دیوین کسے الزام ہم

کیا مزا پایا عدو سے بے مزہ ہو آپ نے
تلخکام عشق میں تھے لائق دشنام ہم

پسکہ اک پردہ نشین کے عشق میں ہی گفتگو
بات بھی کرتے نہیں جز صنعت ایہام ہم

آن بیٹھا کون کوٹھے پر جو یون حیران سے
خاک پر چپکے پڑے تکتے ہیں سوے بام ہم

تو خبر لا کیا کہا قاصد سے چھپتے پھرتے ہیں
ہمدم اس پردہ نشین کو بھیجکر پیغام ہم

اس سیہ بختی پہ رکھیں تجھ سے امید وفا
ایسے سودائی نہیں اے شوخ لیلے فام ہم

آئینہ کا بوسہ لے تو عکس لب کو دیکھ کر
اور بس رہ جائیں یون ناکام اے خود کام ہم

پہنچتے وان تک تو اس پردہ نشین کو دیکھتے
کاش ہوتے چشم نرگس دیدۂ بادام ہم

گر ترے کوچے کو دی کعبہ سے نسبت کیا گناہ
مومن آخر تھے کبھی لے دشمن اسلام ہم

سرمہ ہیں اس چشم جادو فن میں ہم
خاک ڈالیں دیدۂ دشمن میں ہم

ناتوان تھے پر نہ چھوڑا مثل خار
خود الجھ کر رہ گئے دامن میں ہم

غیر کو جھانکا تو ڈھیلے آنکھ کے
دیکھنا رکھ دیوین گے روزن میں ہم

پھولے جامہ میں سماتے ہی نہیں
وصل شوخ چست پیراہن میں ہم

اور شبنم دن کو ٹھہرے کیا مجال
روئے ہیں اے مہروش گلشن میں ہم

کر دیا اس جلوہ نے مجنون چلو
خاک اڑائیں وادی ایمن میں ہم

دل مین ناصح آئے کیا اپنا خیال
جا سکے کب یار کے مسکن مین ہم
جوش وحشت نے اٹھایا لاش کو
اپنے پانؤن سے گئے مدفن مین ہم

توڑنا مومن نہ پیمان الست
ہین مسلم عاشقی کے فن مین ہم

پاتے تھے چین کب غم دوری سے گھر مین ہم
راحت وطن کی یاد کرین کیا سفر مین ہم
اس طرح خاک چھانتے پھرتے نہ دشت دشت
ہوتے جو پائمال کسی رہگذر مین ہم
لکھتے ہین اک پری کو کچھ آوارگی کا حال
باندھینگے نامہ طائر مجنون کے پر مین ہم
تھین دشت سے زیادہ تراس کو مین سختیان
کیا پھوڑین سر تصور دیوار و در مین ہم
ہے یاد رطب و یابس تقریر ناصحان
کیا بولین شکوۂ سفر بحر و بر مین ہم
یکسان ہے شام غربت و صبح وطن اثر
پائین فغان شب مین نہ آہ سحر مین ہم
اُس گل کے غم مین پھولتے پھلتے تو رشک سے
کیون جلتے سایۂ شجر بار در مین ہم
ولی سے رام پور مین لایا جنون کا جوش
ویرانہ چھوڑ آئے ہین ویرانہ تر مین ہم
جانین اثر جب لے رقم جذب اشتیاق
دکھین زمام ناقہ کف نامہ بر مین ہم

وصل بتان کے دن تو نہین یہ کہ ہو وبال
مومن نماز قصر کرین کیون سفر مین ہم

غم ابرو مین بھرتے ہین دم شمشیر اکثر ہم
کیا کرتے ہین اپنے قتل کی تدبیر اکثر ہم
کمان کھینچے ہو وہ اور ہم خجالت سخت جانی سے
وہ دل توڑے ہے اپنا اور اسکے تیر اکثر ہم
کسی کی زلف پیچیدہ کے کیا سودے مین بکتے ہین
کیا کرتے ہین کیا کیا پیچ کی تقریر اکثر ہم
چمن کو جھانکتے ہین روزن دیوار سے گویا
کہ دیکھا کرتے ہین داغون کو سینہ چیر اکثر ہم
ہمے تم کیون خفا تاثیر سے آہ رسا کی اب
کیا کرتے تھے یہ تو پہلے بھی تقصیر اکثر ہم
لگی آگ آتش غم کو زبان خامہ شعلہ ہے
جلا دیتے ہین سو سو خط دم تحریر اکثر ہم
جبین یا تک تو سنگ آستان پر تیرے گھستے ہین
مٹا دیتے ہین لفظ دفتر تقدیر اکثر ہم
وہان چھوٹا گلے لگنا کہ شوق ہمکناری مین
لگاتے تھے گلے سے غیر کی تصویر اکثر ہم

عجب جالے ہے سودے مین تری زلف مسلسل کے
کہ سر سے باندھتے ہین پاؤن کی زنجیر اکثر ہم

نہین پاتے اثر اپنا یہ غیرت کا اثر دیکھا
کہا کرتے تھے بیتابی کو دے تاثیر اکثر ہم

یہ اب کیون پڑ گئے جون نے گلو سے نالۂ زار
آلہی رو کتے تھے نالہ شبگیر اکثر ہم

نہ تھی مسجد مین برکت ورنہ وہ بت رام ہو جاتا
گئے مومن فسون پڑھنے پے تسخیر اکثر ہم

دیگر

کب چھوڑتے ہین اس ستم ایجاد کے قدم
سر ہے ہمارا اور رہین جلاد کے قدم

کیا ٹھہرے فوج غم کے مقابل فغان و آہ
جمتے نہین ہین شکر برباد کے قدم

اب تک گیا نہ باغ مین تو بہر انتظار
سن ہو گئے کھڑے کھڑے شمشاد کے قدم

پابوس یار کرتے ہوے کھینچ دیوے تو
تصویر میری چوم لے بہزاد کے قدم

اے ہمدمان باغ رہا ہون پہ کیا کرون
اٹھتا نہین ہے کوچہ سے صیاد کے قدم

تلوار لے کے گھر سے جو نکلا وہ جنگجو
تاثیر نے لیے مری فریاد کے قدم

سر پر یہ کوہ غم گرا اٹھاتا تو بوجھ سے
دھنس جاتے بے ستون مین فرہاد کے قدم

خواب عدم حرام ہے یاران انتظار مین
کیا سو گئے اجل تری بیداد کے قدم

کیا ہووے دل پہ ہاتھ دھرے سے مگر کھے
سینے پہ وہ ہی عاشق ناشاد کے قدم

پامال جہل حضرت مومن بغیر ہون
دکھلاے پھر خدا مجھے استاد کے قدم

ٹھانی تھی دل مین اب نہ ملین گے کسی سے ہم
پر کیا کرین کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم

ہنستے جو دیکھتے ہین کسی کو کسی سے ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہین کس بیکسی سے ہم

ہم سے نہ بولو تم اسے کیا کہتے ہین بھلا
انصاف کیجیے پوچھتے ہین آپ ہی سے ہم

بیزار جان سے جو نہ ہوتے تو مانگتے
شاہد شکایتون پہ تری مدعی سے ہم

اس کو مین جامرین گے مدد لے ہجوم شوق
آج اور زور کرتے ہین بے طاقتی سے ہم

صاحب نے اس غلام کو آزاد کر دیا
لو بندگی کہ چھوٹ گئے بندگی سے ہم

بے روئے مثل ابر نہ نکلا غبار دل
کہتے تھے اُن کو برق تبسم ہنسی سے ہم

ان ناتوانیون پہ بھی تھے خار راہ غیر
کیونکر نکالے جاتے نہ اسکی گلی سے ہم

کیا گل کھلے گا دیکھیے ہے فصل گل تو دور
اور سوے دشت بھاگتے ہین کچھ ابھی سے ہم

منھ دیکھنے سے پہلے بھی کس دن وہ صاف تھا
بے وجہ کیون غبار رکھین آرسی سے ہم

ہے چھیڑ اختلاط بھی غیرون کے سامنے
ہنسنے کے بدلے روئین نہ کیون گدگدی سے ہم

وحشت ہے عشق پردہ نشین مین دم بکا
منھ ڈھانکتے ہین پردہ چشم پری سے ہم

کیا دل کو لے گیا کوئی بیگانہ آشنا
کیون اپنے جی کو لگتے ہین کچھ اجنبی سے ہم

لے نام آرزو کا تو دل کو نکال لین
مومن نہون جو ربط رکھین بدعتی سے ہم

جو پہلے دن ہی سے دل کا کہا نہ کرتے ہم
تو اب یہ لوگون کی باتین سنا نہ کرتے ہم

اگر نہ ہاتھ مین اس دلربا کے دل دیتے
تو دل پہ ہاتھ سدا دھر لیا نہ کرتے ہم

اگر نہ دام مین زلف سیہ کے آجاتے
تو یون خراب و پریشان رہا نہ کرتے ہم

اگر نہ لگتی چپ اس بدگمان کی شوخی سے
تو بات بات مین مضطر ہوا نہ کرتے ہم

اگر جلاتے نہ اُس شعلہ رو کے عشق مین جی
تو سوز آتش غم سے جلا نہ کرتے ہم

نہ جاتے اس بت ہرجائی کی گلی مین اگر
تو دوڑے دوڑے قلق سے پھرا نہ کرتے ہم

اس آفت دل وجان پر اگر نہ مرجاتے
تو اپنے مرنے کی ہر دم دعا نہ کرتے ہم

نہ بھرتے دم جو کسی شعلہ رو کی خواہش کا
تو ٹھنڈے سانس ہمیشہ بھرا نہ کرتے ہم

اگر نہ آنکھ تغافل شعار سے لگتی
تو بیٹھے بیٹھے یہ یون چونک اٹھا نہ کرتے ہم

نہ ہوش کھوتے اگر اس پری کی باتون پہ
تو آپ ہی آپ یہ باتین کیا نہ کرتے ہم

نہ کرتے اس کی برنگ حنا جو پابوسی
تو شکل برگ حنا یون پسا نہ کرتے ہم

اگر نہ ہنسنا ہنسانا کسی کا بھا جاتا
تو بات بات پہ یون رو دیا نہ کرتے ہم

نہ لگتی آنکھ تو دن رات سوتے ہی رہتے
کسی کی چاہ نہ کرتے تو کیا نہ کرتے ہم

اگر نہ دیکھتے وہ پیاری پیاری صورت آہ
تو ایک ایک کے منھ کو تکا نہ کرتے ہم

جو غم بتون کا نہوتا تری طرح مومن
تو دیکھ چرخ کو ہے ہے خدا نہ کرتے ہم

الجھے نہ زلف سے جو پریشانیون مین ہم
کرتے ہین اس پہ ناز ادا نیون مین ہم

سرگرم رقص تازہ ہین قربانیون مین ہم
سرخی سے کس کی آئے ہین حنا نیون مین ہم

ثابت ہی جرم شکوہ نہ ظاہر گناہ رشک
حیران ہین آپ اپنی پشیمانیون مین ہم

مارے خوشی کے مر گئے صبح شب فراق
کتنے سبک ہوے ہین گرانجانیون مین ہم

آتا ہی خواب مین بھی تری زلف کا خیال
بے طور گھر گئے ہین پریشانیون مین ہم

دیکھا ادھر کو تو نے کہ بس دم نکل گیا
اترے نظر سے اپنی نگہبانیون مین ہم

اب قید سے امید رہائی نہین رہی
ہمدرد پاسبان ہین زندانیون مین ہم

ورد زبان ہین اس نگہ سرمگین کے وصف
تلوار کر رہے ہین صفاہانیون مین ہم

آہون نے اپنی بوالہوسون کو رُلا دیا
ہین رشک چشم بارفسون خوانیون مین ہم

وہ صید ناتوان ہین کہ اس اضطراب پر
اچھلے نہ آب تیغ کی طغیانیون مین ہم

معمور اس قدر ہین ترے وحشیون سے دشت
گنتے ہین شہریون کو بیابانیون مین ہم

پیش نظر ہے کس کا رخ آئنہ گداز
روتے ہین اپنے حال پہ حیرانیون مین ہم

کھا کھا کے زخم سوے نمک زار پر دریغ
کھو بیٹھے اپنی جان تن آسانیون مین ہم

مومن حسد سے کرتے ہین سامان جہاد کا
ترسا صنم کو دیکھ کے نصرانیون مین ہم

دل آگ ہے اور لگائین گے ہم
کیا جانے کسے جلائین گے ہم

وادی پہ جو اپنے آئین گے ہم
کیا قیس کی خاک اڑائین گے ہم

اب گریہ مین ڈوب جائین گے ہم
یون آتش دل بجھائین گے ہم

خنجر تو نہ توڑ سخت جانی
پھر کس کو گلے لگائین گے ہم

گر غیر سے ہے یہ رنگ صحبت
تو اور ہی رنگ لائین گے ہم

تو بخت عدو اجل فلک دل
کس کس کے ستم اٹھائین گے ہم

اے پردہ نشین نہ چھپ کہ تجھ سے
پھر دل بھی یوں ہی چھپائین گے ہم

بھیجین گے عدو کے ہاتھ پیغام
حال دل اسے جتائین گے ہم

مت لال کر آنکھ اشک خون پر
دیکھا اپنا لہو بہائین گے ہم

دشمن کے کہے سے روٹھتا ہے
وہ ہی کہے تو منائین گے ہم

کترا ہے جو گوشۂ سرخط
مطلب ہے کہ سر اڑائین گے ہم

ٹھہرو کوئی دم کہ جان ٹھہرے
مت جاؤ کہ جی سے جائین گے ہم

دم دیتے تو ہو پہ یہ سمجھ لو
دشمن کی قسم دلائین گے ہم

کیون غش ہوے دیکھ آئینہ کو
کہتے تھے کہ تاب لائین گے ہم

دزدیدہ نظر ہے کیون دم قتل
کیا مرنے سے جی چرائین گے ہم

گر ہے دل غیر نقش تسخیر
تو تیرے لیے جلائین گے ہم

آئینہ زنگ غم نے توڑا
کیونکر اسے منہ دکھائین گے ہم

کیا پوچھے ہے رکھ تو دیکھ دشنہ
آپ ہی گردن جھکائین گے ہم

کہہ اور غزل بطرز و اسوخت
مومن یہ اسے سنائین گے ہم

اب اور سے لو لگائین گے ہم
جون شمع تجھے جلائین گے ہم

برباد نہ جاے گی کدورت
کیا کیا تری خاک اڑائین گے ہم

سر دوش عدو پہ رکھ کے بیٹھے
جانا نہ کہ سر اٹھائین گے ہم

بگڑے تو کرین گے اور سے صلح
تجھ پر بھی بری سنائین گے ہم

دل دے گے اک اور لالہ رو کو
ہر داغ پہ داغ کھائین گے ہم

لب کاترے دعوے مسیحی
مر اور پہ آزمائین گے ہم

گر خواب مین بھی ادھر کو دیکھا
آنکھین مژہ کو دکھائین گے ہم

گر تیری طرف کو بے قراری
کھینچے گی تو لوٹ جائین گے ہم

گر دیکھ کے ہنس دیا ہمین تو
منہ پھیر کے مسکرائین گے ہم

کیا ذکر ہے ہونٹ چاٹنے کا — کچھ اور مزہ چکھائین گے ہم
پھر تیری ہوا کا دم بھرا تو — جی ہی کو ہوا بتائین گے ہم
گر خواب مین آن کر جگایا — سوتے مردے جگائین گے ہم
آتا ہے گلے سے دھیان تیری — خاطر مین ستم نہ لائین گے ہم

بخانۂ چین ہو گر ترا گھر
مومن ہین تو پھر نہ آئین گے ہم

ردیف نون

صفحۂ جیحون پر کبھی ہم سوزش دل لکھواتے ہین — سارے حباب لب دریا بخارے سے بجھاتے ہین
آپکے کل تم جھوٹ ہی ایسی باتونمین ہم کب آتے ہین — اُس سے کہو جو تم کو نہ جانے آپ کے فرماتے ہین
پھرتے ہین سو سو سو سے جی مین دلمین سو دے آتے ہین — کوٹھے پر وہ دھوپ مین اپنے بال کھڑے سکھلاتے ہین
سوزش دل جب کہتے ہین تب آنسو وہ بھر لاتے ہین — موم کے مانند آتش غم سے پتھر کو پگھلاتے ہین
آپ ہوائے ملک محبت راس نہین ہے ہمکو تو — ہوتے ہین لاغر اور زیادہ جتنا ہم غم کھاتے ہین
کسکی خبر اب آنیکی ہے کس لیے ہے یہ بیتابی — کس لیے ہم ہین ہر دم پھرتے آتے ہین ور جاتے ہین
شکوہ کیا بیداد کریگا کیجیے اس سے دیکھو تو — دیکھے ہی ظالم خنجر جب ہم زخم جگر دکھلاتے ہین
ناف ہی کی شرت اشک و تبسم بل بے ہجوم یاس و امید — جی ہی دھڑکتا ملنے کی اسکے فال تو ہم کھلواتے ہین
خط غلامی لکھدے غیرت تو بھی گلہ کیا لکھیے اب — چھیڑ تو دیکھو میرا خط وہ غیرون سے پڑھواتے ہین
ہوش گئے یان دل سے پہلے ہو دے سمجھ تو سمجھین بات — یہ تو سمجھیے حضرت ناصح آپ سے سمجھاتے ہین
کیا کہین تم سے اے ہمدرد و پوچھو مت مرغان چمن — کینکر یان ایام خزان اور ہجر کے دن کٹ جاتے ہین
کنج قفس مین بیٹھے کیا ہے روتے ہین تنہائی پر — یاد سیر موسم گل سے گاہے جی بہلاتے ہین
شام سے اپنے سو رہے وہ تو اور ہم انکے کوچمین — ولولہ ہاے شوق سے کیا کیا پھرتے ہین گھبراتے ہین
کرتے ہین آواز زفیری دیتے ہین دستک سو سو بار — گھر مین پتھر پھینکے ہین تب بیدرد نکلکر آتے ہین

کیا کسی بت کے دل مین جگہ کی کوئی ٹھکانا اور ملا
حضرت مومن اب تمھین کچھ ہم مسجد مین کم پاتے ہین

عشق نے یہ کیا خراب ہمین
کہ ہے اپنے سے اجتناب ہمین

بسکہ پردہ نشین ہم مرتے ہین
موت سے آئے ہے حجاب ہمین

کیسی حیرت سے اے سبک روحی
دیکھے ہے دیدۂ حباب ہمین

شب فرقت مین خاک جھکے آنکھ
یاد ہے چشم نمخواب ہمین

وہ حفاکش ہین اے فلک کہ کیا
اس ستمگر نے انتخاب ہمین

دم رکے ہے بہشت مین تو کوئی
اسکے گھر لے چلو شتاب ہمین

غیر سے ہے وہ گرم صحبت مے
کیون نہ غیرت کرے کباب ہمین

کس کی زلفون کی بو کریم مین تھی
ہے بلا آج پیچ و تاب ہمین

غیر کے واسطے نہ ہو بیتاب
طعنہ دیتا ہے اضطراب ہمین

اب کوئی کیا کرے علاج افسوس
موت نے بھی دیا جواب ہمین

اے تپ ہجر دیکھ مومن ہین
ہے حرام آگ کا عذاب ہمین

لاش پر آنے کی شہرت شب غم دیتے ہین
اے پری ہم ملک الموت کو دم دیتے ہین

دھیان آیا ہی ترے منھ مین زبان لینے کا
جی ہم اے شوخ پے سیر عدم دیتے ہین

کر دیا خانۂ اغیار ہوسناک خراب
داد رونے کی مرے دیدۂ نم دیتے ہین

مر گئے رشک سے ہم تو کہ وہ دشمن کو خطاب
خط ترسائی پہ اعجاز رقم دیتے ہین

سبزۂ پشت لب یار دلاتے ہین یاد
گھول کر شہد مین دشمن مجھے سم دیتے ہین

دم نہ لے اے اثر آہ کہ معلوم ہوا
جن پہ ہم دیتے ہین ہم وہ ہمین دم دیتے ہین

کیا دوا سے ہو تری رنجش ہر دم کا علاج
چارہ گر کیون مجھے رنج پے ہم دیتے ہین

کیا پڑی رہتی ہی اے پردہ نشین جون ہمایہ
بد دعائین تری چلون کو جو ہم دیتے ہین

لذت جور کشی نے مجھے شرمندہ کیا
طعنے کیا کیا اسے ارباب ستم دیتے ہین

مدعا یہ ہی کہ غیرت سے مین سم کھا جاؤن
اسلیے غیر کو وہ اپنی قسم دیتے ہین

اہل بازار محبت کا بھی کیا سودا ہے
عشرت عمر ابد قیمت غم دیتے ہین

خون بہا قاتل بیدرد سے مانگا کس نے
کہ فرشتے مجھے یاں داغ درم دیتے ہین

کعبہ کا دہیان نہو حضرت مومن کو کہ جان
حسرتون سے پس دیوار صنم دیتے ہین

ناصح نادان یہ دانائی نہین
دل کو سمجھاؤن مین سودائی نہین

کس توقع پر امید وصل اب
طاقت صبر و شکیبائی نہین

دعوے حسن جہان سوز اسقدر
پھر کہو گے تم مین ہرجائی نہین

دیکھ مضطر کیون نہ پھیرے دشنہ پھر
یار ہے وہ کچھ تماشائی نہین

گر نہین ملتے ملون گا اور سے
کیون مجھے کیا پاس رسوائی نہین

ہے دعا بھی بے اثر گویا کہین
عرض عاشق کی پذیرائی نہین

درد دل تو سن لے ظالم یکبار
گو دماغ چارہ فرمائی نہین

چاہتا قاتل کو ہون روز جزا
چاہ کی اب تک سزا پائی نہین

ترک مذہب کیون کرون مومن مین کیا
اس صنم کو لاف یکتائی نہین

کہے ہی چھیڑنے کو میرے گر سب ہون مرے بس مین
نہ دون ملنے کسی معشوق اور عاشق کو آپس مین

اگر مشہور ہوا فسانہ اپنی بت پرستی کا
برہمن کیا عجب ایمان لے آئین بنارس مین

نہین دم لینے کی طاقت فلک ورنہ بتا دیتے
کہ یہ تاثیر ہوتی ہے فغان آسمان رس مین

تن کاہیدہ سے اپنے مین خوش ہون اس توقع پر
کہ اک دن آئے تیرے صرف عشرت خانہ جس مین

قریب بوالہوس نے رونما مین تیری کب جانی
وہ نو وارد ہے کیا جانے دیار عشق کی رسمین

نہ مین اپنا نہ دل اپنا نہ تم میرے نہ جان میری
اثر کس کس کو ہووے بھی گر فریاد بیکس مین

کہون گر غیر سے مت مل تو کہوے طعن سے رک کر
یہ کیون کر واسطے ہم ایسے تیرے ہوگئے بس مین

ذرا سمجھو تو جان من وصال غیر پر ہر دم
مری جان کون ہے یہ کس کی جھوٹی کھاتے ہو قسمین

درمیخانہ و عشق بتان اور آپ اے مومن
یہ حضرت آگئی اکبار کیا طبع مقدس مین

چین آتا ہی نہین سوتے ہین جس پہلو ہمین
اضطراب دل غرض جینے نہ دے گا تو ہمین

لطف سے ہوتی ہے کیا کیا بیقراری بن جفا
تیری بدخوئی نے ظالم کر دیا بدخو ہمین

دیکھتے ہی گل نظر مین تیرا ہنسنا پھر گیا
آتش گل نے لگائی آگ اے گلرو ہمین

کیا اثر تھا اشک دشمن مین جو کوے یار سے
مارے غیرت کے بہا کر لے چلے آنسو ہمین

دود شمع بزم نے دل پھونک کر کافور کر دیا
کیا دلا اے یاد وہ زلف خمیدہ مو ہمین

گیسو و خال و خط اپنا دین و ایمان لے گئے
مل کے اک دو کافرون نے کر دیا ہندو ہمین

ہوش کیون جاتے رہے اور دم ہوا کیون ہو چلا
تجھ سے اے باد صبا آئی یہ کس کی بو ہمین

کیا بلا اس زلف خوش خم کا تصور بندھ گیا
سانپ سے دن رات آتے ہین نظر ہر سو ہمین

وہم آتا ہے فغان ہجر کو سے یار کا
صور اسرافیل ہے قمری تری کو کو ہمین

قیس شوخ اب کیونکہ دعوی ملک وحشت کا کرے
مہر محضر ہو گیا نقش سم آہو ہمین

باعث بیتابی عالم نگاہ پاس ہے
چشم جادو گر نے یہ سکھلا دیا جادو ہمین

گر یہی شوق شہادت ہے تو مومن جی چکے
مار ڈالے کاش کوئی کافر دلجو ہمین

دیگر

ہو گئی گھر مین خبر ہے منع وان جانا ہمین
وہ بھی رسوا ہو اخدا جس نے کیا رسوا ہمین

دمبدم رونا ہمین چارون طرف تکنا ہمین
یا کہین عاشق ہوے یا ہو گیا سودا ہمین

ہر ستم صیاد کا کیا التفات آمیز تھا
بند کرنے کو قفس مین دام سے چھوڑا ہمین

یار تھے یا دشمن جان تھے الہی چارہ گر
لے چلے مرتے ہی زندان سے سوے صحرا ہمین

طالع برگشتہ بخت خفتہ مت پوچھو کہ ہم
غش پڑے تھے پھر گیا وہ جان کر سوتا ہمین

تو نہ جانے عشق بازی اور ہم نادان ہون
بے سمجھ کہتا ہے ناصح تو نے کیا سمجھا ہمین

ستم کیا غیر پر کرتا وہ سچ پوچھو تو ہے
یار کے ناز بجا سے شکوۂ بے جا ہمین

کیا کہین کیون رہ گئے حیران تجھ کو دیکھ کر
آ گیا دل یاد اے آئینہ رو اپنا ہمین

دست بوسی پر کروہان قتل اپنے ہاتھ سے
سچ تو کہتے ہین قبول انصاف غیرون کا ہمین

اہل ماتم اپنے رُومین کس طرح مُنھ ڈھانک کر
مرتے مرتے پاس اُس پردہ نشین کا تھا نہین
ہم سے نازک طبع سے کب اُٹھ سکے بیداد چرخ
مر گئے مضمون جو یار جون سوجھا نہین

مومن ان کا تو نہ تھا ملنے مین آخر اختیار
یہ شکایت بھی خدا سے ہی بتون سے کیا نہین

غیر بے مروت ہے آنکھ وہ دکھا دیکھین
رہ چشم دکھلا مین پھر ذرا مزا دیکھین
کب تلک جئین یارب ہجر غیرت مہ مین
صبح اُٹھ کے منھ کب تک آفتاب کا دیکھین
ناصح ان کو گر میری شکل سے تنفر ہے
تو بھی کم نگاہی کیون جانب وفا دیکھین
کچھ نہین نظر آتا آنکھ لگتے ہی ناصح
گر نہین یقین حضرت آپ بھی لگا دیکھین
غیر کو دکھاتا ہون چاک دل تماشا ہو
گر وہ روزن در سے آن کر ذرا دیکھین
چشم والے نابینا کر دیا جدائی مین
کوئی آنکھ لگتی ہے خواب وصل کیا دیکھین
دیکھیے خدا کب تک پھر وہ دن دکھائے گا
یار کو ان آنکھون سے غیر پر خفا دیکھین
ٹکٹکی لگائی ہے اب تو گو ہو رسوائی
تا وہ گرا دھر دیکھین مجھ کو دیکھتا دیکھین
کس نے اور کو دیکھا کس کی آنکھ جھپکی ہے
دیکھنا ادھر آؤ پھر نظر ملا دیکھین
وہم عاشقی سے تو یہ ستم نہ کرتا ہو
کیون نگاہ حسرت سے چرخ کو سدا دیکھین

نکلے آرزو اپنی مومن آہ جب تجھ کو
صحن تبکدہ مین ہم خاک پر پڑا دیکھین

دیگر

بزم مین اس کی بیان درد و غم کیونکر کرین
وہ خفا جس بات سے ہووے وہ ہم کیونکر کرین
مجھ پہ بعد امتحان بھی جور کم کیونکر کرین
وہ ستائین غیر کو ایسا ستم کیونکر کرین
لکھتے لکھتے ہی سیاہی حرف سے اڑ جاے ہے
ہاے احوال دل مضطر رقم کیونکر کرین
گر نگاہ ناز کو مشق ستم منظور ہے
دشمن اپنی نرگس تر بیت تلم کیونکر کرین
دیکھ لیوے عکس رخ تو کیا بنے پھر دیکھ تو
گریہ اسکے سامنے اے چشم نم کیونکر کرین
جب دل اغیار خون ہو کر مژہ تک آگیا
پھر لحاظ غمزۂ شمشیر دم کیونکر کرین

اضطراب شوق شاید غیر اسکے پاس ہو
جانب چلون نظارہ دمبدم کیونکر کرین

ہے شب فرقت مین مرگ افسانہ خوان بیفائدہ
نام آرام آگیا خواب عدم کیونکر کرین

دیکھ پیچ و تاب سنبل ہو گیا دل بے قرار
اب نہان سودائے زلف خم بہ خم کیونکر کرین

سب کو ہوتا ہے جہان مین پاس اپنے نام کا
ہم بھی تو مومن ہین دل نذر صنم کیونکر کرین

دیگر

نہ تن ہی کے ترے بسمل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین
ہے پاش پاش جگر دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

جنون عشق پری روے دل شکن ہے بلا
کہ روز طوق و سلاسل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

اٹھا کے سوتے مین دے پٹکا رات سر شاید
کہ زیر سر کے مرے سل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

دراز دستی یہ کس بے ادب نے کی دم قتل
تمام دامن قاتل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہان ہے چاک گریبان تو وان بھی چستی سے
قبائے شوخ شمائل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہ کس کی چشم فسونگر نے کی فسون سازی
طلسم جادوے بابل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہ بے حجابی بری گو مجھی کو جھانکو تم
کہ روز پردہ حائل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

کہے نہ ملنے کی اس سنگدل کی گر قاصد
تو سنگ سر بھی ابن بل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

وہ کیونکہ رشک سے خون ہو کسی کا اس در پر
ہمیشہ اک نئے سنبل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

غزل سرائی کی مومن نے کیا کہ رشک سے آج
چمن مین سینے عنادل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

ہے جلوہ ریز نور نظر گرد راہ مین
آنکھین ہین کس کی فرش تری جلوہ گاہ مین

کیا رحم کھا کے غیر نے دی تھی دعاے وصل
ظالم کمان و گرنہ اثر میری آہ مین

مت کیجو دیر آنے مین کیا جانے کیا بنے
پھینکا ہے جذب شوق نے یوسف کو چاہ مین

اتنی بھی تاب دوری خورشید طلعتان
نقصان کیا کمال سے آیا ہے ماہ مین

جانے دے چارہ گر شب ہجران مین مت بلا
وہ کیون شریک ہو مرے حال تباہ مین

ظالم وہ بیوفا ہے عدو جسکے رشک سے
اتنا کچھ آگیا خلل اپنے نباہ مین

اس منھ پہ اُس سے دعوی حسن اک ذرا نہین — اے مہر روشنی مرے روز سیاہ مین
شیرین پہ طعن تلخی فرہاد کس لیے — مجکو بھی کچھ مزا نہ ملا تیری چاہ مین
ہے دوستی تو جانب دشمن نہ دیکھنا — جادو بھرا ہوا ہے تمھاری نگاہ مین
ظالم کہین روا نہین عاشق سے احتراز — کہدے اگر ہو شک سخن داد خواہ مین
اب تک نہین گواہی اطفال معتبر — محسوب ہی جو عصمت یوسف گناہ مین

مومن کو سچ ہو دولت دنیا و دین نصیب
شب تبکدہ مین گذری ہے دن خانقاہ مین

دیگر

تا نہ پڑے خلل کہین آپ کے خواب ناز مین — ہم نہین چاہتے کمی اپنی شب دراز مین
اور ہی رنگ آج ہے عارض گلعذار کا — خون دل اپنا تھا مگر گونہ رخ طراز مین
کیونکہ نہ آدھی آدھی رات جاگے وہ جب کا ہیان ہو — آہوے نیمخواب ہین نرگس نیم باز مین
خسرو وعیش وصل یار جانکنی اور کوہکن — اپنا جگر تو خون ہوا عشق کے امتیاز مین
بن تے بزم سور مین ہین یہ قباحتین کہ ہے — نغمہ صور کا اثر نغمہ نے نواز مین
اُن سے اب التفات کی غیر کو ہین شکایتین — سن کے مرا مبالغہ منت احتراز مین
کیا سبھی سینے جل چکے کیا سبھی دل مچل چکے — بوے کباب اب نہین آہ جگر گداز مین
پردہ نشین کے عشق مین پردہ دری نہ کیجیو — ہوتی ہین بے حجابیان جان نہفتہ راز مین
زخنہ گری کچھ اور ہی نالہ زخنہ ساز مین — زخنہ دار سے غیر پاس دیکھا کسے کہ آج ہے

یاد بتان مین لاکھ بار فرط قلق سے ہم بھی تو
بیٹھے اُٹھے ہین **مومن** آپ گر رہے شب نماز مین

جیب درست لائق لطف و کرم نہین — ناصح کی دوستی بھی عداوت سے کم نہین
منظور ہو تو وصل سے بہتر ستم نہین — اتنا رہا ہون دور کہ ہجران کا غم نہین
سیدھا نہ کر دیا ہو مرے ذوق قتل نے — قاتل کے آگے گردن اغیار خم نہین
غیرت کی جا ہی رام نزاکت ہوا وہ شوخ — وحشت کا جوش کیونکہ نہو مجھ سے رم نہین

کیا خوش ہوں کوئے غیر میں گر نقش پا نہو
وہ شوخ جانتا ہوں کہ ثابت قدم نہیں

فریاد نالہ ہائے عزا بار پر انھیں
آیا ہے رحم کب کہ ذرا مجھ میں دم نہیں

کس بوالہوس کے حال پہ رویا وہ گلعذار
خار مژہ میں اب خاشک دم بدم نہیں

جانا حرام ہجر بتاں میں تو کیا گناہ
پیر مغاں شراب ہی شیشے میں سم نہیں

بے التفاتیاں جو عدو سے سنی نہ تھیں
ہم جانتے تھے وصل میں رنج و الم نہیں

معلوم ہو تو تیرے ہی عالم کا حال ہو
میرا دل دونیم ہے یہ جام جم نہیں

بے جرم پائمال عدو کو کیا گیا
مجھ کو خیال بھی ترے سر کی قسم نہیں

ہوں آب آب اُف ری نگہ ہائے گرم گرم
اس مہروش کے سامنے آنکھوں میں نم نہیں

نام وصال لینے سے ہوتا ہے مضطرب
کیونکر کہوں اُسے مرے مرنے کا غم نہیں

ناصح کہاں تلک تری باتیں اٹھا سکوں
سچ ہے کہ مجھ میں طاقت جور و ستم نہیں

عاشق کشی ہے شیوہ اگر بوالہوس سہی
آخر کچھ اپنی جان کے دشمن تو ہم نہیں

مومن سوے حرم ہے تگاپوے فکر کیوں
کیا اس زمیں میں قافیہ بیت الصنم نہیں

غنچہ ساں خاموش بیٹھے ہیں سخن کی فکر میں
قافیہ کیا تنگ ہے وصف دہن کی فکر میں

دامن قاتل کو وقت قتل کیونکر چھوڑتا
بیکسی سے جان تھی اپنی کفن کی فکر میں

شوق مردن کو بھی ساماں سفر درکار تھا
سو ہے از خود رفتگی ترک وطن کی فکر میں

تلخی خسرو ہو شیریں کام شادی مرگ کیا
جانکنی ہے انتقام کوہکن کی فکر میں

وہم عشق لالہ رو سے داغ دل کیا کیا کھلے
جان کر گلچیں کو تاراج چمن کی فکر میں

سر سے شعلے اٹھتے ہیں کس طرح رو کوں کیا کروں
جل گیا جی ضبط آہ شعلہ زن کی فکر میں

درد بے درماں مرا منت کش مرہم نہیں
داغ نو ہی چارۂ داغ کہن کی فکر میں

ہے گریباں گیر وان ناز تغافل اب تلک
جی جلا یاں باعث دیر آمدن کی فکر میں

گر یقینی وان نہ ہو تی ہے **مومن** قبول
جائیں گے کعبہ بھی طفل برہمن کی فکر میں

دیگر

دن بھی دراز رات بھی کیون ہو فراق مین
کاہے سے فرق آگیا گردش روزگار مین

بس کہ بن آئی مر گئے ہم شب انتظار مین
دن جو رہے تھے عمر کے جیتے رہے مزار مین

خاک مین وہ تپش نہین خار مین وہ خلش نہین
کیون نہ ہمین زیادہ ہو جوش جنون بہار مین

ہو گئی کیا بلائے جان بوسہ زلف کی ہوس
پھیرتے ہین زبان کو ہم کام و دہان مار مین

مرگ ہو انتہائے عشق یار ہی ابتدائے شوق
زندگی اپنی ہو گئی رنجش بار بار مین

پوچھا ہوا سے کیا مری بیخودی و قلق کا حال
ہوش نہین حواس مین تاب نہین قرار مین

کیون نہ گلے کا ہار ہو شوق اجل پروے ہین
پھول عدو کی خاک کے اسنے گلے کے ہار مین

خاک اڑائی گل نے یہ کس کے جنون عشق مین
آئے ہے کچھ اٹی ہوئی باد صبا غبار مین

لاکھ شکستگی سے بھی دل کی گرہ نہ کھل سکی
عقدۂ مو ہے ہر شکن طرۂ تابدار مین

تھا قلق برہنی دشمن جان شب فراق
کاٹ کے اپنے سر کو ہم پہنچتے ہین کنار مین

دھیان مین مومن آگئے بحث جبر و اختیار
قابوے یار مین ہین ہم وہ نہین اختیار مین

کون کہتا ہے دم عشق عدو بھرتے ہین
کہ ہوا باندھنے کو آہ کبھو بھرتے ہین

شمع پر کچھ نہین موقوف کہ سارے ظالم
پانی آگے ترے اے عربدہ جو بھرتے ہین

حوض میخانہ پیے سے بھی مرا جی نہ بھرا
کیا تنک ظرف ہین جو خم سے سبو بھرتے ہین

حسرت بوسۂ کاکل کا کیا ہم نے علاج
زخم دل مشک سے اے غالیہ مو بھرتے ہین

کر چکے سلک در اشک کا مذکور کہ ہم
کیسے غمازون کے منہ دیکھیو تو بھرتے ہین

اس ستمگر سے مگر آنکھ لڑی ہے کہ جناب
کیسے کچے گھڑے پانی لب جو بھرتے ہین

کس کے ہاتھون سے ہو دم دیکھیو طرح ناک مین جو
نالے کرتے ہین کبھو آہ کبھو بھرتے ہین

حالت نزع ہو جیتے ہین ترے ہجر مین خاک
دن جو کچھ عمر کے ہین آئنہ رو بھرتے ہین

اشک دیتے ہین مرے نالۂ موزون کا صلہ
موتیون سے دہن زخم گلو بھرتے ہین

غیر کرتے ہین سبوے مئے گلگون خالی
ساغر چشم مین ہم دل کا لہو بھرتے ہین

پی ہے مے حضرت مومن نے جبھی مضمضہ کو
آفتابے کئی ہنگام وضو بھرتے ہین

مانے نہ مانے منع تمنائے دل کرون
مین غیر تو نہین کہ تماشائے دل کرون

ہو جان بھی جو کچھ تو مداوائے دل کرون
کبتک مین دل پہ ہاتھ دھرے ہائے دل کرون

کیونکر پھرے دل اس سے کہین قرض و عاریت
ناصح دیا نہ تھا کہ مین دعوائے دل کرون

سو طرح کے زیان مین رہنے مین ا سکے گر
دشمن بھی مفت لے تو مین سودائے دل کرون

مرتا ہون کس عذاب سے ہر وقت جی مین ہے
اس دم دعا برائے تمنائے دل کرون

جان دیدون ہر اس آفت جان سے معاملہ
بس کب تک انتظار تقاضائے دل کرون

مین اور وہ کوچہ لے گیا کس جائے ظلم ہے
اسپر بھی گر شکایت بیجائے دل کرون

چھٹتا ہے جیتے جی کوئی زنجیر زلف سے
دیوانہ ہون کہ چارۂ سودائے دل کرون

بیرحم ہر زہ گردیون سے پانون گھس گئے
کیا ذکر جوش حوصلہ فرسائے دل کرون

دھبا لگا ہے شوق سیہ کار زلف کو
اللہ کیا علاج سویدائے دل کرون

کہئے جو درد دل تو وہ کہتا ہے مجکو کیا
مین کیا طبیب ہون کہ مداوائے دل کرون

اُس بُت کو ترک دین سے نہین مومن اعتماد
کیونکر نہ مین شکایت اغوائے دل کرون

بے مزہ ہو کر نمک کو بیوفا کہنے کو ہین
حل گئے زخمون سے نمکداں کے مزہ کہنے کو ہین

سب جفا جو اس ستمگر کے سوا کہنے کو ہین
جن کو چرخ و مرگ کہتے ہین سنا کہنے کو ہین

نالہ ہی نکلے ہے گو ہم مدعا کہنے کو ہین
لب نہین کہنے مین اب کیا جانے کیا کہنے کو ہین

تیری تیغ و دشنہ کے کیون لب پہ چھالے پڑ گئے
گر نخونی کا مرے کیا ماجرا کہنے کو ہین

دوست کرتے ہین ملامت غیر کرتے ہین گلہ
کیا قیامت ہے مجھی کو سب بُرا کہنے کو ہین

ترجمان التماس شوق ہے تغییر رنگ
جون زبان شمع عاشق بے صدا کہنے کو ہین

جل گیا دل تو بھی اٹھتا ہے دھوان سر سے کاب
مرثیہ ہم اس چراغ کشتہ کا کہنے کو ہین

رکھیو کیا اس حال سے کس حال کو پہونچا دیا
بخت تیرے عاشقون کے نارسا کہنے کو ہین

ایکدن کو تو زبان شعلہ دوزخ قرض دے
قصۂ شبہاے غم روز جزا کہنے کو ہین

شکوہ حرف تلخ کا یا شور بختی کا گلہ
ہم جو کچھ کہنے کو ہین سو بے مزا کہنے کو ہین

ہین گلہ کرتا ہون اپنا تو نہ سن غیرون کی بات
ہین یہی کہنے کو وہ بھی اور کیا کہنے کو ہین

وہ نہین آتے نہ آوین مرگ ظالم تو تو آ
یان لب شوق و تمنا مرحبا کہنے کو ہین

غیر سے سرگوشیان کر لیجیے پھر ہم بھی کچھ
آرزو ہاے دل رشک آشنا کہنے کو ہین

تیغ غمزہ کو لگائے جلد سنگ سرمہ پر
حرف مطلب آرزومند جفا کہنے کو ہین

ہو گئے نام بتان سنتے ہی مومن بیقرار
ہم نہ کہتے تھے کہ حضرت پارسا کہنے کو ہین

وہ علے الرغم عدو مجھ پہ کرم کرتے ہین
ہے ستم لطف کے پردے مین ستم کرتے ہین

طلب وصل کس انداز سے ہم کرتے ہین
شوق نامہ اسے وصلی پہ رقم کرتے ہین

جب ترے کوچہ کا بیتابی دل سے پھرنا
یاد آتا ہے زمین بوس قدم کرتے ہین

نیم بسمل ہین نہ چھیڑ اے تپش دل کہ ابھی
رو ے قاتل کا نظارہ کوئی دم کرتے ہین

اے اجل کاش الٹ جائین شب ہجران مین
وہ دعائین کہ تری جان کو ہم کرتے ہین

دم مین رست آئیو اے غیر کہ مانند صبا
جس سے لگ چلتے ہین وہ اس سے ہی برہم کرتے ہین

محضر قتل ہے مکتوب گنہگارون کا
سر قاصد کو وہ فتوے سے قلم کرتے ہین

دیکھنا اس دہن تنگ کے بوسہ کا مزا
کہ ہوس ناک تمناے عدم کرتے ہین

ہاے قسمت کہ ہوئی مجھ پہ جفا اور فزون
ان دنون غیر پہ گر لطف وہ کم کرتے ہین

کشتہ یار ہون اس رشک سے مرتا ہے جہان
وہ بھی کیا ہین جو مری موت کا غم کرتے ہین

کیا ہی بیزار ہے اس زیست سے جی ہاے ستم
قتل کرتے نہین وہ اور ستم کرتے ہین

اپنے سودے کی نہ پوچھو کہ خریدار کے ہاتھ
جنس مین تو ہے دل اور بیع سلم کرتے ہین

آبرو رہ گئی مرنے کی کہ رہ گئے تو ہین وہ
اشک شادی ہی سے گو چشم کو نم کرتے ہین

جا کے کعبہ مین بھی مومن نہ گئی دیر کی یاد
جاے لبیک صدا ہاے صنم کرتے ہین

صورت دکھائیے جو کبھو جا کے خواب مین
بے دید آنکھ کھولدے جھنجھلا کے خواب مین

شب جو وہ سو رہے مرے پاس آ کے خواب مین
جاگے تھے بخت خفتہ تمنا کے خواب مین

آنکھون کو بند کر کے وہین کھولدے گر آئے
یوسف کسی کے محو تماشا کے خواب مین

کاہوس ہین بتاتے مجھے وان تو رشک ہی
کاش اور کوئی آئے طبیبا کے خواب مین

وہ ہے بغل مین تو بھی تو یان نیند اڑ گئی
یہ سوچ ہے گیا نہو اعدا کے خواب مین

سو رہتے پاے ناقہ زمان وداع گر
طالع نہوے قیس کے لیلا کے خواب مین

ان نالہ ہاے شب کا اثر صبح کھیو
آیا خلل گر اس ستم آرا کے خواب مین

نیرنگ عشق سے نہو غافل ہر ایک رنگ
اس دل کے جاگنے مین زلیخا کے خواب مین

رہتا ہے دھیان دیکھتے ہو جب مجھے نہین
کیون چونک چونک پڑتے ہو گھبرا کے خواب مین

اسکی گلی ہے نالۂ زنجیر غل نہ کر
یان پاؤن جلگتے ہین کوئی جا کے خواب مین

سو جاؤن رو تے رو تے تو کیا ہنس کے طعن سے
کہتا ہے سوتے ہو مرے بن آ کے خواب مین

کیا کفر ہے کہ چھوڑ دے سونا ہی گر کبھی
مومن نظر پڑے بت ترسا کے خواب مین

سوز دل کے ہاتھ سے ڈھونڈھو جو ماس آب مین
ہووے ہر ہر قطرہ داغ افزاے گلخن آب مین

گر وہ ہو دست حنائی عکس افگن آب مین
ہووے مرجان جون چنار آتش زن تن آب مین

بیکسی دیکھو دفورا شک عبرت سے ہوا
بعد مردن جون غریق اپنا بھی مدفن آب مین

دی دل سوزان کو تشبیہ سمندر مین نے اب
چھوڑ کر آتش کدہ ڈھونڈے ہی مسکن آب مین

بے حجابانہ یہ رویا کون مجلس مین کہ ہے
غرق جون آئینہ وہ شوخ حیا فن آب مین

دوستو مرتا ہون اس روے عرق آلودہ پر
لاش بھی میری بہانا بعد مردن آب مین

یا دیدۂ یار مین دریا پہ رویا بن گئین
مردم آبی کی پلکین شمع روشن آب مین

کون ڈوبا تنگ آکر غرق دریاے الم
کیون سدا شور تمون سے ہی شیون آب مین

تشنہ کام آب تیغ یار ہون گرمی تو دیکھ
بہر تسکین تیرتا ہون تا بہ گردن آب مین

اشک چشم و گریۂ زخم دل اب مین کیا کرون
ہو گئی سب آستین تر خون مین دامن آب مین

کشتہ غیرت ترے پانی چوانے سے بے غیر
مرتے دم پاتا ہون ذوق خون دشمن آب مین

ڈوب مرے کیون نہ غیرت سے جب اے مومن نہاتے
غیر کے ہمراہ وہ طفل برہمن آب مین

دکھاتے آئینہ ہو اور مجھ مین جان نہین
کہوگے پھر بھی کہ مین تجھ سا بدگمان نہین

جو یار صلح پہ ہے اب تو آسمان نہین
وہ مہربان ہوا تو یہ مہربان نہین

ترے فراق مین آرام ایک آن نہین
یہ ہم سمجھ چکے گر تو نہین تو جان نہین

نہ پوچھو کچھ مرا احوال میری جان مجھسے
یہ دیکھ لو کہ مجھے طاقت بیان نہین

یہ گل ہین داغ جگر کے انھین سمجھ کر چھیڑ
یہ باغ سینہ عاشق ہے گلستان نہین

نہ چاہون روز جزا داد یہ ستم دیکھو
کب آزماتے ہین جب وقت امتحان نہین

نہ پوچھے حال تو جب تک مرا بیان نہ کرون
مری زبان نہین گر ترے دہان نہین

زبسکہ دیر لگی نامہ بر کو ڈھونڈھنے ہم
عدم مین جاتے ہین گویا ون کا نشان نہین

شب فراق مین پہونچی نہ دل سے جان تلک
کہین اجل بھی تو مجھ سی ہی ناتوان نہین

وہ حال پوچھے ہے اور چشم سرمگین کو دیکھ
یہ چپ ہوا ہون کہ گویا مری زبان نہین

نہ کیون نثار ہو جان فرط کین جانان پر
کہ اسکو میرے سوا اور کا دھیان نہین

نکل کے دیر سے مسجد مین جا رہے مومن
خدا کا گھر تو ہے تیرے اگر مکان نہین

ہجران مین بھی زیست کیون نہ چاہون
جان دادہ شوخ بے وفا ہون

ہین غیر مرے نکلنے سے خوش
گویا کہ مین ان کا مدعا ہون

اُف کر گئی یاد گرم جوشی
مین آتش مردہ سے جلا ہون

کیا شکوہ جفاے آسمان کا
مین آپ کو دور کھینچتا ہون

دشمن سے ہے چشم مہربانی
محروم نگاہ آشنا ہون

ربط اس سے ہے مثل شعلہ و شمع
مرجاؤن گر ایک دم جدا ہون

کیونکر نہ بگڑ کے وہ نکالے
مین دل کے غبار سے بنا ہون

س

شکوہ نہین غیر کے ستم کا — انصاف کرو تو مین بھی کیا ہون
کھاتا ہون بدن پہ عشق مین داغ — اعمال کی اپنی خود جزا ہون
ہے طعن سے مدح شام ہجران — مین کیسی بلا کو چھیڑتا ہون
اُس کو مین نہ چھوڑ جاے مجھ کو — ہر چند عدو کا نقش پا ہون
خود بینی و بیخودی مین ہے فرق — مین تم سے زیادہ کم نما ہون
بیزار ہے سوز عشق سے جی — کس شعلہ مزاج سے خفا ہون
مجھ رمز شناس سے یہ باتین — کیا خوب مین غیر سے بُرا ہون
اے کاش عدو کو غیرت آوے — مین منتظر اپنی موت کا ہون

اس نام کے صدقے جسکی دولت
مومن رہون اور بتون کو چاہون

ہر دم رہین کشمکش دست یار ہین — چلون کے بند کس کے گریبان کے تار ہین
یا لیدہ دم بدم جو مرے دل کے خار ہین — ہر آن برچھیان سی کلیجے کے پار ہین
کیا کیجیے کہ طاقت نظارہ ہی نہین — جتنے وہ بے حجاب ہین ہم شرمسار ہین
عمر دراز کی ہے رقیبون کو آرزو — دیکھو زمان ہجر کے امیدوار ہین
مضطر وہ گل جو میرے دم سرد سے ہوا — کیا کیا شمال و باد صبا بے قرار ہین
چھاتی سے مین لگائے رکھون کیون نہ رات دن — یہ داغ زخم دل کے مرے یادگار ہین
جز نہ سپہر ہین مرے دشمن تو اور بھی — لیکن بڑے غضب یہی دو تین چار ہین
ہجو ملیح غیر سمجھ کر مرے اٹھاے — خوش حرف بے نمک سے بھی ہم دلفگار ہین
کیسا فلک کہ اختر طالع جلا دیے — کیا سرد مہر میرے دم شعلہ بار ہین
کیونکر نہ رحم حال پہ آے شب وصال — اندوہ و درد روز مصیبت کے یار ہین
پانی کے بدلے برسے گی آج آگ ابر سے — اٹھتے ہماری خاک سے بھی کچھ بخار ہین
شبنم خراب مہر کتان سینہ چاک ماہ — لو اور بھی ستم زدۂ روزگار ہین
ناصح سے مجھکو کیونکہ نہون بدگمانیان — دشمن ہین جو مرے وہ ترے دوستدار ہین

کیسے گلے رقیب کے کیا طعن اقربا
تیرا ہی جی نہ چاہے تو باہیں ہزار ہیں

مردوں کو تجھ پہ دیتے ہیں ترجیح جو حسود
مومن یہ جان لے کہ سگ جیفہ خوار ہیں

شب وصل اُسکے تغافل کی زیر تاب نہیں
تنی مرگ ہے آنکھوں میں شکر خواب نہیں

حسرتیں میرے نصیبوں میں لکھی ہیں کیا کیا
اتنے دفتر میں کہیں فصل نہیں باب نہیں

دل کا کیا حال کروں دیکھیے یہ گرمی حسن
ٹھہرتا آئینہ بازار میں سیماب نہیں

سرفروشوں کے اگر آپ خریدار ہوئے
تو گراں ہووے گی وہ جنس جو کمیاب نہیں

جب وہ بدمست ادھر آیا عدو کے گھر سے
اپنی قسمت میں بجز درد مے ناب نہیں

رستمی کا عوض افلاک سے لوں گا پس مرگ
قتل عاشق ہے یہ خونریزی سہراب نہیں

کلبۂ تار میں کیونکر ترے بن گزرے گی
دن کو یاں دھوپ نہیں رات کو مہتاب نہیں

معتکف وہم ہے تو پہلے پلا دیکھ مجھے
نہ لنڈھایا ہے مے ناب نہ زہراب نہیں

عشق کیوں در پے جان شوق ہے کیوں سینہ شگاف
دشمنی دل شکنی شیوۂ احباب نہیں

گلۂ چرخ عبث شکوۂ جانان بے جا
یاس و حرمان کو مرے حاجت اسباب نہیں

خوش ابروے صنم کی سی کمان یوں مومن
لاکھ سجدے کرے دل مائل محراب نہیں

آہ فلک فگن ترے غم سے کہاں نہیں
جو فتنہ خیز اب ہے زمین آسمان نہیں

کہنا پڑا مجھے پے الزام پند گو
وہ ماجرا جو لائق شرح و بیان نہیں

ڈرتا ہوں آسمان سے بجلی نہ گر پڑے
صیاد کی نگاہ سوے آشیان نہیں

اظہار دوستی کی خوشی کیا شب وصال
دشمن سے سن چکا ہوں کہ تو مہربان نہیں

باتیں تو سی وہ ہوش ربا ہیں کہ کیا کہوں
جو کوئی راز دان ہے مرا راز دان نہیں

نومیدی جواب ہے کیوں اتنے شوق پر
یہ کیا ہوا کہ میں پس قاصد روان نہیں

پیش عدو سمجھ کے ذرا حال پوچھنا
قابو میں دل نہیں مرے بس میں زبان نہیں

بے صرفہ جانکنی کا مری کچھ تو ہو حصول
محنت کسی کی آج تلک رائگاں نہیں

کرتے وفا امید وفا پر تمام عمر
پر کیا کرین کہ اس کو ستمگر گمان نہین

اُسکو بھی جانتا ہون فریب وصال غیر
تم کو عبث یقین ہے کہ مین بدگمان نہین

مین اپنی چشم شوق کو الزام خاک دون
میری نگاہ شرم سے کیا کچھ عیان نہین

فطری ہے پیر چرخ سے اپنا مقابلہ
طفلی سے محکو حسرت بخت جوان نہین

گذرے ہین میری خاک سے غیرون کے ساتھ وہ
فتنہ اٹھا ہے گرد پس کارروان نہین

لگ جائے شاید آنکھ کوئی دم شب فراق
ناصح ہی کوئے آؤ گر افسانہ خوان نہین

اتنے سبک نظر مین ہین اوضاع روزگار
دنیا کی حسرتین مرے دل پر گران نہین

ہر ذرہ میری خاک کا برباد ہو چکا
بس اے خرام ناز کہ تاب و توان نہین

نالے کے ساتھ دم کے نکل جانے کا ہو خوف
پر کیا علاج طاقت ضبط فغان نہین

مین جانتا ہون نعش پر آنے کا مدعا
اسود گی پسند تری شوخیان نہین

اُس بت کی ابتداے جوانی مراد ہے
مومن کچھ اور فتنۂ آخر زمان نہین

تاثیر صبر مین نہ اثر اضطراب مین
بیچارگی سے جان پڑی کس عذاب مین

بے نالہ منھ سے جھڑتے ہین بے گریہ آنکھ سے
اجزاے دل کا حال نہ پوچھ اضطراب مین

چرخ و زمین مین توبہ کا ملتا نہین سُراغ
ہنگامۂ بہار و ہجوم سحاب مین

اے زہرہ چہر دشمن منحوس کو نہ دیکھ
نالے بہین گے خون کے اس فتحباب مین

اتنی کدورت اشک مین حیران ہون کیا کہون
دریا مین ہے سراب کہ دریا سراب مین

فکر مآل سے مے و شاہد رہے عزیز
پیری مین موت یاد تھی پیری شباب مین

تم نکلے بہر سیر تو نکلے گا مہر بھی
ہووے گا اجتماع شب ماہتاب مین

ڈوبی ہجوم اشک سے کشتی زمین کی
ماہی کو اضطراب ہوا جوش آب مین

کھولا جو دفتر گلہ اپنا زیان کیا
گذری شب وصال ستم کے حساب مین

اے حشر جلد کرتہ دبالا جہان کو
یون کچھ نہ ہو امید تو ہے انقلاب مین

قاتل جفا سے باز نہ آیا وفا سے ہم
فتراک مین جو سر ہی تو جان ہو رکاب مین

بازیچہ کر دیا ستم یار دجور پیر خ — طفلی سے غلغلہ ہے مرا شیخ و شاب مین

مومن یہ عالم اس صنم جانفزا کا ہے
دل لگ گیا جہان سراسر خراب مین

جلتا ہون ہجر شاہد و یاد شراب مین — شوق شراب نے مجھے ڈالا عذاب مین
کہتے ہین تم کو ہوش نہین اضطراب مین — سارے گلے تمام ہوے اک جواب مین
پھیلی شمیم یار مرے اشک سرخ سے — دل کو غضب فشار ہوا پیچ و تاب مین
چین جبین کو دیکھ کے دل بستہ تر ہوا — کیسی کشود کار کشا و نقاب مین
ہم کچھ تو بد تھے جب نہ کیا یار نے پسند — اے حسرت اسقدر غلطی انتخاب مین
رہتے ہین جمع کوچۂ جانان مین خاص و عام — آباد ایک گھر ہے جہان خراب مین
آنکھ اسکی پھر گئی تھی دل اپنا بھی پھر گیا — یہ اور انقلاب ہوا انقلاب مین
بدنام میرے گریۂ رسوا سے ہو چکے — اب عذر کیا رہا نگہ بے حجاب مین
مطلب کی جستجو نے یہ کیا حال کر دیا — حسرت بھی اب نہین دل ناکامیاب مین
گویا کہ رو رہا ہون رقیبون کی جان کو — آتش زبانہ زن ہوئی طوفان آب مین
ناکامیون سے کام رہا عمر بھر ہمین — پیری مین یاس ہے جو ہوس تھی شباب مین
ہے اختیار یار مین سود و زیان مگر — فاضل تھے ہم جہان سے قضا کے حساب مین
ناصح ہے عیب جوے و دل آزار اسقدر — گویا ثواب ہے سخن ناصواب مین
دونون کا ایک حال ہے یہ مدعا ہو کاش — وہ ہی خط اسنے بھیجدیا کیون جواب مین
تقدیر بھی بری مری تقریر بھی بری — بگڑے وہ پرسش سبب اجتناب مین
کیا جلوے یاد آئے کہ اپنی خبر نہین — بے بادہ مست ہون مہ شب ماہتاب مین
ہے منتون کا وقت شکایت رہی رہی — آئے تو ہین منانے کو وہ پر عتاب مین
تیری جفا نہو تو ہے سب دشمنون سے من — بدمست غیر محو دل اور بخت خواب مین

پیہم سجود پاے صنم پر دم وداع
مومن خدا کو بھول گئے اضطراب مین

بیم بیداد و ستم کچھ دل مضطر میں نہیں
یوں ہوں نالاں کہ وہ گویا صف محشر میں نہیں

خار بستر پہ شب ہجر بچھاؤں کیونکر
دل میں تو ہے وہ گل اندام اگر بر میں نہیں

سر پٹکتا ہوں کہ بس ہم بھی نہوں گھر بھی نہو
دھیان جس وقت یہ آتا ہے کہ وہ گھر میں نہیں

مجھ سے میکش کی طرف محتسب آتا ہے تو آئے
ایک قطرہ بھی سبو و خم و ساغر میں نہیں

جی اٹھے اور وہی پنجۂ محبت کے عذاب
ہم نہ مانیں گے کہ ایذا تری ٹھوکر میں نہیں

ہمنفس کیونکہ مسخر وہ پری رو ہوگا
نام اہل ہوس اور اد فسونگر میں نہیں

قطع امید سے سر کاٹنے کو کیا نسبت
مجھ میں وہ دم ہے ابھی جو ترے خنجر میں نہیں

دے دیا کیجیے بوسہ طلب اول پر
سچ کہا تم نے مزا حرف مکرر میں نہیں

کیا مؤثر ہو دعا وصل صنم کی مومن
ہم طلب کرتے ہیں وہ شے جو مقدر میں نہیں

ردیف الواؤ

سرمہ گیں آنکھ سے تم نامہ لگاتے کیوں ہو
خاک میں نام کو دشمن کے ملاتے کیوں ہو

گرم جولاں مرے مدفن پہ تم آتے کیوں ہو
اپنے دل سوختہ کی خاک اڑاتے کیوں ہو

شعلہ ہائے تب دل آگ لگاتے کیوں ہو
گر ہو دلسوز مرے مجھ کو جلاتے کیوں ہو

کون سے سوختہ اختر کا خیال آتا ہے
سرمہ جب دیتے ہو تم اشک بہاتے کیوں ہو

یار گردن تو نہیں تیغ ستمگار جفا
جان نثار و سر مشتاق جھکاتے کیوں ہو

جن سے منظور وفا ہی ہو جفا بھی ان پر
مجھ سے کچھ کام نہیں ہے تو ستاتے کیوں ہو

کھول دو وعدہ کہ تم پردہ نشین ہو نہ وصال
آپ چھپتے ہو چھپو بات چھپاتے کیوں ہو

دل بیتاب کی اکسیر بناؤ گے کہیں
اسقدر شوق تہ دل سے جلاتے کیوں ہو

نہیں منظور اگر بوالہوسی کا شکوہ
غیر کو تم مرے اشعار سناتے کیوں ہو

توڑنا جان کا ہو جائے گا دشوار آخر
چارہ ساز و مری امید بندھاتے کیوں ہو

اس نے کیا غیر کو دزدیدہ نظر سے جھانکا
زخمہ ہائے در و دیوار سے آتے کیوں ہو

خیر ہے کس نے کہا شور قیامت تم کو
نالہ ہائے سحری دھوم مچاتے کیوں ہو

دم قدم سے ہے لگا جان نکل جائے گی
دیکھو سینے سے مرے پانوں اٹھاتے کیوں ہو

کھل گیا عشق صنم طرز سخن سے مومن
اب چھپاتے ہو عبث بات بناتے کیوں ہو

اگر بجز کشش سوے یار جان اپنی وحشت ہو
تو پائے قیس کا ہر ایک چھالا چشم حیرت ہو

ہمارے قتل سے قاتل نہ کیوں غیور ہو تیغ
ہم جوہر ہے جوہر تیغ کا جب دست حسرت ہو

کسی کے ابروے خوش خم کا کشتہ ہوں تعجب کیا
جو میری خاک سے تعمیر محراب عبادت ہو

دم بسمل خیال شکوۂ قاتل گر آ جاوے
لب زخم جگر میں دشنہ خنجر انگشت ندامت ہو

سمجھتا خوب ہوں میں اس بناوٹ کی لگاوٹ کو
قسم کھاؤں گا تیرے دل میں کچھ محبت ہو

ہوے بیخواب آہ نیم شب سے تو لگے کہنے
کہ سونوں کو جگاوے تو ہو تم بھی کیا قیامت ہو

جلا جاتا ہوں سوز رشک سے مانند پروانہ
جلامت اور کو تو گرچہ میری شمع تربت ہو

عدو سے بزم میں ہوتی رہی چشمک نہ کیا کیا
نہ دیکھا حال میرا تم بھی کتنے بیمروت ہو

بجاے سبزہ نکلے خاک سے میری زبان ظالم
دل نالاں پس مردن جو سرگرم شکایت ہو

بھلا ایسے صنم کو خاک دے کوئی اے مومن
نہ جسکو کچھ مروت ہو نہ خاطر ہو نہ الفت ہو

کیسے مجھ سے بگڑے تم اللہ اکبر رات کو
ذبح کرتے ہی جو ہوتا پاس شب بر رات کو

اپنی آواز قدم سے بھی وہ ڈر کر رات کو
مڑ کے پیچھے دیکھ لے تھا ہر قدم پر رات کو

ہم میں کیا باقی رہا تھا اے ستمگر رات کو
جان لب تک پہنچ گئے قسمت سے مر کر رات کو

یاں جو تو اے مہ وش تھا جلوہ گستر رات کو
چھٹ رہی تھی کیا ہوائی مہ کے اوپر رات کو

صرصر آہ و فغان شعلہ زن طوفان اشک
جمع ساماں خرابی تھا مرے گھر رات کو

بوے گل گا اے نسیم صبح اب کس کو دماغ
ساتھ سویا ہے ہمارے وہ سمن بر رات کو

صبحدم مہتاب کا یار رنگ کیوں ہو گر نہ تھا
بوالہوس کے پاس تو اے ناز پرور رات کو

بزم دشمن میں نہ وہ نغمہ گر آتی رہی
ہر فغان کے ساتھ لب پر جان مضطر رات کو

روز ہجراں شب فرقت نہ کیوں سخت تر
گاہے گاہے دن کو ملتے تھے وہ اکثر رات کو

رشک سے جلتا ہوں وہ روز لے شمع بزم عام میں
دن کو ہو مجھپر وہی صدمہ جو تجھپر رات کو

دیکھیے وہ کونسی شب ہوگی اللہ رے جھوٹ
روز کہتے ہو کہ آؤں گا مقرر رات کو

رہ گئے ہم جھانکنے سے بھی یہ کیا اندھیر ہے
بند کس نے کر دیے تھے روزن در رات کو

بن ترے پیش نظر تھی یہ اندھیری چھا گئی
جائیں آنکھیں پھوٹ گر دیکھے ہوں اختر رات کو

کود کر گھر میں تو پہونچا میں ترے پر کیا کہوں
دم نکل جاتا تھا کھٹکے کے برابر رات کو

یاد دلوائی تپش نے تیری شوخی وصل کی
مر گئے ہم دیکھ کر چین ہائے بستر رات کو

کیا کہوں تم جو نہ آئے کیا قیامت آگئی
میہمان تھا میرے گھر میں روز محشر رات کو

کیا اسی بخانہ کو فرماتے ہو ظلمت کدہ
حضرت مومن جہاں جاتے ہو چھپکر رات کو

آنکھوں سے جا ٹپکے ہے انداز تو دیکھو
ہے بوالہوسوں پر بھی ستم ناز تو دیکھو

اس بت کے لیے میں ہوس حور سے گذرا
اس عشق خوش انجام کا آغاز تو دیکھو

چشمک مری وحشت پہ ہے کیا حضرت ناصح
طرز نگہ چشم فسوں ساز تو دیکھو

ارباب ہوس ہار کے بھی جان پہ کھیلے
کم طالعی عاشق جانباز تو دیکھو

مجلس میں مرے ذکر کے آتے ہی اٹھے وہ
بدنامی عشاق کا اعزاز تو دیکھو

محفل میں تم اغیار کو دزدیدہ نظر سے
منظور ہے پنہان نہ رہے راز تو دیکھو

اس غیرت ناہید کی ہر تان ہے دیپک
شعلہ سا چمک جائے ہے آواز تو دیکھو

دین پاکی دامن کی گواہی مرے آنسو
اس یوسف بیدرد کا اعجاز تو دیکھو

جنت میں بھی مومن نہ ملا ہائے بتوں سے
جورا جل متفرقہ پرداز تو دیکھو

یہ قدرت ضعف میں بھی ہے فغاں کو
کہ دے پہنچے زمین پر آسمان کو

وفا سکھلا رہے گا دل ہمارا
تمہاری خاطر نامہربان کو

پڑی ہے اس گلی میں لاش دشمن
اٹھاؤں کیونکر اس بار گران کو

کہاں ہے تاب ناز برق اے کاش
جلا دے آتش گل آشیان کو

پسینے کی جگہ آنے لگا خون — چھپاؤن کس طرح زخم نہان کو
سمجھتا کیونکہ دیوانے کی باتین — نہ پایا محرم اپنے رازدان کو
عدو کے گھر مین ہے تصویر شیرین — دکھاؤن کس طرح اس بدگمان کو
نہین آتا وہ لیلی وش سکھا دے — کوئی مجنون کا قصہ ساربان کو
ہمارا غش تو کیا مرجائین تو بھی — نہ کھولے طرۂ عنبر فشان کو
دیا اس بدگمان کو طعنۂ غیر — غضب ہی کیا کہون اپنی زبان کو
دل مضطر کی بیتابی نے مارا — کہان سے لاؤن اس آرام جان کو

سن اے مومن یہ ایمان ہی ہمارا
نہ کہنا کفر پھر عشق بتان کو

ایسے سے کیا درستی پیمان بستہ ہو — جو قول دے تو رنگ حنا کا شکستہ ہو
دم ہی الٹ گیا جو سنا ہی ترا مریض — کیا حضرت مسیح سے درمان خستہ ہو
پروانہ وار گرم تپش سے قلق سے ہم — تم شوخیون سے شعلۂ بیتاب جستہ ہو
ممنون جوش گریۂ شادی ہون چشم تر — صبح شب وصال کا گر بند رستہ ہو
کب جان دے ہی بسمل ابرو نہ جب تلک — خنجر کا تیرے شاخ غزالان کا دستہ ہو
شاید کبھی وہ میکش بدمست منھ لگائے — خاک اپنی کاش دردتہ خم شکستہ ہو

مومن نہ توڑ رشتۂ زنار برہمن
مت کر وہ بات جس سے کوئی دل شکستہ ہو

وہ جو ہم مین تم مین قرار تھا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو — وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ جو لطف مجھ پہ تھے بیشتر وہ کرم کہ تھا مرے حال پر — مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ نئے گلے وہ شکایتین وہ مزے مزے کی حکایتین — وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی بیٹھے سب مین جو روبرو تو اشارتون ہی سے گفتگو — وہ بیان شوق کا برملا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
ہوے اتفاق سے گر بہم تو وفا جتانے کو دمبدم — گلۂ ملامت اقربا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کوئی بات ایسی اگر ہوئی کہ تمھارے جی کو بری لگی — تو بیان سے پہلے ہی بھولنا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کبھی ہم مین تم مین بھی چاہ تھی کبھی ہم سے تم سے بھی راہ تھی
کبھی ہم بھی تم بھی تھے آشنا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

سنو ذکر ہے کئی سال کا کہ کیا ایک آپنے وعدہ تھا
سو نباہنے کا تو ذکر کیا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کہا مین نے بات وہ کوٹھے کی مرے دل سے صاف اتر گئی
تو کہا کہ جانے مری بلا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ بگڑنا وصل کی رات کا وہ نہ ماننا کسی بات کا
وہ نہین نہین کی ہر آن ادا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جسے آپ گنتے تھے آشنا جسے آپ کہتے تھے باوفا
مین وہی ہون مومن مبتلا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

آئے ہو جب بڑھا کر دل کی جلن گئے ہو
جون سوز دل کہا ہے تم آگ بن گئے ہو

روٹھے سو رہے ہم سے منتے نہین ہو کیونکر
غیرون سے جب لڑے ہو لڑتے ہی من گئے ہو

باقی نہین کدورت شوق ستم کی ہرگز
کیا اے دل و جگر تم تیرون سے چھن گئے ہو

جاؤ تو جاؤ سیدے دشمن سوے فلک کیون
اے گرم نالہاے آتش فگن گئے ہو

باد بہار مین ہے کچھ اور عطر ریزی
تم آج کل مین شاید سوے چمن گئے ہو

کیا حال ہے عدم کا کہلا تو بھیجو تم
اے خوگران غربت سوے وطن گئے ہو

ہے کچھ تو بات مومن جو چھا گئی خموشی
کس بت کو دیدیا دل کیون بت سے بنگئے ہو

بجھنے سے ہمدمو دریا ہے کیونکر خشک ہو
سب کے دامن تر ہون پر کب دیدۂ تر خشک ہو

آہ کی گرمی سے دنیا مین ہو جو تر خشک ہو
نوح کا طوفان بھی ہو تو خشک ہو پر خشک ہو

اف رے سوز نالہ واللہ رے سیلاب سرشک
اس سے تر ہووے زمین اس سے سمندر خشک ہو

سوز دل آب جگر لیتے ہو دم تو کب تلک
تر رہین آنکھین ہمیشہ اور لب اکثر خشک ہو

موج زن ہو ایک دریا بے جوش اشک ہی
آستین ہو جاے تر دامان تر گر خشک ہو

شمع سان مین سوز گریہ سے سراپا جل گیا
ہے تعجب گر شجر پانی کے اندر خشک ہو

ابر بھی کھل جاے ہے دریا بھی گہ تھم جاے ہے
دیدۂ پر نم کبھی تو بھی تو دم بھر خشک ہو

روز محشر آپ کے اس تشنۂ دیدار کا
حلق تشنہ تر نہو اور حوض کوثر خشک ہو

گریۂ خونی کو قصد عالم بالا ہے پھر
کیون نہ خون روحانیون کا آسمان پر خشک ہو

تشنہ کام عشق ہون گر خاک سے میری بنے
آب جون جون بھریے دون دون اور ساغر خشک ہو
رونے کی جا ہی اگر ہو بعد ملنے کے فراق
ہی غضب گر نخل کوئی پھول پھلکر خشک ہو

شعر تر وہ ہین مرے مومن کہ ہنگام جواب
خوف سے منھ اور زبان ہر سخنور خشک ہو

اے ناصحو آہی گیا وہ فتنہ ایام لو
ہم کو تو کہتے تھے بھلا اب تم تو دل کو تھام لو
مجنون و محو یار ہون سودے کا میرے کیا علاج
گر چارہ ساز و ہو سکے تو فصد لیلے فام لو
کیا فہر ہو کبتک کوئی رہ جائے آنسو پی کے یون
ہنس ہنس کے میرے آگے تم دست عدو سے جام لو
بندے ہین ہم صیاد کے کہتا ہی کس کس لطف سے
گر ہو سکے راہ چمن اے بستگان دام لو
ایسی ادا سے بوسہ و لب کا کہ شادی مرگ ہون
جور و ستم کا میری جان لطف و کرم سے کام لو
بخت سیاہ اے منعمو آخر ملے خاک مین
یک چند ملک ہند لو یا سرزمین شام لو
دن رات فکر جور مین یون رنج اٹھانا کب تلک
مین بھی ذرا آرام لون تم بھی ذرا آرام لو
پھر سوے مقتل آئے وہ ہاتھ آئے تو بہر نثار
اے کشتگان شوق جان زندون سے کھوے دام لو

مومن تم اور عشق بتان اے پیرو مرشد خیر ہے
یہ ذکر اور منھ آپ کا صاحب خدا کا نام لو

یہ مایوسی دل و جان نالۂ شبگیر تو کھینچو
کھنچے گا اسکا دل آہ فسون تاثیر تو کھینچو
شفیع بیگناہان ہے نزاکت اس کلائی کی
بھلا خون تو کروگے پہلے تم شمشیر تو کھینچو
سبکروح تجرد بھی کہین پابند ہوتا ہے
شمیم گل کے نقاش بھلا تصویر تو کھینچو
وہ آئے یا نہ آئے زیست میری ہو نہو لیکن
ذرا اے چارہ ساز زحمت تدبیر تو کھینچو
اثر ہوتا ہی کب ہمسے وفادار و نکو اے ناصح
فغان سے پیشتر تم خجلت تقریر تو کھینچو
ہمہ زور آزمائی جذب دل کو آج ہی دیکھو
کھنچے گا ہاتھ سینے سے تم اپنا تیر تو کھینچو
عبث نالش ہے آہ تیرہ روز چشم جادو کی
وہان بند ہوس سرمہ کی اک تحریر تو کھینچو
دکھا دونگا تماشا بس بکھیڑو مجھ سے مجنون کو
ہلا دون گا زمین و آسمان زنجیر تو کھینچو
کہان اس نوجوان کے نازکی طاقت تھمین مومن
ابھی سر مشق تو ہو جور چرخ پیر تو کھینچو

اعجاز جان دہی ہے ہمارے کلام کو
زندہ کیا ہے ہم نے مسیحا کے نام کو

لکھو سلام غیر کے خط مین غلام کو
بندے کا بس سلام ہے ایسے سلام کو

اب شور ہے مثال جو دی اس خرام کو
یون کون جانتا تھا قیامت کے نام کو

آتا ہے بہر قتل وہ دُور اے ہجوم یاس
گھبرا نہ جائے دیکھ کہین اژدحام کو

گو آپ نے جواب بُرا ہی دیا ولے
مجھ سے بیان نہ کیجے عدو کے پیام کو

یان وصل ہے تلافی ہجران مین اے فلک
کیون سونپتا نہ تازہ ستم انتقام کو

تیرے سمند ناز کی سنجیا شرارتین
کرتے ہین آگ نالۂ اندیشہ گام کو

گریہ پہ میرے زندہ دلو ہنستے کیا ہو آہ
روتا ہون اپنے مین دل جنت مقام کو

سہ سہ کے نادرست تری خو بگاڑ دی
ہم نے خراب آپ کیا اپنے کام کو

اس سے جلا کے غیر کو امید پختگی
لگ جائے آگ دل کے خیالات خام کو

بخت سپید آئینہ داری کرے تو مین
دکھلاؤن دل کے جو راس آئینہ فام کو

جب تو چلے جنازۂ عاشق کے ساتھ ساتھ
پھر کون وارثون کے سنے اذن عام کو

شاید کہ دن پھرے ہین کسی تیرہ روز کے
اب غیر اس گلی مین نہین پھرتے شام کو

مدت سے نام سنتے تھے مومن کا پر سے آج
دیکھا بھی ہم نے اس شعرا کے امام کو

ہم سمجھتے ہین آزمانے کو
عذر کچھ چاہیے ستانے کو

سنگ در سے ترے نکالی آگ
ہم نے دشمن کا گھر جلانے کو

صبح عشرت ہے وہ نہ شام وصال
ہائے کیا ہو گیا زمانے کو

بوالہوس روے میرے گریہ پہ اب
منھ کہان تیرے مسکرانے کو

برق کا آسمان پر ہے دماغ
پھونک کر میرے آشیانے کو

سنگ سودا جنون مین لیتے ہین
اپنا ہم مقبرہ بنانے کو

شکوہ ہے غیر کی کدورت کا
سو مرے خاک مین ملانے کو

روز محشر بھی ہوش گر آیا
جائین گے ہم شراب خانے کو

سُن کے وصف اُسپہ مرگیا ہمدم — خوب آیا تھا غم اُٹھانے کو
کوئی دن ہم جہان مین بیٹھے ہین — آسمان کے ستم اٹھانے کو
چل کے کعبے مین سجدہ کر مومن — ق — چھوڑ اس بت کے آستانے کو

نقش پائے رقیب کی محراب
نہین زیبندہ سر جھکانے کو

صد حیف سینہ سوز فغان کارگر نہو — یان جان پر بنے ترے دلمین اثر نہو
دیکھین غم دروں نہ یہ کب تک نظر نہو — میرا شگاف سینہ ترا چاک در نہو
اے آہ آسمان مین عبث خرنہ گر نہو — ڈرتا ہون مین نزول بلا بیشتر نہو
فریاد بے گناہ کشی جا بجا کرون — گر وہم جان نثاری پیغامبر نہو
معشوق وے سے زاہد مفلس کو پاس ہے — قطع تعلقات سے امید پر نہو
ایسے سے قدر و مہر و وفا کی امید کیا — جس کو ہنوز اپنے ستم کی خبر نہو
ہون خانمان خراب ستم سے زیادہ تر — ایسا نہو کہ اب بھی ترے دلمین گھر نہو
عابد فریب شوخی و رغبت فزا نگاہ — مین کیا کسی سے صبر تجھے دیکھ کر نہو
اے گردش زمانہ کبھی تو تغیر آئے — حسرت مجھے قبول اگر اس قدر نہو
سودا ہے مجکو گرمی بازار عشق کا — اس کا گمان خیال کہ اپنا ضرر نہو
اپنے طلب شکستہ نہ کو تاہ دست شوق — ہم بھی ستم کرین جو وہ نازک کمر نہو
حزن و ملال مین ہے دل آزردگی کا وہم — کیسی بری ہے جو گلہ بے اثر نہو
ہین آرزو سے مرگ کی بے التفاتیان — جینا مرا محال تو دشمن اگر نہو
صحبت مین ایک رات کے وہ تنگ آگئے — طول امل سے قصہ مرا مختصر نہو
لذت بغیر جان دہی مردگان محال — آب بقا فشردۂ دامان تر نہو
ہین جان نثار کیجیے تو مر جائین ہم ابھی — یہ کام بوالہوس سے کبھی عمر بھر نہو
جب فرق بے کلاہ ہوا چین آگیا — راحت زیادہ تر ہو اگر تن پہ سر نہو
پامال کیجے شوق سے پر بزم خاص مین — اتنا تو ہو کہ خاک مری دربدر نہو

سوتے سے اُٹھکر آئے ہین یارب نجائین وہ
شرمندہ آہ شب سے دعاے سحر نہو
اب لیجے آہ تاب گسل ہر جفا کے ساتھ
جب جان سے گذر گئے پھر در گذر نہو

مومن ہوا رقیب حذر اے صنم پرست
ایسے سے ڈریے جسکو خدا کا بھی ڈر نہو

خالی ہوا ے فتنہ سے گاہے جہان نہو
اس دم قیامت آئے اگر آسمان نہو
اعجاز سے زیادہ ہے سحر اُسکے ناز کا
آنکھین وہ کہہ رہی ہین جو لب سے بیان نہو
یون تو بہت سے دل کے خریدار ہین ولے
جو ہے سو بد معاملہ کیونکر زیان نہو
لکھتا ہون اسکو بستگی دل کا ماجرا
آنسو روان نہو تو سیاہی رواں نہو
شیخ حرم سے کام نہ پیر مغان سے ربط
کیا کفر و دین جو پاس وہ زیبا جوان نہو
تر کر دیا ہے ابر بہاری نے اسقدر
بجلی گرے تو گرم مرا آشیان نہو
اب شوق وصل ہے نہ غم قرب مدعی
پامال ہو چکا ہون عبث سرگران نہو
کرنی نہ تھین بگاڑ کی باتین گلہ ہین ہاے
کیسی بنے جو دل سے وہ نامہربان نہو
عزم سفر جہان سے کرون کیا شب فراق
مین جانتا ہون چین کہان تو جہان نہو
اس شرط پر جو لیجے تو حاضر ہے دل ابھی
رنجش نہ ہو فریب نہو امتحان نہو
یہ جامہ پارہ پارہ تڑپنے سے ہو گیا
صبح شب فراق ہے تو بدگمان نہو

مومن بہشت و عشق حقیقی نہین نصیب
ہم کو تو رنج ہو جو غم جاودان نہو

ردیف الہاء

چل پرے ہٹ مجھے نہ دکھلا منھ
اے شب ہجر تیرا کالا منھ
آرزوے نظارہ تھی تو نے
اتنی ہی بات پر چھپایا منھ
دشمنون سے بگڑ گئی تو بھی
دیکھتے ہی مجھے بنایا منھ
بات پوری بھی منھ سے نکلی نہین
آپ نے گالیون پہ کھولا منھ
ہو گیا راز عشق بے پردہ
اس نے پردہ سے جو نکالا منھ

شب غم کا بیان کیا کیجے
ہے بڑی بات اور چھوٹا منھ

جب کہا یار سے دکھا صورت
ہنس کے بولا کہ دیکھو اپنا منھ

کس کو خون جگر پلائے گا
ساغر مے کو کیون لگایا منھ

پھر گئی آنکھ مثل قبلہ نما
جس طرف اس صنم نے پھیرا منھ

گھر مین بیٹھے تھے کچھ اداس سے وہ
بولے بس دیکھتے ہی میرا منھ

ہم بھی غمگین سے ہین آج کہین
صبح اٹھے تھے دیکھ تیرا منھ

سنگ اسود نہین ہی چشم بتان
بوسہ مومن طلب کرے کیا منھ

جو تیرے منھ سے نہو شرمسار آئینہ
تو رخ کرے سوے آئینہ وار آئینہ

کہے ہے دیکھ کے رخسار یار آئینہ
کہ اس صفائی پہ صدقے نثار آئینہ

سیاہ رو نہ کرے ترک الفت گلفام
مین بوالہوس کو دکھاؤن ہزار آئینہ

صفائی دل کی کہان قدر تیرہ روزی مین
چراغ صبح ہے شب ہاے تار آئینہ

سمجھ لیا مگر اس سبز رنگ کو طوطی
کہ ہے نظارہ کا امیدوار آئینہ

وہ سخت جان ہون کہ دکھلائین گر دم مردن
تو توڑ دے کمر کوہسار آئینہ

مقابل اس رخ روشن کے کھل گئی قلعی
نہ ٹھہرا آگ پہ سیماب وار آئینہ

سمار ہے ہین مگر تیرے نو بنو جلوے
کہ بن گیا ہے طلسم بہار آئینہ

شکست رنگ پہ تی مین ہنسے ہین ہم بھی
دکھائین گے انھین وقت شمار آئینہ

مجھے تو کہتے ہو مت دیکھ میری جانب تو
اور آپ دیکھتے ہو بار بار آئینہ

بلا ہے منع وفا نور اڑ گیا ناصح
تو لے کے دیکھ تو رنگ عذار آئینہ

سمجھ تو مومن اگر نارواہو خود بینی
تو دیکھین کاہے کو پرہیزگار آئینہ

سیماب ہی پہلو مین مرے دل تو نہین یہ
اس دل نے ستایا مجھے غارت ہو کہین یہ

معلوم رسائی ترے کانون تک اگرچہ
نالہ مرا کہتا ہے کہ ہے عرش بریں یہ

کچھ شورِ محبت کی تو لذت ہی نہ پوچھو
ہے آپ کے بھی حسن سے کتنا نمکین یہ

اک آہ ہی کر لون کہ ہو شاید اسے تاثیر
فرصت نہیں اب ہے نفس بازپسین یہ

حسرت سے کہا خضر نے دیکھ اسکی گلی کو
مرتا ہون ابھی گر ملے مدفن کو زمین یہ

کیا یار کے آنے کی سُنی کچھ کہ اجل کی
کاہے کی خوشی ہجر مین ہے جان حزین یہ

کیون چھیڑتے ہو مجکو بُرا ہونے لگا کیون
ہے غیر کا نامہ نہ مراخط جبین یہ

یا پردہ اُٹھا ورنہ کھلا شوق نہانی
اب مجھ سے تو چھپتا نہیں اے پردہ نشین یہ

یان کا ہے کو وہ آنے لگا اے خوشِ دل
تو لاکھ کہے پر کوئی آتا ہے یقین یہ

بیدم سا پڑا تھا کوئی اس کوچہ مین اُسنے
دروازے مین آجھانک کے دیکھا جو کہین یہ

اس رحم کے صدقے دہین گھبرکے کہا ہان
جاکر کوئی دیکھو کہین مومن تو نہین یہ

وابستگی سی ہے کسی زلف دوتا کے ساتھ
پالا پڑا ہے ہم کو خدا کس بلا کے ساتھ

کب تک نبھائیے بت ناآشنا کے ساتھ
کیجے وفا کہان تلک اس بیوفا کے ساتھ

یاد ہوائے یار نے کیا کیا نہ گل کھلائے
آئی چمن سے نکہت گل جب صبا کے ساتھ

مانگا کرین گے اب سے دعا ہجر یار کی
آخر تو دشمنی ہے اثر کو دعا کے ساتھ

ہر کس کا انتظار کہ خواب عدم سے بھی
ہر بار چونک پڑتے ہین آواز پا کے ساتھ

یارب وصال یار مین کیونکر ہو زندگی
نکلی ہی جان جاتی ہے ہر ہر ادا کے ساتھ

اللہ رے سوز آتش غم بعد مرگ بھی
اُٹھتے ہین میری خاک سے شعلے ہوا کے ساتھ

سو زندگی نثار کرون ایسی موت پر
یون روے زار زار تو اہل عزا کے ساتھ

ہر دم عرق عرق نگہ بے حجاب ہے
کس نے نگاہ گرم سے دیکھا حیا کے ساتھ

مرنے کے بعد بھی وہی آوارگی رہی
افسوس جان گئی نفس نارسا کے ساتھ

دست جنون نے میرا گریبان سمجھ لیا
اُلجھا ہے اُن سے شوخ کے بند قبا کے ساتھ

آتے ہی تیرے چل دیے سب ورنہ یاس کا
کیسا ہجوم تھا دل حسرت فزا کے ساتھ

مین کینے سے بھی خوش ہون کہ سب تو کہتے ہین
اُس فتنہ گر کو لاگ ہے اس مبتلا کے ساتھ

مومن وہی غزل پڑھو شب جس سے بزم مین
آتی تھی لب پہ جان زہ وجذا کے ساتھ

لٹے وہ شکوے کرتے ہین اور کس ادا کے ساتھ
بے طاقتی کے طعنے ہین عذر جفا کے ساتھ

بہر عیادت آئے وہ لیکن قضا کے ساتھ
دم ہی نکل گیا مرا آواز پا کے ساتھ

بے پردہ غیر پاس اسے بیٹھا نہ دیکھتے
اٹھ جاتے کاش ہم بھی جہان سے حیا کے ساتھ

وہ لالہ رو گیا نہ ہو گلگشت باغ کو
کچھ رنگ بوے گل کے عوض ہے صبا کے ساتھ

اسکی گلی کہان یہ تو کچھ باغ خلد ہے
کس جاے مجکو چھوڑ گئی موت لا کے ساتھ

آتی ہے بوے داغ شب تار ہجر مین
سینہ بھی چاک ہو نہ گیا ہو قبا کے ساتھ

گلبانگ کس کا مشورۂ قتل ہو گیا
کچھ آج بوے خون ہے وہانکی ہوا کے ساتھ

تھے وعدے سے پھر آنے کے خوش یہ خبر نہ تھی
ہوا اپنی زندگانی اسی بیوفا کے ساتھ

کوچہ سے اپنے غیر کا منھ ہے مٹا سکے
عاشق کا سر لگا ہے ترے نقش پا کے ساتھ

اللہ ری گمرہی بت وبتخانہ چھوڑ کر
مومن چلا ہے کعبے کو اک پارسا کے ساتھ

تکلیف سے جون پنجۂ گل لال ہوا ہاتھ
نازک ہے وہ بس چھوڑ دے اے رنگ حنا ہاتھ

مین اپنے گریبان کے ٹکڑون کا ہون پیرو
چلتے ہین جنون مین مرے پاؤن سے سوا ہاتھ

ہے دست مری نبض کی تف سے ید بیضا
یہ معجزۂ تازہ مسیحا کے لگا ہاتھ

ہنگام وداع آہ گلا کاٹ رہے تھے
کیا کھینچتے دامن کو تیے کام مین تھا ہاتھ

رکھا تو دل وچشم سے اب اٹھ نہین سکتا
قربان نزاکت کے مین کیا پانون ہو کیا ہاتھ

ہونے نہ دیا چاک گریبان کفن کو
یارون نے کیے دفن مرے تن سے جدا ہاتھ

یہ دست بریدہ مرے قاصد کا نہو وے
ہے مہر کا خط ہاے شعاعی سے بھرا ہاتھ

جیسا مجھے آرام ترے ہاتھ سے آیا
اللہ کرے یون ہی ترا سینہ مرا ہاتھ

جون شاخ گل اے جوش جنون زار ہو یعنے
بیٹھا کف افسوس ملے گا پس گشتن

غیرون سے بھی ظالم تو مرے ساتھ اٹھا ہاتھ

ہم اور یہ بدعت تپش دل کے سبب سے
مومن مرے سینہ پہ رہے بعد فنا ہاتھ

ہم مین فلک نگہ کی بھی طاقت نہ چھوڑ دیکھ
دست مژہ سے پنجۂ خور کو مروڑ دیکھ

اے جامہ زیب مین ہون وہ مجنون کہ قیس کا
پھٹ جائے سینہ میرے گریبان کے جوڑ دیکھ

دور خمار کا بھی ہے کچھ دھیان یا نہین
اے مست حسن شیشۂ دل کو نہ توڑ دیکھ

گر ناز کی سے بار ہے دشنہ تو اک نگاہ
ہم نیم بسملون کو تڑپتا نہ چھوڑ دیکھ

اغوائے غیر سے نہ جگا خفتہ فتنہ کو
مین غش نہین ہون لاش مری مت جھنجھوڑ دیکھ

آئینہ خانہ بن گیا دل توڑنا نہ تھا
یعنے اب ایسے جلوہ نما ہین کروڑ دیکھ

طوفان مین آب ہر گہر اشک ہین نہان
اے بادوست دامن مژگان نچوڑ دیکھ

میرا قلق بھی قبلہ تماسے نہین ہے کم
باور نہین تجھے تو ذرا منھ کو موڑ دیکھ

کیا رحم دیکھنے کی بھی بندی ہو چاہیے
اے چشم اسکے سامنے تو ہاتھ جوڑ دیکھ

جلنا ترا بتون مین بھی تاثیر کر گیا
مومن یقین نہین ہے تو پتھر کو پھوڑ دیکھ

ردیف الیاء

منظور نظر غیر سہی اب ہمین کیا ہے
اب دید تری آنکھ سے دل پہلے پھرا ہے

کھائی ہے قسم ہم نے کہ پرہیز کرینگے
گر درد سے بھر جائے طبیعت تو مزا ہے

جب گھر مین نہو تم تو ارادہ ہے کہان کا
شکوہ جو تمھارا تو ہمارا بھی بجا ہے

بس بس نہ کرو بات کہ یاد آئے ہے مجکو
ناصح سے جو کچھ بے خودیون مین بھی سنا ہے

کس طرح نہ اس شوخ کے رونے پہ ہنسون مین
نظرون مین مروت ہے نہ آنکھون مین حیا ہے

اب شوق سے تم محفل اغیار مین بیٹھو
یان گوشۂ خلوت مین عجب لطف اٹھا ہے

یارب کوئی معشوقہ دلجو نہ ملے اب
جو انکی دعا ہے وہی اپنی بھی دعا ہے

توبہ گنہ عشق سے فرمائے ہے واعظ
یہ بھی کہین دل دے کے گنہگار ہوا ہے

آزردۂ حرمان ملاقات ملے کیا
یعنے کہ نہ ملنا ہے نہ ملنے کی سزا ہے

پرہیز سے اسکے گئی بیماری دل آہ
بیگانگیون مین بھی عجب ربط رہا ہے

تھا محو رخ یار مین کیا آئینہ دیکھون
معلوم ہے یارو مجھے جو رنگ مرا ہے

چاہا کرے دل لاکھ نہ بولون گا جو ہمدم
وہ میرے منانے کو رقیبون سے خفا ہے

مین ترک وفا سے بھی وفادار ہون مشہور
کہین تجھ سے چلے دشمن ارباب وفا ہے

مومن نہ سہی بوسہ پا سجدہ کرینگے
وہ بت ہے جو اورون کا تو اپنا بھی خدا ہے

خوشی نہو مجھے کیونکر قضا کے آنے کی
خبر ہو لاش پہ اس بے وفا کے آنے کی

ہو ایک خلق کا خون سر پہ اشک خون کے مرے
سکھائی طرز اسے دامن اٹھا کے آنے کی

سمجھ کے اور ہی کچھ مر چلا مین اے ناصح
کہا جو تو نے نہین جان جا کے آنے کی

امید سرمہ مین سکتے ہین راہ دیدۂ نم
شمیم سلسلۂ مشک سا کے آنے کی

چلی ہے جان نہین تو کوئی نکالو راہ
تم اپنے پاس تک اس مبتلا کے آنے کی

نہ جائے کیون دل مرغ چمن کہ سیکھ گئی
بہار وضع ترے مسکرا کے آنے کی

مشام غیر مین پہونچے ہے نکہت گل داغ
یہ بے سبب نہین بندی ہوا کے آنے کی

جو بے حجاب نہو گی تو جان جلے گی
کہ راہ دیکھی ہے اسنے حیا کے آنے کی

پھرا ب کی لا ترے قربان جاؤن جذبۂ دل
گئے ہین یان سے وہ سوگند کھا کے آنے کی

خیال زلف مین خود دیر تک نے قہر کیا
امید تھی مجھے کیا کیا بلا کے آنے کی

کرون مین وعدہ خلافی کا شکوہ کس کس سے
اجل بھی رہ گئی ظالم سنا کے آنے کی

گمان ہے ناقہ ترے کان بجتے ہین مجنون
کہ دیر اٹھانے مین کیا ہے صبا کے آنے کی

مجھے یہ ڈر ہے کہ مومن کہین نہ کہتا ہو
مری تسلی کو روز جزا کے آنے کی

مین اگر آپ سے جاؤن تو قرار آجائے
پر یہ ڈرتا ہون کہ ایسا نہو یار آجائے

باندھو اب چارہ گرو چلکے کہ وہ بھی شاید
وہل دشمن کے لیے سوے مزار آجائے

گر ذرا اور بھی اے جوش جنوں خوار و ذلیل
مجھ سے ایسا ہو کہ ناصح کو بھی عار آجائے

نام بدبختی عشاق خزاں ہے بلبل
تو اگر نکلے چمن سے تو بہار آجائے

جیتے جی غیر کو ہو آتش دوزخ کا عذاب
گر مری نعش پہ وہ شعلہ عذار آجائے

کلفت ہجر کو کیا روؤں ترے سامنے میں
دل جو خالی ہو تو آنکھوں میں غبار آجائے

محو دلدار ہوں کس طرح نہوں دشمن جاں
مجھ پہ جب ناصح بیدرد کو پیار آجائے

ٹھہر جا جوش تپش ہے تو تڑپنا لیکن
چارہ سازوں میں ذرا دم دل زار آجائے

حسن انجام کا مومن مرے بارے ہے خیال
یعنے کہتا ہے وہ کافر کہ تو مارا جائے

تیری پابوسی سے اپنی خاک بھی یاوس ہے
نقش پا پر نقش پا ظالم کف افسوس ہے

ہائے یاد مرغ مجنوں کی جنوں افزائیاں
میرے سر کو سایۂ بال ہما منحوس ہے

چشم دریا بار ہے کس کے خیال خط میں جو
قلس ماہی داغ افعلے پر طاؤس ہے

کیا یہ مطلب ہے کہ برعکس وفا ہوگی جفا
جو تمہارے عہد نامہ میں خط معکوس ہے

جان جلایا جی حجاب شمع رونے اور بھی
سوز پروانہ کو مانع پردۂ فانوس ہے

بسکہ شام وصل آغاز سحر میں مر گئے
سینہ کوبی اہل غم کی ہم صدائے کوس ہے

غیرت آمد شد دشمن سے تلوؤں سے لگی
جل بجھیں گے اب کہ حال المشعل منکوس ہے

گر نہو شکر جفائے متصل سے در بسر
لب پہ کچھ کچھ التماس جان غم مانوس ہے

نزع میں جی کا نکلنا تیرا آنا ہو گیا
بسکہ مرتے مرتے دل میں حسرت پابوس ہے

شاعری اپنی ہوئی نیرنگی دانشوری
جو سخن ہے سو طلسم راز بطلیموس ہے

کر چکا ہوں دور اخلاص بتاں میں امتحان
میں نہ مانوں گا کہ مومن نا ہد سالوس ہے

دیتے ہو مسکین مرے آزار سے
دوستی تم کو نہیں اغیار سے

کچھ نہ سوجھا حسرت دیدار سے
سہل چھوٹے مردن دشوار سے

داغ خون سے میرے وہ حیران ہوا
دامن الجھا ہے گل بے خار سے

پھوڑ جلدے بوالہوس سر کو کہ اب
جھانکتے ہین روزن دیوار سے

قصد کی تھا حاجت مجھے کیا چارہ گر
بہ گیا خون دیدۂ خونبار سے

مال کیسا جان بھی دے کر ہوا ہوس
گر بنے تو دل چھٹا لون یار سے

مت کرو کنگھی نہ سیر و زد حنا
دل چرائے طرۂ طرار سے

آہ دور چرخ کی کیا خاک اڑائے
فتنہ برپا ہے تری رفتار سے

کھا گیا جان آکہ دون اسکو نکال
مین نہین خوش صحبت غمخوار سے

یون کہے درد آیا اپنی چیز کا
حال دل گر پوچھیے دلدار سے

گر نصیحت گر مین سچ ہون سادہ لوح
تو بجھے گی خوب اس عیار سے

کیون نہ کاٹین لب اطبا مر گیا
حال پوچھا تھا ترے بیمار سے

وعدہ کر کے وہ نہ آئے نامہ بر
تو نے پوچھا ہوئے گا تکرار سے

دست قاصد کاٹے کیون ثابت کیا
درد دی مضمون مرے طومار سے

ہائے بخت خفتہ کی یون جھپکی آنکھ
دشمنون کے طالع بیدار سے

مجھ سے وہ چھپتے پھرین اسکے سوا
اور حاصل عشق کے آثار سے

کہہ غزل اک اور بھی مومن کہ ہو
شوق اس بت کو ترے اشعار سے

زہر ٹپکے ہے نگاہ یار سے
موت سوجھی نرگس بیمار سے

قتل ہو کر ہم بچے آزار سے
عمر کے دن کٹ گئے تلوار سے

جا بجا نہرین ہین جاری مین نے مشک
پوچھے ہون گے دہن کہسار سے

گر نہ کھیلین جان پر جی ہار دین
عشق بازی سیکھیے اغیار سے

لاغری سے زندگی مشکل ہوئی
ہے گران تر جان جسم زار سے

کر علاج جوش وحشت چارہ گر
لا دے اک جنگل مجھے بازار سے

ذکر اشک غیر مین رنگینیان
بوے خون آئی تری گفتار سے

عشق مین ناصح بھی ہے کیا مدعی
جرم ثابت ہو گیا انکار سے

چھڑکے ہے کان ملاحت لون کیا — خود لپٹ جا سینۂ افگار سے
گرد دعا کرتا ہون مومن دل کی
ہاتھ باندھے ہے وہ بت زنار سے

ہے نگاہِ لطف دشمن پر تو بندہ جائے ہے — یہ ستم اے بیروت کس سے دیکھا جائے ہے
سامنے سے جب وہ شوخ دلربا آجائے ہے — تھامتا ہون پر یہ دل ہاتھون سے نکلا جائے ہے
حال دل کیونکر کہون مین کس سے بولا جائے ہے — سر اٹھا بالین سے کیا کچھ جی ہی بیٹھا جائے ہے
جان کھاؤ صل عدو سچ ہی سہی پر کیا کرون — جب گلہ کرتا ہون ہمدم وہ قسم کھا جائے ہے
رشک دشمن نے بنا دی جان اے بے وفا — کب تلک کوئی نہ بگڑے حال اگر ایسا جائے ہے
تلخکام عشق شیرین لب جیے تو کیا ہوا — شور بختی سے مزا ہی زندگی کا جائے ہے
حسن روز افزون پہ غرا کس لیے اے ماہرو — یون ہی گھٹتا جائے گا جتنا کہ بڑھتا جائے ہے
پونچھے آنسو وارثون کے کیا کرون اب ہائے ہائے — داغ میرے خون کا دامن سے پونچھا جائے ہے
غیر کے ہمراہ وہ آتا ہے مین حیران ہون — کس کے استقبال کو جی تن سے میرا جائے ہے
تاب و طاقت صبر و راحت جان و ایمان عقل و ہوش — ہائے کیا کہیے کہ دل کے ساتھ کیا کیا جائے ہے
رو رہا ہون خندۂ دندان نما کی یاد مین — آب گوہر کے لیے آنکھون سے دریا جائے ہے
خاک مین مل جائے یارب بیکسی کی آبرو — غیر میری نعش کے ہمراہ روتا جائے ہے
اب تو مرجانا بھی مشکل ہے ترے بیمار کو — ضعف کے باعث کہان جی سے اٹھا جائے ہے
بند کر اب تو ہی فرما کس کو سودا ہے یہ کون — اور کی سنتا نہین اپنی ہی بکتا جائے ہے

دیکھیے انجام کیا ہو مومن صورت پرست
شیخ صنعان کی طرح سوے کلیسا جائے ہے

ہوئی تاثیر آہ و زاری کی — رہ گئی بات بے قراری کی
شکوۂ دشمنی کرین کس سے — وان شکایت ہے دوستداری کی
مبتلائے شب فراق ہوے — ضد سے ہم تیرہ روزگاری کی
یاد آئی جو گرمجوشی یار — دیدۂ تر نے شعلہ باری کی

کیون نہ ڈر جاؤن دیکھ کر وہ زلف — ہے شب ہجر کی سی تاریکی
پاس دیکھو کہ غیر سے کہدی — بات اپنی امیدواری کی
بسکہ ہے یار کی کمر کا خیال — شعر کی سوجھتی ہے باریکی
کردے روز جزا شب دیجور — ظلمت اپنی سیاہ کاری کی
تیرے ابرو کی یاد مین ہم نے — ناخن غم سے دلفگاری کی
قتل دشمن کا ہے ارادہ اُسے — یہ سزا اپنی جان نثاری کی

کیا مسلمان ہوے کہ اے مومن
حاصل اس بت سے شرمساری کی

دفن جب خاک مین ہم سوختہ سامان ہونگے — فلس ماہی کے گل شمع شبستان ہونگے
ناوک انداز جدھر دیدۂ جانان ہونگے — نیم بسمل کئی ہونگے کئی بے جان ہونگے
تاب نظارہ نہین آئینہ کیا دیکھنے دون — اور بن جائینگے تصویر جو حیران ہونگے
تو کہان جائے گی کچھ اپنا ٹھکانا کرلے — ہم تو کل خواب عدم مین شب ہجران ہونگے
ناصحا دل مین تو اتنا تو سمجھ اپنے کہ ہم — لاکھ ناداں ہوے کیا تجھسے بھی ناداں ہونگے
کرکے زخمی تجھے ناوم ہون یہ ممکن ہی نہین — گر وہ ہونگے بھی تو بے وقت پشیمان ہونگے
ایک ہم ہین کہ ہوے ایسے پشیمان کہ بس — ایک وہ ہین کہ جنھین چاہ کے ارمان ہونگے
ہم نکالینگے سن اے موج ہوا بل تیرا — اسکی زلفون کے اگر بال پریشان ہونگے
صبر یارب مری وحشت کا پڑیگا کہ نہین — چارہ فرما بھی کبھی قیدی زندان ہونگے
منت حضرت عیسی نہ اُٹھائینگے کبھی — زندگی کے لیے ہم منت احسان ہونگے
تیرے دل تفتہ کی تربت پہ عدو جھوٹا ہے — گل نہونگے شرر آتش سوزان ہونگے
غور سے دیکھتے ہین طوف کو آہوے حرم — کیا کہین اسکے سگ کوچہ کے قربان ہونگے
داغ دل نکلینگے تربت سے مری جون لالہ — یہ وہ اخگر نہین جو خاک مین پنہان ہونگے
چاک پردے سے یہ غمزے ہین تو اے پردہ نشین — ایک مین کیا کہ سبھی چاک گریبان ہونگے
پھر بہار آئی وہی دشت نوردی ہوگی — پھر وہی پاؤن وہی خار مغیلان ہونگے

سنگ اور ہاتھ وہی وہ ہی سر و داغ جنون — وہ ہی ہم ہونگے وہی دشت و بیابان ہونگے

عمر ساری تو کٹی عشق بتان مین مومن
آخری وقت مین کیا خاک مسلمان ہونگے

سینہ کوبی سے زمین ساری ہلا کے اُٹھے — کیا علم دھوم سے تیرے شہدا کے اُٹھے
آج اُس بزم مین طوفان اُٹھا کے اُٹھے — یاں تلک روئے کہ اسکو بھی رولا کے اُٹھے
دل سے کیونکر نہ دھوان ساتھ ہوا کے اُٹھے — شعلہ ہائے تپ غم سینہ جلا کے اُٹھے
گر نہو دل مین خیال نگہ خواب آلود — درد کیا کیا اثر خفتہ جگا کے اُٹھے
شمع کے چور کا محفل مین جو مذکور ہوا — دل چرا بیٹھے تھے جب آنکھ چرا کے اُٹھے
گو کہ ہم صفحۂ ہستی پہ تھے اک حرف غلط — لیک اُٹھے بھی تو اک نقش بٹھا کے اُٹھے
ہو عذاب شب یلدا سے رہائی یارب — زلف منہ سے کہین اس مہ لقا کے اُٹھے
اف ری گرمی محبت کہ ترے سوختہ جان — جس جگہ بیٹھ گئے آگ لگا کے اُٹھے
مین دکھاتا تھین تاثیر مگر ہاتھ مرے — ضعف کے ہاتھ سے کب وقت دعا کے اُٹھے
سوزش دل سے ہوا کیا ہی مین پانی پانی — وہ جو پہلو سے پسینے مین نہا کے اُٹھے
جی ہی مانند نشان کف پا بیٹھ گیا — پاؤن کیا کوچے سے اس شوخ کے اُٹھے

شعر مومن کے پڑھے بیٹھ کے اُسکے آگے
خوب احوال دل زار سنا کے اُٹھے

منہ کو نہ سیا ناصح کی نصیحت گری اتنی — لون مین بھی ابھی لتے ہین پر دھری اتنی
تم اُٹھ گئے محفل سے ذکر آتے ہی مجنون کا — سایہ سے مرے وحشت اے رشک پری اتنی
دل لے کے وفا کیسی پر قول تو دینا تھا — اے سیمتن آفت ہے تو مفت بری اتنی
بے پردہ پس چلون یکبار تم آ بیٹھے — ہے تاب نظر کس کو کیون جلوہ گری اتنی
لازم تھا حذر مجھ سے ناچیز کے نالون سے — پر تجھ کو کہان غیرت اے بے اثری اتنی
لو چھیڑے ہے نکہت کو گلہائے شبینہ کی — اب تم سے بھی چل نکلی باد سحری اتنی
یہ کون کہے اس سے کی ترک وفا مین نے — کر تو ہی ذرا ناصح پیغام بری اتنی

کیا ہو گئی خود بینی اب غیر سے چشمک ہے
یا خوش نگہی وہ کچھ یا بد نظری اتنی

کہتا ہو مرے آگے وہ مجھ پہ عدو غش ہے
ہے ہے مری الفت سے بے خبری اتنی

سجدہ نہ کہیں کرنا مومن قدم بت پر
کعبے ہی میں ہوتی ہے بہبودہ سری اتنی

پھر وہ وحشت کے خیالات ہیں سر میں پھرتے
وحشت یاد آتے ہیں آہو ہیں نظر میں پھرتے

واہ اے طالع برگشتہ کہ وہ پھر ہی گیا
آنکر دیکھ مجھے راہ گذر میں پھرتے

پھرتے دن اپنے تو غیروں کی طرح راتوں کو
کیسے ہم کوچۂ مہتاب قمر میں پھرتے

عطر غیروں کو لگا کر جو رولایا اس نے
تر مرے سے ہیں مرے دیدۂ تر میں پھرتے

منتظر کس کے یہ رہتے ہیں کہ ہم ہر شب کو
تا سحر شام سے اٹھ اٹھ کے ہیں گھر میں پھرتے

ہے زبان بند اثر دل سے شب وصل کہیں اور
فکر سو سو ہیں دل مرغ سحر میں پھرتے

قلق دل سے ہے جنبش ترے پیکانوں کو
پوچھ مت حال کہ بہ سے ہیں جگر میں پھرتے

ایک دم گردش ایام سے آرام نہیں
گھر میں ہیں تو بھی ہیں دن رات سفر میں پھرتے

گر گئے تھے تو تسلی کو مری کہہ جاتے
کہ اب آتا ہوں وہ گو آٹھ پہر میں پھرتے

زرد رخ رنگ طلائی کے ہوئے دیوانے
کیمیا ساز بھی ہیں خواہش زر میں پھرتے

سرمہ گین چشم کی گردش جو نہ بھا جاتی تو
خاک یوں کاہے کو ہم ڈالے سر میں پھرتے

جنبش نرگس جنت نے رلایا مومن
چشم کافر کے اشارے ہیں نظر میں پھرتے

یا مال اک نظر میں قرار و ثبات ہے
اس کا نہ دیکھنا نگہ التفات ہے

پیغامبر رقیب سے ہوتے ہیں مشورے
سنتا نہیں کسی کی یہ کہنے کی بات ہے

چھٹ کر گلوں سے اسیر محبت کی زندگی
ناصح یہ بند غم نہیں قید حیات ہے

کیا یوں ہی جائے گی مری فریاد سر نوشت
واعظ کو روز حشر امید نجات ہے

بدنامیوں کے ڈر سے عبث تم چلے کہ میں
ہوں تیرہ روز میری سحر بھی تو رات ہے

لکھا جو اسکو خط میں بلانوشیوں کا شکر
بالیدگی سے جوں خم گردوں دوات ہے

کیا مال ہیں کہ جان و دین دیتے ہیں دم تمہیں
اغیار بوالہوس کی یہی کائنات ہے

کیا ابتدائے حسن میں میں تجھ پہ مر گیا
خلقت کا تیری دن مرا روز وفات ہے

جھوٹی شراب اپنی مجھے مرتے دم تو دے
یہ آب تلخ شربت قند و نبات ہے

کیونکر خدا کو دوں کہ بتوں کو ہے احتیاج
مومن یہ نقد دل زر جان کی زکات ہے

نہ دیتا بوسۂ پا گو فلک جھکتا زمیں پر ہے
کہ یہ جتنا زمیں کے نیچے ہے اتنا زمیں پر ہے

تڑپتا ہے پڑا شوق شہادت خاک و خوں میں
گرا کوچے میں تیرے یہ لہو کس کا زمیں پر ہے

حرام ناز نے کس کے جہاں کو کر دیا برہم
زمیں گرتی فلک پڑتا ہے فلک گرتا زمیں پر ہے

تری دوری میں بھی کیا جانے اس ماں جانا ہے
کہ جنے آسماں پر سے اسے ٹپکا زمیں پر ہے

رہا اس کو میں مٹی یا رلے جائیں تو لیجائیں
کہ پڑتا پانوں ماننا نشان پا زمیں پر ہے

نوید فصل سے بھی ہو دل مضطر کو کیا تسکیں
کہ قدر نیم رقص مرغ بسمل جا زمیں پر ہے

مری فریاد سن کہتا ہے اسرافیل حیرت سے
قیامت آگئی کیونکر یہ غل کیسا میں پر ہے

گلہ ہے گردش چشم سیہ کا تیرے وحشی کو
کہ تنگی سے سدا ہی ہے فلک لکھتا میں پر ہے

وہ سرو گل ترے زانو پہ تھا سو آج اے ظالم
کبھو رہتا ہے پتھر پر کبھو رہتا زمیں پر ہے

فرشتو لیچلے اس کو سے کیوں جنت میں تم مجھ کو
بھلا کیا ساکنان چرخ کا دعوے زمیں پر ہے

ہوا مہر برات عفو نقش سجدہ مومن کو
قدم رکھتا فلک پر ہے کہ سر رکھتا زمیں پر ہے

مجھے یاد آگئی بس وہ میں اسکے قد و قامت کی
چمن میں دیکھ کر گل سرو میں نے کیا قیامت کی

دیا ظالم کو دل جان غیر کو آرام و حشت کو
کسی کا شکوہ کیا کیجیے یہ خوبی اپنی قسمت کی

ستم پیشہ ہے بدخو ہے ستمگر ہے جفا جو ہے
کروں کیا کیا شکایت دو ستو اس ہمدوت کی

موئے ہیں حسرت دیدار میں خوں روتے روتے ہم
عجب کیا ہے جو نکلے سرخ نرگس اپنی تربت کی

مبارک خفتگان خاک کو تصدیع بیداری
کہ گور تیرہ سے یاد آئی مجکو رات فرقت کی

جفا کا شکوہ اب کیوں جو کیا اچھا کیا اس نے
سزا ہے اے دل ناداں اس الفت اس محبت کی

تری دل گر میان آخر جلا رہونگی غیرون کو
کہ دوزخ نے قسم کھائی ہی میرے سوز غیرت کی

مزہ خواب عدم کا بیستون کو کاٹ کر پایا
ملی فرہاد شیرین کام کو راحت یہ محنت کی

گلہ کیا کیجیے اس بدگمان عیار پرفن کا
کہ عرض حال سے جسکو شکایت ہو شکایت کی

وہی مذہب ہی اپنا بھی جو قیس و کوہکن کا تھا
نئی راہ افترا ہے کب بھلا مومن نے بدعت کی

وہ گردون دکھ یہ حالت ہوئی تغیر شیشہ کی
کہ تھمتی ہی نہین ہچکی ہوئی ہی دیر شیشہ کی

مدام اس دلبر میگش کے منہ لگتا ہی اے ساقی
بنائی ہائے کیا اللہ نے تقدیر شیشہ کی

سوائے محتسب اسکے کہ اپنے دل کی صورت ہے
سزاوار شکستن کونسی تقصیر شیشہ کی

اثر اس سنگدل کو کیا ہو عرض دل شکستن کا
شکایت ہی مری فریاد بے تاثیر شیشہ کی

ہون اک آئینہ رو کا دیدۂ پرآب دیوانہ
بنا اشک مسلسل سے مری زنجیر شیشہ کی

بیان کرتا ہے ہکلانے کا اس بدمست کے عالم
ولے کیا سمجھیے پیچیدہ ہے یہ تقریر شیشہ کی

یہ کیا طاقت کہ اب بھی محتسب پامال کر ڈالے
ملا تو خاک مین پر ہے وہی توقیر شیشہ کی

کرامت ہی رخ زرد آپ کے دل تفتہ کا ورنہ
کہین بنتی سنی ہے آجتک اکسیر شیشہ کی

بھلا کیا اعتبار اے مومن ایسی پارسائی کا
کہ بیخود ہو گئے تم دیکھکر تصویر شیشہ کی

کشتۂ حسرت دیدار ہین یارب کس کے
نخل تابوت مین جو پھول لگے نرگس کے

وہ چلا جان چلی دونون یہان سے کھسکے
اسکو تھا مون کہ اسے پاؤن پڑون کس کس کے

پانون تربت پہ مری دیکھ سنبھل کر رکھنا
چور ہی شیشۂ دل سنگ ستم سے پس کے

مجکو مارا مرے حال متغیر نے کہ ہے
کچھ گمان اور ہی دھڑکے سے دل مونس کے

کس پری رو سے ستمگر سے ملا دل افسوس
کس پہ دیوانہ ہوا ہوش گئے ہین اس کے

بخت پروانہ سے قربان عدو ہون یعنی
آگ بن جاے ہی وہ گرد پھرون مین جس کے

نالۂ رشک نہو باعث درد سر مرگ
غیر کے سر پہ لگاتا ہے وہ صندل گھس کے

لذت مرگ سے ہجران مین دعا ہے کہ خدا
یہ مزا ہو نہ نصیبون مین کسی انجس کے

کیون نہ ہم شمع کے مانند جلین دور کھڑے
جب عدو باعث گرمی ہون تری مجلس کے

یار مومن سے بھی ہین مدعی طبع رواں
واہ افکار ترا ان ادمغۂ یاس کے

مجھپہ طوفان اٹھائے لوگون نے
مفت بیٹھے بٹھائے لوگون نے

کر دیے اپنے آنے جانے کے
مذکرے جائے جائے لوگون نے

وصل کی بات کب بن آئی تھی
دل سے دفتر بنائے لوگون نے

بات اپنی وہان نہ جمنے دی
اپنے نقشے جمائے لوگون نے

سُن کے اڑتی سی اپنی چاہت کی
دونون کے ہوش اڑائے لوگون نے

اور ہی کچھ پڑھا دیا اس کو
دشمنون کے پڑھائے لوگون نے

بن کے رازہائے نہانی
اُسے کیونکر سُنائے لوگون نے

کیا تماشا ہے جو نہ دیکھے تھے
وہ تماشے دکھائے لوگون نے

کر دیا مومن اس صنم کو خفا
کیا کیا ہائے ہائے لوگون نے

تمھین تقصیر اس بُت کی کہ ہو میری خطا لگتی
مسلمانو ذرا انصاف سے کہیو خدا لگتی

ترے پتنے لگے رونے کا باعث مجھپہ بھی کھلتا
ترے دل کو بھی میری سی اگر اے بیوفا لگتی

ستم اے شورختی میری ہڈی کیون نہ کھا جاتا
سگ لیلےٰ اوا کو گر نہ ظالم بدمزا لگتی

جو مر جاتا تو یہ دکھ کاہے کو سہتا اگر آہین
نہ کہتا مین تو شاید دشمنون کی بددعا لگتی

وہ پھر ہر گرم نظارہ کہان تک نخم دل ٹانکون
کہ ہر ہر مژہ کے ساتھ اک برچھی سی آ لگتی

نسیم مصر کا دم پیرکنعان کاہے کو بھرتا
اگر کوچہ کی تیری خاک آلودہ ہوا لگتی

جو گریہ ترنہ کر دیتا تو جیسے نالہ کھینچا تھا
چمن مین کوہ مین صحرا مین آتش جا بجا لگتی

کیے تھے کاٹ کاٹ آلودہ خون سے ہاتھیان اپنے
وہان دست عدو سے پانون مین تھی شبرنا لگتی

بلائے جان ہوا دھیان اس سیہ کاکل کی چوٹی کا
لگا دل تو دل کے پیچھے کاہے کو بلا لگتی

کہین سے ڈھونڈھ کر لا نابت کافر کو اے مومن
طبیعت سیر جنت مین نہین اسکے سوا لگتی

سرمگین چشم سے کیون تیز نظر کرتا ہے
کب مرا نالہ ترے دل مین اثر کرتا ہے

جب وہ حیرت زدہ چہرے پہ نظر کرتا ہے
آئینہ صد گلہ آئینہ گر کرتا ہے

گر تصور سے ہون ہم بزم تو بیتاب ہے
کس قدر وہ مرے ملنے سے حذر کرتا ہے

کس کے ہنسنے کا تصور ہے شب و روز کہ یون
گدگدی دلمین کوئی آٹھ پہر کرتا ہے

غم خط مین ترے مرجائین تو کچھ کیا ہے عجب
زہر کو جو کوئی کھاتا ہے ضرر کرتا ہے

اک نمکدان سے تو لذت نہ اٹھی اے قاتل
زخم دل عرض نمکدان دگر کرتا ہے

کیا کیا دل نے کہ آنکھون سے کہا راز نہان
ایسے غماز کو بھی کوئی خبر کرتا ہے

عیش مین بھی تو نہ جاگے کبھی تم کیا جانو
کہ شب غم کوئی کس طور سحر کرتا ہے

عدم آباد سے آتا مجھے یاد آئے ہے جب
کوئی حسرت زدہ دنیا سے سفر کرتا ہے

بخت بد نے یہ ڈرایا ہے کہ کانپ اٹھتا ہون
تو کبھی لطف کی باتین بھی اگر کرتا ہے

قتل کی ٹھہر گئی اپنی رقیبون مین کہ آج
خندہ کچھ طرز دگر چاک جگر کرتا ہے

سن رکھو سیکھ رکھو اس کو غزل کہتے ہین
مومن اے اہل فن اظہار ہنر کرتا ہے

دیکھ کر مجھ کو وہ چشم کو تر کرتا ہے
اشک غماز بھی آنکھون مین جگر کرتا ہے

ذکر کر بیٹھے برائی ہی سے شاید میرا
اب وہ اغیار کی صحبت سے حذر کرتا ہے

نالۂ غیرت بلبل سے بھڑک اٹھے ہے آگ
گل مری قبر پر کیا کار شرر کرتا ہے

سد راہ ایسی نہین غیرت یاد اغیار
کب خیال اپنا ترے دلمین گزر کرتا ہے

میرے زرد آبلون سے تخنۂ صد برگ دشت
ہے وہ اکسیر جنون خاک کو زر کرتا ہے

ہو تری جائے تو ہر ایک کے دلمین کیونکر
دیکھیے حال مرا سب کو اثر کرتا ہے

تیری غفلت سے یہ حالت ہے کہ اب دیکھ مجھے
ترک آئینہ گری آئینہ گر کرتا ہے

کیا رولاتی ہے مجھے فکر خیال دشمن
وصل مین جب وہ ادھر ہنس کے نظر کرتا ہے

اشک شادی نے دم وصل جلایا کہ مجھے
منع نظارہ مرا دیدۂ تر کرتا ہے

محو وعدہ ہے کسی بت کا تو مومن کہ نماز
پھیر کر قبلہ سے منھ جانب در کرتا ہے

فغان کیا دم بھی لینا پارہ ہائے دل اُڑاتا ہی
سنا اسنے مرا نالہ اثر بھی کچھ ہوا شاید
پڑی لوٹے ہین انگارون پہ ورخ مین پڑی جو رین
اگر ان خوابی وہی ہی بخت خوابیدہ کی اسی ظالم
اگر لب تک پر تاثیر کیون خلوت مین اے آنکھو
کبھی کی پھر گئین آنکھین فرشتے بھی نظر آے
مین ایسا ہون کہ دون گا تجکو طعنہ بیوفائی کا
نہ کرنی تھی نصیحت اسکے بیٹھے پر قیامت کی

کہون کیا درد پنہان کی کلیجا منھ کو آتا ہے
کہ دشمن کہہ گیا بیفائدہ کیون غل مچاتا ہے
تمھارا حسن عالم سوز کس کو جلاتا ہے
مرا شور فغان کاہے کو سوتون کو جگاتا ہے
کوئی یون خاک مین ایسے گہر کو بھی ملاتا ہے
تمھارا منھ چھپانا دیکھیے کیا کیا دکھاتا ہے
بگڑنا گر نہین دشمن سے کیون باتین بناتا ہے
عجب فتنہ ہی ناصح بھی کہ یہ فتنے اٹھاتا ہے

خیال خواب راحت ہے علاج اس بدگمانی کا
وہ کافر گور مین مومن مرا شانہ ہلاتا ہے

کیون بنی خونابہ نوشی بادہ خواری آپ کی
کیون رم جانانہ کی بدلی ہے از خود رفتگی
منفعل سازندہ دم نا ہید نغمہ کیا ہوئی
آشنا سی ہوگئی بیگانگی جاتی رہی
بوے گل سے ہو مکدر کس کی بو آئی ہے یاد
عشق مہ رو مین تڑپتے ہو نہین تو کس لیے
مجکو حیران دیکھ کر حیران رہ جاتے ہو کیون
جی چلا جاتا ہی کیون ہر لحظہ کس پر دل گیا
کیون ہی رنگ زرد پر گلگونہ اشک سرخ کا
ہے کیا بیتاب ہو کر دھر لیا سینہ پہ ہاتھ
سرمہ دینے لگتے ہو جسوقت رونا آئے ہے
دل گیا دم پر بنی آنکھین لڑین کہتے ہی حال
قطرہ ہاے اشک گنتے ہو اگر روتا ہون مین

کس لیے ہی بیخودی غفلت شعاری آپ کی
کس لیے شوخی ہوئی ہی بیقراری آپ کی
کیون گزرتی ہی فلک سے آہ و زاری آپ کی
ہوگئی کس آشتی دشمن سے یاری آپ کی
خاک اڑانے کیون لگی باد بہاری آپ کی
جون کتان ہر شب قبا ٹکڑے ہی ساری آپ کی
ایسی محو یاس ہے امیدواری آپ کی
لے گئی قابو سے جان بے اختیاری آپ کی
کس لیے ملنے لگی رنگت ہماری آپ کی
کھل گئی مہوش کے سے دلفگاری آپ کی
بارے ہوا بتک تو باقی شرمساری آپ کی
بیقراری آہ و زاری اشکباری آپ کی
اسقدر خو ہوگئی اختر شماری آپ کی

کس صنم کی بندگی مین بت پرستی چھوڑ دی
ہوگئی مومن کی سی کیون دینداری آپکی

صبر وحشت اثر نہ ہو جائے — کہین صحرا بھی گھر نہ ہو جائے
رشک پیغام ہے عنان کش دل — نامہ بر راہ بر نہ ہو جائے
دیکھو مت دیکھیو کہ آئینہ — غش تمھین دیکھکر نہ ہو جائے
ہجر پردہ نشین مین مرتے ہین — زندگی پردہ در نہ ہو جائے
کثرت سجدہ سے وہ نقش قدم — کہین پامال سر نہ ہو جائے
میرے تغیر رنگ کو مت دیکھ — تجکو اپنی نظر نہ ہو جائے
میرے آنسو نہ پوچھنا دیکھو — کہین دامان تر نہ ہو جائے
بات ناصح سے کرتے ڈرتا ہون — کہ فغان بے اثر نہ ہو جائے
اے قیامت نہ آئیو جبتک — وہ مری گور پر نہ ہو جائے
مانع ظلم ہے تغافل یار — بخت بد کو خبر نہ ہو جائے
غیر سے بے حجاب ملتے ہو — شب عاشق سحر نہ ہو جائے
رشک دشمن کا فائدہ معلوم — مفت جی کا ضرر نہ ہو جائے
اے دل آہستہ آہ تاب شکن — دیکھ ٹکڑے جگر نہ ہو جائے

مومن ایمان قبول دل سے مجھے
وہ بت آزردہ گر نہ ہو جائے

جہان سے شکل کو تیری ترس ترس گزرے — جو تجھپہ بن نہ چلا اپنے جی سے بس گزرے
بنی ہے سور سرافیل آہ بے تاثیر — کہ میرے دم پہ قیامت نفس نفس گزرے
نہ جاؤن کیونکہ سوے دام آشیانے سے جب — خیال حسرت مرغان ہم قفس گزرے
ہوا ورکو تو ہدایت جو خود ہون آوارہ — یہ عمر کاش کے جون نالۂ جرس گزرے
وفاے غیرت شکر جفا نے کام کیا — کہ اب ہوس سے بھی اعدا بے التماس گزرے
یہ نیم جان و غم ہجر ہے وہی انصاف — جو تیرے دھیان مین اے مرگ اور برس گزرے

دکھاؤن ناقۂ لیلےٰ خرام ناز تجھے
کبھی ادھر سے جو اس شوخ کا فرس گزرے

نہ چھوٹے کیون تن کاہیدہ سے لپٹنا ہائے
طرف سے غیر کے جب نذر عطر خس گزرے

کہان وہ ربط بتان اب کہ اسکو تو مومن
ہزار سال ہوے سیکڑون برس گزرے

نہ انتظار مین یان آنکھ ایک آن لگی
نہ ہاے ہاے مین تا لو سے شب زبان لگی

جلا جگر تپ غم سے پھڑکنے جان لگی
الٰہی خیر کہ اب آگ پاس آن لگی

گلی مین اُس کی نہ پھر آتے ہم تو کیا کرتے
طبیعت اپنی نہ جنت کے درمیان لگی

جفاے غیر کا شکوہ تھا تیرا تھا کیا ذکر
عبث یہ بات بُری تجکو بدگمان لگی

ہنسو نہ تم تو مرے حال پر مین ہون وہ ذلیل
کہ جسکی ذلت و خواری سے غم کو شان لگی

کہان وہ آہ و فغان دم بھی لے نہین سکتے
ہمین یہ تیری دعاے بد آسمان لگی

مین اور اسکو بلاؤن گا روز وصل مین لو
اجل بھی کرنے محبت کا امتحان لگی

بزنگ صورت بلبل نہین نوا سنجی
یہ کیا ہوا کہ چپا سے گلستان بیان لگی

سدا تمھاری طرف جی لگا ہی رہتا ہے
تمھارے واسطے ہے دل کو مہربان لگی

وہ کینہ ور زتھا مومن تو دل لگا یا کیون
کہو تو کیا تمھین ایسی بھلی وہ آن لگی

کیا مرے قتل پہ بامی کوئی جلاد بھرے
آہ جب دیکھ کے تجھ سا ستم ایجاد بھرے

خون دل پیتے ہین خوکردۂ محنت اے کاش
ساغر دہر مین ساقی مے بیداد بھرے

کہین ہو جاے وصال آہ بلا سے چھوٹون
ہجر کا دکھ کوئی کب تک دل ناشاد بھرے

تیشہ کچھ دشۂ شیرو یہ نہین اے غیرت
اپنے ہی خون سے مگر دامن فرہاد بھرے

ہون مین وہ صید جگر خون اسیری مشتاق
جو پس ذبح بھی ہر دم دم صیاد بھرے

پھر تو سرگوشی دشمن مین بھی تاثیر نہ ہو
گر نہ کان اسکے فغان گلہ ارشاد بھرے

چارہ گر اُسکی خطا کیا مرے تن مین نہ رہا
خون اتنا کہ سر نشتر فصاد بھرے

دم بدم رنگ ہے تغییر مرا حیران ہے
رنگ کیسا مری تصویر مین بہزاد بھرے

مومن اس شعلہ زبانی کی کہان قدر مگر
مُنھ در آبلہ سے گرمی فریاد بھرے

کرتا ہے قتل عام وہ اغیار کے لیے
دن بیس روز مرتے ہین دو چار کے لیے

دیکھا عذاب رنج دل زار کے لیے
عاشق ہوے ہین وہ مرے آزار کے لیے

دل عشق تیرے نذر کیا جان کیونکہ دون
رکھا ہے اسکو حسرت دیدار کے لیے

قتل اُسنے جرم صبر جفا پر کیا مجھے
یہ ہی سزا تھی ایسے گنہگار کے لیے

لے تو ہی بھیجدے کوئی پیغام تلخ اب
تجویز زہر ہے ترے بیمار کے لیے

آتا نہین ہے تو تو نشانی ہی بھیجدے
تسکین اضطراب دل زار کے لیے

کیا دل دیا تھا اسلیے مین نے تمھین کہ تم
ہو جاؤ یون عدو مرے اغیار کے لیے

چلنا تو دیکھنا کہ قیامت نے بھی قدم
طرز خرام و شوخی رفتار کے لیے

جی مین ہی موتیون کی لڑی اسکو بھیجدون
اظہار حال چشم گہربار کے لیے

دیتا ہون اپنے لب کو بھی گلبرگ سے مثال
بوسے جو خواب مین ترے رخسار کے لیے

جینا امید وصل پہ ہجران مین سہل تھا
مرتا ہون زندگانی دشوار کے لیے

مومن کو تو نہ لاے کہین دام مین وہ بت
ڈھونڈھے ہے مار سبحہ کے زنار کے لیے

کہانتک دم بخود رہیے نہ ہون کیجیے نہ ہان کیجیے
کہانتک کہائیے غم کب تلک ضبط فغان کیجیے

سوائے نکتۂ موہوم کیا وصف دہان کیجیے
بنا کر بات کیا کہیے جو کچھ ہو تو بیان کیجیے

مواگل دیکھتے ہی یاد رخ مین یاد دہتی تھی
ذرا بہلائیے جی چلیے سیر گلستان کیجے

عدو کے وہم سے تکتا ہون بزم غیر مین ہر سو
نہین ہی اور کچھ یون آپ جو چاہین گمان کیجے

غرض ہمسائے مین بھی اسکا رہنا کیا قیامت ہے
کہ سن لیتا ہی وہ گھر مین جو کچھ مذکوریان کیجے

کہین تو کیا کہین اور بن کہے کیونکر دوا ہووے
بڑی مشکل پڑی کیا چارۂ درد نہان کیجے

وہی ہجران ہی غم کھانے پہ کبتک زندگانی ہو
بس اب مرجائیے کچھ کھاکے عیش جاودان کیجے

رکھے ہاتھ سینے پر بھلا کب مانتا ہی دل
نہ جبتک روئیے دو چار آہ خون چکان کیجے

عدو اس اوج پر شاکی ہی شاید غصہ آجاوے
ملا دے خاک مین یہ تو بھی شکر آسمان کیجے

کچھ آخر حد بھی ہی جور و جفا و ظلم کی کب تک
تحمل در گذر ہر لحظہ ہر دم ہر زمان کیجے

گلا ہم کاٹ لین گے آپ تیغ رشک سے اپنا
عدو کو قتل کیجے پھر ہمارا امتحان کیجے

عذاب ایزدی جانکاہ ہی مانا بس اب مومن
خدا کے واسطے ذکر ستم ہائے بتان کیجے

اجل سے خوش ہون کسی طرح ہو وصال تو ہو
نہ آئے نقش پہ وہ پر یہ احتمال تو ہے

حنا کے رشک سے کیونکر نہ آئے جوش مین خون
کسی غریب سے ہو پر وہ بھی پائمال تو ہے

ذرا تھم اے دل مضطر کہ فکر وصل کرون
شب فراق نہ سہی خواب بھی خیال تو ہے

زمین سے لگ گئین آنکھین تمہاری طرح نہین
شریک قتل ہو گردون کو انفعال تو ہے

کہان تلک گلہ ہائے تغافل قاتل
ہم آپ کاٹ لین آخر یہ سر وبال تو ہے

جفائے یار کو سونپا معاملہ اپنا
اب آگے ہو نہ ہو امید فصال تو ہے

وہ اضطراب کہان ضعف سے مگر اب بھی
ہو آون حضرت عیسی تک اتنا حال تو ہے

شب فراق مین بھی زندگی پہ مرتا ہون
کہ گو خوشی نہین ملنے کی پر ملال تو ہے

عبث ترقی فن کی ہوس ہی مومن کو
زیادہ ہوئے گا کیا اس سے ہمسال تو ہے

تسلی دم واپسین ہو چکی
ہمین ہو چکے جب نہین ہو چکی

قلق کشتہ سخت جانی ہی پھر
امید اجل آفرین ہو چکی

بلا اس سیہ روز کو بزم مین
شب عیش اے مہ جبین ہو چکی

یہان دم نہین شوق سے قتل کر
مرے خون سے تر آستین ہو چکی

مری تعزیت مین نہ لا غیر کو
کہان تک ستم پیشہ کین ہو چکی

کہو مرگ سے ہان نوازش کرے
کہ اس سے زیادہ نہین ہو چکی

وہ ہمدوش ہو گا بھی تو غیر سے
مری قسمت اے شانہ بین ہو چکی

اب اغیار سے ہاتھ پائی ہے کیون
نزاکت بس اے نازنین ہو چکی

خیال اجل سے تسلی کرون
وہ طاقت بھی جان حزین ہو چکی

ثابت ہین سیار مثل شرر
مری آہ کرسی نشین ہو چکی

جنون مین بھلا کوئی کیا خاک اڑائے
کہ اک جوش ہی مین زمین ہو چکی

کمین مین ہے مومن وہ کافر صنم
بس اب پاسبانی دین ہو چکی

در بدر ناصیہ فرسائی سے کیا ہوتا ہے
وہی ہوتا ہی جو قسمت کا لکھا ہوتا ہے

اک نظر دیکھے سے سرتن سے جدا ہوتا ہے
بے جگہ آنکھ لڑی دیکھیے کیا ہوتا ہے

شوق کم ملنے سے اندوہ فزا ہوتا ہے
ہائے پرہیز سے یہ درد سوا ہوتا ہے

چشم خونبار مری آپنے تلوون سے ملی
ورنہ ایسا بھی کہین رنگ حنا ہوتا ہے

جان بلب ہون خبر وصل سنا دے قاصد
لب ہلانے مین ترے کام مرا ہوتا ہے

ہو کے آزردہ پشیمان ہون کہ مین جس سے کہون
وہی کہوے کوئی ایسے سے خفا ہوتا ہے

دل دیا جسنے وہ ناکام رہا تا دم زیست
فی الحقیقت کہ بُرا کام بُرا ہوتا ہے

وا رہین حشر تلک بہر دعا گو لب زخم
پر تراحق نمک کوئی ادا ہوتا ہے

زہر نوش غم شیرین نے کہا خسرو سے
تلخی مرگ مین شکر کا مزا ہوتا ہے

واقعی سجدۂ در ایسے ہی تقصیر ہے اب
جور جو بندہ پہ ہوتا ہے بجا ہوتا ہے

اے دل آجانے دے اس زلف مسلسل کا خیال
جان کر کوئی گرفتار بلا ہوتا ہے

دل مین اتنا تو سمایا ہے کہ جل جاتا ہون
سرو نوخیز جو انگشت نما ہوتا ہے

ناتوانی مری مت پوچھ کہون کیا ہمدم
بات کہنے مین مرا دم ہی ہوا ہوتا ہے

چاک پیراہن گل پر تو نہ پھول اے بلبل
جامہ یاران لباسی کا قبا ہوتا ہے

ہو نہ بیتاب غم ہجر بتان مین مومن
دیکھ دو دن مین بس اب فضل خدا ہوتا ہے

اجل جان بلب تیرے شیون سے ہی
یہ نادم مرے زود کشتن سے ہے

وہ بدخواہ مجھ سا تو میرا نہین
عبث دوستی تم کو دشمن سے ہے

یہ پردہ نہ ہو نیش زنبور کا — مشبک مرا سینہ چلون سے ہے
مرے داغ یاد آئے گل دیکھ کر — کہ بیزار وہ سیر گلشن سے ہے
جلانے سے بھی تیرے شاکی ہون مین — گلہ نالۂ آتش افگن سے ہے
شب غم موے شمع کو دیکھ کر — ہمین خجلت اُس شوخ بدظن سے ہے
مرا خون کیا بار گردن ہوا — کہ بیتاب وہ درد گردن سے ہے
کھلائے نہ کیون سرمہ گوسالہ کو — خجل سامری چشم پرفن سے ہے
جہان خاک اُڑائی وہین دب رہے — کدورت عبث فکر مدفن سے ہے
نئی کچھ نہین اپنی جانبازیان — یہی کھیل ہم کو لڑکپن سے ہے
بگڑنے ہو کیا اب بھی کہتا ہون مین — عیان صلح پھر کس کی چتون سے ہے

دل مومن آشفتہ کیون بنے
لگاوٹ یہ طفل برہمن سے ہے

ہے دلمین غبار اُسکے گھر اپنا نہ کرینگے — ہم خاک مین ملنے کی تمنا نہ کرینگے
کیونکر یہ کہین منت اعدا نہ کرینگے — کیا کیا نہ کیا عشق مین کیا کیا نہ کرینگے
ہنس ہنس کے وہ مجھ سے ہی مری قتل کی باتین — اس طرح سے کرتے ہین کہ گویا نہ کرینگے
کیا نامہ مین لکھون دل وابستہ کا احوال — معلوم ہے پہلے ہی سے کہ وہ وا نہ کرینگے
غیرون سے شکر لب سخن تلخ بھی تیرا — ہر چند ہلاہل ہو گوارا نہ کرینگے
بیمار اجل چارہ کو گر حضرت عیسےٰ — اچھا بھی کرینگے تو کچھ اچھا نہ کرینگے
جھنجھلاتے ہو کیا دیجیے اک بوسہ دہن کا — ہو جائین گے لب بند تو غوغا نہ کرینگے
دیوار کے گر پڑتے ہی اٹھنے لگے طوفان — اب بیٹھ کے کونے مین بھی رویا نہ کرینگے
گر سامنے اسکے بھی گرے اشک تو دل سے — کیون روز جزا خون کا دعوا نہ کرینگے
کس وقت کیا مردمک چشم کا شکوہ — اے پردہ نشین ہم تجھے رسوا نہ کرینگے
ناصح کف افسوس نہ مل چل تجھے کیا کام — پامال کرینگے وہ تجھے یا نہ کرینگے
اس کو مین ٹھہرنے نہ دیا جوش قلق نے — اغیار سے ہم شکوۂ بیجا نہ کرینگے

گر ذکر وفا سے یہی غصہ ہے تو اب سے | گو قتل کا وعدہ ہو تقاضا نہ کرینگے

مومن وہ غزل کہتے ہین اب جس سے یہ مضمون
کھل جائے کہ ترک در بتخانہ کرینگے

توبہ ہے کہ ہم عشق بتون کا نہ کرینگے | وہ کرتے ہین اب جو نہ کیا تھا نہ کرینگے
ٹھہری ہے کہ ٹھہرائینگے زنجیر سے دل کو | پر برہمی زلف کا سودا نہ کرینگے
اندیشۂ مژگان مین اگر خون نے کیا جوش | نشتر سے علاج دل دیوانہ کرینگے
گر آرزوے وصل نے بیمار کیا تو | پرہیز کرینگے پہ مداوا نہ کرینگے
تشبیہ زبس دیتے ہین لیلاے بتان کو | مرجائینگے پر منت عیسےٰ نہ کرینگے
پھر جلوے نہ تا چشم صنم آنکھ کے آگے | سیر چمن نرگس شہلا نہ کرینگے
رکھ لیوینگے پتھر مگر ان سنگدلون کو | چھاتی سے لگانے کی تمنا نہ کرینگے
گو دار پہ کھینچین ہمین دلدار نصارے | پر آرزوے زلف چلیپا نہ کرینگے
گر حسن گلوسوز نے پھر آگ لگائی | کیون آب دم تیغ سے ٹھنڈا نہ کرینگے
ہے عہد کہ پھر جا نہ پھرین کوے بتان مین | پھر جائین اب اس عہد سے ایسا نہ کرینگے
کہتے ہین یہ ہم چاٹ کے خاک سیمبرون کو خاک | پر ابتو زمین بوس کلیسا نہ کرینگے
جون قبلہ نما گرچہ تڑپتے ہی کٹی عمر | پر منہ سوے دیر صنم آرا نہ کرینگے
اے حضرت مومن یہ مسلم جو ہے ارشاد | بھولے سے بھی اب ذکر بتون کا نہ کرینگے

لیکن جو بتون نے ہی بھلا آپ سے کی بات
پھر آپ ہی فرمائین کہ کیا کیا نہ کرینگے

نہ کٹی ہم سے شب جدائی کی | کتنی ہی طاقت آزمائی کی
رشک دشمن بہانہ تھا سچ ہے | مین نے ہی تم سے بیوفائی کی
کیون بُرا کہتے ہو بھلا ناصح | مین نے حضرت سے کیا بُرائی کی
دم عاشق ہے دل دہی نہ ستم | دل کو چھینا تو دلربائی کی
آئے وہ دست غیر مین دیے ہاتھ | آس تو نے شکستہ پائی کی

اگر نہ بگڑو تو کیا بگڑتا ہے — مجھ مین طاقت نہین لڑائی کی
گھر تو اس ماہوش کا دور نہ تھا — لیک طالع نے نارسائی کی
مر گئے پر ہے بے خبر صیاد — اب توقع نہین رہائی کی
کوچۂ غیر مین ملا وہ ہمین — ہرزہ تازی نے رہنمائی کی
دل ہوا خون خیال ناخن یار — تو نے اچھی گرہ کشائی کی

مومن آؤ تمھین بھی دکھلادون
سیر تجرد خانہ مین خدائی کی

شب تم جو بزم غیر مین آنکھین چرا گئے — کھوئے گئے ہم ایسے کہ اغیار پا گئے
پوچھا کسی پہ مرتے ہو اور دم نکل گیا — ہم جان سے عنان بہ عنان صدا گئے
پھیلی وہ بو جو ہم مین نہان مثل غنچہ تھی — جھونکے نسیم کے یہ نیا گل کھلا گئے
اے آب اشک آتش عنصر ہی دیکھنا — جی ہی گیا اگر نفس شعلہ زا گئے
مجلس مین اس نے پان دیا اپنے ہاتھ سے — اغیار سبز بخت تھے ہم زہر کھا گئے
اٹھا نہ ضعف سے گل داغ جنون کا بوجھ — قارون کی طرح ہم بھی زمین مین سما گئے
غیرون سے ہو وہ پردہ نشین کیون نہ بیحجاب — دھبے بے اثر مرے پردہ اٹھا گئے
تھی بدگمانی اب انھین کیا عشق حور کی — جو آکے مرتے دم مجھے صورت دکھا گئے
تابندہ و جوان تو بخت رقیب تھے — ہم شیرہ روز کیون غم ہجران کو بھا گئے
بیزار زندگانی کا جینا محال تھا — وہ بھی ہماری لاش کو ٹھوکر لگا گئے
واعظ کے ذکر مہر قیامت کو کیا کہون — عالم شب وصال کے آنکھون مین چھا گئے
جس وقت اس دیار سے اغیار بوالہوس — بدخوئیون سے یار کے ہو کر خفا گئے
دنیا ہی سے گیا مین جو ہین ناز سے کہا — اب بھی گمان بد نہ گئے تیرے یا گئے

اے مومن آپ کب سے ہوے بندۂ بتان
بارے ہمارے دین مین حضرت بھی آ گئے

از بس جنون جدائی گل پیرہن سے ہے — دل چاک چاک نغمۂ مرغ چمن سے ہے

سرگرم مدح غیر دم شعلہ زن سے ہے
دوزخ کو کیا جلن مرے دل کی جلن سے ہے

روز جزا نہ دے جو مرے قتل کا جواب
وہم سخن رقیب کو اس کم سخن سے ہے

یاد آگیا زبس کوئی مہ روے مہ وش
امید داغ تازہ سپہر کہن سے ہے

کچھ بھی کیا نہ یار کی سنگین دلی کا پاس
سب کاوش رقیب دل کوہکن سے ہے

اُن کو گمان ہے گلۂ چین زلف کا
خوشبو دہان زخم جو مشک ختن سے ہے

مین کیا کہ مرگ غیر پہ دامان تر نہو
وہ اشک ریزہ خندۂ چاک کفن سے ہے

کیونکر نجات عاشق ہجران کو ہو کہ مرگ
آئی تو دور ہی تب و تاب بدن سے ہے

خود رفتگی مین چین وہ پایا کہ کیا کہون
غربت جو مجھ سے پوچھو تو بہتر وطن سے ہے

رشک پری کہے سے عدو کی یہ وحشتین
نفرت بلا تمھین مرے دیوانہ پن سے ہے

داغ جنون کو دیتے ہین گل سے زبس مثال
مین کیا کہ عندلیب کو وحشت چمن سے ہے

کیون یار نوحہ زن ہین کہان مرگ مجکو تو
لب بستگی تصوّر بوس دہن سے ہے

کیا کیا جواب شکوہ مین باتین بنا گیا
لو اب بھی دل درست آسی دشمن سے ہے

اپنا شریک بھی نہ گوارا کرے بتو
مومن کو ضد یہ کیش بد برہمن سے ہے

وہ کہان ساتھ سُلاتے ہین مجھے
خواب کیا کیا نظر آتے ہین مجھے

اس پری وش سے لگاتے ہین مجھے
لوگ دیوانہ بناتے ہین مجھے

یارب اُن کا بھی جنازہ اُٹھے
یار اُس کو سے اٹھاتے ہین مجھے

ابروے تیغ سے ایما ہے کہ آ
قتل کرنے کو بلاتے ہین مجھے

بیوفائی کا عدو کی ہے گلہ
لطف مین بھی وہ ستاتے ہین مجھے

حیرت حسن سے یہ شکل بنی
کہ وہ آئینہ دکھاتے ہین مجھے

پھونک دے آتش دل داغ مرے
اس کی خو یاد دلاتے ہین مجھے

گر کہے غمزہ کسے قتل کرو ن
تو اشارت سے بتاتے ہین مجھے

مین تو اُس زلف کی بو پر غش ہون
چارہ گر مشک سونگھاتے ہین مجھے

شعلہ رو کہتے ہین اغیار کو وہ
اپنے نزدیک جلاتے ہین مجھے

جان گئی پر نہ گئی جور کشی
بعد مردن بھی دیاتے ہین مجھے

وہ جو کہتے ہین تجھے آگ لگے
مژدۂ وصل سناتے ہین مجھے

اب یہ صورت ہے کہ اے پردہ نشین
تجھ سے احباب چھپاتے ہین مجھے

مومن اور دیر خدا خیر کرے
طور بیڈھب نظر آتے ہین مجھے

جذب دل زور آزمانا چھوڑ دے
پائے نازک کا ستانا چھوڑ دے

جان سے جاتی ہین کیا کیا حسرتین
کاش وہ دل مین بھی آنا چھوڑ دے

حال دکھلاتا ہون شاید شرم سے
غیر اس کو منھ دکھانا چھوڑ دے

گوش نازک پر کسی کے رحم کر
جوش افغان غل مچانا چھوڑ دے

داغ سے میرے جہنم کو مثال
تو بھی وعظ دل جلانا چھوڑ دے

پردہ کی کچھ حد بھی اے پردہ نشین
کھل کے مل بس منھ چھپانا چھوڑ دے

ہون وہ مجنون گرین زندان مین رہون
فصل گل گلشن مین آنا چھوڑ دے

لب پہ حرف آرزو کا خون ہوا
رنگ پان کو منھ لگانا چھوڑ دے

ہم نہین اٹھنے کے تیری بزم سے
پاس غیرون کا بٹھانا چھوڑ دے

اس دہن کو غنچۂ دل کیا کہون
ڈر لگے ہے مسکرانا چھوڑ دے

آہ میری کب دعائے نوح تھی
چشم تر طوفان اٹھانا چھوڑ دے

ناتوانی سے نزاکت ہے زیاد
مجھ سے تو دامن چھڑانا چھوڑ دے

گر ہے مومن روزۂ وصل بتان
تو غم فرقت بھی کھانا چھوڑ دے

پھر سینہ سوز داغ غم شعلہ فام ہے
پھر گرمجوشی دل وسودائے خام ہے

ہر مو پہ پھر ہے طائر مجنون کا آشیان
پھر فوج فوج سر پہ مرے اژدہام ہے

پھر زیب سر ہے شعلہ داغ جنون سے تاج
پھر دور باش نالہ اثر اہتمام ہے

پھر دل ہے داغ مطلع خورشید دیکھ کر — از بسکہ یاد جلوۂ بالائے بام ہے
اُس آہوے رمیدہ کو پھر ڈھونڈتا ہے دل — رم کردہ شوق وصل پھر اک صید رام ہے
پھر آگیا ہے کون سے بیباک کا خیال — یہ کیا ہوا کہ رخصت ناموس نام ہے
جان لوٹتی ہے پھر کہ وہی عیش ہو نصیب — ہم ہین وہ مست ناز ہے اور دور جام ہے
جی چاہتا ہے پوچھے کوئی کیا وہ مرگیا — پھر ایک بات کہنے مین قصہ تمام ہے
پھر تلخکامیون نے کیا جان و دل سے کوچ — پھر آرزوے بوسہ کا لب پر مقام ہے
چلون سے کس پری کا نظارہ ہوا نصیب — پھر اپنے تنکے چننے کی کیون دھوم دھام ہے
پھر پردہ در ہے کس کی وہ انگلی ہلال سی — جو مثل صبح چاک گریبان شام ہے
پھر کس نے مسکرا کے مجھے بیوفا کہا — کیون کہہ رہا ہون بندہ تو صاحب غلام ہے
پھر کس نے غیر کو نہ دیا ناز سے جواب — پھر خواہش پیام اجل کا پیام ہے
دیکھا نگاہ ناز سے کس شوخ چشم نے — پھر مضطرب نظر کو جہان نیم گام ہے
کس کم سخن نے دیکھ مجھے آہ کی کہ پھر — اپنے بھی چپکے رہنے مین کچھ کچھ کلام ہے
پھر کس ستم شعار نے پوچھا ہے میرا حال — پھر ناصحون کو کیون جگر انتقام ہے
پھر کیون نہ کام ہووے کہ اس کینہ پر کہا — سو بار مجھ کو تم سے تمھین مجھ سے کام ہے
پھر کچھ صدائے پاسے دل مردہ جی اٹھا — پھر جلوہ ریز کون قیامت خرام ہے

پھر دوری بتان مین نہین خواب کا خیال
مومن مرے بھی دین مین سونا حرام ہے

مین احوال دل مرگیا کہتے کہتے — تھکے تم نہ بس بس سنا کہتے کہتے
مجھے چپ لگی مدعا کہتے کہتے — رکے ہین وہ کیا جانے کیا کہتے کہتے
زبان گنگ ہے عشق مین گوش کر ہے — برا سنتے سنتے بھلا کہتے کہتے
شب ہجر مین کیا ہجوم بلا ہے — زبان تھک گئی مرحبا کہتے کہتے
گلہ ہرزہ گردی کا بیجا نہ تھا کچھ — وہ کیون مسکرائے بجا کہتے کہتے
صد افسوس جاتی رہی وصل کی شب — ذرا ٹھہرا اے بیوفا کہتے کہتے

چلے تم کہان مین نے تو دم لیا ہے — فسانہ دل زار کا کہتے تھے
بُرا ہو ترا محرم راز تو نے — کیا ان کو رسوا برا کہتے تھے
ستمہاے گردون مفصل نہ پوچھو — کہ سر پھر گیا ماجرا کہتے تھے

نہین یا صنم مومن اب کفر سے کچھ
کہ خو ہو گئی ہے صدا کہتے کہتے

مشورہ کیا کیجے چرخ پیر سے — دن نہین پھرتے کسی تدبیر سے
کس طرح مایوس ہون تاثیر سے — دم رکے ہے نالۂ شبگیر سے
میری وحشت کے لیے صحراے قیس — تنگ تر ہے خانۂ زنجیر سے
کیون نہ ٹپکے آپ جب ٹپکے لہو — برق کٹتی ہے تری شمشیر سے
وہ مٹا دے نامۂ مضمون وصل — گر ہو خط کاتب تقدیر سے
یون بنا کر حال دل کہنا نہ تھا — بات بگڑی میرے ہی تقریر سے
انگلیون مین خامہ جم کر رہ گیا — نامہ ہاے شوق کی تحریر سے
قہر ہے پھرنا نگاہ یار کا — الامان اس بازگشتی تیر سے
وحشت چشم پریرو دیکھنا — پھر گیا جی سرمہ تسخیر سے
لے گئی جان یاد رونق ہاے وصل — گھر مرا ویران ہوا تعمیر سے

اے صنم مومن ہون آخر کس طرح
مجکو تسکین ہو تری تصویر سے

کیونکہ پوچھے حال تلخی عاشق دلگیر سے — ہو گئے ہین بند لب شیرینی تقریر سے
جوش وحشت کشمکش اُس ناتوان دلگیر سے — جو نہ در تک پہونچے صحن خانۂ زنجیر سے
کام ہوتے ہین جوانون کے سپہر پیر سے — لے گیا ہے پشت خم شاید تری شمشیر سے
دوستو لے آؤ قاتل کو کسی تدبیر سے — سر کٹائینگے کرا تو جنگ ہو تقدیر سے
صبحدم جاتا ہی پہلو سے مرے وہ مہ جبین — دن سیہ ہوتے ہین کیا کیا مہر کی تنویر سے
وہم میخواری سے دل کو نشہ بنگ آگیا — ہوش جاتے ہین تری بہکی ہوئی تقریر سے

فرط ضعف و جوش بیتابی ہے میرا حال دیکھ
اشک خون جاری ہین چشم ہر جوان و پیر سے

ہون غضب سے اسکے سر گرم فغان شعلہ زن
جل گیا جی احتراق زہرہ کی تاثیر سے

لذت وحشت سے جلتا ہون کہین بھاگے نہ دل
ہین مشابہ آپکی زلفین بہت زنجیر سے

کام جز الفت نہین اے کاتب اعمال یان
فائدہ حرف مکرر کی بھلا تحریر سے

طوطیان سکھین کہان سے نالۂ رشک آفرین
ہو نہ زیب پشت آئینہ تری تصویر سے

ہون سزاوار ستم مین نے کیا ہی جرم عشق
بوالہوس ہین بیگنہ پھر کیون ڈرین تعزیر سے

اے فسونگر چشم جادو پر نہین چلتا عمل
دیکھنا بھی چھوٹ نہ جاے سرمۂ تسخیر سے

حسن کی نیرنگیون سے کم نہین از رنگ عشق
تو بنو جلوہ ملا لو رنگ کی تغییر سے

رشک دامان جواہر اور لکھی ہی غزل
جسکو مفلس بھی نہ بدلے نسخۂ اکسیر سے

جل گئے اختر یہ کس کے حسن کی تنویر سے
ہے منور تر شب غم مہر عالمگیر سے

رو دیا بے اختیار اس شوخ نے تاثیر سے
دود دل بھی کم نہین ہے سرمۂ تسخیر سے

چین ہو خواب عدم مین تو کسی تدبیر سے
میری بالش کے لیے پرلا دو اسکے تیر سے

ہو گئی ساری زمین صرف حروف نور قم
اک جہان دیران ہی میرے نامہ کی تحریر سے

کیون کہا تھا یہ کہ بکتے بکتے سر پھرنے لگا
اب تو باندھون گا مین ناصح تیکو بھی زنجیر سے

کیون نہ مجھ سے رم وہ موش اب زیادہ تر کرے
بدگمان ہے سبعۂ سیارہ کی تسخیر سے

پاس محو راز ہے اور شوق بیتاب جواب
جی رکے ہے ضبط کرنے کرتے مین تو مر گیا

صبح کیونکر ایک دم مین ہو گئی شام فراق
ناک مین آیا دم اس آہ ستم تاثیر سے

کہتے ہین سب یہ رہا آوارہ بعد قتل بھی
کیا اثر ہوتا تھا تم کو نالۂ شبگیر سے

انکو جلدی جانے کی مجھ کو عذاب جانکنی
ہو گئی کتنی مری نام آوری تشہیر سے

مین نے سوچا آپ اپنے خون ناحق کا جواب
دونون کا دم ناک مین ہی موت کی تاخیر سے

غیر کے خط لکھنے کو تم نے تراشی ہے قلم
نام اسکا سینے پر لکھا ہے نوک تیر سے

ورنہ میری استخوان کیون ہو گئے قطمیر سے

مار ڈالا ہم کو جور گردش ایام نے
بڑھ گئی رات اپنی روز حشر کی تقصیر سے

مومن اب پڑھتا ہون وہ مضمون سہل کی غزل
شوخیون کو جس کے دعوی ہو رم نخچیر سے

ہے فسانہ ساتھ سوے کب کسی تدبیر سے
نیند آتی ہے ہمارے خواب کی تعبیر سے

ہاے پھر مرنے لگا مین لطف کی تقریر سے
اسکا دم بھی کم نہ تھا ہرگز دم شمشیر سے

بزم دشمن سے نہ اٹھے وہ کسی تدبیر سے
مل گئے ہم خاک مین محشر تری تاخیر سے

میرے لکھے کو مٹایا آپ نے اچھا ہوا
تھا شگون ہی مدعایان نامہ کی تحریر سے

جاے شربت مرتے دم بھی خون پلایا ہاے ہاے
منہ مرا کھولا ستم پیشہ نے نوک تیر سے

ایسے نازک کے شمائل کیون دلمین نقش ہون
کھنچ گیا سینہ پہ نقشہ غیر کی تصویر سے

کب لگا لے کاسہ گر اس بے جام اس خاک کا
کام ہونے کا نہین پھر فائدہ تدبیر سے

کاٹتا ہون عرض سوزش مین زبان کو دمبدم
میرے دندان ندامت کم نہین گلگیر سے

اے جنون اپنی اسیری بعد مردن بھی رہی
حلقہ ماتم مین آئے حلقہ زنجیر سے

کب ہمارے ساتھ سوتے ہین کہ دیکھے گا کوئی
اُن کو بیتابی ہے کیون اس خواب بے تعبیر سے

تم سے وہ کرتا ہے باتین رشک سے روتا ہون مین
سچ کہا جھڑتے ہین موتی غیر کی تقریر سے

نالہ ہاے بوالہوس نے کھو دیا آزار شوق
لو ہم اچھے ہو گئے درمان بے تاثیر سے

ساتھ سونا غیر کے چھوڑا تو اے سیمین بدن
خاک میری ہو گئی نایاب تر اکسیر سے

عشق اس قاتل کا بعد قتل بھی ہم کو رہا
ہے یہ کیسا جرم جو جاتا نہین تقدیر سے

سر پٹکتا ہے قلق مین مومن خانہ خراب
مسجد مین رہتی نہین کیا فائدہ تعمیر سے

مومن سوے شرق اس بت کافر کا ہے گھر
ہم سجدہ کدھر کرتے ہین اور کعبہ کدھر ہے

بیہوش ہے عاشق پہ سیہ مست سے کمتر
تم مجھکو تو کہتے ہو کچھ اپنی بھی خبر ہے

کھاتا ہون محبت مین اس آداے مین گل
گویا شجر وادی ایمن کا ثمر ہے

حسرت سے مین دیکھون تو فلک کیونکہ نہو رم
اس نرگس جادو کی نگہ پیش نظر ہے

خط کی مجھے قاصد کو ہے انعام کی خواہش
مین دست نگر خود ہون وہ کیا دست نگر ہے

زبان نکلنے دے بس اے بیم نزاکت
ہان ہاتھ تصور مین مرا تیر کمر ہے

رندون پہ یہ بیداد خدا سے نہین ڈرتا
اے محتسب ایسا تجھے کیا شاہ کا ڈر ہے

ایسے دم آرام اثر خفتہ کب اٹھا
ہم کو عبث امید دعا ہاے سحر ہے

ہم حال کہے جائینگے سُنیے کہ نہ سُنیے
اتنا ہی تو یان صحبت ناصح کا اثر ہے

وہ ذبح کرے اور یہان جان فدا ہو
ایسے سے سمجھے یون یہ ہمارا ہی جگر ہے

اب بھی نہین جاتی ترے آجانے کی امید
گو پھر گئین آنکھین پہ نگہ جانب در ہے

دل کھول کے مل لیجیے مومن صنمون سے
اس سال مین گر سوے حرم عزم سفر ہے

دل مین اُس شوخ کے جو راہ نہ کی
ہم نے بھی جان دی پر آہ نہ کی

پردہ پوشی ضرور تھی اے چرخ
کیون شب بوالہوس سیاہ نہ کی

تشنہ لب ایسے ہم گرے مے پر
کہ کبھی سیر عید گاہ نہ کی

اسکو دشمن سے کیا بچاے وہ چرخ
جس نے تدبیر خسف ماہ نہ کی

کون ایسا کہ اس سے پوچھے کیون
پرسش حال دادخواہ نہ کی

تھا بہت شوق بس تو نے تو
کی اے حسن تا بگاہ نہ کی

عشق مین کام کچھ نہین آتا
گر نہ کی حرص و مال وجاہ نہ کی

تاب کم ظرف کو گمان تم نے
دشمنی کی عدو سے چاہ نہ کی

مین بھی کچھ خوش نہین وفا کر کے
تم نے اچھا کیا نباہ نہ کی

محتسب یہ ستم غریبون پر
کبھی اتنیر بادشاہ نہ کی

گریہ و آہ بے اثر دونون
کس نے کشتی مری تباہ نہ کی

تھا مقدر مین اس سے کم ملنا
کیون ملاقات گاہ گاہ نہ کی

دیکھ دشمن کو اُٹھ گیا بے دید
میرے احوال پر نگاہ نہ کی

مومن اُس ذہن سے بعید ہے حیف
فکر آمرزش گناہ نہ کی

بندھا خیال جنان بعد ترک یار مجھے
کیا ہے یاس نے کیا کیا امیدوار مجھے

نہ آسمان کا رخ پھیر دون جدھر چاہون
دیا ہے کیا طپش دل نے اختیار مجھے

وہ شام وعدہ جو آئے تو بیخود و مسرت
رہا وصال مین بھی وہ ہی انتظار مجھے

وہ رند خمکدہ کش ہون کہ زہر دیتے ہین
بتنگ آگئے حریفان بادہ خوار مجھے

نہ ہو وہ بات کہ جس سے وفا مین آئے خلل
کہین نہ کیجو ناصح سے شرمسار مجھے

بقدر جوش تڑپنے کو تھا دلے پس قتل
وہ بے قرار ہوے آگیا قرار مجھے

امید مرگ پہ ہر فتنہ رحمت جان ہے
شب فراق مین کیا بیم روزگار مجھے

قران انجم سیارہ برج آبی مین
ڈبوئے گی مری چشم ستارہ بار مجھے

اگر حساب وفا امتحان کے بعد نہ ہو
قبول عذر ستمہاے بیشمار مجھے

شب وصال مین سب قطرہ قطرہ مے پی لی
رہا نہ وسوسۂ چارۂ خمار مجھے

قریب کھاے قسم تو وفا کا آئے یقین
تو میری جان ہے کیا تیرا اعتبار مجھے

نہ سیر گل نہ قدح نوشی اسکے ساتھ ہوئی
غم خزان ہے نہ کچھ حسرت بہار مجھے

پس شکستن خم زجر محتسب معقول
گناہگار نے سمجھا گناہگار مجھے

لبون پہ جان ہی ایسی کبھی کیا ہی بے دردی
نہ قرض دیتے ہو بوسہ نہ مستعار مجھے

نہ کام زور سے نکلا نہ عجز کام آیا
بس اب تو چین دے اے شوق ہرزہ کار مجھے

خدا کرے ملک الموت اُنسے پہلے آئے
بہت سی لینی ہین جانین پے نثار مجھے

کیے ہین طول امل نے تمام کام خراب
ہمیشہ نظم جہان کے ہین کاروبار مجھے

ہر آن آن دگرگا ہوا مین عاشق زار
وہ سادہ ایسے کہ سمجھے وفا شعار مجھے

صواب ترک صنم سچ سہی دلے مومن
یہ کیا سبب کہ مٹاتے ہو بار بار مجھے

دعا بلا تھی شب غم سکون جان کے لیے
سخن بہانہ ہوا مرگ ناگہان کے لیے

نہ پاے یار کے بوسے نہ آستان کے لیے
عبث مین خاک ہوا میل آسمان کے لیے

خلاف وعدۂ فردا کی ہم کو تاب کہان
امید یک شبہ ہے یاس جاودان کے لیے

سنین نہ آپ تو ہم بوالہوس سے حال کہین
کہ سخت چاہیے دل اپنے رازدان کے لیے

حجاب چرخ بلا ہے ہوا کرے بیتاب
فغان اثر کے لیے اور اثر فغان کے لیے

ہے اعتماد مرے بخت خفتہ کو کیا کیا
وگرنہ خواب کہان چشم پاسبان کے لیے

مزا یہ شکوہ مین آیا کہ بیمزہ ہوے وہ
مین تلخکام رہا لذت زبان کے لیے

لیا ہے دل کے عوض جان دے رقیب تو دون
مین اور آپ کی سوداگری زیان کے لیے

وہ لعل روح فزا دے کہان تلک بوسے
کہ جو ہو کم ہی یہان شوق جانفشان کے لیے

ملے رقیب سے وہ جب سنا وصال ہوا
دریغ جان گئی ایسے بدگمان کے لیے

کہان وہ عیش اسیری کہان وہ امن قفس
ہے بیم برق بلا روز آشیان کے لیے

جنون عشق ازل کیون نہ خاک اڑائین کہ ہم
جہان مین آئے ہین ویرانی جہان کے لیے

بھلا ہوا کہ وفا آزما ستم سے ہوے
ہمین بھی دینی تھی جالی سکے امتحان کے لیے

روان فزائیے سحر حلال مومن سے
رہا نہ معجزہ باقی لب بتان کے لیے

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی
تلافی کی بھی ظالم نے تو کیا کی

موے آغاز الفت مین ہم افسوس
اسے بھی رہ گئی حسرت جفا کی

کبھی انصاف ہے دیکھا نہ دیدار
قیامت اکثر اس کو مین رہا کی

فلک کے ہاتھ سے مین جا چھپون گر
خبر لادے کوئی تحت الثرا کی

شب وصل عدو کیا کیا جلا ہون
حقیقت کھل گئی روز جزا کی

چمن مین کوئی اس کو سے نہ آیا
گئی بر باد سب محنت صبا کی

کشاد دل پہ باندھی ہے کمر آج
نہین خیر آپ کے بند قبا کی

کیا جب التفات اسنے ذرا سا
پڑی ہم کو حصول مدعا کی

کہا ہے غیر نے تم سے مرا حال
کہے دیتی ہے بیباکی ادا کی

تمھین شور فغان سے میرے کیا کام
خبر لو اپنی چشم سرمہ سا کی

دیا علم و ہنر حسرت کشی کو
فلک نے مجھ سے کیسی دغا کی

غم مقصد رسی تا نزع اور رسم — اب آئی موت بخت نارسا کی
مجھے اے دل تری جلدی نے مارا — نہین تقصیر اس دیر آشنا کی
جفا سے تھک گئے تو بھی نہ پوچھا — کہ تو نے کس توقع پر وفا کی

کہا اس بت نے جب مرتا ہی مومن
کہا مین کیا کرون مرضی خدا کی

نہ ربط اس سے نہ یاری ہے تہمان سے — جفا بہر عدو لاؤن کہان سے
یہ حالت ہے تو کیا حاصل بیان سے — کہون کچھ اور کچھ نکلے زبان سے
قیامت مرتے دم آئی فغان سے — جہان لے کر چلے ہین ہم جہان سے
شب وصل آپ کا عذر نزاکت — بجا ہے پر نہ مجھے ہے یہ جان سے
بُرا ہے عشق کا انجام یا رب — بچانا فتنۂ آخر زمان سے
رہی شب کی سی بیتابی تو ہر روز — چرائین گے ہم آنکھین پاسبان سے
وہ آیا خاک پر تو بھی نہ اُٹھے — ہوے ہم کیا سبک خواب گران سے
مرا بچنا بُرا ہے آپ نے کیون — عیادت کی لب معجز بیان سے
ملے دشمن سے کیونکر بیحجاب آپ — نہ شرم آئی مرے شوق نہان سے
مرے گھر آپ یون جلتے تھے کس دن — اٹھانا مدعا ہے آستان سے
وہ آئے ہین پشیمان لاش پر اب — تجھے اے زندگی لاؤن کہان سے
گر اپنے دہم ہی سے اس نے پوچھا — مرا حال میرے رازدان سے
نہ بولون گا نہ بولون گا کہ مین ہون — زیادہ بدگمان اس بدگمان سے
نہ نکلی ہاے یون بھی حسرت دل — بہے سو بحر چشم خونفشان سے
نہ نکلی جلوہ فرما ہے نہ صیاد — نکل کر کیا کرین ہم آشیان سے
اُٹھے دیوار کیا جب خانۂ غیر — بنے میرے غبار ناتوان سے
جہان سے تنگ تر جنت نہ جاے — بہت حسرت بھرا جاتا ہون مین سے
برا انجام ہے آغاز بد کا — جفا کی ہوگئی خو آسمان سے

✓ خدا کی بے نیازی ہاے مومن — ہم ایمان لاے تھے نازبتان سے

فردیات

قلق نے شب یہ گھبرایا نہ جب وہ ماہرو آیا
کہ جب اچھلا زمین سے دامن گردون کو چھو آیا

اس ستم کیش نے یہ اپنے نصیبون کا لکھا
خط بھی لکھا تو سلام آہین رقیبون کو لکھا

جوڑا کھلا تو زلف سیہ فام مین پھنسا
چھوٹا تھا دل قفس سے سو پھر دام مین پھنسا

سینۂ مجنون کی جانب دیکھ کر رخ کیجیو
محمل لیلےٰ کہین مت سنگ طفلان توڑنا

عطر ملتا تھا وہ عذر بد دماغی کے لیے
دور سے دیکھا عدو کو ہاتھ مل کر رہ گیا

نہ کیونکر دیکھ مجھکو رنگ بدلے اس پریرو کا
پلٹنا اُن نگاہون کا الٹ جانا ہے جادو کا

بدایون مین مجھے جوش جنون لایا ہو دلی سے
یہ کیونکر چارۂ پند خردمندان ہوش آیا

وقت وداع یار عجب اپنا حال تھا
کیا کرتے ہمر ہی کہ ٹھہرنا محال تھا

جانباز مومن اس نے دیا غیر کو خطاب
ہم جان پر بھی کھیلے پہ نام اور کا ہوا

رحم کرنے کا نہین مومن وہ کافر کیش پھر
فائدہ رونے سے سر کھوکھے سے حاصل توڑنا

تھے نہین مومن کی خودداری پہ کیا کیا اعتماد
کیا خبر تھی یہ کہ یون محو بتان ہو جائے گا

تھین ملنا تھا دشمن سے تو ملتے
ولے یک چند ترسایا تو ہوتا

بارے محشر مین بگڑنا تو ہمین بن آیا
کہ اُٹھے خاک سے جب وہ سر مدفن آیا

خیال نرگس میگون مین مرگئے ہین ہم
نہ کیونکہ لوگ پیین اپنی بزم غم مین شراب

جان دی اور اس وفا پر امتحان باقی رہا
حشر کی فریاد کا اس کو گمان باقی رہا

ہے زمین سب فتنہ خیز اُسکے خرام ناز سے
یہ قیامت کیسی آئی آسمان باقی رہا

محروم ہوا مومن ناکام محبت
اے اہل محبت یہ ہے انجام محبت

دربت خانہ پر گھڑا تھا آج
مومن دین دار کیا باعث

جس سے ہمین ہو کام اُسی کو کام کے باعث
ہم نام سے محبت ہو تو کیون نام کے باعث

بھیج قاصدا ے دلجو اور معتمد سا بھیج
تیرے واسطے مین نے دل رکھا ہی منگوا بھیج

اُسے غیر کے پاس سُنتے نہین ہین
زیادہ ہمین ہوش سے بھاے ہے غش

مین تو دیوانہ ہون مومن کا کہ ہی اس شخص کو
اسقدر وحشی مزاجی پر بھی اک عالم سے ربط

چھیڑتے ہین شور محبت کا مزا لذت نصیب
تجھ سے اے ناصح کے کیا کوئی غم کھانے کا خط

بیجا کدورتون سے تری دم ہے ناک مین
مل جاؤن کاش پر اُسی کوچے کی خاک مین

مضمون قتل انکے کہون کیا عتاب مین
قاصد کی لاش آئی ہے خط کے جواب مین

دست جنون کے جائیے صدقے کہ جیب سے
پھیلاے پانون ہم نے گریبان کے چاک مین

ساقیا زہر دے ہجران مین کہ بیہوش ہون مین
کاسۂ عمر ہو لبریز تو مے نوش ہون مین

نہ کیون اٹھ جائین اس محفل سے جب طور ہم دیکھین
لڑائے آنکھ تو غیرون سے بیٹھا اور ہم دیکھین

ہے لطف بناوٹ کا ہم خوب سمجھتے ہین
یہ طور لگاوٹ کا ہم خوب سمجھتے ہین

مجکو کیا کام کہ آئینہ کی حیرت دیکھون
دیکھ تو آئینہ اور مین ترمی صورت دیکھون

جیون یا مر چکون یون نزع کب تک
ادھر ہو جاؤن یا رب یا اُدھر مین

نہ ہو تو بیٹھے بٹھائے خراب اے مومن
لڑا نہ اُس بت خانہ خراب سے آنکھین

مری تربت پہ کیا ہی کا شمع وگل کالے یارو
یہان پروانہ وبلبل کے ایک دو چار پر رکھو

خوش آئے مجکو صبا کب گلون کی باغ مین بو
بھری ہوئی ہے یہان اور ہی داغ مین بو

نہائین کیا کہین اب دیدۂ اعدا سے ہم آنسو
کہ بن کر بہ گئے اے شوق گریہ چشم نم آنسو

یار و کسی صورت سے تو احوال جتا دو
دروازے پہ اسکے مری تصویر لگا دو

مجھپہ ہنستے تو ہین پر دیکھنا دینگے رقیب
لب خندان کی قسم دیدۂ گریان کی قسم

مومن اس بت نے دلائی مجھے ایمان کی قسم

ع

مین تو بولا ہی نہین کس نے کیا ہے شکوہ
جھوٹ طوفان نہ اٹھا خیر ہے برہم مت ہو

گریۂ شب نے بھگویا ہے اب اے آہ سحر
تیری گرمی سے جو بستر نہ جلے خشک تو ہو

یہ حالت بن گئی مومن ذرا کچھ منھ سے تو بھوٹو
تمھین کیا ہو گیا یہ دل دیا کس شوخ کافر کو

ہو صورت خاک دل لگنے کی جنت مین بھلا مومن
مری نظرون مین ہے وہ شاہجہان آباد کا نقشا

عہ اس شعر کو ن اپنا مصرع بنا کر ۳۴ مصرع

سنگ مرقد سے مرے فیض ہے سب کو مومن
ہون نہ خاک بھی طوطی پس آئینہ

بجان و دل پیام یار کی تعظیم کی ہم نے
سلام اسکا کہا قاصد نے جان تسلیم کی ہم نے

اے ماتم فراق اجل سے بچا بچا
رکھا تھا مین نے جان کو کیا تیرے واسطے

اُس نے نامہ لکھا نصیب پھرے
نامہ بر کیا پھرا نصیب پھرے

جہان خون خاک ہمکو رونداں تمسے ملتے نہ ایسے بنتے
ہوئی ہے مٹی خراب کیا کیا نہ تمسے ملتے نہ ایسے بنتے

بھلا کب اشک آکر اسکی چشم سرمہ گین مین ہے
عصائے آبنوسی دست بیمار حزین مین ہے

چھیڑ دیکھو جو سنا نالۂ موزون میرا
غیر سے شوخ نے اشعار فغانی مانگے

ستمگر پوچھتا ہے حال کیا بیمار کا اپنے
کوئی دم کا گھڑی کا لحظہ کا ساعت کا مہمان ہے

خدا کے واسطے ابتو جنون ہو سلسلہ جنبان
کوئی دیوانۂ وحشت زدہ تا دست و پا کھولے

چاک کر کھول دیا گرچہ یہ سینہ تو نے
تو بھی دل کی نہ گرہ ناخن شمشیر کھلے

جنبش نہ دیجیے ابروے خوش خم کو دیکھیے
تیغ ستم کو دیکھیے اور ہم کو دیکھیے

دیکھا ہے خواب مین یہ کس آرام جان کو ہاے
غش ہیرون آپ جان کے رہتے ہین ہم پڑے

ہجر کی شب اور یاد زلف نے لوٹا مجھے
جی وہ آکر لے گئے اور دل یہ آکر لے گئی

کچھے ریشم کے نہ ہاتھون مین پہن
دیکھ نازک ہے کلائی تیری

باقی نہین رہا ہے کچھ تن مین حال اپنے
اک ایک موے سر ہے سر کا وبال اپنے

جو بعد مرگ بھی الفت کا کچھ اثر ہو جاے
ہماری خاک پہ ہو جاے یار پر ہو جاے

جان یہ ٹھہری ہے کہ اب بیڑی پنھانی چاہیے
انکو مقناطیس کی چوکھٹ لگانی چاہیے

کافر اُسے بنانا تھا یہ کیا کیا تو
مومن سے مل کے تم بھی مسلمان ہو گئے

دو ہی دن ہے شب و روز غم و شادی مومن
کچھ ہمیشہ نہ رہے گا نہ رہا یاد رہے

متفرقات

معما باسم مومن

کیفیت وصال بس اب کچھ نہین رہی — کیونکر نہون ملول مین شب کچھ نہین رہی

ایضاً

ازل سے جی ہی لگا سینہ سیر حاصل ہے — تم سرشک سے شاداب گلشن دل ہے

معما باسم غلام علی خان

قید بیحد ہے خانہ بے در ہے — تو بھی صاحب غلام سے ملیے

معما باسم میر محبوب علی

مر جا رقیب رشک سے گو ہے وصال یار — ہو اس کی چشم شوخ ادا میرے واسطے

معما باسم مہتاب رائے

بنے کیونکر کہ ہے سب کار الٹا — ہم اُلٹے بات اُلٹی یار اُلٹا

معما باسم نواب مصطفےٰ خان بہادر

نوا بلبل کی بے بس کر رہی ہے — بہار اک جام بیجا بھر رہی ہے
صدا بے درد قمری کی بلا ہے — سر طاقت بھی جس کا نقش پا ہے
فلک کو کل نہین بے جور و بیداد — سر مے کیا ہو گو ہے فضل خرداد
کہ وہ سرو خرامان یان نہین ہے — سرور اپنا تو اب امکان نہین ہے

بہار سبز پا کے پانون توڑین
کہ درد بیحد حسرت سے چھوڑین

مقطعات

جب کہا مین نے کہ تم بیداد گر نا آشنا — بے مروت بیوفا بیگانہ اجناب ہو
ہنس کے فرمایا کہ مین تو خیر جو کچھ ہون سو ہون — تم بھی تو بیچین ہو بے صبر ہو بیتاب ہو

ایضاً

صاحبو میرا حال مت پوچھو — بندۂ سخت بیوفا ہون مین
چھوڑ دلی کو سہسوان آیا — ہرزہ گردی مین مبتلا ہون مین

عذر بیجا ہے سرکشی کے لیے — شاکی بے سبب جفا ہون مین
اک خداوند شوخ کے غم مین — قابل رحم ہو گیا ہون مین
مجھے پہنچا دو میرے صاحب تک — کہ غلام گریز پا ہون مین

ایضاً

وہ نوجوان عابد و زاہد کہ سب جسے — کہتے تھے مومن اور بہت دیندار تھا
کل ایسے حال سے نظر آیا کہ کیا کہون — جو تھا سو اسکو دیکھ کے زار و نزار تھا
عبرت کی جا ہے ان صنمون نے کیا خراب — ملنے سے جن کے معتقد ننگ و عار تھا
بیمار کر دیا شب ہجر بتان نے آہ — کیا ہو گئے وہ روز کہ پرہیزگار تھا
یا تو ہمین ڈراتے تھے خورشید حشر سے — یا اپنے سر پہ داغ جنون شعلہ بار تھا
اختر شماری شب غم نے بھلا دیا — جتنا خیال پرسش روز شمار تھا
ہر ایک کی طرف نگہ بیکسانہ تھی — کس کی نگاہ لطف کا امیدوار تھا
ہمت سے اور ناز اٹھانے کی آرزو — باقی تھی گو کہ ضعف سے جینا بھی بار تھا
ہر دم ہولے آہ سے اڑتی تھی منہ پہ خاک — جتنی کہ سر مین گرد تھی دل مین غبار تھا
زخمون مین بیکہ مشک بھرا تھا مین کیا کہون — عالم بدن کا اسکے عجب لالہ زار تھا
آنکھون سے چند جدول خونابہ تھین رواں — چہرہ جو ناخنون سے سراپا نگار تھا
نے راحت و فراغ نہ آسائش و شکیب — نے طاقت و توان نہ سکون و قرار تھا
بیہوش و بے حواس و بے آرام بیقرار — بے صبر و بے تحمل و بے اختیار تھا
کیا کشمکش نے دونون کو بے حال کر دیا — نہ زور ہاتھ مین نہ گریبان مین تار تھا
جنبش بھی تھی محال تڑپنا تو اک طرف — کاہیدہ جسم ضعف سے کوہ وقار تھا
ہو خود ہی بیحواس تو احوال درد دل — کس سے کہے خبر ہی نہین کون یار تھا
گو ہاتھ سے اشارہ نہ تھا نے زبان سے بات — تو بھی تو حال دست و زبان آشکار تھا
اسواسطے کہ خاک پر انگشت دست سے — رحمے بحال بندہ خدایا نگار تھا
ادراک پیشعر شعلہ فشان و زبانہ زن — بتخانہ ریز کام و دہان بار بار تھا

آغاز کار عشق مین انجام کار تھا
مین کیون فنائے ہستی بے اعتبار تھا

ایضاً

عمر بزرگوار کہ ہین عیسے زمان — نسخہ کا جنکے معجزہ سے مشکل امتیاز
سقراط زہر خوردہ کا گر چارہ وہ کرین — عمر خضر سے ہو نفس واپسین دراز
وہ سب ہی جس کی فطرت عالی کے ہین مقر — وہ جس کی رائے خیل طبیبان مین سرفراز
ہو آب آب قول قدیم و جدید سے — تمریخ قابضات کا انسے ہے جو راز
ہو ناف پیچ رشک سے بیتاب بوعلی — قولنج مادی کے اگر ہون وہ چارہ ساز
حضرت کے خوان فضل سے وہ فضلہ چین نہین — قے مین نہ کیون محقق طوسی کے ہو براز
خاکستر اُن کے نسخہ اکسیر اثر کی ہے — کحل الجوا ہر رمد چشم حرص و آز
بالفرض گر شراب مین ترکیب ان کی ہو — ہرگز رہے نہ گردن مینا مین پھر گداز
ازبسکہ زندگی کی توقع نہین رہی — وہ بھی مرے علاج سے کرتے ہین احتراز
کیا نار عنصری کے اُڑا ڈالینگے دھوئین — دل گرمی حرارت عشق جگر گداز
سوے دماغ ابخرۂ دل کا یون صعود — سجدے سے جیسے رکعت اول صف نماز
یہ حال ہی کہ ضعف سے کھلتی نہین ہی آنکھ — ہے یاد کس کی نرگس بیمار نیم باز
مین کیا کہ دم مین چلنے کی طاقت نہین رہی — بیٹھا ہی پانون توڑ کے جب ایسا ہی زہ ساز
دوران سر کو دیکھ کے چکر مین آگئی — وہ عقل جو کہ ہرزہ دوی سے ہے بے نیاز
گر نفس ناطقہ کو نہین لگ گئی ہے چپ — ورد زبان ہی کیون نہ یان سے حدیث راز
کس کے خیال مین یہ پراگندگی ہوئی — احساس کو ذرا نہین وسواس احتیاز
اعصاب محو زلف شکن در شکن ہوئے — گردن مین ہے تشنج اقدام سے گداز
مین کیا کہون حقیقت رنگ عذار زرد — سمجھو تو صفرت یرقان اُس سے ہی مجاز
گریہ ہی زور ضعف قوی ہی عجب نہین — دشوار ہووے عمر روان کو بھی اجلواز
منھ کا مزا بتلخ کہ شیرین ہے اس سے تو — بے وجہ سرکہ روئیے زہاد حیلہ ساز

صندل سے دردسر کو ہو کیا جبتلک حسین
مین اُسکے آستان پہ نہ رگڑون بصد نیاز

یان شوق سر کہ روئیے ہندی صنم ہی خاک
صفر اشکن ہو سر کہ انگوری حجاز

یان بوسے چاہیین گرہ زلف یار کے
ممکن نہین کہ دانۂ آلو ہو چارہ ساز

لازم ہے میرے سینہ پہ رخسار ماہوش
کافور کی ہو قرص سے کیا چارۂ خراز

جھوٹی شراب یار کی درکار ہے کہان
تسکین پذیر ہو عرق بید سے جواز

اس جلبے بوسۂ شکرین لب کا کام ہی
گلقند سے ہو کیونکہ طبیعت کو اہتزاز

باقی رہی ہے بچنے کی تدبیر کون سی
اے ناصح شفیق جگر سوز چارہ ساز

الاہی کہ پہونچون وہان جسکی خاک در
کرتی ہے آج خاک شفا پر ہزار ناز

وہ مایۂ حیات وہ سرچشمۂ بقا
جس کا کہ ہے لعاب دہن آب جان نواز

صد سالہ مردہ زندہ ہو گر اپنی بات پر
آجلے اس صنم کا لب معجزہ طراز

رحم آئے تو عجب نہین آخر غلام ہون
اور وہ غلام خاص کہ یوسف تھا یا ایاز

پہونچا دے کاش کوچے مین اس سبزہ رنگ کے
مرتا ہون اپنی جان سے عمر خضر دراز

ایضاً

مواجاتا ہون اب جی مین ہوا اُس بیدرد کو کیا ہے
کہ مجکو تختۂ مشق اطبا کیون بنایا ہے

نہ سمجھین سبب نے کچھ علامت سے مرض اپنی
سڑی ہین آپ مالیخولیا مجکو بتایا ہے

کوئی کہتا ہے آلودہ صفرا سے کرائی ہے
سیہ رونے ہر اجو رنگ کو چہرے کے پایا ہے

کوئی کہتا ہی لیشرغش ہوا جب بیخودی چھائی
مجھے وسواس سرسام دروغین سچ ہی آیا ہے

کوئی کہتا ہی مین سمجھا یہ سرجو اٹھ نہین سکتا
ہزال روح نفسانی نے یار دوسر اٹھایا ہے

کوئی کہتا ہی حاشا ہی یہ گرمی غیظ خالص کی
اسی جانسوز شعلے نے دھوان دل کا اڑایا ہے

کوئی کہتا ہی ترکیب اور غالب خلط بلغم ہے
رطوبت گر نہین تو کیون پسینے مین نہایا ہے

کسی کو مقبرہ سے عفونت کا جو دھیان آیا
تو آخر سونگھنے کو بول کا شیشہ منگایا ہے

کوئی کہتا ہی یہ سکتہ ہی نظرون مین ہمارے تو
کئی بار احمقون نے لاکے آئینہ دکھایا ہے

کوئی سمجھا جو تلخی ذائقہ کی سرکہ روئی سے
تو کہتا ہے کہ گاہے شہد خالص بھی چٹایا ہے

کوئی اطراف کی سردی سے گرم شوروغوغا یون
کہ سینکو چارۂ بالفصد مکرر آزمایا ہے

کوئی کہتا ہے دیکھو مثلی ہے نبض مسہل دو
ولیکن مشتہی سے گر کوئی منضج پلایا ہے

کسی کو کم غذائی سے گمان ہے ناتوانی کا
تو کہتا ہے کہ جلدی لاؤ گر کچھ بھی پکایا ہے

کسی نے شربت ورد مکرر کی جو ٹھہرائی
تو کوئی سن کے مثل غنچۂ گل مسکرایا ہے

کوئی کہتا ہے ابتو ہو گیا کیلوس بھی ناقص
کہ سالم ویسے ہی ہین گرچہ ہونٹونکو چبایا ہے

کوئی کہتا ہے پانون جو تشنج سے سکڑتے ہین
کہ قطرب ہی یہی قانون مین ہین نے پڑھایا ہے

کوئی کہتا ہو یہ سوزش غریزی ہو کہ نسخہ مین
سبھی اجزا ہین بارد بندہ کچھ ساتھ لایا ہے

کوئی کہتا ہو اس آتش کا اطفا سخت مشکل ہے
مگر دے دو کوئی گر برف کا کوزہ جمایا ہے

کوئی کہتا ہو ہو بالخاصیت ہی برف مین گرمی
تمھین ہندی مداوا کس ستمگر نے سکھایا ہے

کوئی کہتا ہو روغن دیجے بادام مقشر کا
یہ نکتہ مرتے دم استاد نے مجکو بتایا ہے

مگر عم فلاطون منزلت میرے یہ کہتے ہین
مرض وہ ہی ہو لیکن شرم کے مارے چھپایا ہے

یہ سودا عشق ہو تیرا یہ تپ سوزغریبی وہ
کہ بیجا گرمی صحبت نے تیری جی جلایا ہے

یہ تلخی ذوق کی وہ تلخکامی ہے کہ حسرت نے
لب شیرین کے بوسے کا مزا مجکو چکھایا ہے

یہ حضرت لون کی پرتو ہے تیری سبزہ رنگی کا
نہ ہے نیرنگ شوق محویت کیا رنگ لایا ہے

عرق وہ اشک ہو جو پاس رسوائی سے روکا تھا
اسی کے جوش نے دریا کا دریا یون بہایا ہے

صداع وصدر کا باعث بھی تیری بدد ماغی ہے
اگرچہ مبحث ناصح نے بھی سر تو پھرایا ہے

سبب ظاہر ہی ضعف اسہال وضعف ونا توانی کا
قلق نے کاوشین کی ہین الم نے جی کھپایا ہے

نہ کینوکر کانپ اٹھون زمانے کی ہوا بگڑی
فلک نے سرد مہری سے تری کیسا ڈرایا ہے

مندی جاتی ہین آنکھین بسکہ شہلے جدائی مین
ستک شام سے خوابیدہ طالع نے جگایا ہے

افاقہ غش سے کیا آتا کہ تیری کاکل مشکین
نہ سونگھی گر سنگھایا ہو تو عطر خس سنگھایا ہے

نہ کیونکر امتلائے معدہ ہو محسوس اک مدت
غم فرقت تری دوری مین کس کثرت سے کھایا ہے

غرض آچک کے مین زیر جاؤن اور مرجا بن آئے
مسیحا درد حسرت سے کہ کیا مردہ جلایا ہے

تاریخ وفات جدۂ مومن سراپا غم دخلہا اللہ فی جنت النعیم

جبکہ اس غم سرا سے کی رحلت — جدۂ مومن پریشان نے
سال تاریخ حسب حال کہا — دخلت بالنعیم رضوان نے

تاریخ رحلت وحید زمان یگانۂ دوران نذیر حرمان سرائے ویرانی بنیان

انتخاب نسخۂ دین مولوی عبدالعزیز — بعدیل و بےنظیر و بےمثال و بےمثل
جانب ملک عدم تشریف فرما کیون ہوے — آگیا تھا کیا کہین مردون کے ایمان مین خلل
ہے ستم اے چرخ توکس کو یہان سے لے گیا — کیا کیا یہ ظلم تو نے بیکسون پر اے اجل
جب اٹھائی نعش، اک عالم تہ و بالا ہوا — لوٹتا تھا خاک پہ ہر قدسی گردون محل
کیا کہون ناکس پہ تھا صدمہ کیا جسوقت دفن — ڈالتا تھا خاک سر پر ہر عزیز و متبذل
مجلس درد آفرین تعزیت مین مین بھی تھا — جب پڑھی تاریخ مومن نے یہ آکر بےبدل

دست بیداد اجل سے بےسر و پا ہوگئے
فقر و دین فضل و ہنر لطف و کرم علم و عمل

ایمان تازہ کردن شہور و سنین بدست امیر المومنین ابن امیر المومنین

جو سید احمد امام زمان اہل زمان — کرے ملاحد بیدین سے ارادہ جنگ

تو کیون نہ صفحۂ عالم پہ لکھے سال وغا
خروج مہدی کفار سوز کلک تفنگ

ایضاً

گلاب ناب سے دھوتا ہون مغز اندیشہ — کہ فکر مدحت سبط قسیم کوثر ہے
وہ کون امام جہان و جہانیان احمد — کہ محض مقتدی سنت پیمبر ہے
زمین کو مہر فلک سے نہ کیون ہو دعوی نور — کہ اس کا رایت اقبال سایہ گستر ہے
عروج سنگ و قصر جاہ یہ کہ جسے — ہزار طعن حضیض اوج لامکان پر ہے
ز بسکہ کام نہین ہے اسے سوائے جہاد — جو کوئی اس سے مقابل ہے سو وہ کافر ہے
شرف ہے مہر کو اسکے زمانے سے دائم — ز بسکہ روز و شب انصاف سے برابر ہے

وہ بادشاہِ ملائک سپاہ کوکب دین — کہ نور شمس و قمر جسکی گرد لشکر ہی
وہ شعلہ خصلت الحاد سوز کفر گداز — کہ جسکا نقش قدم مہر روز محشر ہی
وہ برق خرمن ارباب شرک و اہل ضلال — کہ شعلہ خوشہ حاصل تو دانہ اخگر ہی
وہ قہرمان فلک توسن و نجوم حشم — کہ ترک چرخ غلام اسکا مہر چاکر ہی

وہ شاہ مملکت ایمان کہ جسکا سال خروج
امام برحق مہدی نشان علی فر ہی

تاریخ وفات مولوی محمد عمر صاحب خلف الصدق مولوی اسمٰعیل صاحب مرحوم

محمد عمر کا ہوا انتقال — بزرگ ایسے ہوتے ہین پیدا کہان

مجھے سال تاریخ کا تھا خیال
کہ سب نے کہا مرگ شیخ زمان

تاریخ کد خدائی میرن

مرے یار میرن کو اس سال مین — ہوا کد خدائی سے بارے فراغ
اگر غنچۂ نارسیدہ دلھن — تو دولھا نہایت ہی نازک دماغ

شگفتہ گل تازہ ہے سال زفاف
بہم کہہ رہے ہین خوش الحان باغ

تاریخ کد خدائی

ہوا کد خدا آج یعقوب بیگ — عروس اور داماد دونون پری
بغل مین ہے ہمخوابہ ماہوش — زہے اختر بخت کی یاوری
کہا مین نے مومن سے تاریخ کو — کہ ہے ختم اس پر سخن گستری

کہا مین نے دیکھا مگر تو بھی دیکھ
سما پر بہم زہرہ و مشتری

شورانگیزی قلم سینہ چاک اشک فشان در ماتم حکیم غلام نبی خان

جہان تگوئی نکوئے جہان — وحید زمان والد مہربان

یہان تک انھین شوق خلد برین — کہ ہر دم کو گنتے دم واپسین
نہ دل مین نہ اُنکے زبان پر کبھو — رضائے الٰہی سوا آرزو
غرض آگیا وقت موعود جب — گئی تن سے وہ جان عشرت طلب
تاسف نے کیا کیا ستایا مجھے — قلق نے زمین پر لٹایا مجھے
غضب جان کو بیقراری ہوئی — بری حالت ایسی ہماری ہوئی
کہ دکھا دل عشرت آلود مرگ — ہوئی زندگی اپنی محسود مرگ
جہان سے جب ایسا شفیق اٹھ گیا — تو جینے کا سچ ہے مزا کیا رہا
کہون کیا کسی سے کہ کیا غم ہوا — سزاوار اشفاق ماتم ہوا
ولے شعر کی جو ہوس ہی کمال — اُسی غم مین تاریخ کا تھا خیال

جنازہ اٹھایا فرشتون نے آہ
تو تد فازا فوزًا عظیمًا کہا ۱۲

عقد عبارت و معانی باظہار سال نکاح یار جانی

کہان تک تغافل بس اے بے خبر — خبر بھی ہے کچھ ساقی بیخبر
شراب تمنا پلا آج تو — ہوسہاے مردہ جلا آج تو
مے رشک آواز تم دے مجھے — سبو کے سبو خم کے خم دے مجھے
علاج دل سر بسر جوش کر — مے وصل سے مجکو مدہوش کر
کہان تک مے مستی اشک خون — کبھی تو پیون بادۂ لالہ گون
کہان تک رہون تلخکام و خراب — مے عیش سے مین بھی ہون کامیاب
جہان ہے سراپا سرور و نشاط — زمانہ کو ہے دورۂ انبساط
عجب وقت آسایش و کام ہی — کہ گردون کو جنبش سے آرام ہی
نکلنے لگے خواہش مدعا — یہ جوف اب ہوا سے ہی سچ مچ بھرا
جہان مین کسی کو ذرا غم نہین — کہین مرگ حسرت کا ماتم نہین
نہین ہی زمانے مین رونے کا نام — صراحی بھی ہنسنے لگی مثل جام

جو شبنم کے تھے اشک دندان ہوے — برنگ لب غنچہ خندان ہوے
عجب گر کوئی یار سے ہو جدا — وہ اقبال مند آب ہو اکد خدا
ہے اقبال جس کا جہان پر محیط — سعادت زمین و زمان پر محیط
وہ خان فلک رتبہ عباس نام — نجل جس کے جلوے سے ماہ تمام
نہ کیونکر ہو مہ اسکے جلوے سے داغ — ہے کس مہربانان کا چشم و چراغ
وہ عبدالعلی خان گردون مکان — جھکے جس کے آگے سر آسمان
خلیق و شفیق و سراپا وقار — زمانے کو ہے جس سے سو افتخار
طبیعت مین اسکی کرم سا کرم — سراپا مروت سراپا کرم
مجسمت فزاے دل ریش ریش — کرم گستر مومن مہر کیش
عجب بزم عشرت کا سامان کیا — سلیقہ سے عالم کو حیران کیا
کیا کیا سرانجام اسباب سور — کہ صرف چراغان ہوئی چشم حور
سرانجام وہ ہو سکے کیا بیان — زبان سخن گو کو طاقت کہان
ہوا جشن کیا کیا نہ سامان سے — گئے لے کے کس شوکت و شان سے
بندھا عقد کیا محکم و استوار — کھلا عقدۂ خاطر روزگار
کیا مین نے تاریخ کا جو خیال — یہ شعر آسمان نے پڑھا حسب حال

وصال دومہ طالع دمہر اثر
قران دو نجم سعادت بہر

ترانہ ریزی ہزار در شمار سنہ اتمام گلشن بخار

کیا تذکرہ شیفتہ نے لکھا — ہے شیفتہ جس کے جان معنی
یون نکتہ شناس ہین پر ایسا — کوئی نہین قدردان معنی
افکار بلند سے بنایا — چرخ پر آسمان معنی
ہر فقرۂ نثر جان مضمون — ہر شعر روان روان معنی
کیا بات ہے منتخب کی تیری — اے منتخب جہان معنی

ہر نقطہ انتخاب تیرا — خال رخ دلبران معنی
تیرے جو سخن سے ہے سرافراز — الفاظ کا پایہ شان معنی
معنی ہین ثنا طراز الفاظ — الفاظ ہین مدح خوان معنی
ہے تذکرہ یا ریاض فردوس — فردوس ہے یا جنان معنی
اے تازہ بہار باغ مضمون — اے گلشن بیخزان معنی
مومن نے جب اسمین دیر تک کی — سیر گل و ضیمران معنی
آیا ہے خیال سال اتمام — تھا وہ بھی تو باغبان معنی
غنچہ کی طرح سے سرفرو تھا — یک چند وہ ہمزبان معنی
جب نغمہ سرا نہو سکا وہ — دستان زن داستان معنی

ہاتف نے کہا ہے اس کی تاریخ
گلدستۂ گلستان معنی

۱۲۱۴ھ

تاریخ جلوس محمد سعید خان برمسند ریاست رامپور

رام پور اک زمان ممتد سے — تیرے مقدم کا تھا ثنائی
جب پذیرا ہوئی دعاے دیار — اے سراپا قبول والائی
یعنی اس ملک کے نصیب کھلے — تیرے قدمون پہ کی جبین سائی
تیرے خدام کے نصیب ہوئی — حکمرانی دکارفرمائی
تجکو شائستہ کرسی عزت — تجکو زیبا سریر آرائی
مین ہوا گرم فکر سال جلوس — ناگہان غیب سے صدا آئی
کہ محمد سعید خان کو ملی — ورثۂ صدر اکام آبائی

اس وسادہ پہ تجکو بٹھلا کر
مین نے تاریخ کی روش پائی

تاریخ

جہان مین بے چارہ تشنگی — نہین کوئی بھی اس سے بہتر سبیل

یہی سال ہین اے تفضل حسین
جو کہتے ہیں سب تشنہ پرور سبیل

تاریخ

خلیفہ نور محمد وہ شمع بزم حضور — کہ جس سے زیر زمین تا بآسمان روشن
مکاشفات کا احوال کیا کہون اُن کی — تمام حال جہان وجہانیان روشن
خیال سال وفات انکا جب کیا مین نے — ہوا درونہ مثال ستارگان روشن

انکے سال ہین اس مصرعہ دل آرا سے
رواں نور محمدؐ سے ہے جنان روشن

تاریخ

اے وزیر بلند پایہ تجھے — التفات شہی مبارک ہو
قدر عالی وخصلت محمود — خان حامد علی مبارک ہو
رفعت پایہ روز افزون ہو — آسمان پائگی مبارک ہو
امرائے زمانہ سے ہے تجھے — ہر طرح برتری مبارک ہو
کارگاہ سپہر سے ہر روز — تجکو خلعت نئی مبارک ہو
ذات کرسی ترا مقام بلند — کیا کہون پالکی مبارک ہو
فیل گردون مطیع ہے تیرا — فیل تشریف بھی مبارک ہو
تیری دولت سے سب کو بخش و پنج — صدر زردہ دہی مبارک ہو
میری تیغ زبان کی تیزی سے — تجکو اعدا کشی مبارک ہو
مومن آیا ہے بزم مین تیری — صحبت آدمی مبارک ہو
تہنیت خوان کامیابی ہے — صلۂ دوستی مبارک ہو
بہر تاریخ یون کہا بے فکر — خلعت آصفی مبارک ہو

ایضاً

نواب کو بادشہ نے بخشا — خلعت مین جو فیل چرخ تمثیل

مین نے بھی زیادہ بہر تاریخ — آشریف وزیر پر کیا پیل
۱۲۵۵ھ

ایضاً

گیا رنج نواب صغر علیخان — مبارک سلامت سلامت مبارک
ہوئی محو اب سستی و ناتوانی — رجوع قوا عود طاقت مبارک
معالج ہوا فکر درمان سے فارغ — مجھے فکر تاریخ صحت مبارک
حساب اس سخن کا تو کر لین جو لب نے — کہا اعتدال طبیعت مبارک
۱۲۹۱ھ

ایضاً

دخت روشن روان ہوئی پیدا — کیا ہی چمکا ہے اختر مومن
نال کٹنے کے ساتھ ہاتف نے — کہی تاریخ دختر مومن
۱۲۵۹ھ

ایضاً

شحنۂ دہلی خلق آزار — بچۂ افغان رشوت خوار
خوار ہوا بارے اس سال — لوگون کا تھا یار اقبال
نام بتاؤن کیا اے بار — ناموزون ہون گے اشعار
بان تو پوچھے گر تاریخ — اس سے کیا بہتر تاریخ
سب نے کہا جب چھوٹا کام — اترا شحنہ مردک نام
۱۲۵۹ھ

تاریخ

اس تذکرہ کا جونہی ترجمہ بھایا — مومن کو خیال سال تاریخ آیا
مضمون کا ہجوم دیکھکر فرمایا — کیا گلشن بیخار پہ بادل چھایا

تاریخ

وہ تفضل حسین یار قدیم — نیک خو نیک ذات نیک سیر
گرم سامان بزم سور ہوا — بہر چشم چراغ اہل نظر
میر نواب بے نظیر جہان — کیا نجستہ پدر سعید پسر
کد خدائی کا کیا کہون سامان — زیب کے دل مین کر لیا ہے گھر

مہر داماد و ماہ پارہ عروس — ایک سے ایک عالم آرا تر
فکر تاریخ میں سنا میں نے — کہہ رہا تھا سروش نیک اختر
لکھ دے اے مومن ستارہ شناس — سال عقد اجتماع شمس و قمر

تاریخ وفات میاں کالے صاحب ۱۲۶۱ھ

ہوئی جب دم وفات حضرت کی — مجھ کو تاریخ کا خیال آیا
ہاتف غیب نے کہا ناگاہ — کالے صاحب کو سرخرو پایا ۱۲۶۸ھ

رباعیات

تھا ہم سے بھی ربط بیوفا یا کہ نہ تھا — حالت یہ ہوئی کبھی بھی گویا کہ نہ تھا
یارون میں تمہارے ہم بھی تھے یا کہ نہ تھے — دیکھو تو ادھر کو بھی کچھ تھا کہ نہ تھا

ایضاً

ہو حق وفا ادا فضا نے چاہا — کعبہ کا سفر بخت رسا نے چاہا
ہو ترک علاج ان تبون کا مومن — دیکھو چاہیں گے گر خدا نے چاہا

ایضاً

کیا گوشہ خفا میں انجمن میں بھی تو تھا — کیا دشت کہ تنگدل چمن میں بھی تو تھا
کچھ اور نہیں سفر میں ایذا لیکن — اک درد ہے دل میں سو وطن میں بھی تو تھا

ایضاً

جب سے وہ گئے ادھر نہیں یاد کیا — بھیجی نہیں کچھ خبر نہیں یاد کیا
ہم یاد میں جسکی آہ سب کچھ بھولے — اس نے ہمیں بھول کر نہیں یاد کیا

ایضاً

گر جور و ستم پہ طبع آئی اچھا — ہے شوق محبت آزمائی اچھا
یاں روز جزا کی آس ہے روز افزون — کر لیجے جو ہو سکے برائی اچھا

ایضاً

گر دل میں اثر نہ تیر کے غم کا ہوتا — کاہے کو یہ لوٹتا تڑپتا ہوتا

کیسی آرام سے گزرتی اوقات
اے کاش کہ میرا دل بھی تجھسا ہوتا

ایضاً

محروم حصول مدعا نے چاہا
حسرت زدہ بخت نارسا نے چاہا
مومن اس بت نے گر نہ چاہا نہ سہی
ہم خوش ہین اُسی مین جو خدا نے چاہا

ایضاً

کیون تدنظر ہے تم کو مرنا میرا
کیون بھلے ہے جان سے گذرنا میرا
ہر روز وصال یا عید قربان
واجب گنتے ہو ذبح کرنا میرا

ایضاً

حاصل آپ نے دمبدم دیے ہین کیا کیا
خونابۂ درد و غم پیے ہین کیا کیا
کچھ کشمکش صبر و جفا کی حد بھی
انصاف کرو ستم کیے ہین کیا کیا

ایضاً

گر دین مین تھا لقب یگانا اپنا تھے بت سے خفا
گلہ ہے صنمون کو ہمنے جانا اپنا اللہ ری خطا
سب در و حرم کی خاک چھانی مومن کیا خاک کہین
دیکھا تو کہین نہین ٹھکانا اپنا جی بیٹھ گیا

ایضاً

جب پاس وفا اسے ہمارا نہ رہا
ہم کو بھی خیال دوستی کا نہ رہا
قربان مین کس ادا سے کہتا ہے تمھین
اتنے ہی مین عاشقی کا دعوی نہ رہا

ایضاً

کیا ظلم یہ اے نالۂ بیباک کیا
اس شعلہ مزاج کو غضبناک کیا
افسوس وہ لعل لب نہین گرم سخن
اس آتش خاموش نے جی خاک کیا

ایضاً

یون کاہے کو یار بیوفا جانا تھا
یون کاہے کو دشمن آشنا جانا تھا
ایسا کہین آتا ہے دل ایسے پر بھی
کیا جانیے مین نے تمکو کیا جانا تھا

ایضاً

اندیشہ پایان جفا کرنا تھا
ہاں ذرا پاس وفا کرنا تھا
غیروں کے لیے ہاتھ سے کھویا ہمکو
کیا تم نے کیا اور آہ کیا کرنا تھا

ایضاً

ہنگامہ حشر جب کہ برپا ہوگا
یوں روے سوال سے ادا ہوگا
اولاد نبی پہ ظلم کیا کیا نہ کیے
سمجھے نہ یہ تم کہ ہم پہ کیا کیا ہوگا

ایضاً

روشن ہے جو ہے آل عبا کا پایا
ہاں مرتبہ تسلیم و رضا کا پایا
قندیل ہے عرش کی جو ہر جان شہید
کیا ہوئے گا شاہ شہدا کا پایا

ایضاً

ہے عہد شباب زندگانی کا مزا
پیری میں کہاں وہ نوجوانی کا مزا
اب یہ بھی کوئی دن میں فسانہ ہوگا
باتوں میں جو باقی ہے کہانی کا مزا

ایضاً

ہے طرفہ ستم آن کے پھر گھر جانا
حسرت زدہ جینا بھی ہے گو مر جانا
پر مجکو سحر تلک نہ جینے دیگا
تیرا یہ شب نخیر کہہ کر جانا

ایضاً

مومن کو رفیق گبر و ترسا دیکھا
پھر طائف کعبۂ معلّٰے دیکھا
ہندی صنم اب ہیں جستجو میں بیتاب
اللہ کی قدرت کا تماشا دیکھا

ایضاً

لکھا نہ گیا اگرچہ دفتر لکھا
لکھا وہی بالکل کہ ہے دل پر لکھا
حیران ہوں کہ جو حال پریشان ہے مرا
یہ کاتب تقدیر نے کیونکر لکھا

ایضاً

مومن دل سا مکان جو برباد دیا مانند حباب
ان نگدلوں کو دیکے کیا خاک لیا جز رنج و عذاب
یعنی وہ مکان کہ تھا خدا کا مسکن کر نذر بتان
برباد اُسے کیا یہ کیا کام کیا اے خانہ خراب

ایضاً

کیا کہیے ہوا جو ضعف سے حال خراب
منھ خاک چلے ہے لب کی جنبش معدوم
کیا ذکر طعام بی نہیں سکتا آب
دن تاب و توان کا نام سیری کیا تاب

ایضاً

ہے شرم گنہ سے جاں لبی بیتاب
یارب گہ مؤثر ہو یہ کہنا میرا
یہ ذکر جہاں ہوا ہو اجی بیتاب
یارب ہے ترا بندۂ عاصی بیتاب

ایضاً

اے خواجۂ خوابگان دم خشم و عتاب
گر جرم کا میرے وزن کرنا ٹھہرا
کیا تاب کہ دیکھے کوئی تجکو جواب
انصاف سے کر لینے کرم کا بھی حساب

ایضاً

یہ چند منافق سراپا بدعت
بتلاتے ہیں بدعتی امام حق کو
ہے کفر و ضلال و فسق جنکی طینت
گویا کہ جہاد ہے خلاف سنت

ایضاً

رو رو کے کہا اس سے ملاقات کی رات
اب ذکر شب وصل ہے اجباب کے اور
رو رو کے کٹیں ہجر کی راتیں ہیہات
رونا وہی زار زار یہ ہے کیا بات

ایضاً

اے حلقۂ زلف دام داری ہے عبث
یاں دل سے قرار جا چکا ہے کب کا
اے ناز و ادا مکیں ہماری ہے عبث
اے شوخی یار بیقراری ہے عبث

ایضاً

درمان میں مرے طبیب کو غور ہے آج
اس حال میں کل تلک تو جینا معلوم
معلوم ہوا مزاج بے طور ہے آج
آج آؤ کہ زندگی مری اور ہے آج

ایضاً

پامال ہوں میں اگر حنا سے ناصح
کیا کام تجھے تیری بلا سے ناصح

جس بت کو کہ پوجے خلق مین دل بھی دون
کیا ظلم ہے ڈر ذرا خدا سے ناصح

ایضاً

جون ماہ مین عمر بھر پھرا ہون اے چرخ
ان سا کوئی مہروش تو دیکھا ہی نہین
ہر شہر مین در بدر پھرا ہون اے چرخ
مین تجھ سے زیادہ تر پھرا ہون اے چرخ

ایضاً

مومن نے کیا نام محبت برباد
آتا ہی یہ جی مین پوچھیے کیون حضرت
ہی طوف حرم مین اور کیا کیا دل شاد
اب بھی وہ بتون کے گرد پھرنا ہے یاد

ایضاً

یہ کچھ رہ سنت نہ طریق توحید
ہم سمجھے ہین معنی حقیقی یعنے
پھر کیا ہی ضرور سب کی کہیان فہمید
حیوان ہین حقیقت مین یہ اہل تقلید

ایضاً

مومن نہین زہد بے ریا سے امید
جب رحم محبت صنم مین نہ کیا
کیا شیخ بتون کی دعا سے امید
کیا عشق حقیقی مین خدا سے امید

ایضاً

کرتا ہی لگاوٹین وہ رشک مہ عید
پانی اسنے جو مجھپہ پھینکا مومن
بیوجہ نہین ہی جوش دریاے امید
تر دامنی وصال کی ہے یہ نوید

ایضاً

کیا سخت تھے ابن سعد اور ابن زیاد
اولاد نبی پہ ہے ستم یہ بیداد
فریاد امام کی کسی نے نہ سنی
اللہ سنے مقلدون کی فریاد

ایضاً

کیا ڈر ہو اگر نیند نہ آئی یک چند
بیخوابی ہر روزہ سے مین ہون خرسند
معلوم ہوا ابھی خدا کو میرے
منظور نہین کہ میری آنکھین ہون بند

ایضاً

تہمت ترے عشق کی لگا دی مجھ پر
کر دی مری جان حرام شادی مجھ پر
نے دن کو قرار اور نہ ہی رات کو خواب
دل نے مرے ہائے کیا بنا دی مجھ پر

ایضاً

امواج فرات دیکھ روئے شبیر
حیرت سے یہ خونناب فشاں کی تقریر
ہین اپنے ہی آنسو لہو کے پیاسے
کیا تشنگی آل نبی کی ہے بسیر

ایضاً

مومن ہے اگرچہ سب اسی کا یہ ظہور
توحید وجودی کا نہ کرنا مذکور
یعنے کہ بنائے ہین خدا نے بندے
بندے کو خدا بنائے کس کا مقدور

ایضاً

ہے ضعف سے دل پہ ہاتھ دھرنا دشوار
جب دم نہ رہا تو نام کرنا دشوار
اس پر یہ غضب کہ حسرتوں کا ہے ہجوم
جینا دشوار مجھ کو مرنا دشوار

ایضاً

ہر چند نہین قیاس سے کچھ سروکار
پر توبہ سے از بسکہ ہوا مین بیمار
مے بہر دوا پینے کو مفتی کے حضور
تقلید ابو حنیفہ کا ہے اقرار

ایضاً

خلوت مین نہ تھا کوئی فقط مین اور یار
سب صبح دم آئے ہین رفیق و غمخوار
جو لطف اٹھائے ہین شب وصل ان سے
وہ قصہ کہے کون کہ بہلے دل زار

ایضاً

ہے بسکہ محبت رسول مختار
مذہب کو مین سوچتا ہون لیکن ہر بار
آتا ہے قیاس مین ع اہل حدیث
ہر چند قیاس سے نہین ہے سروکار

ایضاً

کعبہ سے اٹھا ابر رحمت کا ہجوم
پرہیز پہ بے راہ روی دیکھو سیر
واللہ بڑھے ابر رحمت کا ہجوم
توبہ کی نہین آج نظر آتی تخیر

ایضاً

ہم ہوا و ہوس اور یار ٹھہرے جانباز
گو بات بگڑ گئی یہ سب کچھ بن آئے

ہم غیر بنے عدو ہوئے محرم راز
گر ہوئے موافق یہ سپہر ناساز

ایضاً

کیا ہے شک کمال وفا تمامی ہے لذیذ
کیونکر نہ جلون وفا کی خامی ہے لذیذ
غنچونکا یہ دردمندی مے مین ہے فرق
افسوس عدو کی تلخکامی ہے لذیذ

ایضاً

تسلیم وہ بیان لائے افسوس افسوس
مرتے دم بھی نہ آئے افسوس افسوس
سب گفتن دل کی حسرتن دل ہی مین
افسوس افسوس ہائے افسوس افسوس

ایضاً

کہتا ہون مین اک بات تعلیم سروش
کر لے جسے تسلیم ہر اک صاحب ہوش
مدت سے کہے نہین جو تم نے اشعار
تپ کا نہین یہ گرمی مضمون کا ہے جوش

ایضاً

جلتی ہے تمام رات جس طرح سے شمع
روتی ہے ہمارے ساتھ کس طرح سے شمع
پر شعلہ زبانی ہے یہان روز افزون
کیا بات کہے یہ بات اس طرح سے شمع

ایضاً

پروانے کو کس لیے جلایا اے شمع
بے جرم کو خاک مین ملایا اے شمع
سر کٹنے سے بھی ذرا شرارت نہ گئی
تو نے تو غضب ہی سر اٹھایا اے شمع

ایضاً

ہر روز ہون مثل مہر سرتاپا داغ
ہر رات ہے سوز سینہ مانند چراغ
سیماب کی طرح جان مضطر کے سبب
مر کر بھی ہوا نہ مجھکو جلنے سے فراغ

ایضاً

گہ دھیان ہے طالع بد اختر کی طرف
گہ چشم امید لطف دلبر کی طرف

ہے خوف بلا وانتظار جانان — اک آنکھ ہی سو ہے چرخ اکدر کی طرف

ایضاً

تاثیر نہ کی عشق نے اپنی مطلق — چھیڑے ہے زیادہ شوخ ہنگام قلق
گلگونہ لالہ رنگ خونابہ کو دیکھ — کہتے ہیں وہ کیا ہی منہ پہ پھولی ہے شفق

ایضاً

مومن شوق گناہگاری کب تک — اے تیرہ دروں سیاہ کاری کب تک
مان اپنے خدا کو باز آ بہر خدا — اے دشمن دیں بتوں سے یاری کب تک

ایضاً

خاطر میں یہ کلفتیں نہ لائیں کب تک — صحرا صحرا یہ خاک اڑائیں کب تک
ناچار جہاں سے ہم اٹھ جاویں گے — جور ستم فلک اٹھائیں کب تک

ایضاً

ہر ایک پہ کھل رہا ہو سارا احوال — مشہور ہے خلق میں ہمارا احوال
افسوس یہ پوچھنا کہ احوال ہے کیا — معلوم ہوا مجھے تمہارا احوال

ایضاً

مومن تب و تاب غم میں رونے سے حصول — پھل پا چکے مفت جان کھونے سے حصول
یہ تخم نمین ہوا ہے سرسبز اب تک — اس دانہ سوختہ کے بونے سے حصول

ایضاً

کیوں زرد ہو رنگ کس لیے آنسو لال — کس واسطے ہر گھڑی رہے ہے تو نڈھال
کیا شکل یہ بنگئی ہے تیری مومن — کیا ہو گیا تجکو کیوں ہے تیرا یہ حال

ایضاً

بدنام کیا تیرا بُرا ہو اے دل — ناکام کیا تیرا بُرا ہو اے دل
مومن کو بتوں سے کیا سروکار بھلا — کیا کام کیا تیرا بُرا ہو اے دل

ایضاً

مین شمع نہین مرے رولانے سے حصول
لوبان نہین مرے جلانے سے حصول
ہون خوردۂ گل نہ آب باران بہار
ظالم مرے خاک مین ملانے سے حصول

ایضاً

معلوم ہے رنج کا جو سارا احوال
ہے تم سے زیادہ تر ہمارا احوال
وان تن پہ ہے صدمہ اور یان جان پہ ہے
اپنا کہین یا سنین تمھارا احوال

ایضاً

مصروف روا کار تھے ہر جا ہم
کام آئے ہر ایک شخص کے کیا کیا ہم
پر جسکے ہوے نہ جانا اسنے اپنا
دنیا مین بکمان وقف تھے گویا ہم

ایضاً

کس واسطے متصل رولانا ظالم
یون کس لیے دم بدم جلانا ظالم
ہوتی ہے ادا اگر قضا ہو بیداد
ہے فرض مگر مرا ستانا ظالم

ایضاً

ہے تم کو عداوت آزمانا معلوم
کیا زیست کہ گور پر بھی آنا معلوم
ہم جان سے جائین یا جہان سے لیکن
ہو آپکے دل مین کچھ ٹھکانا معلوم

ایضاً

تابندگی عذار سے فرق امام
تھا جلوہ نما سنان پہ جون ماہ تمام
یہ حجت ساطع کرامات حسینؑ
افزون ہوئی تیرہ روزی لشکر شام

ایضاً

خالص ہون محمدی مرا دین اسلام
گورا لے ثواب ہو نہین مجکو کام
تقلید کی ٹھہری تو بنون کا شیعہ
کس واسطے چھوڑ دیجے افضل امام

ایضاً

مومن تمھین کچھ بھی ہو جو پاس ایمان
ہے معرکۂ جہاد چل دیجے وہان
انصاف کرو خدا سے رکھتے ہو عزیز
وہ جان جسے کرتے تھے بتون پر قربان

ایضاً

اس طالع شور کا تو چارہ ہی نہین
دنیا مین علاج اک ہمارا ہی نہین
اغیار کو نوش جان مے وصل کہ یان
جز شربت مرگ کچھ گوارا ہی نہین

ایضاً

مومن رہ عشق آہ کچھ خوب نہین
واللہ ہتون کی چاہ کچھ خوب نہین
آسان کہا نہ جا سوے بت خانہ
کچھ خوب نہین یہ راہ کچھ خوب نہین

ایضاً

اب ہم پہ جو ہر گھڑی وہ جھنجھلاتے ہین
الطاف قدیم آہ یاد آتے ہین
تھا یا تو وہ لطف یا یہ نفرت اللہ
لوگ ایسے بھی دنیا مین پیدا جاتے ہین

ایضاً

پانی اس بت سے نے تجھے پھینکا مومن
احسان مین سر بسر ڈبویا مومن
ہے کشت امید سبز و خرم بارے
ابر رحمت کچھ آج برسا مومن

ایضاً

اچھا ہو گر اسکے دم مین پھر آؤن مین
چاہت کی سزا زیادہ تر پاؤن مین
اس دشمن جان کا پاس کب تک ہے تجھے
کہتا ہون کہ دل ملے تو للچاؤن مین

ایضاً

قاصد مین ترے سخن کا شائق ہی نہین
کچھ ذکر ہو طبع کے موافق ہی نہین
پیغام سے بن ملے ہو کیونکر تسکین
باتون مین جو بہل جائے عاشق ہی نہین

ایضاً

پائی یہ سزا چاہ کی جی کھوتا ہون
ہنسنے کی ہے کیا جلے اگر روتا ہون
اس جور پہ ابتلک نہین شرم تجھین
مین ذکر وفا کرکے خجل ہوتا ہون

ایضاً

آرام و سکون کہان ہے بیتابی مین
صد برق تپان نہان ہے بیتابی مین

آک آن بھی دل کو چین لینے نہ دیا
تیری ہی سی شوخیان مین بیتابی مین

ایضاً

کیا خوب عذاب مین گرفتار ہون مین
جاناوہ لطف رشک اغیار ہون مین
جینے سے مرے وہ دشمنی سے خوش ہے
جانے ہے کہ زندگی سے بیزار ہون مین

ایضاً

تاثیر یہ پند کی ہے مین بھی کیا ہون
یہ کہتے ہین آپ اور مین جلتا ہون
اے حضرت مومن اب تمھاری ضد سے
انشاء اللہ پھر بتون کو چاہون

ایضاً

اتنا عاشق پہ ظلم اتنی بیداد اے آفت جان
یہ لوگ جہان مین شوخ کافر جلاد پیدا ہین کہان
صد حیف نہ جانی قدر میری تو نے تھا ایک ہی وہ
افسوس کی بات ہے کہ یون ہو برباد مومن سا جوان

ایضاً

روتا ہون حسینؑ ابن علیؑ کے غم مین
ہین عیش جہان سے آزاس ماتم مین
حیف آل نبی مین کوئی باقی نہ رہا
لازم ہے کہ باقی نہ رہے کچھ ہم مین

ایضاً

ہر لحظہ جو نا امید تر ہوتا ہون
بیفائدہ رو رو کے مین جی کھوتا ہون
قسمت مین شب و روز لکھا ہے رونا
قسمت کے لکھے کو رات دن روتا ہون

ایضاً

ارباب حدیث کا مین فرمانبر ہون
تقلید کے منکرون کا سر دفتر ہون
مقبول روایت ائمہ نہ قیاس
یعنی کہ فقط مطیع پیمبر ہون

ایضاً

یہ حلم خدا کہ قطرہ مے کا نہ پیون
اور مرضی جانا نہ کہ پیمانہ پیون
توبہ بھی عزیز خاطر ساقی تھی
حیران ہون کہ پھر بادہ پیون یا نہ پیون

ایضاً

تھا لائق سیر گرچہ گلزار جہان — جانبخش و طرب خیز و خوش و آباد ان
پر ہم کو برنگ داغ لالہ کیا حظ — سودے مین کٹی بہار حسرت مین خزان

ایضاً

کیا طول امل سے جان کو شاد کرون — حسرت سے دل خراب آباد کرون
بیزار ہوا ہون اس قدر دنیا سے — گر ہاتھ لگے تو خوب برباد کرون

ایضاً

جنت مین ہے روز حشر جانا مومن — نادان نہ بن کہ تو ہے دانا مومن
ہر رات نہ مل روے صنم سے آخر — اکدن ہے خدا کو مُنہ دکھانا مومن

ایضاً

ہے فکر سدا کوئی نہ چاہے تجکو — ہو کچھ ایسا کوئی نہ چاہے تجکو
شکوہ کر کے کرون گا سب مین رسوا — تا میرے سوا کوئی نہ چاہے تجکو

ایضاً

گر ضعف یہی رہیگا مومن خان کو — ہوگی تکلیف رحمت یزدان کو
کیونکر پہونچے گی عالم بالا تک — دشوار ہو جب تن سے نکلنا جان کو

ایضاً

مظلوم ہون پر داد خدا دے کسکو — اس بار گناہ سے بچا دے کسکو
جو مجھپہ بنی سو اپنے ہاتھون سے بنی — گر رحم کرے مجھپہ سزا دے کسکو

ایضاً

کیسے دیے پیچ و تاب دل نے مجکو — دکھلائے یہ سب عذاب دل نے مجکو
وحشت زدہ کو بکو پڑا پھرتا ہون — کیا کیا نہ کیا خراب دل نے مجکو

ایضاً

تھ صبر و سکون کا گھر مین یارا مجکو — نے کوچۂ یار مین گذارا مجکو
سیماب کی طرح ایک دم چین نہین — بیتابی دل نے آہ مارا مجکو

ایضاً

پھر کوئی صنم پسند آئے مجکو
کوئی بت مہر جلوہ بھائے مجکو
جسدن نے دکھائین یہ اندھیری راتین
وہ دن اللہ پھر دکھائے مجکو

ایضاً

کیا خوار و زبون کیا وفائے مجکو
کونے مین بٹھا دیا حیائے مجکو
نظرون سے بتون کے گر پڑا تھا مومن
صد شکر اٹھا لیا خدائے مجکو

ایضاً

مین کیا کہون اپنے منہ سے کیسے تم ہو
تم آپ ہی جانتے ہو جیسے تم ہو
ہرجائی و نا قدر عدو کو نہ کہو
کہہ بیٹھے کوئی مبادا ایسے تم ہو

ایضاً

مومن ہے امید وصل ہیجا تجکو
نم فہمی شوق نے ڈبویا تجکو
پانی پھینکا تو گر مجوشی نہ سمجھ
نادان یہ دیا ہے اُسنے چھینٹا تجکو

ایضاً

الفت مین بھی مجکو دکھ دیے جاتے ہو
تذکور ندامت کا کیے جاتے ہو
کہتے ہو کہ اب غیر کا مین نام نہ لون
یون بھی تو وہی نام لیے جاتے ہو

ایضاً

بیفائدہ غیرون سے جُدا ہوتے ہو
کب مائل ارباب وفا ہوتے ہو
اک ایک سے میری بیوفائی کا گلہ
کچھ خیر ہو غیرت سے خفا ہوتے ہو

ایضاً

کیا رحم نہ آئے بات باور تمکو
کیا لون جگر چاک دکھا کر تمکو
ہون کاغذ نامہ کے ہزارون پرزے
حال دل صد چاک لکھون گر تمکو

ایضاً

میرے بخار کا سبب ہے نہ کہو
یہ بات جگر سوز غضب ہے نہ کہو

معلوم نہین تم کو طلیبو احوال
جلتا ہون یہ کہنے سے کہ تم سے نہ کہو

ایضاً

درد شہدائے کربلا تو دیکھو
خونریزی چشم ماجرا تو دیکھو
ایسون سے ہو کیون نہ حقتعالیٰ راضی
کیا صبر کیا اُن کی رضا تو دیکھو

ایضاً

مومن یہ اثر سیاہ مستی کا نہ ہو
اندیشہ کبھی بلند و پستی کا نہ ہو
توحید وجودی مین جو ہے کیفیت
ڈرتا ہون کہ حیلہ خود پرستی کا نہ ہو

ایضاً

گردش مین ہین خاص و عام کیا دور ہی یہ
صہبائے طرب حرام کیا دور ہی یہ
جو بزم نشاط ہی جہان مین سو خراب
کیا جانہین دور جام کیا دور ہی یہ

ایضاً

کب تک ربط بتان دلجو کی نباہ
کب تک فکر حصول حشمت و جاہ
آتا ہی یہ جی مین چھوڑ سب کچھ مومن
اک کونے مین بیٹھیے کیجے اللہ اللہ

ایضاً

گر دیکھے ہے آئینہ نوازش خان گاہ
اور پڑتی ہی صورت مبارک پہ نگاہ
ابلیس کے شبہ مین یہ پڑھتے ہین آپ
لاحول ولا قوۃ الا باللہ

ایضاً

بے شاہد و بادہ صبر توبہ توبہ
اس عمر مین دل پہ جبر توبہ توبہ
ایام شباب اور دلجو ساقی
فصل گل و جوش ابر توبہ توبہ

ایضاً

آوارہ ہی خلق سب بُرا دور ہے یہ
پھرتے نہین دن کبھی نیا دور ہے یہ
چکر مین ہے چرخ اور تو ہے بدنام
اے گردش روزگار کیا دور ہے یہ

ایضاً

واں تم کو سفر ہوا جو مجبوری سے
تم تو وہاں پہونچے اور مین یہان پہونچا

یان اک مین دم ہی درد مہجوری سے
مرنے کے قریب آپ کی دوری سے

ایضاً

رازِ غمِ عشق کو چھپایا ہم نے
تھی دل مین بھری ہوئی ہوائے جانان

اس ضبط سے جان کو کھپایا ہم نے
درد قولنج اُسے بتایا ہم نے

ایضاً

جو کھلے یہ داغ شعلہ زا خاک جیے
ہوتے جاتے ہین خاک اجزاے وجود

چوزیست سے جلتا ہو بھلا خاک جیے
یک چند جو یون جیے تو کیا خاک جیے

ایضاً

دل درد کا مبتلا خرابی یہ ہے
مین جان دون تجھپہ ہو نہ تجکو معلوم

تو یار سوے وفا خرابی یہ ہے
اے خانہ خراب کیا خرابی یہ ہے

ایضاً

شوخی تھی یہ بس مرے ستانے کے لیے
دشمن پہ گناہ سرد مہری کے سبب

گرمی تھی یہ آگ پر لگانے کے لیے
تم آگ ہوے مرے جلانے کے لیے

ایضاً

افسوس شکایت نہانی نہ گئی
الطاف تھے بسکہ روبروے دشمن

دل پر سے فریب کی گرانی نہ گئی
اس شوخ سے مجکو بدگمانی نہ گئی

ایضاً

مومن یون ہی کسی پہ مرتا ہے کوئی
خود کام کو کیا سمجھ کے دل تو نے دیا

اس طرح بھی جان سے گذرتا ہو کوئی
ناداں ایسا بھی کام کرتا ہو کوئی

ایضاً

خاطر نہین ہم کو گر ہماری نہ سہی
ملتا نہین تو پیام بھی ہو موقوف

گر اب نہین وہ جود و سستی تھی نہ سہی
جب وہ نہ رہا تو خیر یہ بھی نہ سہی

ایضاً

ہے اور ہی آگ سوزش پنہانی
یہ بات طبیبوں نے کہاں پہچانی
سمجھو نہ عرق کہ دیکھکر دل کی جلن
تپ شرم سے ہوگئی ہے پانی پانی

ایضاً

کی صرف کمال زندگانی ہم نے
دیکھی نہ جہان مین قدردانی ہم نے
افسوس کہ ایسے بے تمیزون سے گلہ
قدر اپنی کچھ آپ ہی نہ جانی ہم نے

ایضاً

دنیا کی طلب نہ روضۂ رضوان کی
ہو کوئی خفا کہین گے ہم ایمان کی
چھوڑا کیا کچھ ترے لیے پر تجکو
کافر ہوئی کچھ قدر نہ مومن خان کی

ایضاً

آتش دل زار مین لگائی اُس نے
برسون جان حزین جلائی اُس نے
پھینکا مجھ پر کل اختلاطاً پانی
بھڑکی ہوئی آگ کیا بجھائی اُس نے

ایضاً

احسان کیا اگر ستایا تو نے
قصہ سے نباہ کے چھڑایا تو نے
کرنے لگے پھر وہی سمجھ کے باتین
بارے ہمین آدمی بنایا تو نے

ایضاً

عاشق ہوے کیا کہ اک مصیبت آئی
جون روز نشور شام فرقت آئی
گویا یہ مکان تھا تنگنائے عالم
جس وقت کہ دل گیا قیامت آئی

ایضاً

ویران ہوئی سو جاے سے یہ گنبد سرے
اب بھی مرے سامنے تم ہنستے آئے
بس مجکو زیادہ نہ رُلاؤ دیکھو
ایسا نہ ہو کچھ اور خرابی آجائے

ایضاً

بدمست ہون خم کا خم پیا ہے مین نے
جب شہ سے مقابلہ کیا ہے مین نے

مرتا نہیں جو محتسب سے زنہار | کیا آبِ حیات پی لیا ہے مین نے

ایضاً

ہے بزم طرب مین اور ہی پامالی | مستی نے نئی خلش یہ دل مین ڈالی
حسرت سے فلک کو دیکھکر کہتا ہون | یارب یہ سبو کیا ہے کس نے خالی

ایضاً

مومن خلقت لباس پر مرتی ہے | سر پانون پہ من کی طرح دھرتی ہے
عمامہ ہی نے عصا نہ جبّہ حضرت | پیرون کی یہی وضع ہوا کرتی ہے

ایضاً

مومن لازم ہے وضع مرغوب بنے | جو رنگ ہو آدمی خوش اسلوب بنے
کیا خرقہ و عمامہ ہے اللہ اللہ | جب شکل بگڑ گئی تو تم خوب بنے

ایضاً

مومن کوئی کس واسطے معیوب بنے | ہان سچ ہی بنی رہے جب اسلوب بنے
جب ہو نہ صنم سے بدسلوکی پہ بگاڑ | اللہ سے گر بنے تو کیا خوب بنے

ایضاً

فرمائیے رات آپ کی کیونکر گذری | ہر آن قیامت مرے دم پر گذری
تھی بسکہ خبر جوش مرض کی مجھے رات | بیمار کی رات سے بھی بدتر گذری

ایضاً

منظر سے بری ہے کبریائی اُس کی | آئینہ گداز خود نمائی اُس کی
وہ بندۂ نفس جو اتا للہ کہے | زیبندہ اُسی کو ہے خدائی اُس کی

ایضاً

پھر چہرے ہوے سرخ سیہ کارون کے | نوروز ہے دن پھرے گنہگارون کے
بے وجہ نہین کہ ابر رحمت ہے سیاہ | دھوتے ہین مگر گناہ میخوارون کے

ایضاً

مروک نے شہنشاہ سے بیعت چاہی — گمراہ نے کس راہ سے بیعت چاہی
مصداق ہوا معنی تبت کا یزید — فرزند یداللہ سے بیعت چاہی

ایضاً

وصلت میں کبھی مزا نہ پایا ہم نے — عشق ایک فریب تھا کہ کھایا ہم نے
اے کاش کہ جان دل سے پہلے دیتے — جی کے یہ عبث عذاب اٹھایا ہم نے

ایضاً

ہوتے نہ جدا گرچہ برائی کرتے — اے جان اتنی ہی دل فزائی کرتے
جان پاس رہی ہم مرتے دم تک اے کاش — تم بھی ایسی ہی بے وفائی کرتے

مثلث بر غزل مولانا عرفی شیرازی

لذت فزاست در دل شہما گریستن — خوش درخورست حسرت تو با گریستن
پنہان ملول بودن و پیدا گریستن

مست بے حجاب رو تو نہ یوں جھانک چار سو — اے دیدہ شرم دار کہ مقبول عشق کو
رسوا نگاہ کردن و رسوا گریستن

منظور ہے کچھ اور کہ اشک آنکھ سے چلے — من خود کیم کہ گریہ بحالم کنی وے
می زیبدت بہ نرگس شہلا گریستن

ہین خونفشانیان عبث اے چشم اشکبار — گر کام دل بگریہ میسر شدی زیار
صد سال میتوان بہ تمنا گریستن

حیران ہون دیکھ ربط گل و شبنم اے ہزار — بیدرد را بہ صحبت ارباب دل چہ کار
خندیدن آشنا نبود با گریستن

بے صرفہ ہائے روتے ہین کن مدتون سے خون — عمرم بگریہ ہائے ہوس صرف شد کنون
عمرے بتازہ بایدم و وا گریستن

اے شیخ سیر بندہ و خلد برین پرست
گاہے بیا دسرو قدے گریہ ہم خوش است
تا کے ز شوق سدرہ و طوبے گریستن

لاکھون تباہ حال ہین مین اشکبار ایک
ہر کس کہ ہست گریہ بحالش روا ست لیک
نتوان بہ عالمے تن تنہا گریستن

مومن یہ کہدے جاکے کہ ہو گریہ دل پہ شاق
عرفی ز گریہ دست نداری کہ در فراق
در دست زدل نمی برد الا گریستن

تخمیس غزل خواجہ حافظ علیہ الرحمۃ

دور ایام دگر شرم و حیا بے دارد
فلک ازابر بہ رخسار نقابے دارد
بخت سیراب نگاہان سر خوابے دارد
آنکہ از سنبل او غالیہ تابے دارد
باز با دل شدگان ناز و عتابے دارد

جی گیا مفت مین حاصل نہوئی ہاے مراد
کیون نہون پیش زن دل گلہ ہاے جلاد
شوخیان ہین قلق بسمل مضطر سے زیاد
از سر کشتۂ خود مے گذرد ہمچون باد
چہ توان کرد کہ عمرست و شتابے دارد

ہر بلا ہے سر عشاق برآوردۂ زلف
ظلمت شب جسے کہتے ہین سو پروردۂ زلف
روز کس کی نہین آہ سیہ کردۂ زلف
ماہ خورشید نمایش ز پس پردۂ زلف
آفتابے ست کہ در پیش سحابے دارد

گرچہ ہر بوسہ پہ ہم کرتے ہین سو جان نثار
پر ہمین زندگی تازہ ملے ہے ہر بار
جان لیجاوے اجل تو بھی ہے مرنا دشوار
آب حیوان اگر اینست کہ دارد لب یار
روشن است این کہ خضر نیز سرابے دارد

جستجو مین تری ہر سو ہی رواں سیل سرشک
دیکھتی ہو ترے پانون کے نشان سیل سرشک
تو جہان جاے ہی پہونچے ہی وہان سیل سرشک
چشم من کرد بہر گوشہ روان سیل سرشک
تا سہی سرو ترا تازہ بآبے دارد

زندگانی سے ہوں بیزار جدائی میں اسد
شاد ہوتا ہوں جب احوال نظر آئے ہے بد
ہوں تو بے جرم پہ تعزیر سے خوش ہوں ہیہات
غمزۂ شوخ تو خونم بخطا مے ریزد
فرصتش باد کہ خوش فکر ثوابے دارد

سینہ آتش کدہ ہے آہ سے جھڑتے ہیں شرر
اس تب و تاب میں آتا ہے دل افسردہ نظر
ابتک اس خام کو ہے حاجت صد داغ دگر
چشم خونریز تو دارد ز دلم قصد جگر
ترک مست ست مگر میل کبابے دارد

لب ہلانے کا بھی باقی نہ رہا ضعف سے حال
کیا کہوں سینہ میں کیسا ہے بھرا شوق وصال
دل کی دل ہی میں رہی عرض تمنائے محال
جان بیمار مرا نیست ز تو روئے سوال
اے خوش آن خستہ کہ از دوست جوابے دارد

ایک دشمن ہے یہ مومن کو خدا دفع کرے
سخت بدخواہ عزیزان ہے کہیں جلد مرے
اس سے کہتا ہے کہ خاموش ہو یا آہ بھرے
کے کند سوئے دل خستۂ حافظ نظرے
چشم مستت کہ بہر گوشہ خرابے دارد

ایضاً تخمیس

عنادلِ گلِ روئے تو گلعذار اند
اسیر دام بلائے تو دل شکار اند
غبار راہ وفائے تو شہسوار اند
غلام نرگس مست تو تاجدار اند
خراب بادۂ لعل تو ہوشیار اند

ہمارے مدنظر تھے بہت نشیب و فراز
نہ کوئی واقف اسرار تھا نہ محرم راز
یہ کیا کرے کہ یہ ہے اقتضائے راز و نیاز
ترا حیا و مرا آب دیدہ شد غماز
وگرنہ عاشق و معشوق راز دار اند

حرام ناز سے پامال ہے جہان یکسر
ہے عاشقوں کا ترے ساتھ ساتھ اک لشکر
ولے نہیں تجھے احوال پر کسی کے نظر
ز زیر زلف دوتا چون نگہ کنی بنگر
کہ در کمین و لیارت چہ بیقرار اند

ہمارے جلنے سے کیا تجھکو کیون لگی ہے لو
سُنے نہ ایک تری تو بنائے باتین سو

یہاں نہیں کوئی دیوانہ جو کرے تگ و دو
تصیب ماست بہشت اے خدا شناس برو
کہ مستحق کرامت گناہگار انند

کہے ہے پیر مغاں دیکھنا یہ رنگ سخن
ہے تازہ توبہ ابھی یاد کر شراب کہن
کہے ہے تیرہ درون واعظ اسکی بات نہ سُن
بیا بہ میکدہ و چہرہ ارغوانی کن
مرو بصومعہ کانجا سیاہ کارانند

وہ کون ہے کہ نہیں پائے بند دام ہوس
ہوے ہیں زمزمۂ سنج و فاکس و ناکس
پڑا ہے شور زمانے میں اے نسیم نفس
نہ من بران گل عارض غزل سرایم و بس
کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزارانند

سیاہ پوش ہوا اک خلق اک جہان غمگین
وہ کون ہے کہ پریشان و خستہ حال نہیں
ہمارے کہنے کا تجکو اگر نہ آئے یقین
گزار کن چو صبا بر بنفشہ زار و ببین
کہ از تطاول زلفت چہ سوگوارانند

ہیں اور چند ہوسناک عاشقی دشمن
ہوے ہیں راہ رو جلوہ گاہ رشک چمن
ہیں خاریاں تہ پاوان ہیں زیر ران توسن
تو دستگیر شوا اے خضر پے خجستہ کہ من
پیادہ میروم و ہمرہان سوارانند

ہمیں امید رہائی نہ آرزوے خلاص
نہ چھوٹنے کی تگ و دو نہ جستجوے خلاص
ہے ناگوار بلاجی کو گفتگوے خلاص
زدام زلف تو دل را مباد روے خلاص
کہ بستگان کمند تو رستگارانند

ہے سر پہ خاک کلہ گرد ہے لباس بدن
کدورت دل غمگین عبیر پیراہن
غبار فرق سے آئینۂ جبین روشن
زنقش چہرۂ حافظ ہمی توان دیدن
کہ ساکنان در دوست خاکسارانند

ایضاً تمیس

کسے بہ غمکدہ تا کے بصد محن باشد
ز داغ رشک عدو گرم سوختن باشد
بگوشۂ جگر افشان دلالہ زن باشد
خوش است خلوت اگر یار یار من باشد

کہ نہ من بسوزم و او شمع انجمن باشد

بتنگ آئے ہیں اب تجکو چھوڑ دیں گے ہم — نہیں پسند نہیں بیوفا یہ لطف و کرم
کہ غیر سے بھی ملاقات ہے اگرچہ ہے کم — من آن نگین سلیمان نہیچ نستانم
کہ گاہ گاہ برو دست اہرمن باشد

گمان تلک ہے خاطر میں حزن و رنج و ملال — گمان تلک ستم رشک سے ہو جان پامال
بس اس کی محفل دلچسپ سے عدو کو نکال — روا مدار خدایا کہ در حریم وصال
رقیب محرم و حرمان نصیب من شد

عدو کی بات بھلی اور برے مرے اشعار — پسند نالۂ زاغ اور رد نوائے ہزار
گمان ہے جلد پہونچ ہدہد صبا رفتار — ہمائے گو مفگن سایہ شرف زنہار
دران دیار کہ طوطی کم از زغن باشد

وفور وحشت و جوش قلق ہے روز فزون — نہیں ہے صبر و شکیب و قرار و تاب و سکون
اگرچہ خوار و زبون دشت دشت پھرتا ہوں — ہوائے کوے تو از سر نمیرود بیرون
غریب را دل آوارہ با وطن باشد

میں کیوں وہ بات کروں جس سے ہو وہ شوخ خجل — وفور ولولہ کی التماس سے حاصل
ہر ایک حرف ہے یاں دل شگاف و تاب گسل — بیان شوق چہ حاجت کہ شرح آتش دل
تو آن شناخت ز سوزے کہ در سخن باشد

ہے مومن آگے ترے کیا ہی دم بخود حافظ — محال ہے جو کرے تجھ سے جدو کد حافظ
تو زہنمائے سخن اور نابلد حافظ — بسان سوسن اگر دہ زبان شود حافظ
چو غنچہ پیش تو اش سر بر دہن باشد

تضمین مصرع خواجہ حافظ بطریق تخمیس

خندہ زن چاک گریبان تو بے چیزے نیست — بے شکن زلف پریشان تو بے چیزے نیست
بے نمک خندۂ پنہان تو بے چیزے نیست — مے حریف لب و دندان تو بے چیزے نیست

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

کس کے گھر رات نوائے غیرت مہتاب رہا | کونسا بیدہ سر کام ہوس یاب رہا
بستر خواب نہ تھا ہائے کہ بے خواب رہا | نیند آئی نہ نزاکت سے جو بیتاب رہا

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

شب کسی رند قدح خوار نے سونے نہ دیا | بادۂ عیش سے سرشار نے سونے نہ دیا
آرزومند ہوس کار نے سونے نہ دیا | حسرت آلود طلبگار نے سونے نہ دیا

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

تو یہ سمجھا ہے کہ مین محرم اسرار نہین | کسے کہتا ہے کہ غیرون سے سروکار نہین
مین کمین اور رہا رات کو زنہار نہین | چپ کہ بیداری شب قابل اظہار نہین

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

شب کسی نے تجھے مہمان بلایا ہوگا | بیٹھ کر پاس عجب لطف اٹھایا ہوگا
ہوس آلودہ نے کیا کیا نہ ستایا ہوگا | بخت بیدار نے دشمن کے جگایا ہوگا

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

غیر نے گرمی صحبت مین جلایا ہے تجھے | میرا افسانۂ جانسوز سنایا ہے تجھے
طعنے دیدے کے یہ بدگو نے رلایا ہے تجھے | شام سے صبح تلک خوب جگایا ہے تجھے

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

بے مزا پاے بھلا ہوش کو کھوتا ہے کوئی | دامن آلودہ نہوے سے تو دھوتا ہے کوئی
بے ہم آغوش کسی کو بھی ہوتا ہے کوئی | تو ہی کہہ صبح کو بن جاگے بھی سوتا ہے کوئی

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

یہ تو کیا منہ ہے کہ ہم بستر اغیار کہون | دشمن ننگ و حیا پردہ در عار کہون
ہان کنایت سے مگر دولت بیدار کہون | اگر ہو آزردہ تو اسپر بھی تو اے یار کہون

خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

یا تو پھر شب کو رہا آج تو ہم بزم رقیب | گھر مین آیا ہے ابھی صبح نشین کے قریب

یا یہاں سے ہے اٹھانے کی ہمارے تقریب | کچھ نہ کچھ تو ہی کہہ اے مایۂ آرام و شکیب
خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

کیا شب ہجر عذاب دل مضطر نہ سہا | ایک دریا تھا کہ بس دیدۂ حافظ سے بہا
صبح دیکھا اُسے مخمور تو حسرت سے کہا | اے بت افسوس تو مومن سے ہم آغوش رہا
خواب این نرگس فتان تو بے چیزے نیست

تخمیس غزل رئیس المتغزلین مولانا نظیری نیشاپوری

خانہ زاد عشقم و اندوہ ہمزاد من است | یاس و محرومی سرشت طبع ناشاد من است
از جفائے طالع من داد و بیداد من است | آنکہ رحم از دل برد تاثیر فریاد من است
وانکہ نسیان آورد خاصیت یاد من است

ہم کبھی تھے مے پرست اور گاہ تھے شاہد پرست | گہ حزین و مضطرب گہ بیخود و بیہوش و مست
عاشق بت تھے کبھی گہ محو معشوق الست | نیست در عالم تمنائے کہ از قید منست
ہر کجا بینی ہوائے صید آزاد من است

آنکھ پھڑکے ہے کہ آتا ہے وہ زیب انجمن | شوق کہتا ہے کرو آرائش بیت الحزن
جب نہیں آتا تو کیا جلتا ہے جی کو تہ سخن | ساختن ممنون دیدار و بحسرت سوختن
از تصرف ہائے حریان خداداد من است

دیکھ لے ہم سا نہ دیکھا ہوئے گا الفت پرست | ہین خموش اس جور پر لے ترک چشم نیم مست
جی کبھی ایسا ہی بھر آیا تو کاٹین پشت دست | حرف عاشق بے زبان شکوۂ دل عاجز است
انچہ ہرگز آشنا بالب نشد داد من است

ایک مشت استخوان ہو بلکہ کچھ اس سے بھی کم | جو کمین مین اپنی ہو سچ تو یہ ہے اُسکا کرم
قتل گہ مین سرنگون نخجلت زدہ بیٹھے ہین ہم | آن شکارم من کہ لائق ہم بکشتن نیستم
شرم می آید مرا زانکس کہ جلاد من است

(نیاز)

جو ہو خود ہر کام مین واماندہ و اصلاح جو | اُس سے مطلب نکلے کیا واہ اے فریب آرزو

جاے رونے کی ہے مومن سادگی تو دیکھ تو
کار دشوار نظیری گریہ می آرد کہ او
شاد از تدبیر ہاے سست بنیاد من ہست

تضمین مصرعے از واسوخت وحشی یزدی بطریق تخمیس

من زپیش آمد اغیار چو رفتم رفتم
مرد از راہ کہ بیزار چو رفتم رفتم
باچنین رنجش و آزار چو رفتم رفتم
از جفاے تو من زار چو رفتم رفتم
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

جب کہ جی بیٹھ گیا ناز اٹھانا معلوم
اٹھ گیا دل تو سماجت سے بٹھانا معلوم
آبنی جان پہ جس دم تو نجانا معلوم
پھر گئی تجھ سے طبیعت تو پھر آنا معلوم
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

اور رہین جو گے آتے ہین گے جاتے ہین
ہم نہین آنے کے ہر بار کہے جاتے ہین
جو رہے صرفہ کسی سے بھی سہے جاتے ہین
اب کی پھر خاطر الفت سے رہے جاتے ہین
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

کس لیے کوئی حریف غم و حرمان ہو گا
پائمال ستم رشک رقیبان ہو گا
تختۂ مشق جفاہاے نمایان ہو گا
چھوڑ دے جو رہنین دیکھ پشیمان ہو گا
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

کیا ہی دیوانہ سمجھ کا ترے اے یار ہون مین
قابل لطف عدو لائق آزار ہون مین
غیر کو عیش ہو اور زیست سے بیزار ہون مین
ہاتھ سے مجکو نہ کھو دیکھ وفادار ہون مین
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

صبر آئے جو عدو کو بھی ستاے تو کبھی
نہ لگے آگ جو اسکو بھی جلاے تو کبھی
جی مین ہے جاؤن وہان اب کہ نہ آئے تو کبھی
گم کرون آپ کو ایسا کہ نہ پاے تو کبھی
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

رحم ہرگز نہین آتا تجھے ہم پر ظالم
دل ٹھہرتا نہین ٹھہرے کوئی کیونکر ظالم

تیری محفل سے چلے سخت مکدر ظالم — اے دل آزار جفا کیش ستمگر ظالم
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

ایسے دکھ دیکھ کے پھر کس کو دکھائے گا کوئی — یاد کیا کر کے یہ غم دل سے بھلائے گا کوئی
کونسی بات ہے جس بات پہ جائے گا کوئی — سر پھرا ہے کہ ترے پاس پھر آئے گا کوئی
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

کیون نہ آزردہ ہون کچھ جان سے بیزار نہین — مجھ مین تاب ستم غیرت اغیار نہین
جس سے مل جاتے تھے لڑ بھڑ کے وہ آزار نہین — ابکی ہو ترک وفا ہم سے تو دشوار نہین
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

کیا ترے عشق مین پائی ہے سراسر رنجش — یعنے موجود تھی ملنے کی برابر رنجش
یکسکہ ہوتی گئی ہر بار فزون تر رنجش — ابکی بیحد و نہایت ہے ستمگر رنجش
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

لاعلاج آہ جب آزار کو اپنے پایا — عدم آباد کو ناچار سفر ٹھہرایا
تو سمجھ یا نہ سمجھ مین نے تجھے سمجھایا — یہ نہو گھر کہ گیا اور مجھے لے آیا
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

اے صنم رشک سے کب تک کوئی ناشاد رہے — مثل ناقوس سدا ہمدم فریاد رہے
دیر و ویران سہی کعبہ مرا آباد رہے — یعنے مومن ہون چلا جاؤن گا مین یاد رہے
لطف کن لطف کہ این بار چو رفتم رفتم

مخمس بر غزل مرزا قلی میلی

چون شکوہ ام بدشمنم آن دل شکن کند — او در جواب کار دل خویشتن کند
غیرت چہا بجان من خستہ تن کند — کو بخت آنکہ یار شکایت زمن کند
چند انکہ مدعی نہ تواند سخن کند

یون ہے تری وفا سے دل زار نا امید — جیسے کہ جینے سے کوئی بیمار نا امید

ایسا یہ ناامید ہے اے یار ناامید — گرد و ہزار بارہ گرفتار ناامید
گر شکوۂ دلم ز تو پیمان شکن کند

یارانۂ بتان پہ بھلا اعتماد کیا — یا تو کسی کو دخل نہ تھا وان مرے سوا
یا اس قدر وہ شکل سے بیزار ہو گیا — گر بیم سرگرانی او نیست غیر را
منعم چرا ز ہمرہی خویشتن کند

غیرت نے ہائے قتل کیا مجکو یا نصیب — دکھلائی پھر خدا نے یہ بزم اجل فریب
ہین دو ربیٹھون اور عدو یار کے قریب — آن طالعم کجاست کہ از پہلوے رقیب
قتل مرا بہانۂ برخاستن کند

قدرت سے اسکی ہم سخنی کی تھی آرزو — اب عین وصل ہے تو نہین تاب گفتگو
اے جوش گریہ بس ہے ترے ہاتھ آبرو — او مے کند سوال و مرا در جواب او
از اضطراب دل نہ تواند سخن کند

تھے چند جمع میکش خونین دل ایک جا — جاے کباب غیرت عاشق کا ذکر تھا
مومن بھی کیا ہی شوخ ہو کس طعن سے کہا — میلی ہزار حیف کہ آن مے پرست را
ذوق شراب یاد ہر انجمن کند

ایضاً خمیس

کیست تا پیش تو پیغام و سلام من برد — کیست تا عنبر سارا خونین کلام من برد
گر برد پیک خیال فتنہ کام من برد — بسکہ قاصد را بیازارد چو نام من برد
رحم نگذارد کہ بگذارم پیام من برد

یہ کمان قسمت کہ کانون سے سنون وہ گفتگو — ہان مگر قاصد ہو پیدا بعد بیحد جستجو
ہاے ناکامی رہی دل ہی کی دل مین آرزو — برنگردد قاصد از شرم جواب تلخ او
چون پیام من بر شیرین کلام من برد

میری ہی قسمت مین تھا یارب عذاب جاودان — جیتے جی تو تھے الم ہاے فزون سے وقف جان
بعد مردن بھی ہون پامال غم و حرمان کہ ہان — رشک دارم بر قبول آنکہ پیش از دیگران

مژدۂ مرگم بہ سر و خوش خرامم من برد

اس اسیری مین گرفتار کمند مشکبو — دل سے بہر صید صیاد اپنی ہے تدبیر جو
نے تغافل لا پھنسا اسکو کہ ہے دام نکو — مرغ دل بستم پے صیدش بدام آزرد

آہ اگر آن مرغ وحشی پے بدام من برد

ہجر شیرین لب مین ہو نہین تلخ عیش و تلخ روز — کیون مرے ماتم مین جلنا کیون یہ شور غم فروز
فی الحقیقت گرچہ اے ارباب شور و اہل سوز — تلخ باشد زہر مرگ اما بہ شیرینی ہنوز

می تواند تلخی ہجران بکام من برد

گو دلا باتون مین آکھلنا نتھا یون ایک بار — شکوہ اُس کا غیر سے کرنا نہ تھا بے اختیار
لیک اب کیون ہو پشیمان کس لیے ہے بیقرار — خاطرم جمع ست از بد گوئیے دشمن کہ یار

گوش بر حرفش نیندازد چو نام من برد

کل ملا مومن اگرچہ تھی تو وحشت پہلے بھی — پر ہوا ہے عاشق اب ہے اور ہی دیوانگی
بھاگتا تھا دور دور اور ور دلب یہ بیت تھی — رام شد وحشی دل میلی باواز سرکشی

ہر زمان آرام از آہوے رام من برد

ایضاً تخمیس

در بزم یار ہمرۂ دشمن گذر کنم — سویم چو بنگرد سوے دیگر نظر کنم
گر گریہ سر دہد گلۂ درد سر کنم — ترسم گراز محبت خویشش خبر کنم

با خویش سر گرانی او بیشتر کنم

کیا کیا امید تھی ترے ہاتھون سے قتل کی — تھا جی مین کچھ کہون کہ ملے آرزو مری
پر کیا کرون نزاکت دل یاد آگئی — ترسم ز بیوفائیے خود منفعل شوی

گر از امیدواری خویشت خبر کنم

دیکھا جو میرے حال پہ ہنستے ہین شیخ و شاب — کھائی قسم پھر آنے کی لے جوش اضطراب
پردہ نشین ہے آئے نہ کس طرح سے حجاب — وقت وداع او من دیوانۂ خراب

با ہر کہ روبرو شوم و گریہ سر کنم

کیسا طلوع صبح کہان ہے نمود روز — ہے گھر مین جلوہ گر ابھی وہ ماہ دلفروز
کیا کیجے ہمنشین گلۂ جوش تاب سوز — بے طاقتی شوق ببین کز بزم ہنوز
انگذشتہ یار و روے براہ و گرکنم

ناصح ذلیل گننے لگے مجکو شیخ و شاب — ملنے سے میرے کرنے لگی خلق اجتناب
ابتو خوشی ہوئی تری اے خانمان خراب — رسوائیم رسید بجاے کہ از حجاب
دیگر بہ پیش او نتوانم گذر کنم

زر اجرت پیامبران سے نہ تھا زیاد — روز آیا کام دشمن پر کینہ و عناد
زاری رہی سو اُسپہ نہ کیا کیا تھے اعتماد — اکنون کہ ہیچ داد دلم گریہ ہم نہ داد
در کوے او نشینم و خاکے بسر کنم

مومن کی طرح جوش مین پھرتا ہون کو بکو — شوق نظارہ سے ہوئی برباد آبرو
افسوس کامیاب نہ مین ہوسکا کبھو — میلی ز شرم عشق بجانم کہ سوے او
باشوق این چنین نتوانم نظر کنم

تخمیس غزل ابو طالب ہمدانی کلیم تخلص

طبع سنبل کدہ گاہیست پریشان ازمن — گہ کدورت بدل دشت و بیابان ازمن
چہ کسم من کہ نہ صحرا نہ گلستان ازمن — نہ ہمی می رمد آن نوگل خندان ازمن
می کشد خار درین بادیہ دامان ازمن

لطف ہے پرستم آلودہ کرم مین آزار — دل کہین اور رہے بیٹھا ہے بغل مین ناچار
ایک دم بھی تو نہین شوخیے بجاسے قرار — با من آمیزش او الفت موج است و کنار
روز و شب با من و پیوستہ گریزان ازمن

کس کو ڈھونڈھون مین کہان جاؤن کہ باقی نہین دم — کیا کرون اُٹھ نہین سکتا ترے کوچہ سے قدم
وقت رحم و دم الطاف ہے ہنگام کرم — قسمی رنجیدہ بالم بہ پناہ کہ روم
تا بکے سرکشی اے سرو خرامان ازمن

اب تلک صدمۂ الفت سے نہین ہون آگاہ — کچھ بھی دشوار نہین میری گرفتاری آہ
کوئی دلدار ہو اور کوئی ادائے دلخواہ — بہ تکلم بہ خموشی بہ تبسم بہ نگاہ
میتوان برد بہر شیوہ دل آسان از من

کرتے ہین رند قدح کش مری صحبت سے حذر — ایسے ناکام کے جینے سے تو مرنا بہتر
جل رہا ہون مجھے کیا آتش دوزخ سے حذر — نیست پرہیز من از زہد کہ خاکم برسر
ترسم آلودہ شود دامن عصیان از من

کف کشادہ ہے پر افسوس نہین دست کرم — ہین گدا ایک شہنشاہ اقالیم ہم سے
اگر کوئی لے تو ہین جان دینے تلک حاضر ہم — گرچہ مورم ولے آن حوصلہ با خود دارم
کہ بہ بخشم بود ارملک سلیمان از من

قابل چارہ نہین ہے مرا احوال سقیم — رو گئے سر پہ مرے سارے اطبائے حکیم
تجکو مومن کی سی الفت ہے نہ ویسا تو حکیم — اشک بیہودہ مریز اینہمہ از دیدۂ کلیم
گرد غم را نتوان شست بطوفان اومن

تخمیس غزل نواب محمد مصطفےٰ خان بہادر شیفتہ تخلص

کہتے ہین سب کہ تم نہین بچنے کے شب تلک — ناداں ہین یار انھین کوئی سمجھائے کب تلک
دشوار ہے وصال مین ناکام جب تلک — رہ جائے کیون نہ ہجر مین جان آ کے لب تلک
ہے آرزوے بوسہ بہ پیغام اب تلک

ہر چند عمر بھر ستم ہا سزا سہا — پر اس جفا شعار سے شرمندہ ہی رہا
بیداد نو سے اب ہے یہ دریائے خون بہا — کہتے ہین بیوفا مجھے مین نے جو یہ کہا
مرتے رہین گے تم ہی پہ جیتے ہین جب تلک

کب بزم مین ہین کام ہوس یاب ہو سکا — کب مجھ سے کچھ مخالف آداب ہو سکا
مین کیا کہ غیر بھی نہین ہمخواب ہو سکا — تمکین حسن ہے کہ نہ بیتاب ہو سکا
خلوت مین بھی کوئی قلق بے ادب تلک

بس زہر دے کہ مضطرب اے چارہ جو نہو — گذرا مین ایسے جینے سے تکلیف تو نہ ہو
جز نیمجان کچھ نہین باقی ہے سو نہ ہو — آجائے کاش موت ہی تسکین نہ ہو نہ ہو
ہر وقت بیقرار رہے کوئی کب تلک

بس اسکی مت کرائے دل بیہوش جسطرف — کیا جانے تو کہ ہے نگہ لطف کس طرف
منھ پھیر لے ہے بزم مین بیٹھون مین جسطرف — وہ چشم التفات کہان اب جو اس طرف
دیکھے کہ ہے دریغ نگاہ غضب تلک

قدر روان اشک کا ہے صرف روز و شب — یاقوت لخت دل کا یہان خرچ ہے غضب
وہ در بے بہا جسے رکھین عزیز سب — ایسے کریم ہم ہین کہ دیتے ہین بے طلب
پہونچا دو یہ پیام اجل جان طلب تلک

اچھا نہین ہے عہد وفا دشمنون سے یار — کھو ہاتھ سے نہ مجھ سے ستمکش کو زینہار
ہونا پڑے گا نازسرشتون سے شرمسار — مایوس لطف سے نہ کر اے دشمنی شعار
امید سے اٹھاتے ہین ہم جور اب تلک

وہ جو یہ کہتے ہین کہ کسی سے نہ مل فریب — ہم انکے رشک سے جو ہین اتنے خجل فریب
دونون طرف سے ہوتے ہین اب متصل فریب — یان عجز بے ریا ہے نہ وان ناز دل فریب
شکر بجا رہا گلۂ بے سبب تلک

مومن کو دیکھ چشم مین آیا لہو اتر — یہ حال تھا کہ مضطر و حیران تھے چارہ گر
کہتا تھا اک رفیق کو ہر بار دیکھ کر — ایسی ہی بیقراری رہی متصل اگر
اے شیفتہ ہم آج نہین بچتے شب تلک

تضمین شعر خواجہ میر درد قدس اللہ سرہٗ بطریق تسدیس

جاے عبرت ہے مرا حال پریشان یارو — آس توڑے ہے یہ مایوسی و حرمان یارو
دل لگا کر مین ہوا سخت پشیمان یارو — ہاے افسوس نہ نکلا کوئی ارمان یارو

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

دل نہ دیتے اگر اس کو تو نہ ہوتے بدنام
کیا خبر تھی کہ اس آغاز کا یہ ہے انجام
رنج بھی ہوتے ہین الفت مین پہ بعد از آرام
کہین دنیا مین نہوگا کوئی ہم سا بدنام

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

جذبۂ شوق اسے کھینچ کے لایا نہ کبھی
اثر اس نالۂ دلکش مین بھی پایا نہ کبھی
ماجرائے الم و درد سنایا نہ کبھی
سخن شوق غرض لب تلک آیا نہ کبھی

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

ایک دم صحبت دلدار میسر نہوئی
نظر لطف و عنایت کبھی ہم پر نہوئی
عشرت و عیش سے فرصت اسے دم بھر نہوئی
اپنے ملنے کی کوئی جاے مقرر نہوئی

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

ایک دم صحبت اعدا سے کنارہ نہوا
یہ مقرب ہوے کچھ پاس ہمارا نہوا
ہم کو عرض قلق و رنج کا یارا نہوا
ہاے اس بزم تک اک بار گذارا نہوا

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

کیا سیہ روز ہین یارب مرے آرام و شکیب
کہ رہے جلوہ گہ یار سدا بزم رقیب
میرے گھر آنے کی ہرگز بھی نہ پائی تقریب
ایک دن بھی نہوئی ہاے شب وصل نصیب

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

تیرہ روزی کی رہی جلوہ فزائی ہے ہے
نہوئی صبح کبھی شام جدائی ہے ہے

کیا کہون اپنے نصیبون کی بُرائی ہے ہے | طالع بد کی یہ خوبی نظر آئی ہے ہے
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

کھو دیا مفت مین دل مین نے کہ دکھ ہے پایا | قلق ہجر نے کیا کیا نہ تجھے گھبرایا
پردہ پرفن نہ ملایون ہی سدا ترسایا | نہ وہان مجکو بلایا نہ یہان آپ آیا
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

یان وہ آیا نہ عیادت کو بھی اکبار افسوس | مرتے مرتے نہ گئی حسرت دیدار افسوس
کر سکا ولولۂ شوق نہ اظہار افسوس | نہوے نزع تلک والب گفتار افسوس
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

نہوا عشق مین اس شوخ کے آرام کبھی | نہ دیے دست نگارین سے مجھے جام کبھی
لب شیرین سے سُنا ایک نہ دشنام کبھی | نہ ملی لذت عرض ہوس کام کبھی
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

مین بھی حاضر تھا ہوے جب طرف کعبہ روان | حضرت مومن تقوی روش وشیخ زمان
بے ادب ہنستے تھے کیا لوگ ہین بیہودہ گمان | پڑھکے یہ درد کا مطلع جو ہوے اشک فشان
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

تضمین شعر طوطی شکرستان ہند

کیا کہون کچھ نہ پوچھ ہاے رات کا حال منفس | بعد زمانہ وصل پر آج ہوا جو دسترس
کچھ تو برآئی آرزو رہ گئی دلمین کچھ ہوس | یعنے وفور عشرت وجوش نشاط تھا کہ بس

صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

یا مے نظر مین پھرتی ہین شب کی سیاہ مستیان — بادہ سُرخ رنگ کے فرش پہ ہین کئی نشان
تاب گسل خمار ہے نشۂ وصل اب کسان — سیل سرشک لالہ گون چشم سے کیون نہو روان

صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

آئے جو شب کو وہ یہان چارۂ رنج و غم ہوا — دشت قضا الم کدہ رشک دہ ارم ہوا
گو کہ حصول مدعا ہو تو گیا پہ کم ہوا — عین سرور و لطف مین قہر ہوا ستم ہوا

صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

ساقی ماہرو نہین پیجیے کس طرح شراب — سینہ و دل کو کر دیا آتش ہجر نے کباب
اختر بخت جل گئے دیکھ شعاع آفتاب — رات کی صحبت اب کہان پھر وہی ہم وہی عذاب

صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

گرچہ گئی برس کے بعد رات ہوا وصال یار — ہمدم و ہمنشین رہے ہمنفس اور ہمکنار
لیک نہ دل کو چین تھا اور نہ جان کو قرار — جس سے کہ ڈر رہے تھے ہم وہ ہی ہوا آل کار

صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

آنے سے انکے رات یان رنج تھے دل مین سو گئے — وصل سے کامیاب کر کام سے ہاے کھو گئے
شام سے تا دم سحر عیش نصیب ہو گئے — جاگتے جاگتے غرض بخت ہمارے سو گئے

صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

کیا ہی مزے اٹھائے شب چپکے جو آ گئے وہ یان — لذت وصل و دستو تم سے مین کیا کرون بیان

لیتے تھے لب کے بوسے ہم دیتے تھے منھ مین وہ زبان ہائے تھے کامیاب عیش دونون بہم کہ ناگہان
صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

دورۂ چرخ نے مجھے خاک مین بس ملا دیا چاندنی رات کو مری روز سیہ بنا دیا
یا دشب وصال نے پھر وہی دن دکھا دیا جلوۂ آفتاب نے سینہ مرا جلا دیا
صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

جلوۂ بزم عشرت و رونق خانہ ہاے ہاے زمزمہ و ترنم و رقص و ترانہ ہاے ہاے
ساقی و مطرب و مے وصل شبانہ ہاے ہاے گردش چرخ حیف حیف دور زمانہ ہاے ہاے
صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

مومن یاوہ گو حریف تو نہین اپنے راز کا رات کو یان گزر ہوا اس بت دلنواز کا
وقت اذان تلک رہا زمزمہ عیش و ناز کا کس سے ادا ہو اب صلوٰۃ ہوش کہان نماز کا
صبح دمید و شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار باین بہانہ رفت

تخمیس بر غزل قدسی در نعت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

ہون تو عاشق مگر اطلاق یہ ہے بے ادبی مین غلام اور وہ صاحب ہے مین امت وہ نبی
یا نبی یک نگہ لطف بہ امی و ابی مرجبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

مظہر نور خدا شکل ہے محسود صنم محو تیرے ملک و حور و پری و آدم
کیا ہی عالم ہے کہ تصویر یہی کا سا عالم من بیدل بہ جمال تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال ست بدین بوالعجبی

دشت عالم مین سرا سیمہ گذاری اوقات | آج تک منزل مقصود نہ پائی ہیہات
مدد اے خضر کرامت کہ نہین پاے ثبات | ما ہمہ تشنہ لبانیم و تو ئی آب حیات

لطف فرما کہ ز حد می گذرد تشنہ لبی

خود کہا ابن ذبیحین تو ظاہر مین کہا | جوہر پاک کی خوبی ہے فرشتون سے سوا
سر سے لے پانون تلک نور خدا نام خدا | نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را

برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

صاحب خانہ سے ہوتا ہے مکان کا اکرام | وہی جنت ہے جہان مین ہو جہان تیرا مقام
آب ہر چشمہ کرے کوثر و تسنیم کا کام | نخل بستان مدینہ ز تو سرسبز مدام

زان شدہ شہرۂ آفاق بشیرین رطبی

ہوئی انجیل کہان ناسخ توریت و زبور | تیری خاطر سے خدا نے یہ نکالا دستور
ہے رعایت تری ہر بات کی کتنی منظور | ذات پاک تو درین ملک عرب کردہ ظہور

زان سبب آمدہ قرآن بزبان عربی

کر سکے پایۂ عالی کو ترے کون ادراک | تیرے درجہ کو نہ عیوق ہی پہونچے نہ سماک
گرچہ کافی تھی فضیلت کو حدیث لولاک | شب معراج عروج تو گذشت از افلاک

بہ مقامے کہ رسیدی نہ رسد ہیچ نبی

جوش مین شوق کے کچھ یاد رہی مدح نہ ذم | یہ نہ سمجھے کہ یہ کیا جاے ہے اور کیا ہین ہم
خود ستائی ہے زبس رسم فصیحان عجم | نسبت خود بہ سگت کردم و بس منفعلم

زان کہ نسبت بہ سگ کوے تو شد بے ادبی

مومن زار کی صحت کا نتھا کچھ اسلوب | نہ دوا اور نہ پرہیز مرض حرص ذنوب
پر ترا لطف ہے اعجاز مسیحا سے بھی خوب | یا طبیب الفقرا انت شفاء القلوب

زان سبب آمدہ قدسی پے درمان طلبی

تضمین شعر منشی فضل عظیم

یہ رنگ زرد جو ہے اور اشک آتے ہین لال
یہ سب وبال غرض جی کے لگنے کا ہے وبال
بیان کرتے ہوے جی کٹے ہے یہ احوال
خدا کے واسطے یارو نہ پوچھو دل کا حال

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

تڑپتے گذرے ہے ہر روز جاگتے ہر شب
یہ کیسی بنگئی مجھ پر یہ کیا ہوا یارب
کسی سے کہہ بھی تو سکتا نہین یہ کیا ہے غضب
کہ سب عذاب یہ دل کے سبب ہین دل کے سبب

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

نہ شکوۂ فلک و بخت نارسا ہے مجھے
نہ کچھ شکایت دلدار بے وفا ہے مجھے
غرض کسی سے نہ شکوہ نہ کچھ گلا ہے مجھے
اگر گلہ بھی ہے تو اپنے دل ہی کا ہے مجھے

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

خدا کے واسطے اے یارو کیون جلاتے ہو
یہ پوچھ پوچھ کے احوال جی دکھاتے ہو
تنگ کرتے ہو بک بک کے جان کھاتے ہو
جو ماجرا ہے سو لو سن لو کیون ستاتے ہو

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

کہان تلک نفس سرد و آہ گرم بھرون
کہان تلک پے تسکین جگر پہ دست دھرون
کہان تلک تلق و اضطراب مین مرون
نہین ہے بس مین ذرا ایسے دل کو صدقے کرون

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

کہا جو مین نے کہ مت پوچھو سرگذشت مری
جب آپ جانین کہ ہوتی ہے کیسی دل کی لگی

کہ دل ہو میرا سا اور چاہ بھی ہو ویسی سی — تو مجھ سے کہتے ہین کیا مسکرا کے وہ مین بھی

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

یہ میرا حال جو اے یارو دیکھتے ہو تو باہ — کہ رنگ زرد ہی منھ فق ہے کھری کھری نگاہ
ہین اشک چشم مین اور لب پہ نالۂ جانکاہ — یہ سب ہی دل کے سبب دل نے مجکو مارا آہ

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدستِ دل بہ عذابم عجب دلے دارم

قلق مین رکھے ہے مجکو ہمیشہ میرا دل — مرے تو سینے مین اے کاشکے نہ ہوتا دل
اگر ہوا بھی تھا تو جیسے اور سب کا دل — تجھے بھی دینا تھا یارب مجھی کو ایسا دل

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

ملا جو مومن غمگین بحال زار سحر — کہا یہ مین نے کہ کیا حال ہے بیان تو کر
تو کچھ بھی منھ سے نہ بولا وہ دل گرفتہ مگر — پڑھا یہ شعر عظیم اسنے ہاتھ دھر دل پر

دل فریفتۂ روے قاتلے دارم
زدست دل بہ عذابم عجب دلے دارم

مسدس بہ مضمون واسوخت

اے ستمگر کہان تلک بیداد — سرپا مال عاشق ناشاد
قول دینا عدو کو حسب مراد — مرگیا تیرے ہاتھ سے فریاد

فکر جور و سر جفا کب تک
بیوفا غیر سے وفا کب تک

اب بھی آجانے دے دل آزاری — چھوڑ دے خودسری و خونخواری
دیکھ اچھی نہین ستمگاری — نہ پڑے صبر نالہ و زاری

کہین تو بھی نہ دل کو کھو بیٹھے
کہین آنکھون کو یون نہ رو بیٹھے

کچھ زمانے کا اعتبار نہین
عشرتِ دہر پائدار نہین

دور گردون پہ اختیار نہین
چرخ کو ایک دم قرار نہین

ہو نہ جاے ہماری بات بڑی
کبھی دن ہے کبھی ہے رات بڑی

حسن آخر ہے بے وفا نر ہے
شوخیے ناز و ادا نر ہے

چہرہ گلرنگ با صفا نر ہے
لب شیرین مین کچھ مزا نر ہے

شور اٹھے نہ خوشخرامی سے
بے حلاوت ہو تلخکامی سے

طرہ مارِ سپید سا ہو جاے
کاکل اک جان کی بلا ہو جاے

زلف کے بدلے قد دوتا ہو جاے
خوشنما چہرہ بدنما ہو جاے

آپ مو کے عوض پریشان ہو
روے آئینہ وار حیران ہو

تیغ ابرو سے دل فگار نہ ہو
تیر مژگان جگر کے پار نہ ہو

خنجرِ غمزہ زخم بار نہ ہو
کوئی دنیا مین جان نثار نہ ہو

اک قلق طبع نازنین پہ رہے
بے ارادہ شکن جبین پہ رہے

کلفت آجاے ماہ کامل مین
داغ رخ لالہ کے مقابل مین

غنچہ ہو گلرخون کی محفل مین
مثل سنبل شکن پڑین دل مین

جلوہ بے بدل بدل جاے
زلف خوش خم کا بل نکل جاے

پھر مری طرح ناز اٹھاے کون
پاس اپنے تجھے بٹھاے کون

ہے فسون لیک دم مین آئے کون
لب شیرین کو منھ لگائے کون

طعنہ زن ہوا ور انگبین لب پر
کھیان بھنکین شکرین لب پر

ہو عرق جب کہ آبرو نہ رہے
تندی و نازکی کی خو نہ رہے
ولربایانہ گفتگو نہ رہے
یہ قیامت کہ اب ہے تو نہ رہے

بوالہوس بات بات پر بگڑے
کچھ نہ بن آئے اس قدر بگڑے

چھوڑنے کی مری ندامت ہو
آپ کو دمبدم ملامت ہو
بیٹھتے اٹھتے اک قیامت ہو
پھر ملے تجھ سے کسکی شامت ہو

یون غضب مین رہے بلا میری
یہ مصیبت سہے بلا میری

فکر انجام سے نہ ہو انجان
مجھ سے مل جا تو میرا کہنا مان
اس زمانہ کو ظالم آیا جان
دل مین اپنے ذرا سمجھ نادان

کب تلک کوئی نامراد رہے
بھول جاؤن گا مین بھی یاد رہے

کوئی بھی اس طرح جلاتا ہے
کوئی بھی اس قدر ستاتا ہے
کوئی بھی اتنا بھول جاتا ہے
یہی رہ رہ کے جی مین آتا ہے

مین بھی پروا تری ذرا نہ کرون
ہون تو عاشق ولے وفا نہ کرون

وہ جو ہمدم ہے تیری مہ پارہ
شوخ جیسے نجوم سیارہ
وہ بھی ہوتی چلی ہے آوارہ
تازہ تازہ ہے شوق نظارہ

مژہ سے شوخیان ٹپکتی ہین
آنکھین زہرہ نمط جھپکتی ہین

پردے کو دمبدم اُٹھا دینا
روے تابندہ کو دکھا دینا
گاہ آواز خوش سُنا دینا
جون سحر گاہ مسکرا دینا

جلوے خورشید کے سے ہوتے ہین
نغمہ ناہید کے سے ہوتے ہین

بسکہ ہے ولولہ جوانی کا
لطف ڈھونڈھے ہے زندگانی کا
قصہ سن میری جانفشانی کا
شیوہ سیکھا ہے مہربانی کا

گم شدہ دل کی جستجو ہے بہت
مجھ سے عاشق کی آرزو ہے بہت

ڈھب پر اپنے اُسے لگا لون گا
حسرت و آرزو نکا لون گا
تجھ سے بیباک تر بنا لون گا
ناز و انداز سب سکھا لون گا

چاہیے آفت زمانہ بنے
غیر نا آشنا یگانہ بنے

بزم مین جب وہ جلوہ فرما ہو
کوہ تمکین سے نالہ پیدا ہو
تیری واماندگی تماشا ہو
رشک پر بھی قیامت اُٹھنا ہو

تجھ سے شکل زمین ہلا کب جائے
اسکی شان و شکوہ مین دب جائے

سر پہ مانند گل بٹھاؤن اُسے
تیرے آگے گلے لگاؤن اُسے
ہاتھ وہ گل سے جب ملاؤن اُسے
گلے کا ہار بس بناؤن اُسے

دست رنگین جو یون حمائل ہو
تو گلا کاٹنے پہ مائل ہو

اسکی جانب رہے نظر ہر دم
تھام لون بس دل و جگر ہر دم
کھینچون مین آہ پر شرر ہر دم
بزم مین اُسکو دیکھ کر ہر دم

مسکراؤن ترے رولانے کو
داغ کھاؤن ترے جلانے کو

سب یہ پاس ولحاظ اٹھا دے وہ
رشک سے جی ترا بٹھا دے وہ
جور و بیداد کی سزا دے وہ
کیا تماشا غرض دکھا دے وہ

کیسے کیسے بہم نظارے ہون
تیرے دکھلانے کو اشارے ہون

لعل لب سے جو درفشانی ہو
جلوہ جون مہر آسمانی ہو
مثل شبنم تو پانی پانی ہو
زرد رو رنگ ارغوانی ہو

تیرے گلبرگ خندہ زن پہ ہنسے
مثل گل غنچۂ دہن پہ ہنسے

کہے وہ ہین یہ کیا بلا زلفین
خم سے کتنی ہین کج ادا زلفین
دور کر ایسی بدنما زلفین
رو سیا ہی ہے چھوڑ نا زلفین

یون جو وہ متصل کرے چوٹین
تیری چھاتی پہ سانپ سے لوٹین

بس جلایا کرے شرارت سے
پانی پانی ہو تو حرارت سے
دیکھے تو دیدۂ حقارت سے
جی ہلا دے ترا اشارت سے

طعنے ہر دم ہون تیغ ابرو پر
چشمکین تیری چشم جادو پر

دم ترا شوخیون سے ناک مین لائے
سونگھ کر بو کو تیری ناک چڑھائے
دست گلگون سے اپنے عطر لگائے
بگڑے جتنا تو اور تجکو بنائے

بس ترا اس کے ہاتھ سے نہ چلے
حسرتون سے تو اپنے ہاتھ ملے

خوے بدنا زخوش ادا کو کہے
نقش پا چشم سرمہ سا کو کہے
کہر با روے دلربا کو کہے
بند غم کاکل دوتا کو کہے

طعن و تشنیع ہی سے کام رکھے
جاے جاے کو تیرے نام رکھے

شوخیون سے سدا ستائے تجھے
گر مجھ سی مین بھی جلائے تجھے
حال ابتر مراد کھائے تجھے
قصۂ درد و غم سنائے تجھے

کہے اب بھی یہ تم کو چاہتے ہین
ایسی صورت پہ یون نباہتے ہین

مت بُرا مان عرض بیجا کا
کیا گلہ حرف اہل سودا کا
کر علاج آہ تاب فرسا کا
اب تلک وقت ہے مدارا کا

گر مکافات ہجر دیکھو ہو
پھر وہی مین ہون اور وہی تو ہو

جوش اندوہ کے سبب آیا
جب گلہ دل سے تا بہ لب آیا
ورنہ بن تیرے چین کب آیا
مین گیا یان سے تو غضب آیا

گو در و ازے پر بناؤن مین
موے پر بھی نہ یان سے جاؤن مین

پر کرون کیا کہ اختیار نہین
دل بیتاب کو قرار نہین
کچھ محبت کا اعتبار نہین
یعنے اچھا مآل کار نہین

تم کو خو ہو گئی تغافل کی
یان نہین حد رہی تحمل کی

کب تلک یہ جفا سہون گا مین
اس ستم پر نہ کچھ کہون گا مین
یہ نہین ہے تو بس نہون گا مین
جو کہا ہے سو کر رہون گا مین

جلے کیون مومن آتش غم مین
جائے ایسی وفا جہنم مین

ایضاً واسوخت بہمان قالب مسدس

دو نسق عشق نہفتہ نے ستایا ہے مجھے
آتش شوق نہانی نے جلایا ہے مجھے
کیا کہون کیا غم پنہان نے دکھایا ہے مجھے
ضبط وحشت نے یہ دیوانہ بنایا ہے مجھے

چہرۂ راز سے پردہ نہ اٹھاؤن کب تک
گو غم پردہ نشین ہے پہ چھپاؤن کب تک

تاب پرخاش تمہارے نہان کی حد بھی
قوت کشمکش آہ و فغان کی حد بھی
کچھ فریب دل بیتاب و توان کی حد بھی
ضبط سوزان نفس شعلہ فشان کی حد بھی

کیونکہ خالی نہ کرون جی کہ بھرا آتا ہے
پیش چلتی جو نہین غصہ چلا آتا ہے

کب تلک کوئی نہ سرگرم حکایت ہووے
کب تلک لب نہ شرر ریز شکایت ہووے
ہو تحمل جو تحمل کی نہایت ہووے
کیجیے صبر اگر صبر کی غایت ہووے

کچھ زبان بھی تو نہین زور کہ چل ہی نہ سکے
غم کچھ ارمان نہین ہے کہ نکل ہی نہ سکے

جب سے عاشق ہوے ہم رنج نہ پائے کیا کیا
لب پہ آئے نہ گلے جی مین گر آئے کیا کیا
کیا کہین آہ کہ خاطر مین نہ لائے کیا کیا
جب تلک تاب رہی ناز اٹھائے کیا کیا

پر نہین حوصلۂ نیم ستم بھی اب تو
بیوفا ہاے ہوے جاتے ہین ہم بھی اب تو

دل مرے کہنے مین ہووے تو کچھ اب بھی نہ کہون
پر بگڑ ہی گئی جب بات تو کیون بات سہون
اسکو بھی چاہیے طاقت کہ مین چپ بیٹھ رہون
کچھ بن آتی ہی نہین ہاے عجب رنج مین ہون

دل پہ کیا ہاتھ دھرون ہاتھ ہی قابو مین نہین
سر رہے کس پہ کہ حالت مرے زانو مین نہین

دل ہے یا دشمن جانی کہ ستاتا ہے مجھے
داغ ہے یا تپ غیرت کہ جلاتا ہے مجھے

جوش ہے یا شب وعدہ کہ پھراتا ہے مجھے
شکوہ ہے یا خبر وصل کہ بھاتا ہے مجھے

عشق مگر اس کا تصور ہے کہ آجاتا ہے
جی بھی معشوق ہے گویا کہ چلا جاتا ہے

ہم پہ جو گذرے خلق اسکی بلا سے گذرے
جان سے جائین ولے وہ نہ جفا سے گذرے
بے وفا سے یہی حاصل تو وفا سے گذرے
کب تلک کچھ نہ کہین ایسی حیا سے گذرے

پاس ناموس ہین کیون ہو جب اُن کو ہی نہین
جس نظر سے کہ لحاظ آئے تھا اب وہ ہی نہین

ملک الموت بھی آتا نہین ہان کیا کیجیے
کچھ توقع نہین دلجوئی جان کیا کیجیے
نہین کہنے مین زبان منع زبان کیا کیجیے
دم ہی باقی نہ رہا ضبط فغان کیا کیجیے

نالۂ گرم و دم سرد کی طغیانی ہے
کوئی دن اور جو دنیا کی ہوا کھانی ہے

دل کو اس دشمن جانی سے لگانا ہی نہ تھا
باتون پر اس لب دمباز کے جانا ہی نہ تھا
دم مین اُس چشم سخن ساز کے آنا ہی نہ تھا
جور کم سہنے تھے یہ قصہ بڑھانا ہی نہ تھا

اب بھی اے کاش کچھ ایسا ہو کہ جھگڑا جائے
رحم آجائے اُسے یا مجھے صبر آجائے

خوب کرتے ہین کہ وہ ظلم کیے جاتے ہین
رنج دینے کو دل اور ونکے لیے جاتے ہین
داد بے رحمی و بیداد دیے جاتے ہین
ہم بھی اک اتنی توقع پہ جیے جاتے ہین

کہ جو ہو اب کے ملاقات تو بدلا لے لین
جن سے وہ خوب لیے جائین وہ طعنے دے لین

چشم فتان نگہ شوخ وہ شرما جائے
عرق شرم کے طوفان مین ڈوبا جائے
جی پہ کچھ ایسی بنے رُخ پہ تغیر آجائے
بگڑے یہ چہرہ کہ مجھ سے بھی نہ دیکھا جائے

ہووے یہ رنگ کہ پھر منھ وہ دکھا ہی نہ سکے
سر کو زانو سے مری طرح اُٹھا ہی نہ سکے

اب کے ہو گرمیٔ صحبت تو جلاؤن واللہ
کیا ستایا ہے مجھے جو مین ستاؤن واللہ
روئے تو اور بھی ہنس ہنس کے رلاؤن واللہ
رنگ اُڑ جائے پر آئینہ دکھاؤن واللہ

بس وہ حیران ہی رہ جائے یہ حیران کرون
اس کی تصویر نکال اپنے پریشان کرون

چھیڑنے کو کہون ہے وہ زمانہ کیا تھا
کہ شب و روز کوئی آپ کے گھر رہتا تھا
دیکھنا میری بھی صورت کا کوئی شیدا تھا
نام مومن بھی کسی چاہنے والے کا تھا

یا کہین سب کو رقیبون کے سوا بھول گئے
مجھکو پہچانتے ہو کون ہون یا بھول گئے

اب بھی کچھ یاد ہین وہ روز مریجان تم کو
جن دنون مین تھے شب وصل کے ارمان تم کو
آئینہ دیکھنے دیتے نہ نگہبان تم کو
اقربا کیسا کیا کرتے تھے حیران تم کو

گھر مین بھی پھر نہین سکتے تھے رہا قید مین کیا
آپ یوسف تھے غرض حسن مین کیا قید مین کیا

ہمنشین ایک ذرا سر نہ اُٹھانے دیتے
سر دیوار سے جلوہ نہ دکھانے دیتے
جھانکنے کے لیے در تک بھی نہ آنے دیتے
کہین شادی ہو ولے تم کو نہ جانے دیتے

اُسپہ پیدا کیے یون چاہنے والے تم نے
گھر مین بیٹھے ہوے یہ بانون نکالے تم نے

اپنے ہی حال مین تھی زلف گرفتار سدا
کھاتی پرہیز سے غم نرگس بیمار سدا
غمزہ کو نوک مژہ سے خلش خار سدا
تازہ آزار مین ہر عشوۂ بیکار سدا

آرزو چشم کو وحشی نظری کی کتنی
دست مژگان کو ہوس پردہ دری کی کتنی

قیدی سلسلۂ زلف دوتا ایک نہ تھا
بے سبب کشتۂ شمشیر جفا ایک نہ تھا
پائمال روش فتنہ فزا ایک نہ تھا
نام رسوا کن انداز حیا ایک نہ تھا

حیرت حسن کے چرچے سے خجل ہوتے تھے
کیسے افسوس سے دیکھ آئینہ کو روتے تھے

شوخی و چستی الحال کہان تھی ایسی
خلق رفتار سے پامال کہان تھی ایسی
بانگ شور اس گن خلخال کہان تھی ایسی
یہ چلن کا ہے کو تھا چال کہان تھی ایسی

آنچلون سے کہو مقیش کہان جھڑتا تھا
کب دوپٹہ یہ مری طرح گر اپڑتا تھا

گرم تھا یون ملک الموت کا بازار کہان
زندگانی سے تھے کم حوصلہ بیزار کہان
کوبہ کو تھی یہ فغان ہاے عزا یار کہان
ہر اشارے پہ چلا کرتی تھی تلوار کہان

نہر یون خون کی کس روز بہا کرتی تھی
یہ وہی کو ہے جہان خاک اڑا کرتی تھی

تم کو یہ طور یہ انداز کہان آتے تھے
ستم حادثہ پرداز کہان آتے تھے
ایسے دم ہاے فسون ساز کہان آتے تھے
اسقدر مہر فزا ناز کہان آتے تھے

یون الگ ہنے مین عاشق سے لگاوٹ کب تھی
روز بے وجہ بگڑنے مین بناوٹ کب تھی

زلف تھی ہم اثر شام غریبان کس دن
صبح محشر تھا بھلا چاک گریبان کس دن
برق خرمن تھا کہ خندۂ پنہان کس دن
سرمہ تھا رشک بلاے شب ہجران کس دن

خوبی طرز تغافل کی خبر کاہے کو تھی
شوخی جنبش مژگان پہ نظر کاہے کو تھی

حلقۂ دام نہ تھا حلقۂ گیسو ہرگز
موج شمشیر نہ تھی جنبش ابرو ہرگز
در پے قتل نہ تھی طبع جفا جو ہرگز
فتنہ پردازیون کی کچھ بھی نہ تھی خو ہرگز

چشم فتان کو خیال نگہ ناز نہ تھا
غمزہ مانند مرے اشک کے غماز نہ تھا

مجھ سے جب آنکھ لڑی برسر پیکار نہ تھے
لے گئے جب مرے دل کو تو دل آزار نہ تھے
مجکو جب کام پڑا ہے تو جفا کار نہ تھے
ایسے بے درد و ستم پیشہ و خونخوار نہ تھے

طرز عشاق کشی آپ کو معلوم نہ تھی
شہر مین الحذر و ولولہ کی دھوم نہ تھی

جان سی آگئی تھی طبع کے آجانے سے
کیا ہی خوش ہوتے تھے دلمین مرے غم کھانے سے
شوخی روز فزون تھی مرے گھبرانے سے
ہاتھ سے جاتے تھے دل کے مرے ہاتھ آنے سے

یہی دم بھرتے تھے جو دم مرا بھرتا ہے کوئی
اس پہ مرتے تھے کہ اب ہم پہ بھی مرتا ہو کوئی

دمبدم کیا مری دلجوئی و دلداری تھی
دوستی تازہ نیا شوق نئی یاری تھی
وصل مین صبح تلک شام سے بیداری تھی
ہمکناری وہ سیہ مستی و میخواری تھی

عشق مری بیخودی نشہ سے ہونے لگتے
دیکھکر گریۂ مستی کو بھی رونے لگتے

بیمروت تھی اُن آنکھون مین مروت کتنی
رات دن مد نظر تھی مری الفت کتنی
بدگمان تھی نگہ چشم محبت کتنی
دور بین تھی نظر لطف و عنایت کتنی

بیمروت نظر آنے ہو کہا کرتے تھے
دیکھتے ہی مری چتون کو رہا کرتے تھے

اب تو بیرحمی و بیدردی و بیباکی ہے
بے سبب رنجش و بے وجہ غضبناکی ہے
لطف مین سستی و آزار مین چالاکی ہے
کھو دیا آپ کو کیا وضع یہ پیدا کی ہے

جان سے جاتے ہین ہم اور تمھین پرواہی نہین
ہو گئے ایسے کہ گویا کبھی کچھ تھا ہی نہین

اک مصیبت ہے نہ کھاتا ہون نہ مین سوتا ہون
ہے غذا خون جگر ضعف سے غش ہوتا ہون
یاد ایام ملاقات مین جی کھوتا ہون
رات دن کلبۂ احزان مین پڑا روتا ہون

خندہ زن زخم جگر دیکھکے بہر دم اپنے
یاد آتے ہین وہ گل خندۂ پیہم اپنے

گو سوا شربت دیدار مرا چارہ نہین
جز نظر تار رفوے دل صد پارہ نہین
پھر وہان آن پھرون ایسا بھی آوارہ نہین
کیا کرون صبر نہین طاقت نظارہ نہین

کیونکہ بدلے ہوے تیور تمھارے دیکھون
کیونکہ ان آنکھون سے غیرون کے اشارے دیکھون

چھوڑ دینا تھا تمھین جھوٹ قسم کو نہ مجھے
دل سے کھونا تھا اس انداز ستم کو نہ مجھے
بھول جانا تھا جفاے پے ہم کو نہ مجھے
نیست کر دینا تھا اندوہ و الم کو نہ مجھے

قابل ترک تھی خوے ستم آرا نہ کہ مین
لائق سہو تھی یہ رنجش بیجا نہ کہ مین

غیر ہین ہمزہ تو وصل گوارا کیون ہو
دو جواب انکو تو پھر عرض کا یارا کیون ہو
سب سے گذرے تو کسی کا بھی گذارا کیون ہو
گر پڑے چشم سے جو اُن سے اشارا کیون ہو

کس لیے شعلہ نظر بازی بیباک رہے
پردہ کیون میرے گریبان کی طرح چاک رہے

ہاے کیا وہ لطف سے ہم چھوڑ دیا
انس و اخلاص و دلاسا و کرم چھوڑ دیا
چارۂ رنجش و درمان الم چھوڑ دیا
مین نے بھی آپ کو اس سر کی قسم چھوڑ دیا

اب اگر دو بھی تو داد دل ناکام نہ لون
گو کہ بدنام ہوا ہون پہ کبھی نام نہ لون

جب نہ ہو چاہ تو کس واسطے چاہون مین بھی
بیوفا نکلے تو کاہے کو نبا ہون مین بھی
تم ہو گر فتنۂ دوران تو بلا ہون مین بھی
خوب ہی جان رکھو یہ کہ برا ہون مین بھی

پھر اُدھر منھ نہ کرون شکل دکھانا تو کہان
اُس طرف سے نہ چلون کوچے مین آنا تو کہان

دل سے ہے عہد کہ ملنے کی قسم کھاؤن گا
آن بیٹھو گے کہین پاس تو اُٹھ جاؤن گا
گھر مین بھی آئے تو صحرا کو نکل جاؤن گا
کیونکہ کھو دون کہ مین پھر جان کہان پاؤن گا

دم ہے آنکھون مین یہ صدمہ مرے دل پر گذرا
گذری دنیا سے بلا تم ہی سے مین در گذرا

دیکھ لون گا مین بس اب مہر لقا اور کوئی
برق وش شعلہ روش گرم ادا اور کوئی
آتش خرمن آزار و جفا اور کوئی
شمع کاشانہ فروزان وفا اور کوئی

تو سہی آتش غیرت سے جلاؤن تم کو
تم تو کہتے ہو مین سچ آگ لگاؤن تم کو

وہ پریزاد کہ دیوانہ ہو عالم اُس کا
طاق محراب بلا طرۂ خوش خم اس کا
چشم جادو و فسون عشوۂ پیہم اُس کا
تیز تیزا ایسی نظر دشنہ بھرے دم اس کا

تیغ ابرو کی جنبش ہو کہ بس تولٹ جاے
دست مژگان کے اشارے سے کلیجا پھٹ جاے

نکلے ہر بار نئی طرز ملاقات مین بات
بذلہ آمیز بیان حرف و حکایات مین بات
کس ادا سے کرے ایما و اشارات مین بات
ہر سخن مین سخن نغز ہو ہر بات مین بات

چپ ہی لگ جاے تجھے جب وہ فسونگر بولے
ہر جگہ بند کرے جب وہ زبان کو کھولے

رات دن نغمہ سرا ز مزمہ پرداز رہے
اپنے شوریدۂ ناکام سے دمساز رہے
طعن و تشنیع مین بھی چاشنی ناز رہے
سخن تلخ سے لذت وہ انداز رہے

گالیان جب لب شیرین سے سناے تجکو
دانت کھٹے ہون ترے بات نہ آے تجکو

دعوے نیکوئیے اس سے تری شامت ہووے
جو ترے سامنے ہو تجکو ندامت ہووے
روش اک فتنہ محشر کی علامت ہووے
جب ترے پاس سے نکلے تو قیامت ہووے

لگ چلے بھی تو اگر اس بت مغرور کے ساتھ
ہو بچے مرنے کے قریب ایک ہی چل دور کے ساتھ

ہاے جی بیٹھ گیا بس کہ اٹھاے ہین ستم
دل کھنچے کیون نہ بہت کھینچ چکا رنج و الم
صدمۂ عشق نے بے طور کیا ناک مین دم
ایسا بیزار ہوا ہون کہ خدا ہی کی قسم

اس نے بھی کام نہ رکھا تو نہ رکھون گا کام
پھر یہ سمجھون گا کہ مومن کو بتون سے کیا کام

مثمن روضۂ گلستان دلفروز و گلفشانی مضامین واسوز

اے چارہ گر آ چک کہ دم چارہ گری ہے
مین جان سے مرتا ہون تجھے بیخبری ہے

کیون پہلے ہی درمان سے یقین بے اثری ہے
اپنی ہی تو کر دیکھ عبث نسخہ دری ہے
ہو جاؤن مین جانبر تو تری نام بری ہے
یون دعوے بے صرفہ تو بیہودہ سری ہے

گر ہمسے مریضون کی دوا ہووے تو جانین
بیمار محبت کو شفا ہووے تو جانین

ہر چند کہ درمان ہی نہین عشق بتان کا
زخم دل مجروح پہ لگتا نہین ٹانکا
مرنا قلق ہجر مین بچنا ہے یہان کا
پرسکر ہوا سہل علاج اپنی تو جان کا
وہ حال نہین ہے دل بیتاب و توان کا
تھمتا نظر آتا ہے لہو زخم نہان کا

تاثیر دوا اب تری کر جائے تو کر جائے
ہر چند کہ ناسور ہے بھر جائے تو بھر جائے

یعنے کہ دل اس دشمن جانی سے پھر اب
گو تھا مرض الموت پہ ممکن ہے شفا اب
بے طاقتی جان نہین آزار فزا اب
سینہ سے مرے ہاتھ جدا ہونے لگا اب
وہ عشق کی خاطر ہے نہ وہ پاس و وفا اب
وہ فتنہ کی الفت ہے نہ وہ شوق بلا اب

کچھ کام نہین پیچ و خم زلف دوتا سے
کھایا کرے بل سیکڑون اب میری بلا سے

اک عمر تلک زیست سے بیزار رہا مین
سرمشق غم و وقف صد آزار رہا مین
معشوق کے پرہیز سے بیمار رہا مین
بیجرم جفاؤن کے سزاوار رہا مین
کیا کیا نہ مصیبت مین گرفتار رہا مین
افسردہ دل گرمی اغیار رہا مین

آخر پیش اس آتش خاموش مین آئی
جان گرمی غیرت سے غضب جوش مین آئی

کل گھر مین وہ بیٹھے تھے سر سیمہ و حیران
اس حال کے دیکھے سے ہوا حال پریشان
غصہ کے سبب چھپ نہ سکی رخش نہان
سمجھا مین کہ یون بھی تو ہے مایوسی و حرمان
انصاف کرو صبر کرے کب تلک انسان
ناچار کہا طعن سے مین نے کہ مری جان

کس سوچ مین بیٹھے ہو ذرا سر تو اٹھاؤ
گو دل نہین ملتا ہی پر آنکھین تو ملاؤ

دیکھو تو ادھر کو کہ کبھی یار تھے ہم بھی
غیرون کی طرح محرم اسرار تھے ہم بھی

سرمست مے حیرت دیدار تھے ہم بھی
آئینہ نمط پشت بہ دیوار تھے ہم بھی

منظور نظر صورت اغیار تھے ہم بھی
اس چشم عنایت کے سزاوار تھے ہم بھی

یون شربت دیدار سم آمیز نہین تھا
کچھ نرگس بیمار کو پرہیز نہین تھا

کہیے تو یہ کیا بات ہے قربان تمہارے
کچھ طور نظر آتے ہین بدلے ہوے سارے

ہے ناز نہ ایما نہ ادا مین نہ اشارے
اب کس لیے رہتے نہین تم گھر مین ہمارے

آے کبھی برسون مین تو آتے ہی سدھارے
بیٹھے بھی اگر پاس تو چپ شرم کے مارے

پھر کس لیے گھونگھٹ رخ روشن پہ لیا ہے
پھر کیون نئے سر سے وہی پہلی سی حیا ہے

وہ ہی تو ہون مین ہمدم و دمساز تمہارا
مد نظر چشم نظر باز تمہارا

وہ جسکے ہوا صرف سب انداز تمہارا
اک عمر تلک جس پہ رہا ناز تمہارا

وہ محرم ہر غمزہ غماز تمہارا
پوشیدہ نہ تھا جس سے کوئی راز تمہارا

حسن آئینہ دیدہ دیدار طلب تھا
سر حلقہ عشاق وفادار لقب تھا

وہ مہر وہ الفت وہ محبت ہی نہین ہے
یا طبع مین الطاف تھے یا برسر کین ہے

بیہودہ سدا ابروے خمدار مین چین ہے
بے وجہ شب و روز شکن زیر جبین ہے

آتے ہی یہان بس چلے جانے کی کمین ہے
اب ہوش کہان آپ کہین دھیان کہین ہے

فرق آہ پڑا طرز ملاقات مین کیسا
غصہ ہی چلا آتا ہے ہر بات مین کیسا

گلزار

وہ پیچ و خم طرۂ طرار کہان ہے
وہ کشمکش کاکل خمدار کہان ہے

وہ ناز کی نرگس بیمار کہان ہے
وہ تازگی و رونق رخسار کہان ہے

وہ بوے تن رشک سمن زار کہان ہے
وہ رنگ رخ غیرت گلزار کہان ہے

کھردورت

گلگونہ سے چہرے پہ کدورت ہی نہین اب
بدلے گئے کچھ تم تو وہ صورت ہی نہین اب

ہے طبع مین ہر روز فزون رنج فزائی — اپنے مین سماتے نہین کیا دل مین سمائی
یہ تندی خو تو نہین کچھ گرم ادائی — اس شعلہ مزاجی نے مری جان جلائی
ہر ایک سے ہر بات پہ ہوتی ہے لڑائی — کیون خصلت مذموم پسند آپ کو آئی

کس واسطے بے وجہ غضبناک ہوے ہو
کچھ شرم مین تھا عیب کہ بیباک ہوے ہو

تم گھر مین جہان آئے کہ گویا غضب آیا — کوئی ہو جہان سامنے آیا غضب آیا
کچھ خیر تو ہے ایسا کہان کا غضب آیا — پھر لڑ کے چلے جاتے ہو یہ کیا غضب آیا
سمجھو تو ذرا بات کہ جیا غضب آیا — گھر والے کہان جائین یہ کیسا غضب آیا

بے وجہ عداوت کا سزاوار تو مین ہون
اور دن پہ ہے کیون ظلم گنہگار تو مین ہون

ہر اک سے بگڑ کر مرے دم پر نہ بناؤ — دن رات جہان رہتے ہو اب بھی وہین جاؤ
کیون ہاتھ سے جاتے ہو تم اتنا بھی نہ آؤ — جو تم کو ستایا کرین تم اُن کو ستاؤ
دل سرد ہوا تم سے مرا جی نہ جلاؤ — اس گرمی الفت کو بس اب آگ لگاؤ

کب تک جلے کوئی یہ تپش خاک مین مل جائے
ٹھنڈا ہو کلیجا جو کہین سوزش دل جائے

افسوس مرے غم نے نہ کی تجھ مین سرایت — بیفائدہ سے آئے نظر حرف و حکایت
آئی وہی درپیش جو تھی عشق کی غایت — بیجا ہین گلے سب مری بیہودہ شکایت
بھولے سے جو جل جاتے ہو یہ بھی ہے عنایت — یعنے ہون سبب پوچھ کے شرمندہ نہایت

ہے رنج بجا بات یہ بھائی مرے جی کو
سچ کہتے ہو دل مین نے دیا اور کسی کو

مین ہی تو رہا ہون کہین شب کو خوش و خرم — مین نے ہی تو کی بادہ کشی غیر سے باہم

میری ہی نظر سے ہے عیان نیند کا عالم
آتی ہے جمائی پہ جمائی مجھے ہر دم

انگڑائیان لیتا ہون یہ اب مین ہی تو پیہم
میرے ہی تو گردن مین پڑا جاے ہے کچھ خم

میری ہی تو آنکھون مین غضب نیند بھری ہے
میری ہی جبین ہے یہ جو گھٹنے پہ دھری ہے

مین ہی تو کہین رات کو بیدار رہا ہون
مین ہی تو ہم آغوش طلبگار رہا ہون

مین ہی تو مئے وصل سے سرشار رہا ہون
مین ہی تو کف غیر سے میخوار رہا ہون

ملک ہوس تازہ خریدار رہا ہون
لذت دہ اوباش ہوس کار رہا ہون

بدمستیان میری ہی تو آنکھون سے عیان ہین
میرے ہی تو ہونٹون پہ یہ دانتون کے نشان ہین

کوئی نہ کہے یہ کہ سکھایا ہے کسی نے
تجکو مری جانب سے لگایا ہے کسی نے

یہ جرم پہ طوفان اٹھایا ہے کسی نے
ایسا مجھے دیوانہ بنایا ہے کسی نے

یہ جھوٹ نہین سچ ہی جتایا ہے کسی نے
کیا کیا نہین آنکھون سے دکھایا ہے کسی نے

یون مان لے ایسا کوئی نادان نہین ہے
تم غیر سے ملتے ہو یہ طوفان نہین ہے

کیون لوگ لگے آپ پہ بہتان لگانے
یہ بات تم اس سے کہو جو بات کو مانے

مین نے تمھین جانا کوئی جانے کہ نہ جانے
سب عذر ہین بیفائدہ بیہودہ بہانے

کچھ خیر ہے مجھ سے بھی لگے باتین بنانے
معلوم ہین سارے مجھے جتنے ہین ٹھکانے

گر کہیے تو اک ایک کا مین نام بتا دون
یہ پردۂ ناموس کہ ہے چاک اٹھا دون

یہ بات تو ہے آپ کی گفتار سے ظاہر
یہ چال ہوئی آپ کی رفتار سے ظاہر

اقرار ہے صاف آپ کے انکار سے ظاہر
ہے مستی شب نرگس میخوار سے ظاہر

عالم ہے خزان کا گل رخسار سے ظاہر
بدطوری دوشینہ ہے اطوار سے ظاہر

کیا شکل بگاڑی ہے بس اب منھ نہ بناؤ
آئینہ دکھا دیجے تو صورت نہ دکھاؤ

کیا قہر ہے کیونکر نہ اُٹھے درد جگر مین
میری تو بغل خالی اور آپ اور کے بر مین

اک آن بھی مجھ سے نہ ملو آٹھ پہر مین
گھر چھوڑ کے اپنا رہو یون اور کے گھر مین

سُنتا ہون شب و روز تمھین بزم دگر مین
کیونکر نہ ہو تاریک جہان میری نظر مین

ہر روز تو اے مہر درخشان ہے کہین اور
ہر رات تو اے شمع شبستان ہے کہین اور

ہے وقت اگر دل مین سمجھ جاؤ تو بہتر
اندیشۂ انجام سے بچتا ؤ تو بہتر

بیباکی بے صرفہ سے شرماؤ تو بہتر
جو دل مین ٹھہرتی نہین ٹھہراؤ تو بہتر

اغیار سے ملنے کی قسم کھاؤ تو بہتر
اب بھی جو ان اطوار سے باز آؤ تو بہتر

پھر ورنہ مری طرح سے پچتاؤ گے دیکھو
اپنے کیے کی تم بھی سزا پاؤ گے دیکھو

کچھ تم ہی تو دلبر نہین اے یار جہان مین
تم سے بھی زیادہ ہین طرح دار جہان مین

باقی ہین ابھی دل کے طلبگار جہان مین
اس جنس کی ہے گرمی بازار جہان مین

نکلین گے بہت آپ کے اغیار جہان مین
میرے بھی ہزارون ہین خریدار جہان مین

معشوق مجھے گر تمھین عشاق بہت ہین
یہ یاد رہے میرے بھی مشتاق بہت ہین

کیا ایسی بنی مجھ پہ کہ پامال جفا ہون
تم اتنے بگڑ جاؤ مین اس پر بھی نباہون

تم چھوڑ دو یون اور مین پابند وفا ہون
تم سے نہون آزردہ مین گو جی سے خفا ہون

یہ چاہیے مجھکو بھی کہ اب اور کو چاہون
ایسے کسی معشوقۂ دلجو پہ فدا ہون

ہر دم جو سوے عاشق مضطر نگران ہو
فکر ستم اُسکے دل نازک پہ گران ہو

یون دل شکن عاشق جانباز نہووے
ان بوالہوسون سے کبھی دمساز نہووے

ہر ناکس و کس محرم و ہمراز نہووے
جون دور زمان حادثہ پرداز نہووے

یارب فلک تفرقہ انداز نہووے
بے صرفہ ادا اس سے کوئی ناز نہووے

کیا ذکر ہنسے بولے وہ بے طور کسی سے
کچھ بات ہے وہ بات کرے اور کسی سے

لازم ہے کہ غیر سے تری ہر بزم مین جاؤن
دیکھے کہ نہ دیکھے کوئی احوال دکھاؤن

ہر ایک کو افسانۂ دلچسپ سناؤن
یہ تیری جفا اسکی وفا سب کو جتاؤن

اس شعلہ زبانی سے مین کیا کیا نہ جلاؤن
شاعر ہی تو ہون شکر و شکایت پہ جو آؤن

مشہور اسے اور تجھے بدنام کرون مین
ناکام تجھے اور اسے خود کام کرون مین

غیرون کو ملاقات سے تیری حذر آئے
ہر کوئی بہانے سے مرا قصہ سنائے

یون غیر کی بن آئے تو کیا کیا نہ بنائے
طعنے تجھے دیدے کے جو دم ناک مین لائے

تو بیٹھ رہے شرم سے اور وہ نہ بلائے
پروا نہ کرے کچھ بھی تو جائے کہ نہ جائے

ہرگز سبب ترک ملاقات نہ پوچھے
لگ جائے تجھے چپ یہ کوئی بات نہ پوچھے

یہ نالہ ہو لب پر کہ خداوند دو عالم
ہم بھی کبھی رہتے تھے جہان مین خوش و خرم

کس جرم کی تعذیر مین یون خوار ہوے ہم
جتنی کہ ہوئی تھی خوشی اتنا ہی ہوا غم

وہ عیش جو یاد آئین تو کیا کیا نہ ہو ماتم
دل مین کہے سو حسرت و افسوس سے ہر دم

جلتا ہون مین تو انجمن افروز کہان ہے
دل داغ ہے تو اے مرے دلسوز کہان ہے

ہوان حرکاتون سے ندامت تجھے کیا کیا
رہ رہ کے خیال آئے کہ یہ مین نے کیا کیا

قسمت ہی بری ہو تو کرے کوئی بھلا کیا
الزام دون کیونکر اسے مین اسکی خطا کیا

ہر وقت ہو افسوس کہ ہے یہ ہوا کیا
عاشق نہ رہا کوئی تو معشوق رہا کیا

ہر اک سے کہے کچھ مجھے تدبیر بتا دو
اس وحشی رم خوردہ کی تسخیر سکھا دو

ہر ایک بہانے سے مجھے جلوہ دکھا جائے
ہر آن نئی آن سے بس روبرو آجائے

ہر لحظہ مرے سامنے سے ہنسکے چلا جائے
ہر شوخ اشارت سے مرے دل کو لٹا جائے

ہر وقت شرارت سے نئی آگ لگا جائے
یہ شعر سدا میرے سنانے کو پڑھا جائے

کیا کیجے ہمین ناز اٹھانا نہین آتا
روٹھے کو منانے پہ منانا نہین آتا

پھر دل نہ ٹلے بات سے گو بات کو ٹالون
ناچار ہو پھر آپ سے مین تجھکو منالون
پھر دل کے نئے سر سے سب ارمان نکالون

پھر جان نہ سنبھلے مری ہر چند سنبھالون
بیتاب ہو بس دوڑ کے چھاتی سے لگالون
تجھکو بھی مین اپنا سا وفادار بنالون

ہے نام جو پھر تابع فرمان کرون مین
مومن ہون تو تجھکو بھی مسلمان کرون مین

ترجیع بند

ساقی مے سرخ رائگان ہے
خم بھر لے کہ چشم خونفشان ہے

لبریز ہوا ہے کاسۂ عمر
کیا دور بلائے ناگہان ہے

جام مے عشق سے چھکا ہون
یہ زہر کشندہ نوش جان ہے

یکبارگی آگئی خموشی
بدمستی شوق سرگران ہے

اٹھے بھی نہ تھے کہ گر پڑے ہم
کیا لغزش پا زمان زمان ہے

کس پردہ نشین نے تیز دیکھا
اس جوش پہ راز دل نہان ہے

یون غور سے پند گو کی باتین
سننے کا مرے سبب عیان ہے

یعنے وہی جان کر کرون مین
جس بات مین جان کا زیان ہے

چپ لگنے کا ماجرا نپوچھ آہ
اک حرف یہ لائق بیان ہے

اے ہمدم جان نواز تجھ سے
کیا دل کی کہون مین دل کہان ہے

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نبود از من

تو چھوڑ مجھے چلا گیا دل — ہے اس سے زیادہ بیوفا دل
دلدار کے کھینچنے پڑے ناز — افسوس کہ میرے پاس تھا دل
یہ دشمن جان تھین مبارک — یعنے نہین میرے کام کا دل
کیون دعوے دلربائی اتنا — مائل اُدھر آپ ہی ہوا دل
دیتا ہون دم ایسے فتنہ گر پہ — انصاف سے دیکھنا مرا دل
اس چشم نے کر دیا خراب آہ — تھا ورنہ بہت ہی پارسا دل
کیسی مری جان پر بن آئی — اللہ بگڑ گیا ہے کیا دل
گھونٹے ہے کوئی گلے کو ہر دم — کیا بات کرون کہ ہے خفا دل
اے محرم راز کیا کہون مین — کس آفت جان سے لگا دل
اے مونس غمگسار ہر دم — کیا پوچھے ہے کیونکہ لیگیا دل

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

پردے مین ہے رشک ماہ میرا — کیونکر نہ ہو دن سیاہ میرا
کیا مرنے کے بعد پانون پھیلائے — ہے مقبرہ خواب گاہ میرا
اس سدِ سکندری کو توڑو — آئینہ ہے سنگ راہ میرا
بس آپ مین آؤ تم کہ شاید — ہو دل مین گذار گاہ میرا
مین کشتہ شہید بے دیت ہون — ہے شوق ستم گواہ میرا
دیکھا تو نے کہ رنگ بدلا — اے شوخ فسون نگاہ میرا
مرنا نہین اختیار کی بات — خود جرم ہے عذر خواہ میرا
اے دوست ہاتھ سے چلا مین — قابو مین نہین دل آہ میرا
اے چارہ گرا بتو پھینک تبرید — ہے حال بہت تباہ میرا
ناصح انصاف تو ہی کر یار — دل دینے مین کیا گناہ میرا

آن شوخ چنان ربود از من — گوئی کہ دلم نہ بود از من

چلون سے ہے حسن کیا نمودار — یون چھانتے ہین صفائے رخسار
یان نجبت وہان ہین خواب مین پاؤن — یان چشم وہان نصیب بیدار
آئینہ حجاب سے نہ دیکھا — کیا جانے وہ کیون ہے صبر و شوار
مین مرگ وصال سے بھی خوش ہون — دل جان سے کس قدر ہے بیزار
خود کام ہے وہ مبارک ایدل — ناکامی شوق ہائے اغیار
دیوانہ نہین کہ خاک اوڑاؤن — عاشق کو ہے سر سے کیا سروکار
خون ٹپکے ہے اسکی تیغ سے کیون — کیا تیری مژہ ہے چشم خونبار
غم کھانے مین کیا مزا اٹھایا — کہتا ہے وہ شوخ مجھکو غمخوار
اے حسرت پاے بوس قاتل — یان کام مین ہے زبان زنہار
دل لیگئی اُس کی چیرہ دستی — مُنھ دیکھ کے رہگیا مین ناچار

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

درد طلب و غم جدائی — دل جاتے ہی کیا مصیبت آئی
دیکھا نہ گئی یہ دل کے ہمراہ — ظاہر ہوئی جان کی بے وفائی
دی چرخ نے کس طرح سے ہمکو — آسودگی شکستہ پائی
پروانہ فداے گل ہے شاید — دیکھا ترا پنجۂ حنائی
اے آہ ذرا بنا دے سیدھا — ہے چرخ مین سخت کج ادائی
اے پردہ نشین وہی ہے سودا — پھر شکل اگر نظر نہ آئی
تو رشک پری تری بلا دے — آسیب زدون کو بھی دکھائی
ہون خاک در اُسکا جب فلک نے — گردن مرے سامنے جھکائی
اے یاس وصال سنگدل ہے — بیفائدہ زور آزمائی
امید نہین رہی کہ دل کی — ایسے سے ہو کس طرح رہائی

آن شوخ چنان ربود از من — گوئی کہ دلم نہ بود از من

اُس در پہ جو مین غبار ہوتا — شکر دم شعلہ بار ہوتا
اُس زود گسل سے خو بگڑتی — گر عمر کا اعتبار ہوتا
بیکار نہون یہ ڈر ہے اے کاش — ناکام آل کار ہوتا
دن پھرتے کبھی اگر مرے بھی — کیا گردش روزگار ہوتا
کہتا ہے کہ چھوڑا اسکو جس پر — دشمن سا ہے جان نثار ہوتا
یہ بات زبان سے کب نکلتی — ناصح جو تو دوستدار ہوتا
جنت پہ مرے ہو زاہدا ے کاش — اُس کُو مین کبھی گذار ہوتا
اُس غیرت حور کو بلاؤ — واعظ نہین شرمسار ہوتا
اے پند شعار ہوش مین آ — کوئی بھی ہے آپ خوار ہوتا
ہم کاہیکو دل کو جانے دیتے — اپنا اگر اختیار ہوتا

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

طالع مین نہین طرب ذری بھی — منحوس ہے زہرہ مشتری بھی
اے مہر لقا ہے جلوہ لازم — آسان نہین ذرہ پروری بھی
بیوجہ نہین ہے مجھ سے چھپنا — عاشق تری حور ہے پری بھی
بیداد گری و سرنگونی — کیا فتنہ ہے چرخ چنبری بھی
یہ آئینہ کی ہے مہربانی — اب محو ہوئی ستمگری بھی
کیا مشک بھرا ہے زخم دل مین — غش ہوگئی زلف عنبری بھی
تو چھوڑ دے تو بھی مین نہ چھوٹون — صیاد ہے دام بے پری بھی
یان کیون نہ کفن ہو پارہ پارہ — واان ناز سے ہے قبا دری بھی
دن رات اگر یہی ہے رونا — بہ جائے گا آب عنصری بھی
ہم آج تلک نہ جانتے تھے — ہے ایک ستم یہ دلبری بھی

آن شوخ چنان ربود از من — گوئی کہ دلم نہ بود از من

کب تک سیئون پارہ پارہ دل کو
رخصت ہے شکیب جان گسل کو

اس تنگ دہن نے کیا کہا کیون
چپ لگ گئی ناصح مخجل کو

تھا ضعف بھی طاقت آزمارات
توڑا کیے جان مضمحل کو

مارا ترے ناز دمبدم نے
کیا رو کیے جوش متصل کو

گلرو سے وہ لالہ رو بنا ہے
تشبیہ ہے داغ سے جوتل کو

کیا یاس مجھے نہ منہ دکھایا
رحمت ہے امید منفعل کو

آئے ہین سرشک کلفت آلود
تعمیر مکان کی آب وگل کو

ہے خواب عدم گران کیا ہے
مالش مگر اس کے در کی سل کو

ہے جوش ہوس بہت نکالون
گر آپ کہین تو اس مخل کو

اے ہمدم جان نواز دلجو
بے دل نہون کس طرح کہ دل کو

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

اللہ ری دل کی ہرزہ تازی
مین اور محبت مجازی

ہندی صنم آفت جہان ہین
سوگند بپیر حجازی

پھر سینے مین آئے مہرۂ دل
دیکھین تو فلک کی حقہ بازی

ہے رشتۂ جان پہ زخم نشتر
اے نغمۂ یاس دلنوازی

جولان سے ہے اسکو قصد پامال
اے خاک نوید سرفرازی

اس چشم کا محو ہون شب و روز
دیکھو تو مری زمانہ سازی

امید وصال بھی نہین یان
ہے تم سے زیادہ بے نیازی

طول امل وصال کیا ہو
کم ہے شب ہجر کی درازی

سینے مین اک آگ لگ رہی ہے
بھائی کسے میری جانگدازی

مجبور دہ ہاے دل کا جانا
اللہ رے اس کی ترکتازی

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

پوچھے ہے خبر مریض غم کی — کیا بات ہے اس مسیح دم کی
بجلی تری شوخیون کے آگے — اے آہ شرر فشان نہ چمکی
مین جان شکنی کا غم نہ کھاتا — یاد آگئی ہے تری قسم کی
جسوقت وہ یان سے گھر سدھارے — جان نے وہین راہ لی عدم کی
اے اہل عزا وہ سر پہ ڈالو — جو خاک ہے یار کے قدم کی
نالہ فلک نہم سے گذرا — کچھ حد نرہی مرے الم کی
وہ کوچہ ہے اشک خون سے گلزار — رونق ہے یہ ساری اپنے دم کی
لون کیون نہ بلائین آہ پیچان — تصویر ہے زلف خم بخم کی
دامن پہ تمھارے جم رہی ہے — ہو خاک نہ میری چشم نم کی
ہے روز جزا کے آنے مین دیر — اب کون دے داد اس ستم کی

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

اک نکتہ نہین قرار جی کو — موت آئے بس ایسی زندگی کو
اس آفت جان کو دل دیا ہے — جو عیب گنے ہے دلدہی کو
پردے نے ترے تو مار ڈالا — اس مضطر تنگ عاشقی کو
اے رشک پری حجاب کبتک — ہے شرم ضرور آدمی کو
مین ناز کہان تلک اُٹھاؤن — انصاف ہے لازم آپ ہی کو
پھرتی ہے نظر مین چشم میگون — تسخیر کیا ہے کس پری کو
تڑپا کیے جب تلک جیے ہم — آرام نہین یہان کسی کو
وہ بھی چاہے ہے کم ستاؤن — پر کیا کرے ناز فطرتی کو
آتا نہین صبر دل گئے پر — سمجھاؤن کہان تک آہ جی کو
کوئی نہ رہا کہ پوچھے آنسو — کیا روؤن مین اپنی بیکسی کو

آن شوخ چنان ربود از من — گوئی کہ دلم نہ بود از من

پھل پا یا فلک نے کیا ستا کر
خاک آہ نے کر دیا جلا کر

مدت مین ہوئی دعا کی تاثیر
اُس بت سے ملے خدا خدا کر

کچھ کام نہین کسی سے ہمکو
کیا چھوٹ گئے ہین دل پھنسا کر

غیرون سے ملے گا بعد میرے
اے عمر اُسے بھی بیوفا کر

کاٹون کیونکر نہ وہ گئے ہین
دامن مرے ہاتھ سے چھوڑا کر

کونے مین بٹھا دیا صد افسوس
اس بزم سے رشک نے اٹھا کر

کیا سرمہ ہے اُسکے پاؤنکی خاک
روتا ہون مین آنکھ سے لگا کر

ہر دم جو نظر مین ہے وہ صورت
گو چھپ گئے وہ جھلک دکھا کر

کہتا ہون کمال رشک سے مین
اے پردہ نشین ذرا چھپا کر

گھر آنکھون مین کر گیا وہ بے دید
دل چھین لیا نظر ملا کر

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

ہے مجھ پہ نگاہ لطف منظور
کیا خوب نظر ہے چشم بد دور

خوش کیون نہون بات بات پر آج
ہے اس کی زبان پہ میرا مذکور

کیا آتش دل سے دم رکے ہے
اُف کرنے کا بھی نہین ہے مقدور

میرے دم گرم کے مقابل
بس شمع کے مُنھ کا اڑ گیا نور

بھولے سے کبھی اور کو نہ دیکھون
جو تم کو وہی ہے مجکو منظور

لیکن نہین حسرت اختیاری
نظارۂ چرخ سے ہون مجبور

کیا عشق مین ہو خلاف ناصح
دیوانہ بھی یان نہین ہے معذور

اے ہمنفس اب کہان وہ ایام
ہے دور زمان کا یہ ہی دستور

تھے اپنے پہ اعتماد کیا کیا
دعوے مرے ہین جہان مین مشہور

کہتا تھا مین دل کبھی نہ دون گا
ہر چند کوئی پری ہو یا حور

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

یہ عہد وون سے بات بن نہ آئی — تھی موت بھی دل شکن نہ آئی
کیا بخت عدو فسانہ خوان تھے — کیون نیند شب محن نہ آئی
کیا جاتی تھی جان بے شکایت — کیون موت دم سخن نہ آئی
یون داغ عدو کا شکر اے دل — بے شرم تجھے جلن نہ آئی
قصہ ہے خموشیون کا لب پر — کیون آہ زبانہ زن نہ آئی
سمجھے ہے وہ التماس بوسہ — جو بات کہ تا دہن نہ آئی
اس کو مین جو خاک مین ہوا پھر — بلبل طرف چمن نہ آئی
کب ٹوٹ کے ناز خصلتون پر — یہ طبع نیاز فن نہ آئی
اس رشتہ کی ناز کی تو دیکھو — آواز گسیختن نہ آئی
جس وقت بگڑ کے لے گیا دل — مومن مجھے کچھ بھی بن نہ آئی

آن شوخ چنان ربود از من
گوئی کہ دلم نہ بود از من

ترکیب بند بہ مضمون مرثیہ معشوقہ خود طلعت ملک شیم حسلنی وصالہا فی جنت النعیم

جنازہ عیش کا مرا دل کھینچتا ہے آج — آغوش رشک حلقہ اہل عزا ہے آج
برباد شور رعد ہوا آب اشک ابر — کیسا وفور شیون و جوش بکا ہے آج
جیتے رہے تو لال طمانچون سے منھ کیا — تغییر رنگ شرم و خجالت فزا ہے آج
پانی کے بدلے منھ مین بھر آئے ہے لہو — لب کاٹنے مین ہائے کہان وہ مزا ہے آج
مجکو نہ اپنے ساتھ عدم مین لیے گیا — ہر دم شکایت نفس نارسا ہے آج
آواز ہائے ہائے کی آتی ہے متصل — گردون طلسم گنبد ماتم سرا ہے آج
تنے کہان حواس کہ تدبیر مرگ ہو — اپنی خبر نہین مجھے کیا جانے کیا ہے آج
اے دل خبر لے نغمہ شادی کو کیا ہوا — لب پر ہمارے نالہ واحسرتا ہے آج
پیٹے مجھے جو روئے وہ کہتے تھے بارہا — کیا روئیے اسی کا ہمین پیٹنا ہے آج

اثرین گلے سے گھونٹ نہ آب حیات کے — دل آہ زندگانی سے کتنا خفا ہے آج

مرنا یہ کس کا جان سے بیزار کر گیا
ماتم مین مر رہا ہون مین یہ کون مر گیا

دل کی طرح سے یہ بھی چلی جان کو کیا ہوا — دم مین نہین ہے دم مرے جانان کو کیا ہوا
سر پٹیتا ہے خانہ پڑا دونون ہاتھ سے — کیا جانے اس کی زلف پریشان کو کیا ہوا
پیتی ہے اپنا خون دل افسوس سے حنا — اس دست رشک پنجۂ مرجان کو کیا ہوا
شبنم کو پھر ہے جانب خورشید التفات — شرمندہ ساز مہر درخشان کو کیا ہوا
دل مین شکن ہے زلف مسلسل کدھر گئی — برہم ہے حال کاکل پیچان کو کیا ہوا
لذت فزا نہین الم اس لب پہ کیا بنی — کچھ زخم بے مزا ہین نمکدان کو کیا ہوا
روے قبائے یوسف گل ہے نسیم مین — اس کی شمیم عطر گریبان کو کیا ہوا
گردش پہ اپنی ناز ہے پھر روزگار کو — اس چشم رشک فتنۂ دوران کو کیا ہوا
دعوی ہے شوخیون کا غزالان دشت کو — اس خوش نظر کی جنبش مژگان کو کیا ہوا
کتمان ہے سینہ چاک رخ ماہ دیکھ کر — اس روے غیرت مہ تابان کو کیا ہوا

عیب وحجاب شمع رخان جہان گیا
وہ مہر آسمان نکوئی کہان گیا

یہ گلستان سراے تماشا نہین رہا — وہ نوبہار گلشن دنیا نہین رہا
افسوس کوئی پردہ نشین پردہ در نہین — وہ حسن جس سے عشق ہو رسوا نہین رہا
حیف اپنی تلخکامی وشوریدہ طالعی — جس سے کہ زندگی کا مزا تھا نہین رہا
اے چرخ چاہنے سے رہے روزگار کو — کیا چاہین روزگار تمنا نہین رہا
اپنی خرابیون کو کہان جا کے روئیے — وہ شمع روے انجمن آرا نہین رہا
دل مین جگہ نہونے کا کس سے گلہ کرون — وہ قدردان شکوۂ بیجا نہین رہا
کس کو گلے لگائیے اے شوق ہمکنار — وہ خوش گلوے سینہ مصفا نہین رہا
کس سے نباہیے کہ سواے وفات کے — دنیا مین ہاے نام وفا کا نہین رہا

اب کس کو دیکھیے کہ کسی کو نہ دیکھیے
وہ پردہ سوز چشم تماشا نہین رہا
اس نور چشم حسن کو کیونکر نہ روئیے
آنکھون مین رہ ہوے اب کوئی ایسا نہین رہا

ہر دم جبین آئینہ آلودہ نم سے تھی
یہ آب و تاب حسن اسی مہ کے دم سے تھی

کیا ماجرا لکھون مین کہ تاب رقم نہین
ہین نالہ ہاے صور صریر قلم نہین
اٹھی ہے نعش خوش قد محشر خرام کی
یہ حادثہ نزول قیامت سے کم نہین
ایسا گیا کہ یاد تلک آنا محال ہے
کہتے تھے ہم کہ اسکی طبیعت مین رم نہین
جاکر رہین گے عرش پہ ارباب تعزیہ
اس جوف مین سماے یہ ایسا الم نہین
وحشت مری نگاہ سے ہو کیون بخ جلوہ گر
آتما نظر وہ سلسلۂ خم بہ خم نہین
پہونچا دیا ہے بیخودیون نے قریب مرگ
اے چارہ گر اب آپ مین آنے کا دم نہین
یہ زندگانی اہل ہوس کو نصیب ہو
مین ناتوان سزاے جفا و ستم نہین
بیداد دیکھ تازی ترک فلک نہ پوچھ
کوئی نہین جہان مین کہ پامال غم نہین
اہل زمانہ دیدۂ بادام کی طرح
وہ آنکھ پھوڑ ڈالتے ہین جسمین نم نہین
از بسکہ ہے جہان سے اٹھ جانے کا خطر
اب حضرت مسیح کے بھی دم مین دم نہین

افسوس یون وہ جان جہان جاے ہاے سے
دینا تھا غسل خضر کو آب حیات سے

اُس حور وش سے ہاے کیا ہے جدا ہمین
اس زندگی کے ہاتھ سے مرنا پڑا ہمین
دلجو نہ جان کھا تو بھلا خاک کھائیے
غم بھی دیا فلک نے تو کیا بیمزا ہمین
شیرین نہین وہ خون کہ پیتے ہین جاے آب
شکوہ ہے اپنے طالع شوریدہ کا ہمین
چھلنی تو پانون ہو گئے اس جستجو مین ہاے
بیجا ہے خاک چھانتی وہ کب ملا ہمین
اُس تک پہونچنے کی کوئی تدبیر ہی نہین
اے کاش خضر آن کے ہو رہنما ہمین
اس گھر کو دیکھ کے گلشن شداد سے مثال
گرتے ہین در پہ تاکہ اٹھالے خدا ہمین
جنبش نہین کہ زخم کوئی کارگر لگے
تیغ مژہ کا لاکھ تصور بندھا ہمین

بجلی نہ ایک بار گری ہمپہ یا نصیب
دن رات گو خیال تبسم رہا ہمین

دامن پکڑ کے روئین نہ کیون ایک ایک کا
جب چھوڑ جائے بیکس و تنہا قضا ہمین

یہ جوش رشک خاک مین ملجائے اے خدا
ہے اس سے ایسی مہر و وفا پر گلا ہمین

کیا کیا کدورتین ہین دل نا صبور مین
کیون نیند آگئی اُسے آغوش گور مین

مین مر رہا ہون اس کی بلا کو خبر نہین
ناصح کی بات کون سنے نوحہ گر نہین

مجھ پر بھی ہے عذاب شب اولین گور
اے موت آ کہ تاب فلق تا سحر نہین

ایسا کہ اس سے عرض کرے جا کے یہ پیام
ملتا جہان مین کوئی پیغامبر نہین

یان جوش غم مین موت سے بدتر ہے زندگی
آپ آکے دیکھ جائیے باور اگر نہین

میرا لہو پیے جو گلا کاٹنے نہ دے
ہمدم خیال تیغ مژہ مین اثر نہین

اے ہمنشین تڑپنے ندے خاک پر ذرا
ایسا تو آسمان بھی بیداد گر نہین

پتھر پہ سر پٹکنے دے اے مہربان کہ آج
بازوے نرم نرم وہ بالین سر نہین

چھوڑ آستین کہ جامہ ہستی قبا کرون
غمخوار دھیان آیا کہ مین جامہ در نہین

بیچارہ بیقرار ہے درمان کی فکر مین
آگاہ میرے درد سے مشفق مگر نہین

بیفائدہ نہین ہین مری خاک بیزبان
اُسکے حصول کی تجھے ہمدم خبر نہین

اس سیمتن کو ہاے ملایا ہے خاک مین
گردون نے گنج حسن چھپایا ہے خاک مین

ویران ہے خانہ جلوۂ حیرت طراز کا
آئینہ دیکھتا ہے منہ آئینہ ساز کا

ہاتھون سے اپنے مہرۂ تریاک کھو دیا
بگڑا ہے کھیل کیا فلک حقہ باز کا

پہلے ہی اذن عام کہا نعش پر پہ
غیرت سے انتظار نہ دیکھا نماز کا

سر پیٹتی ہین حلقۂ ماتم مین نسرین
نخل عزا ہے آہ یہ کس سرو ناز کا

کب پہونچے باغ خلد مین ہمسے گناہگار
ہے تنگ قافیہ ہوس ہرزہ تاز کا

زندہ ہی دفن کردو مجھے دوستو کہ اب
محتاج کون ہو اجل بے نیاز کا

ہے کفر مت کہہ اب اسے کس سے وصال ہے — اے محرم آہ فائدہ افشاے راز کا
گستاخ نالے فتنہ محشر جگائین گے — خواب عدم مین چین ہے گر خواب ناز کا
گر گلشن خلیل جلا دے تو کیا عجب — شعلہ ہمارے سوز سمندر گداز کا
نادان دل کو مرگ کا ابتک یقین نہین — اللہ کیا گمان تھا عمر دراز کا

خود کام ہے عجب مجھے مرجانے کا ترے
کام آئے تیرے کیون نہ لب جانفزا ترے

کھودی خزان نے رونق گلزار ہاے ہاے — پژمردہ ہو گئے گل رخسار ہاے ہاے
پھرتی نہ تھی جو پردہ نشین گھر مین بے حجاب — نقش اسکی جاے ہے سر بازار ہاے ہاے
سرو فتادہ قامت محشر خرام ہے — کیا ہو گئی وہ شوخی رفتار ہاے ہاے
ہمخواب مہ جبین کی مری آنکھ مند گئی — کیا سو گئے ہین طالع بیدار ہاے ہاے
وہ شمع مہر پرتو مہ جلوہ بجھ گئی — دن رات ہے فروغ شب تار ہاے ہاے
ہے کچھ خبر بھی گھر مرا ویران ہو گیا — سر پھوڑوا پنا اے در و دیوار ہاے ہاے
اب پوچھے مجھ سے عاشق بیکس کی بات کون — آسین نہین ہے طاقت گفتار ہاے ہاے
روتا ہون جان کو ملک الموت کی ذرا — کر میرے ساتھ تو بھی تو غمخوار ہاے ہاے
اے چرخ یار کش تجھے پاس وفا نہین — مین اور رنج محنت و آزار ہاے ہاے
اس مہروش کی مرگ نے خفاش کر دیا — ہے اضطراب مانع دیدار ہاے ہاے

نظارہ ہے محرک ماتم ہزار حیف
ابرو ہوا ہلال محرم ہزار حیف

دفن سنبلے زمین چمن وا مصیبتا — معدوم ہو وہ غنچہ دہن وا مصیبتا
جس نازنین صنم پہ گران تھا حریر چین — اس کا غلاف کعبہ کفن وا مصیبتا
دے منکر و نکیر کو ناچار وہ جواب — جو ور سے کرے نہ سخن وا مصیبتا
جس کو شکستن دل عاشق عذاب ہو — وہ اور جانکنی کے محن وا مصیبتا
جو عرض مہر تازہ مہ سے ہو سرنگون — اس پر جفاے چرخ کہن وا مصیبتا

تشبیہ آئینہ سے جو ہوتا تھا آب آب — ملجائے خاک مین وہ بدن وا مصیبتا
دیتے تھے حور وش بھی جس آرام دلپہ جان — اس کا غم ہلاک شدن وا مصیبتا
جھومر مدھرے سے ٹوٹتے تھے جسکے ہاتھ پاؤن — وہ زیر بار تاب شکن وا مصیبتا
پھولون کو جسکی بو نے ملایا تھا خاک مین — ہے اسکی خاک وقف سمن وا مصیبتا
وہ خانہ باغ عیش محل جسکا نام تھا — کہتے ہین اسکو بیت حزن وا مصیبتا

کیا اعتبار دہر کا عبرت کی جا ہے یہ
عشرت سرا کبھی کبھی ماتم سرا ہے یہ

کیا میرا سد راہ ہے سنگ مزار حیف — چھاتی کا پتھر انکی ہوا انتظار حیف
یارب زمین پھٹے کہ سما جاؤن ورنہ کیا — لیلے کو منھ دکھائے گا وہ مہ عذار حیف
ہون غرق آب شرم کہ ڈوبا نہین ہنوز — بے آبروئی مژۂ اشکبار حیف
اے مرگ چشم لطف کہ حسرت سے مرتے دم — دیکھا کیے وہ میری طرف بار بار حیف
کہتے تھے انکو جان قیامت مین خاک سے — کس منھ سے سر اٹھائین گے ہم شرمسار حیف
دم کی لگی نہ آتش یاقوت کو ہوا — کیا خاک ہو گیا گہر آبدار حیف
جو گلرخون کی قبر پہ جاتا نہ تھا کبھی — چڑھتے ہین اسکی گور پہ اب گل ہزار حیف
ہر دم زمین کو زلزلہ میری طپش سے ہو — وہ شوخ خاک مین بھی رہا بے قرار حیف
اللہ مرگ کی بھی بر آئی نہ آرزو — مایوس ہو گیا دل امیدوار حیف
زندہ رہون مین اور وہ مرجائے ہمنفس — کیا اعتبار ہستی بے اعتبار حیف

یہ نیمجان بھی کاش اجل کی پسند ہو
شیون کا غلغلہ مرے گھر سے بلند ہو

وہ مہر جلوہ ریز زمین اے فلک دریغ — گردون نشین ہو خاک نشین اے فلک دریغ
ایسے مہ دو ہفتہ کو رنج خسوف ہو — دوران کا اعتبار نہین اے فلک دریغ
ہرگز سوائے روز قیامت نہو صعود — اتنا ہبوط زہرہ جبین اے فلک دریغ
یوسف لقا و گرگ اجل اے زمانہ آہ — عیسے نفس ہو مرگ گزین اے فلک دریغ

ظالم تری کدورت بیجا کو کیا کہون — نایاب ہو وہ در ثمین اے فلک دریغ
کیون لے گیا بہشت مین اس رشک حور کو — پیدا کہان ہین ایسے حسین اے فلک دریغ
سوچا نہ کچھ اعادۂ معدوم ہے محال — نسیان جو ہر دو ہمین اے فلک دریغ
سوز غضب سے ہے کرۂ نار سینہ مین — اک مشت خاک اور یہ کین اے فلک دریغ
اسکو کہ جسکا نقش قدم رشک مہر ہو — کرتے ہین خاک مال کمین اے فلک دریغ
یہ نالہاے شعلہ فشان و زبانہ زن — پھونکین گے تا بعرش برین اے فلک دریغ

ہم پائمال مرگ بھی اب سر اٹھائین گے
جیتے رہے تو حشر کو مہمان بلائین گے

اے جوش نالہ کاوش ہر دم کہان تلک — یون موت سے شکایت پیہم کہان تلک
اس مہروش کو روز کے رونے سے کیا حصول — اے اشک بیقراری شبنم کہان تلک
گردن جھکی ہوئی بھی وہی بار دوش ہے — اے دل خیال ابروے خوش خم کہان تلک
جل جل کے میرے دل کی طرح خاک ہو گیا — اے آہ سینہ سوز می ہمدم کہان تلک
مین صحن اُسکے گھر کا سمجھتا ہون گور کو — اللہ مجھ سے تنگ ہے عالم کہان تلک
سینے کے سارے آبلے ناسور ہو گئے — اے دست عیش وصل کا ماتم کہان تلک
ہے جستجوے یار مین سعی رہ عدم — اے شوق دیکھیے کہ رہے دم کہان تلک
تاثیر کو بھی آگئی موت اسکے ساتھ ہاے — کھایا کرون امید اثر سم کہان تلک
اس زندگی سے میرا دم آیا ہی ناک مین — آخر تحمل قلق و غم کہان تلک
اللہ سینہ کوبیون سے ہاتھ تھک گئے — پیٹین گے اپنی جان کو یون ہم کہان تلک

اے مرگ اس عذاب سے آکر چھڑا مجھے
مومن ہون قید خانہ ہے دار الفنا مجھے

مشویات

این نالہ شکایت ستم نام

ساقیا دے چک آب آتش رنگ
نالۂ آتشین ہے تف پر درد
جوش صیف و شتا سے حال نہین
مے طبیب روان محزون ہے
یہ اگر التفات فرما ہو
گرم تدبیر گر ذری ہو جائے
چارہ سازی کرے جو بعد ہلاک
گر عرق ریز فکر درمان ہو
اس سے ممکن علاج عاشق ہے
کھوے یہ رشک شربت اعجاز
کیا کہون اسکی چارہ فرمائی
مین بھی محتاج چارہ سازی ہون
ہے حواسون مین انتشار بہت
جوش الفت ہو اسقدر مے دے
پاس ناموس و ننگ اڑ جائے
مثل قلقل خروش مین آؤن
دامن تر طلسم باران ہو
خم کے خم متصل کرون خالی
مطلب آما ہو شور مستانہ
جوش دل کو جو یک بیک آوے
گلۂ یار و شکوۂ گردون

با من خود گفت سال اتمام

گرم و سرد زمانہ سے ہون تنگ
کرۂ زمہریر ہے دم سرد
اس ہوا مین کہ اعتدال نہین
خم بادہ خم فلاطون ہے
باد صرصر دم مسیحا ہو
تپ غم نار عنصری ہو جائے
بنے خاک شفا مزار کی خاک
گریۂ ماتم آب حیوان ہو
گرم و تر ہم مزاج عاشق ہے
نزلۂ اشک چشم اہل نیاز
ہے یہ تریاک زہر تنہائی
خستہ ناز بے نیازی ہون
خم کی خم لاکہ ہے خمار بہت
نہ صراحی سبو پیاپے دے
ہوش مانند رنگ اڑ جائے
صورت بادہ جوش مین آؤن
رعد شور سیاہ کاران ہو
جی بھرے یہ کہ دل کرون خالی
کہہ دون بیہوشیون مین افسانہ
راز پنہان زبان تلک آوے
چپ لگے جس سے وہ بیان کردون

یعنے طفلی سے ہون مین پیر مغان — بلد راہ گمرہان جہان
تھے برس ہم شمارۂ افلاک — کہ ہوا پائمال صورت خاک
کھودیا چین اک مہ رو نے — شب سیہ کی ہلال ابرو نے
خنجر غمزہ نے ہلاک کیا — نرگس سرمہ سا نے خاک کیا
اور اس کا بھی مجھ پہ دل آیا — کھو کے دل مین نے جان کو پایا
دشنہ تھے زخم بار دونون کے — ہوے سینے فگار دونون کے
صبر و آرامش و ثبات چلے — آپ سے دونون ساتھ سات چلے
ہوے آرام و صبر ہمدم و روان — بے اجازت گئے سکون و توان
اپنا ہوش اسکے رنگ کا پیرو — اس کا صبر اپنے رنگ کا پیرو
دونون اک تازہ کار افتادہ — دونون دلدار دونون دل دادہ
ہوئی نظرون مین گفتگو باہم — عرض کی دل کی گفتگو باہم
ہمکو چشم لحاظ پاس وفا — اُن کو منظور التماس وفا
ترس جور فراق زیب بیان — سخن اشتیاق ورد زبان
نکلے ارمان خیال کے کیا کیا — ہوے وعدے وصال کے کیا کیا
ہاے بچپن مین دل کا آجانا — کچھ سمجھتے نہ تھے پہ کیا جانا
شوق آیا تو دل نیازی کا — کھیل کھیلے تو عشق بازی کا
شغل طفلانہ دل کے پاس گئے — ہوش کے آتے ہی حواس گئے
عمر تکلیف کی نہ آئی تھی — مینے تکلیف جب اُٹھائی تھی
ہوسنجے سن وقوف کو بھی نہ ہم — کہ ہوے واقف رموز الم
آہ درد زبان و لولہ تھی — نیم بسمل ہوئے یہ بسملہ تھی
کچھ نہ سیکھو سیکھا دیا دل نے — سبق الٹا پڑھا دیا دل نے
لذت آئی جو لفظ الفت سے — پڑھتے دائم الف کے آگے تے
بسکہ تھا دل مین شکوۂ بیداد — سبق الحمد کا نہ رہتا یاد

زلف و لب سرخط دل نگمین
نام لکھتے تو لیلی و شیرین

جور استاد کی خوشی ہوتی
عذر فریاد کی خوشی ہوتی

رونے کو اک بہانا ہو جاتا
حیلۂ آہ و نالہ ہاتھ آتا

بسکہ یاد نگارین روتے
تختۂ مشق اشک سے دھوتے

واو پڑھتے تو ہونٹ کاٹتے ہم
لام آتا تو لب کو چاٹتے ہم

بے کہے سے جو ہونٹ ہلجاتے
بوسۂ لب کے لطف یاد آتے

حفظ قرآن دیا مصحف رو
فرصت اک دم نہ روز و شب میں کبھو

دن کو ورد زبان سبق ناچار
رات بھر درس شوق کی تکرار

ہوس راحت آہ کیا کیا تھی
لے گئی بخت خواب میرا بھی

گھر سے عیش و طرب کے جوش گئے
میری نیند اقربا کے ہوش گئے

ہوے سرگرم چارہ و تدبیر
کیے کیا کیا علاج بے تاثیر

دستہ ہاے گل و ہجوم سمن
بستر خواب رشک صحن چمن

چشم بد کے لیے فسون سازی
تازہ ہر شب فسانہ پردازی

اڑ گیا اور بھی مرا آرام
حال تغییر مقتضاے مقام

ذکر ہجران سے رقتین آئین
وصل کی جاے حسرتین آئین

شہرۂ عاشقانہ ہونے لگا
حال میرا فسانہ ہونے لگا

گہ گے جو وصال ہوتا تھا
وہ بھی جی کا وبال ہوتا تھا

دیکھ وہ غمزۂ ہراس آلود
گہ آرزو تھی یاس آلود

شبنم و نرگس اسکی تر آنکھیں
جی بھر آئے دیکھکر آنکھیں

کان رکھو جو آہ پیہم پر
صد مژہ نو بنو رہے دم پر

آفت جان و دل فراق و وصال
الغرض یونہی کٹ گئے دو سال

جب پڑی دو نوں کی قلق کی دھوم
اتنے ملنے سے بھی ہوے محروم

اس نے ناچار پھر چھپایا منھ
اس وفا پر نہ پھر دکھایا منھ

لاکھ عاشق کی چشم بھر آتی — زندگی تھی وہ کیا نظر آتی
جوش خمیازہ ریزش انظار — چشم آغوش حسرت دیدار
بحر اشک آبیار گلشن ابر — نگہ یاس برق خرمن صبر
شوق پامال حسرت و حرمان — کف افسوس پنجۂ مژگان
سرمہ سا چشم آبناک ہوئی — آرزوے نظارہ خاک ہوئی
خاک مین جی ملا دیا غم نے — خاک اوڑائی کدورت دم نے
دل پہ جب یہ غبار بیٹھا یا — چرخ سے فتنہ گر کو رحم آیا
راہ پر آسمان کو لایا کچھ — طالع خفتہ کو جگایا کچھ
ہوئی شادی ہمارے یان یکبار — آئی مہمان وہ دولت بیدار
شرکت محفل سراپا زیب — اُسکے آنے کی ہوگئی تقریب
ایک خالی مکان مین آکر — مل گئی چپکے چپکے ڈھب پاکر
کیا ملاقات رشک تنہائی — دمبدم تازہ حسرت افزائی
دونون جانب سے نالہ و فریاد — شکوۂ جور و طعنۂ بیداد
گرد دل سے اڑین زمین کے ہوش — نالہ آسمان فگن کا جوش
صور کا نفخ اولین افغان — فتنۂ محشر آخرین افغان
اشک آنکھون سے متصل جاری — خون دل تا پلخت دل جاری
آرزو پائمال یاس وصال — لحظہ لحظہ خراب تر احوال
اس پر آیا زمانہ رخصت — دور ایام نے ندی فرصت
آگیا وہی دن مین روز نشور — منتشر ہوگئی وہ بزم سرور
آئے رنج و غم و تعب مہمان — گھر گئے اپنے اپنے سب مہمان
شعلہ زن آہ سینہ سوز وداع — مہر محشر آفتاب روز وداع
لاشۂ صور دوش افغان پر — اک قیامت بنی دل و جان پر
وہ ملاقات آخری ہے ہے — کیسی دلداریان مری ہے ہے

وہ نگاہ ہراس آلودہ — حرف امید یاس آلودہ
آرزوے وصال کی باتین — ممکن و احتمال کی باتین
سخن اتفاق سے تسکین — اثر اشتیاق سے تسکین
ہاے اُسکے دم فسون پرداز — چلتے چلتے سنا گئی آواز
لیک تسکین دل کہان مجکو — بیقراری زمان زمان مجکو
نکلے مُنھ سے کردن کوئی بات آہ — آہ تو میدی ملاقات آہ
ملکے بیٹھے تھے دونون ہم وہ جہان — روتے روتے بٹھا دیا وہ مکان
ہاے نے کعبہ نے کنشت پرست — بن گئے لیک سنگ و خشت پرست
سجدہ ہاے نشان پا ہون وہان — در و دیوار پر فدا ہون وہان
جاے جاے کی دان کی لیون بلائین — گے سر ٹیکین گہ گلے سے لگائین
خواہشین حسرتین سدا خون ہون — کاہشین لحظہ لحظہ افزون ہون
اُن کا احوال کچھ پریشان تر — چشم خونناب حسرت افشان تر
طبع نازک کو انکی تاب کہان — طاقت ضبط اضطراب کہان
دل تپان شوق ہمکناری سے — خفقان ضبط بے قراری سے
اک قیامت دل حزین پہ رہے — تہلکہ جان نازنین پہ رہے
ایک دن جی زیادہ گھبرایا — جان بیتاب کو نہ صبر آیا
ایک جان اور غم کا وہ انبوہ — ایسے نازک پہ شدت اندوہ
جوش یاس آسمان تلک ہے ہے — تاب لائے کہان تلک ہے ہے
تنگی دہر وحشت افزا تھی — تپش دل قیامت آرا تھی
بہر تسکین شدت خفقان — ٹھہری گلگشت روضۂ رضوان
گئی جنت مین بسکہ ایسی حور — ہوئی بیتاب کیسی کیسی حور
رشک سے خضر پائمال ہوا — ملک الموت سے وصال ہوا
کیون نہو گرم منت یزدان — دہن گور کو ملی یہ زبان

اثر حسن سے بنے یکبارگی رشک خورشید ذرہ ہائے غبار
مجکو جس وقت یہ خبر آئی بیہشی مرگ کی خبر لائی
پاس بدنامی اک ذرا نہ رہا ہوش ناموس و ننگ کا نہ رہا
خار خار غم آشکارہ ہوا مثل دل جامہ پارہ پارہ ہوا
ہوگئی بس کہ لوٹے خاک میں ہم جلد ہمرنگ کسوت ماتم
کیا نظر زخم اندرون آیا چشم سے روتے روتے خون آیا
نہ لیا پھر قرار نے آرام کھو دیا اضطرار نے آرام
سینہ کوبی سے دل فگار ہوا تیر حسرت جگر کے پار ہوا
دم اٹکتے اٹکتے ٹوٹ گیا سر پٹکتے پٹکتے پھوٹ گیا
آہ نے دل سے کیا اٹھائے دھوئیں چاہ بابل کے بس اوڑائے دھوئیں
سر اٹھایا خروش پنہاں نے اک قیامت کی آہ و فغاں نے
شور محشر خروش واویلا نفخۂ صور جوش واویلا
جی کو رشک زمین نے خاک کیا خواہش مرگ نے ہلاک کیا
موت پر نکلے آرزو کا دم یہ بنی دم پہ پر نہ بگڑا دم
نالہ آخر فسون ہوا دل کو رکتے رکتے جنون ہوا دل کو
چارہ سازوں سے نفرتیں کیا کیا حرف تسکین سے وحشتیں کیا کیا
پاس ربط وفا سے بھاگیں ہم دور دور اقربا سے بھاگیں ہم
ذکر درماں سے اور درد بڑھے نام تبرید سے بخار چڑھے
خصمی و کینہ غمگساروں سے دشمنی سخت دوستداروں سے
جان اسیر عداوت احباب بند غم دام الفت احباب
سختی چشم بدگمانی خانہ زندان کدہ میں زندانی
خفقان الفتوں سے ہمدم کی طوق گردن کناب دعم کی
شعلہ داغ جنون و فرق تنور دشت شفقت کہ آفتاب نشور

ابر رحمت تپ عذاب الیم — سایۂ مادر اشتراق جحیم
قطرہ قطرہ سرشک خال غمین — دانہ ہائے سلاسل سیمین
اُن بلاؤن سے چھوٹنا معلوم — اس سلاسل کا ٹوٹنا معلوم
غم کو وحشت فزائیان مشکل — رم کو زور آزمائیان مشکل
بے قراری کو جوش کا افسوس — خودنمائی سے وحشتین مانوس
ایک مدت تلک یہ حال رہا — ملک الموت کا خیال رہا
حسرت مرگ داد رس کیا کیا — خاک مین ملنے کی ہوس کیا کیا
خلش خار خار صد آزار — آرزوے ہلاک مین بیمار
درد مندی و بے دوائی حیف — زہر و خنجر کی نارسائی حیف
دور بینی ستم فریبون کی — چارہ سازی سم ان طبیبون کی
جب یہ دیکھا نہین بن آتی کچھ — نہین پیش انکے آگے جاتی کچھ
دل سے کی مشورت کہ کیا کیجے — کیونکر اس درد کی دوا کیجے
اس بلا سے نجات ہو کیونکر — رفع قید حیات ہو کیونکر
کس طرح سے یہ سلسلے ٹوٹین — حلقۂ اقربا سے ہم چھوٹین
یون کہا دل نے اے زبون تقریر — نہین اسکے سوائے کچھ تدبیر
کہ ذرا جان کو سنبھالو تم — بات جب ہے کہ بات ٹالو تم
چارہ سازون کو ہو نہ حیرانی — نہ کرین اس قدر نگہبانی
جان کا ہو علاج فرصت مین — کھا سکو زہر گنج خلوت مین
بات دل کی مجھے پسند آئی — ضبط بے طاقتی کی ٹھہرائی
نفس تیز تیز کو روکا — نالۂ شعلہ ریز کو روکا
ظاہر آزار کچھ غرض نہ رہا — لاغری کے سوا مرض نہ رہا
فرق جوش و خروش مین آیا — مین بصد زور ہوش مین آیا
صبر یان بہر حیلہ و تدبیر — اور اطبا کو دعوے تدبیر

کیا کہون اس فسون کا افسانہ — عاقلون کو بنا یا دیوانہ
ہل نہ سکنے پہ شکر تاب کرین — غش بھی ہو تو خیال خواب کرین

بار دوم گرفتاری دام بلا و نغمہ سنجی بعد فریاد و واویلا

ایک دن مجکو جوش بیہوشی — خواب ناز جہان فراموشی
ضعف سے طاقت آزما غفلت — ہوش رو پوش و خود نما غفلت
اس مین اک بوے جانفزا آئی — جان پر غش کے کیا بلا آئی
کر دیا رشک صحن باغ مشام — واہ بوے تن سمن اندام
بیخودی کو حواس یکبار آئے — ہوش تو آئے لیک ناچار آئے
غش سے مجکو افاقہ ندرت ہے — نہ چلے بس خدا کی قدرت ہے
کھل گئے کیا در فرا بستہ — ہو گئی باز چشم وا بستہ
دیکھتا کیا ہون ایک زہرہ جبین — جلوہ افروز ہے سر بالین
سال عمر اب تھے ہم شمار بروج — کہ ہوا اختر بلا کا عروج
چرخ نے داغ نو دیا مجکو — والہ اس ماہ کا کیا مجکو
صدمۂ جان گسل دوبارہ ہوا — جون کتان سینہ پارہ پارہ ہوا
دیکھ زانو پر اسکے سر اپنا — تھا دماغ آسمان پر اپنا
جان سی آگئی کہ تھا سرشار — آب حیوان سے جام زانوے یار
کیا لہون پرسش نگاہ کرم — چشم سے غمزہ داد خواہ ستم
ذکر امید خاطر محروم — سخن دلدہی کا جوش و ہجوم
حرف منہ سے جو اسکے نکلے پڑین — ایک غنچہ سے لاکھ پھول جھڑین
دیکھ اس لب کی گوہر افشانی — ہو گیا آب ابر نیسانی
حال پوچھا جو ناتوانی کا — بڑھ گیا زور سخت جانی کا
لب جان بخش چارہ جو کیا کیا — الفت آلودہ گفتگو کیا کیا

واہ اس لب کی چارہ فرمائی — بات میں آگئی توانائی
شادیان دل کو ہمکناری کی — ہائے باتیں وہ دوستداری کی
پوچھنا اب مزاج کیسا ہے — غش یہ پھر تمکو آج کیسا ہے
دیکھو کس کس کا ہے بُرا احوال — یہ بنایا ہے تمنے کیا احوال
جان سے یون گذر نہیں جاتے — موئے کے پیچھے مر نہیں جاتے
حظ اُٹھاؤ ذرا جوانی کے — کچھ مزے دیکھو زندگانی کے
عمر رفتہ کی جستجو کب تک — اپنے مرنے کی آرزو کب تک
آخر اک روز جان جانی ہے — یہی دو دن کی زندگانی ہے
جاکے خلد بریں میں مل لینا — دادا امید ہائے دل لینا
پھر نہوگا کبھی فراق تمھیں — ہے گر ایسا ہی اشتیاق تمھیں
واں کسی سے نہ بات کیجو تم — حور کا بھی نہ نام لیجو تم
یاں تو ممکن نہیں وصال اس کا — خواب آشفتہ ہے خیال اُس کا
گریۂ چشم تر سے کیا حاصل — نالۂ بے اثر سے کیا حاصل
اک ذرا آپ کو سنبھالو بس — مثل غم حسرتیں نکالو بس
آگئے جان کو قرار و ثبات — واہ اُسکے کلام کی کیا بات
نفس جانفزا کلام تھا — کیا کلام اس میں کیا کلام تھا
چارۂ درد و غم کیا میں نے — بس گلے سے لگا لیا میں نے
ابر اشک طرب کا باعث واہ — بن گئے ہاتھ میرے ہالہ ماہ
صبر آنے لگا مجھے کم کم — شوق جتنا بڑھا ہوا غم کم
متصل کی جو اُسنے دلداری — نرہی زندگی سے بیزاری
ہوس مرگ و وصل کی خواہش — مبتلائے فزایش و کاہش
ہمدم و ہم مزاج لیل و نہار — حسرت خفتہ دولت بیدار
آخر آرام آگیا جی کو — چھوڑ کر غم چلا گیا جی کو

روز گلہائے انبساط کا جوش — ہر سحر خندۂ نشاط کا جوش
کیسی دونوں طرف سے یک لخت ہوئی — دونوں جانباز محو دلجوئی
چشم الطاف چارہ جو باہم — کیا نگہ ہائے آرزو باہم
دمبدم تازہ محفل آرائی — دلدہی دلبری دل آرائی
کس قدر تشنہ کام آب وصال — کاسۂ چرخ جام آب وصال
دائما ساغر سبو بے کار — مستی اشتیاق بوس و کنار
ربط جذب دل و اثر کیا کیا — دونوں مشتاق یکدگر کیا کیا
کوئی آیا تو ہٹ گئے ناچار — ورنہ ہر لحظہ شغل بوس و کنار
اک برس تک یہی رہا عالم — زندگی کے مزے اٹھائے بہم
بعد یک سال خصم دیرینہ — چرخ بیداد گر زمین کینہ
آگیا اپنی کج خرامی پر — غش ہوا واژگونہ کامی پر
کیسی جلدی سے آگئی شب تار — دن پھرے تھے سو پھر گئے یکبار
ہو گئے نجم سعد سرگشتہ — ہائے بیداد بخت برگشتہ
کیا پامال سیر اختر نے — پانوں پھیلائے نحس اکبر نے
راہ پر اپنی آسمان نہ رہا — زہرہ برجیس کا قران نہ رہا
پھر وہی شوق دشت و جوش جنون — اپنے وادی پر آگیا گردون
اس مصیبت کی ابتدا یہ ہے — ظلم دوران کا ماجرا یہ ہے
ایک دن ہم موافق معمول — تھے نشاط و سرور میں مشغول
بادۂ شوق وصل سے مدہوش — محو لذات بوسہ و آغوش
بیخود اشتیاق کیا کیا ہم — گلے لپٹے پڑے ہوئے باہم
نیند دونوں کو آگئی ناگاہ — بخت بھی اپنے ساتھ سو گئے آہ
حائل اک پردۂ حجاب نہ تھا — ہوش جاتے رہے تھے خواب نہ تھا
ایک حیالہ وان چلی آئی — اپنے سر پر بلا نئی لائی

دونون کو حسب مدعا دیکھا — چشم بد دور اُسنے کیا دیکھا
آن کر سب مین کر دیا بدنام — اس کینہ کار نے کیا کیا کام
خوش بیانون کو بات آئی ہات — بدزبانون کے مُنہ پڑی یہ بات
بذلہ سنجون کو اک بہانہ ہوا — بڑھتے بڑھتے سخن فسانہ ہوا
بات عصمت مین بے سخن آئی — حرف گیرونکی بات بن آئی
بیخبر کیسے چونک اُٹھے یکبار — فتنہ خفتہ ہو گیا بیدار
ہم بھی سوتے اٹھے جو بعد زوال — ہو گئی خواب آرزوے وصال
دیکھتے کیا ہین ایک قیامت ہے — شور محشر دم ملامت ہے
گھر مین ہے سبکو اضطراب نشور — دہن یاوہ گو ہے روزن صور
نفس ہم ہے صرف طنازی — عیب جوئی و جوش غمازی
آنکھ کچھ سب کے سب چرانے لگے — بے مروت نگاہ آنے لگے
لب پہ ہر اک کے حرف ناگفتہ — گل نوغنچہ ہاے نشگفتہ
کیا جگر سوز حرف بے ادبی — برق گل خندہ ہاے زیر لبی
یاس و محرومی امان و شفیع — تیر باران طعنہ و تشنیع
کوئی کہتا تھا کیا کہے کوئی — کس سے یہ ماجرا کہے کوئی
کوئی کہتا تھا آپ کی کیا بات — اتنی سی عمر اور یہ حرکات
دیکھنا عشق کی فسون سازی — کھیل بچون کا ہوئے جانبازی
اور ہم دونون رہن حیرانی — کہ کھلا کیونکہ راز پنہانی
دو گھڑی کی ہی بات کچھ بھی نہ تھا — کوئی واقف نہ تھا کہ بات ہی کیا
اتنے مین ہو گئی خبر کیونکر — ہوے بدنام اس قدر کیونکر
کیون ہوا بگڑی اپنی عالم مین — گل کھلایا یہ کسنے اک دم مین
فکر و تدبیر و چارہ تھے باہم — مشورے کر رہے تھے کیا کیا ہم
اتنے مین ایک نے کہا آکر — گھر مین ہو آیئے ذرا جاکر

آپ کی سب کو یادگاری ہے — ہوگئی دیر بے قراری ہے
کہدیا ہے جو حرج کا رنہو — دیکھنا ہمکو ناگوار نہو
تو ذرا ایک دم کو آجاؤ — اپنی صورت ہمین دکھا جاؤ
وہ سدا تھی سموم جان آزار — میرے اوسان اُڑ گئے یکبار
وان سے ناچار آئے ہم گھر مین — پانون رکھتے دہان اژدر مین
ڈر سے ہر گام لغزش پا تھی — ایسی مستی خمار مین کیا تھی
آستانہ پہ جو قدم رکھا — سر تہ بار ننگ غم رکھا
دیکھتا کیا ہون سارا گھر ہے غمین — جو نظر آئے ہے سو چین بجبین
دیدۂ مار چشم مردم ہے — مژہ ہر ایک نیش کژدم ہے
اقربا کی نگاہین قہر آلود — دست دشمن مین تیغ زہر آلود
نغمۂ دہیک تھی صدائے قدم — ہوئی آگ آتے ہی صدائے قدم
دیکھتے ہی دل اودھر آیا — چشم نم مین لہو اُتر آیا
منہ مین آیا سو ناصحون نے کہا — پاس کیا ہو کہ ننگ ہی نہ رہا
نہ کی اُس جوش جانگدازی مین — کوتہی کچھ زبان درازی مین
گھر سے اوٹھی صدا ملامت کی — ایک اک نے جدا قیامت کی
بدزبانون نے آکے منہ پہ کہا — جا کہ تو اپنے کام کا نرہا
دور بس یان نہین ہے تیرا کام — گھر سے خانہ خراب کو کیا کام
ہمکو بدنام کر دیا تو نے — اے زبون کار کیا کیا تو نے
کہین کس منہ سے جائینگے اب ہم — ہائے کیا منہ دکھائین گے اب ہم
تجھ سے بے نام و ننگ کو کیا عیب — دل لگا کر ہمین لگا یا عیب
کیون نہ آنکھین لڑاتے آئی حیا — تیری آنکھون سے یہ لحاظ گیا
ہم سمجھتے تھے اب تلک معصوم — یہ سیہ کاریان نہ تھین معلوم
جانتے تھے کہ ہے ابھی بیہوش — کیا خبر تھی کہ یان ہین ایسے ہوش

لاغری کی جو یون حکایت تھی — جو رہ استاد کی شکایت تھی
ہوے واقف نہ حرف مطلب سے — بیٹھنا وان تھا اوٹھ کے مکتب سے
سر مفہوم کا دماغ کہان — جب مزا دے زبان کو میم دہان
نام کو خاک مین ملایا حیف — تونے جون کاف سر اٹھایا حیف
تو سہی ہم بھی ناک مین دم لائین — بھیجین مکتب مین پھر بزور پڑھائین
کب تلک در گذر بھلا ہووے — کیا کیا یہ ترا بُرا ہووے
ہم سمجھتے تھے گھر کی آبادی — تونے کی ہاے خانہ بربادی
نہ ڈرا یہ کہ کھل نجائے کہین — کوئی آخر مرے بھی ہے کہ نہین
آرزو تھی کہ نکلین گے ارمان — کد خدائی کے کرتے تھے سامان
نسبتون کے کلام تھے کیا کیا — جا بجا سے پیام تھے کیا کیا
اس توقع سے اب ہوے مایوس — آگیا حرف بات مین افسوس
سُنکے ایسے صفات نا معقول — نہ کرے گا کوئی جہان مین قبول
نہ ہوا تجکو پاس اپنا کچھ — دور سمجھا تو آپ کو کیا کچھ
دشکن حرف نادرست درست — طنز عبرت فزا درست درست
راے سالم بلا بلا انگیز — سخن لطف بھی جفا آمیز
طعنہ حرف نصیحت آلودہ — طرز تفہیم وحشت آلودہ
کہ سُنا اب بھی چھوڑ دے یہ خیال — خواب ہوجائے تا پریشان حال
عزت وشان خاندان کو دیکھ — جاہ ہم اوج آسمان کو دیکھ
جون زمین بس ذلیل وخوار نہو — دل احباب کا غبار نہو
جون فلک کجروی سے باز آتو — پھر نہ ہمراہ ماہ سیما تو
کیون روش تیری بے محابا ہے — یہ چلن سب خلاف آبا ہے
کسنے یون سعی عشقبازی کی — کس نے اس طرح ہرزہ تازی کی
کون تھا محو آئینہ رو کا — تشنہ لب آب تیغ ابرو کا

کسکی آنکھین تھین فرش رہ ہر گام — کون تھا پائمال طرز خرام
کسکو تھا اشتیاق چشم سیہ — کون تھا تختہ مشق کلک مژہ
کس کو تھا شوق مصرعۂ گیسو — منتخب کس کی تھی بیاض گلو
غش ہوا کون عنبرین مو پر — دم دیا کس نے تیغ ابرو پر
کسکو تھا ان خرابیون سے کام — کون تیرے سوا ہوا بدنام
باعث عبرت جہان تو ہوا — ہاے کیا ننگ خانمان تو ہوا
تیرے جینے سے جیسے دل تھا شاد — اب خوشی موت کی ہوا ے ناشاد
سُن کے مین نے کہا عتاب کے ساتھ — گر یہ آیا مجھے جواب کے ساتھ
بات کہنے مین رو دیا مین نے — جو جواب آیا سو دیا مین نے
عرض کی وجہ افترا کیا ہے — روے دیتے ہو ماجرا کیا ہے
خیر ہے کیون خیال مفسدہ ہے — کس شر انگیز کا یہ شعبدہ ہے
کس طرح جھوٹی باور آئی بات — کیون بگڑتے ہو ہے بنائی بات
مجھ سا نادان عشق کیا جانے — شوق زلف سیہ بلا جانے
آپ کو مین ہلاک کرتا ہون — لیے مرتے ہو کس پہ مرتا ہون
بے گنہ انتقام لیتے ہو — دل نہ دینے کے طعنے دیتے ہو
جھوٹی اک آدھ جب قسم کھائی — سمجھے سچ ہے یہ سن و شیدائی
صاف طوفان اسکو جان گئے — دشمن جان اسکو جان گئے
کی وہان جانے کی مگر بندی — مجھسا دل بند اور نظر بندی
دام تار نگاہ مین ہین اسیر — حلقۂ چشم حلقۂ زنجیر
ہاے کس نور چشم پر تاکید — لگے آنکھون مین رکھنے بس دید
اب کہان وہ وصال تنہائی — غم عزلت ملال تنہائی
سعی آرام و نا صبوری ہاے — خوگر وصل و رنج دوری ہاے
پیش دل کی حدتین کیسی — مجھ سے نازک پہ شدتین کیسی

صید محرومی آرزوے وصال — سعی پرواز و شوق بے پروبال
حسرت آمادۂ طلبگاری — عزت افتادۂ رہ خواری
محشر آبادِ یاس و حرمان دل — خانہ زادِ جنون پریشان دل
خارِ غم تیز سینہ کاوی مین — مژہ سرگرم خون تراوی مین
نالۂ قیس جوش واویلا — روزِ غم ہم تجلی لیلے
جاے اختر گنون ستیزہ شعار — شب ہجران جواب روز شمار
چین بیم بلا نہ ہونے دے — چشم چپ کی پھڑک نہ سونے دے
شوق نظارہ سے نگہ بیتاب — نجم سیارہ دیدۂ بے خواب
جان مصیبت کش خمار مدام — خواب و خور صورتِ شراب حرام
گرم بازار گریۂ ہمہ جوش — دیدۂ نم دکان شیشہ فروش
دل تنگ و ہجوم درد و محن — زخم نو ہمنشین داغ کہن
نفس گرم و شعلہ افشانی — سوز تقریر دوزخ ثانی
جھڑے پھولونکے بدلے منھ سے شرار — رشک گلریز آہ آتشبار
شعلۂ آہ سے فلک بیتاب — حوت ہم داغ ماہی بے آب
بیخودی مین نہ بات کا سر پا نون — اڑ گئے ہوش رکھ کے سر پر پا نون
چاک دل کشت زعفران دیدہ — رخ گلگون گل خزان دیدہ
مرتے مرتے نہ دیکھا میر منھ — رنگ رفتہ نے ایسا پھیرا منھ
جون ہوا چاک وہ دہن سلوانا — کیا گریبان جنون کے ہاتھ آیا
متصل خیر باد لب پر آئے — پر نہ یہ بیچیا مصیبت جائے
زخم پنہان سے دل ہوا گلزار — گل کھلا تھا سو اسکی دیکھی بہار
دھیان سے جلد ہوش جانے لگا — یاد سے پیشتر غش آنے لگا
مہر و مہ دونون دشمن کین توز — داغ دین کیا نئے نئے شب و روز
دم شماری مین گذری ساری رات — نفس واپسین مین سب اوقات

خواب کیسا کرون تصور بھی — چشم وا بند ہو سکے نہ کبھی
غم نگہبان دیدۂ بیدار — آنکھین دکھلاے حسرت دیدار
وہم درمان دل کرے ہر شب — مشکل بستر سے مشورے ہر شب
شعلہ رو کا خیال جان جلاے — شمع بالین کو دیکھ رونا آئے
دھیان مہتاب پر کبھی جو جاے — لوٹتے لوٹتے سحر ہو جاے
چیرہ دستی کرے جنون بیباک — صبح کے ساتھ ہو گریبان چاک
سامنے جو وہ مہروش آئے — مجکو جون تاب مہر غش آئے
گر پڑون صحن خانہ مین ناچار — صورت سایۂ در و دیوار
شوق دیدن کو بسکہ جوش آئے — بیقراری سے مجکو ہوش آئے
دیکھ کر اسکی جلوہ فرمائی — مضطرب دیدۂ تماشائی
خواہشین دل کو ہو دین شدت سے — بیٹھا دیکھون نگاہ حسرت سے
آرزو لذتین اٹھانے کی — پہلوے شوق مین بٹھانے کی
گلے لگنے کو بسکہ جی ترسے — مستعد دل کہ گر پڑے برسے
جان کو ٹھہرنے کی تاب کہان — چین لینے دے اضطراب کہان
مضطرب سامنے پھرون ناچار — ورد لب اپنے حسب حال اشعار
برق بیتاب شرمساری ہے — بیقراری سی بیقراری ہے
وصل کی آرزو نے قتل کیا — غم فرقت نے انتقام لیا
دست بردالم سے ہون پامال — تیرے سر کی قسم نہین ہے حال
تیرے بن زیست کسکو باقی ہے — نام مردن سے لذت آتی ہے
بے ملے چین کیونکہ دم بھر آئے — جان جاتی ہے صبر کیونکر آئے
کیسی قسمت ہماری پھوٹ گئی — تیرے ملنے کی آس ٹوٹ گئی
بے خبر تھے کہ چین آیا تھا — طالع خفتہ نے سلایا تھا
سجدۂ شکر نے نہ کی تاثیر — کیسی اپنی الٹ گئی تقدیر

میرا اختر سے ہون مین سرگشتہ — نہ پھرے ہائے بخت برگشتہ
ہو گئی رجعت آہ گردون کو — عکس تھا مجھ سے بخت واژون کو
ماہ نے خاک پر لٹایا ہے — گردش مہر نے جلایا ہے
کیا فروغ آتش فراق مین ہین — مشتری ذہرہ احتراق مین ہین
جان پامال راس ہے جون خاک — سیر مریخ نے کیا ہے ہلاک
ہے عطارد کو ان دنون مین وبال — خط تقدیر مٹ سکے یہ محال
ہندوے چرخ نے تباہ کیا — روز روشن مرا سیاہ کیا
دور لیل و نہار نے مارا — ستم روزگار نے مارا
بگڑے ایام کسقدر افسوس — بن گئی کیسی جان پر افسوس
درد دل ہر طرح سناتے ہم — بیحواسی سدا جتاتے ہم
کچھ نہ کچھ کر گئے اثر طعنے — کہ ہوا مہربان فلک ہمنے
گئی دن بعد ایک شب تنہا — اتفاقاً ملی وہ مہ سیما
بس مجھے دیکھتے ہی رونے لگی — سلک گوہر نثار ہونے لگی
گریہ رہ رہ کے بار بار آیا — جھوم جھوم ابر نوبہار آیا
لب پہ ہر دم وہ نالۂ غم کش — رعد جس کا نہ ہو سکے دم کش
نفس گرم کا قلق وسواز — غیرت برق شعلۂ آواز
چاہے وہ چپ رہون پہ رہ نہ سکی — جی مین دل کی کہون پہ کہ نہ سکی
جوش مین درد دل کہا کب جاے — یون ہین برباد حرف مطلب جاے
آخر اس دلولے سے صبر کیا — جی پہ بے اختیار جبر کیا
دل کو لب کی طرف رجوع کیا — قصہ درد و غم شروع کیا
کہ ترے واسطے مین خوار ہوئی — بے حجابی سے شرمسار ہوئی
کیسی رسوائیان ہوئین ہے ہے — محشر آرائیان ہوئین ہے ہے
مضطرب ساز جان نذمت ہے — صبر اب بھی نہین یہ شامت ہے

تیری الفت تھی دشمنی اپنی — کیا کہون تجھ سے مین بنی اپنی
تیرے پیچھے غضب ہوا کیا کچھ — پیش آئین بلائین کیا کیا کچھ
کاوش افسرباکی دل شکنی — طعنۂ دشمنان کی نیش زنی
خلش خار رخار ریخ وملال — اضطراب فراق وشوق وصال
یہ خزان اور بلا جنون کا جوش — دمبدم اشک لالہ گون کا جوش
جس جگہ کرتے تھے بہم آرام — وحشت آتی ہے دیکھ کر وہ مقام
سگ گزیدہ کی طرح ہون مضطر — کاٹ کھانے کو دوڑتا ہے گھر
چین نے مضطرب کیا مجھکو — تیرے ملنے نے کھو دیا مجھکو
یاد آتے ہین وصل کے آرام — ہون مین بیتاب گردش ایام
اگلی باتین تمام بھول گئی — شوخی آلا کلام بھول گئی
مین کہان اور کہان فسانۂ عیش — ہوگیا خواب سازمانۂ عیش
مین کہان اور فکر آرائش — سادگی بھی ہے رنگ آسائش
مین کہان اور کہان وہ ناز وغرور — بات کرنے کا بھی نہین مقدور
مین کہان اور کہان خود آرائی — بیخودی ہوگئی تماشائی
نہ رہا رنگ شوق آئینہ کیا — روے حیران کا معائنہ کیا
ہے نظر مین مرے سیہ عالم — سرمہ آلودہ کیا ہو دیدۂ نم
چشم خود بینی آنکھ دکھلائے — بن ترے دیکھے کیا نظر آئے
چشم میگون ہے خون ناب فشان — رگ حلق بریدہ ہے مژگان
ہر شب غم یہ جوش ماتم ہے — کہ شب عشرۂ محرم ہے
نیند آتی نہین کسی ڈھب سے — آنکھین ملتی ہین لیک کوکب سے
شام سے چشم بادیہ نمناک — ہجر مین کیا لگے پلک سے پلک
سبزۂ خفتہ سنبل شاداب — خار بستر ہے خواب بستر خواب
لذتین شور شون مین آتی ہین — حسرتین جان کھائے جاتی ہین

منھ مین پڑتی نہین ہے کھیل اُڑکر — زندگانی ہے غصہ کھانے پر
بھوک بھی گر لگے تو غم کھاؤن — تشنگی ہو تو اشک پی جاؤن
زندگی ناگوار ہے تجھ بن — پانی اُترے گلے سے کیا ممکن
تلخ کامی ہے شہد ناب کے گھونٹ — زہر کے گھونٹ ہین شراب کے گھونٹ
گفت پر کچھ یہ تاب لاتی ہے — کوئی سندان کہ میری چھاتی ہے
ایسے صدمے اٹھانے ہین مشکل — مجکو کہنا بجا ہے سنگین دل
جھڑتے ہین جذبۂ خلق سے شرار — ہے جگر سنگ و سنگ آتشبار
تپ غم شعلہ زن ہے سینے مین — بوے خون آتے ہے پسینے مین
نالہ کے ساتھ دل مین اٹھے ہے درد — آہ کی طرح دست و پا ہون سرد
خون فشان دیدۂ پر آب رہے — حال گھر کی طرح خراب رہے
اگر امید بر نہین آتی — جان رہتی نظر نہین آتی
ابتدا مین تھے کیسے کیسے سرور — سچ ہے پر کیسے کیونکر اب سے دور
آخر کار دیکھیے کیا ہو — وہی کچھ ہو تو کیا تماشا ہو
آپ کی چاہیے کوئی تدبیر — آگے جو ہوے خواہش تقدیر
ڈھب انھین کے خیال مین آیا — سوچتے سوچتے یہ فرمایا
بیند آخر تو ساری رات نہین — سہر شوق سے نجات نہین
جبکہ اک ایک گھر مین سو جاوے — بیخود اپنی طرح سے ہو جاوے
آؤ تم یان پہ ہوشیاری سے — پختگی سے نہ خام کاری سے
رہین بیدست و پائیان ہر گام — ہین گران دل کو پر سبک ہو خرام
خاک بھی جون نشان پا نہ اُٹھے — پاؤن اٹھے و لے صدا نہ اٹھے
بانگ پا چشم بستہ کی ہو نظر — خاک زیر قدوم مژہ اثر
حال سے بے خبر رہین غماز — نکلے حسرت نہ پاؤن کی آواز
اب کی یہ بات گر ہوئی مشہور — پھر ملون تم سے اس کا کیا مذکور

آ کے یاں بھی نہ پاؤن پھیلانا — اب نہووے گا شب کا رہجانا
یہی بس ایک دو گھڑی ٹھہرے — نہ کہ دل بھرے بلکہ جی ٹھہرے
یون بھی چندے اگر رہی اوقات — راہ پر آئے چرخ بد حرکات
دور ایام کچھ ستم نہ کرے — شب عشرت کو روز غم نہ کرے
دولت بے زوال جانین ہم — شب و روز وصال جانین ہم
کیا کہون مین کہ سنتے ہی یہ نوید — ہو گئی کیسی اپنے گھر مین عید
سر کو پاؤن پہ دھر دیا مین نے — سجدۂ شکر یون کیا مین نے
صدقے کیا کیا نہ مین ہوا اسکے — گلے کس کس طرح لگا اسکے
ہو گیا پھر فسانہ شکوۂ غم — قسمت بخت خفتہ خواب عدم
کم کم امید بارے بر آئی — رات اس مین زیادہ تر آئی
اس نے رخصت کیا بہ مجبوری — پھر وہی ہم وہی غم دوری
آئے گھر مین تپ الم کے ساتھ — شعلے دل سے اٹھے قدم کے ساتھ
گھر مین آتے ہی وان کا دھیان آیا — چلد یا صبر جون مکان آیا
تا سحر جان پر عذاب رہا — ماہ کی طرح اضطراب رہا
صبحدم پھر وہی نظر بازی — چشم ناز اور ناوک اندازی
درد ایما حکایت مطلب — نظرون مین وثوق وعدۂ شب
انتظار سواد روزگذار — سرمۂ چشم آرزو شب تار
نگہ دیدۂ فروغ سواد — طرف مہر مہروش سے زیاد
دودۂ شام نقش صفحۂ میل — شوق تفسیر سورۂ ذلیل
دن ملاقات کا خوشی سے کٹا — دل بڑھا جسقدر کہ روز گھٹا
تھی یہی حالت آدھی رات تلک — دمبدم چشم شوق سوے فلک
غور تثلیث چشم کوکب مین — آرزو وصل کی دل شب مین
نیم شب جب ہوئی عنان کش دل — جانب منزل مہ کامل

تھا ستم فکر خواب ناز کا وہم — نگہ چشم نیم باز کا وہم
ہوے آنکھوں سے ڈرتے ڈرتے رواں — لغزش پا تھی جنبش مژگان
تیرہ بختی نے کیا ڈرایا تھا — سایہ اپنا پری کا سایہ تھا
فکر رفت و نشست و گشت ستم — بارے پہونچے ملے پھر آئے ہم
اور کسی کو ذرا خبر نہ ہوئی — انجم نخس کی نظر نہ ہوئی
لطف چرخ بلند پیشانی — دیدۂ مہر نے کی نگہبانی
نہ ہوئی چشم عیب بینا باز — نہ ذرا سر اٹھا سکے غماز
خواب سرخوش نے سر دبائے رکھا — بخت بیدار نے سلائے رکھا
رہی پوشیدہ گر مجوشی شب — کھل گئی ہم پہ پردہ پوشی شب
دوسری رات بھی وصال ہوا — روز فرقت کا انتقال ہوا
نہ ہوا بارے پھر کوئی آگاہ — بیحواسون کی ہوشیاری واہ
جب ہوئی خاطر پریشان جمع — پھر تو ہر شب بسان شعلہ و شمع
کین عجب گر مجوشیان دل نے — لگے اس برق جلوہ سے ملنے
قصہ کوتاہ اک زمان دراز — نہ ہوا گھر مین کوئی محرم راز
ایک شب جوش انبساط و سرور — ساغر مہ لبالب مے نور
ظلمت شب بیاض روز سپید — قمر دکاسہ لیسی خورشید
ہر سحر اختر جواب ماہ و شان — حسن من برق خط کاہکشان
شرم اس شب سے شمع طور کرے — لیلۃ القدر اخذ نور کرے
جلوۂ ماہتاب نور فشان — پردۂ سایہ ہم قماش کتان
ذرہ ذرہ غبار نورانی — صبح محشر کی سی درخشانی
جون دل صاف کاشف اسرار — ہم فروغ ضمیر شب بیدار
روشنی سے نظر کو پاے نظر — نگہ چشم مور آئے نظر
عالم آئینۂ تجلی ذات — جنبش عرش گردش اوقات

زیر خاک آسمان دکھائی دے — بے نشان کا نشان دکھائی دے
مجکو یہ رنگ دیکھکر وسواس — کثرت اشتیاق پر یہ ہراس
کہ کوئی محو ماہتاب نہ ہو — چشم وا پائے بند خواب نہو
دیکھ لیوے وہ آتے جاتے مباد — اُٹھ کھڑے ہون کچھ اور فتنے فساد
آج جانا وہان کا خوب نہین — بات بن کر بگڑ نہ جائے کہین
پر دل بے قرار رہ نہ سکا — صدمۂ اشتیاق سہ نہ سکا
دیکھتے ہی مجھے وہ گھبرائی — پاس گم کردہ ہوش و صبر آئی
لگی کہنے غضب کیا تونے — مجکو رسوا پھر اب کیا تونے
چھوڑ دے ہاتھ کیا پکڑتا ہے — جا ابھی کوئی آپکڑتا ہے
دور تجکو نہین ہے پاس حیا — شرم آتی نہین یہ ننگ گیا
مین نے منت سے التماس کیا — کہ محبت نے بے حواس کیا
کیا کرون دلپہ اختیار نہین — جان کو تیرے بن قرار نہین
تھم گئی بارے اضطراب کو دیکھ — ٹھہری یک لحظہ پیچ و تاب کو دیکھ
دل مے وصل سے خراب ہوا — پھر یہ ناکام کامیاب ہوا
اُٹھ گئی یک جلد وہ خود کام — مین ہوس کا رہ گیا دل تھام
گھر مین آیا ولے مین خود رفتہ — شعلہ بے تابی دل تفتہ
تپش دل سے درد پہلو مین — جان بے طاقتی کے قابو مین
نہ تھما جی تو اٹھ کے پھرنے لگا — ہر طرف سایہ وار گرنے لگا
جب کسی طرح سے نہ صبر آیا — سادگی نے یہ نقش بٹھلایا
کہ جوان پھر چلو تو ڈر کس کا — ہوش رکھتے ہین بے خبر کس کا
لے چلا کھینچ اضطراب مجھے — کہ نہ تھی کشمکش کی تاب مجھے
یک بیک ہر گام مجکو وہم آجائے — اپنے کھٹکون سے آپ سہما جائے
صحن مین تھا کہ بولی اک زن پیر — ہین یہ دونون جوان کیسے شریر

ہم تو بیخوابیون سے مرتے ہین — آپ ہر رات چین کرتے ہین
تو سہی صبح دھوم اٹھاؤن مین — فتنہ خفتہ کو جگاؤن مین
اٹھتے ہی یہ صدا کھڑے ہوے کان — آڑگیا وان سے بس مین جون اوسان
گھر مین آیا یہ خوف سے جی جائے — فتنہ اُٹھنے سے جان مٹھی جائے
کیا خیال و گمان کے نیر نجات — تھے بہت سانگ اور تھوڑی رات
صبح کا دم بھی ڈر سے کیا نکلا — مہر نکلا تو کانپتا نکلا
اڑگیا رنگ رو برنگ شفق — ہوگیا جون سحر مرا منھ فق
منتظر اب قیامت آتی ہے — تیرہ روزون کی شامت آتی ہے
راز شب آشکارا ہوتا ہے — شور محشر دوبارا ہوتا ہے
سارے دن دمبدم یہی وسواس — رشک روز نشور ہوش و حواس
لیک راز نہان نہان ہی رہا — بارے اسکے کہے سے کچھ نہ کہا
بسکہ یہ بھی خیال تھا کہ مباد — متردد ہو اُس کی خاطر شاد
زنگ اندیشہ آئینہ پر ہو — مجھ سے وہ صاف دل مکدر ہو
تھا مین اس گھات مین کہ گر اک آن — ملے تنہا وہ راحت دل و جان
عذر تحریک اضطراب کرون — شکوۂ جوش پیچ و تاب کرون
سو سر شام اُدھر ہوا جو گذار — ملی تنہا وہ شمع شعلہ عذار
چشم نم سے پڑی نظر مجکو — ہوگئی آگ دیکھکر مجکو
لگی کہنے کہ چل ہوا کھا بس — جی بھر آئے ہے چلا جا بس
پاس اپنے بٹھانے سے تیرے — کھڑے ہوتے ہین رونگٹے میرے
چاہیے دل کے بدلے لاگ لگے — جل گئی جان تجکو آگ لگے
واہ کیا خوب آشنائی کی — سخت بیگانگی برائی کی
مورد طعن شیخ و شاب کیا — ساتھ اپنے مجھے خراب کیا
تجھ سے اب دل لگائے وہ ناکام — جس کو ہونا ہو خلق مین بدنام

کیون نہ دل مین مرے کدورت آئے
کیا کیا یہ تو خاک مین مل جاے

ڈھونڈھ لے اور کوئی مہ رواب
ہاتھ اٹھا میرے ملنے سے تو اب

کیون زیادہ ہے مجلس آرائی
ابھی کچھ کم ہوئی ہے رسوائی

مین نے کی جتنی معذرت نہ سنی
شوق دل کی مبادرت نہ سنی

رحم آیا نہ خستہ حالی پر
ضد رہی اپنی لاابالی پر

خواہش گردش زمانہ ہوئی
مہربان وہ قہر لقانہ ہوئی

بات بگڑی زیادہ افغان سے
منھ بنا کر وہ اٹھ گئی وان سے

مین بھی ناچار ہو چلا آیا
قرعہ برعکس مدعا آیا

نجم طالع کو پھر زوال ہوا
اپنا گھر خانہ وبال ہوا

قلق وجوش منفعل کیا کیا
مجھ سے بیتا بیان خجل کیا کیا

اس عداوت پہ ربط زاری سے
بارے اس کین پہ بیقراری سے

گہہ غم ہجر وگاہ یاس وصال
جون زمان دمبدم تغیر حال

کبھی جون سایہ خاک پر گرنا
کبھی بیتاب دوڑتے پھرنا

کبھی جوش سرشک طوفان بار
کبھی آہون کا باندھ دینا تار

تار دم چلہ عرش پر باندھے
کیا ہوا آہ بے اثر باندھے

دم افسون نالہ بے تاثیر
جادو الٹی ہمیشہ جون تقدیر

اشک برباد دیدۂ نم مین
خاک اثر آتش تپ غم مین

دور گردون سے تدعا پامال
دست حسرت کف دعاے وصال

التجا داد خواہ دور قضا
عاجزی شاکی جفاے رضا

روز افزون تباہی احوال
الغرض یون ہی کٹ گئے دو سال

اپنے کوٹھے پہ ایک دن تنہا
پھر رہی تھی وہ آفتاب لقا

اسی دم مین بھی ناگہان پہونچا
داد کو میری آسمان پہونچا

دوڑ کر لگ گیا گلے سے بس
زور کرتے ہین جس طرح بے بس

وہ بہت آپ کو چھڑایا کی
تھی مری جان تلملایا کی

صید آخر ہوئی وہ نازک دوش
حلقۂ دام تھا نہ تھی آغوش

کر گئی بارے دل مین تاثیر آہ
تھے مجرب فسون تسخیر آہ

کیا کہون اشک چشم نم کا جوش
ہو گئی آتش غضب خاموش

ہو گئے دل سے دور کین و عناد
لگ گئی بارے جو تھی اپنی مراد

پھرے وصل سے ہوے بیہوش
بن گیا گھر دوکان بادہ فروش

اسکی دلبستگی کے ہاے مزے
خوب دل کھو لکر اُٹھاے مزے

تلخ کامی کو تلخ کام کیا
درد ہجران سے انتقام لیا

کاہش یاس کا جگر خون تھا
دونون کا شوق روز افزون تھا

دونون جانب سے دلدہی ہر دم
محو دن رات اس خیال مین ہم

سختی اس طبع نازنین پہ نہ ہو
منھ تکے وہ کہ چین جبین پہ نہو

ہر طرح جان و دل کو صبر و شکیب
بیم گردون رہا نہ ترس رقیب

اب پریشانیون مین خاطر جمع
رات دن تاب مہر و شعلۂ شمع

یون ہی یک چند ارتباط رہا
دورۂ عشرت و نشاط رہا

ہاے نیرنگ چرخ بوقلمون
پھر نئے رنگ سے کیا دل خون

یعنے ایک پیر زال شعبدہ باز
چرخ کی طرح تفرقہ انداز

بے سبب میری دشمن جانی
ہوئی سرگرم خانہ ویرانی

اس سراپا وفا کی یارب نی
کیا حریفانہ دوستدار نی

خیر خواہی جتائی رنگا رنگ
لائی اس سادہ رو سے کیا کیا رنگ

جب یقین ہو گیا کہ یار ہے یہ
محرم راز و راز دار ہے یہ

لگے ہونے ہلاک طرح کے کلام
ہوئی آخر ذریعۂ پیغام

جب بلاے وہ آکے لیجائے
مین جہان ہون بلا کے لیجائے

ایک دن جو بلانے آئی وہ
دن نہ تھا تھی شب جدائی وہ

ڈھونڈھ کر ہر ٹھکانے مین ظالم
پہونچی دیوان خانے مین ظالم

بند دروازہ وان کا تھا ناگاہ
در کشائے سخن دل آگاہ

شوق کو مشق نالۂ موزون
باندھتا تھا مین دلکشا مضمون

آکے بولی کہ کوئی ہے تو بول
آج کیا بند و بست ہے در کھول

مین نے بیتاب ہو کہا کیا ہے
لگی کہنے تمھین بلایا ہے

کہا مین نے کہ رہ کے آؤن گا
ایک دو شعر کہہ کے آؤن گا

گئی بگڑی ہوئی وہ مایۂ کین
منھ بنائے ہوئے جبین پر چین

جا کے اس سے کہا کہ اے نادان
بیخبر کس طرف ہے تیرا دھیان

تو ہے اُنکے لئے حزین و ملول
وہ ہین عیش و نشاط مین مشغول

اب وہ کھل کھیلے کب ہین تجھپر بند
دیکھ مجھکو کر لیا در بند

رخنۂ در سے مین نے جب جھانکا
اور عالم نظر پڑا وان کا

اک پریوش نہ تجھ سی غیرت حور
پاس بیٹھی تھی اُنکے اب سے دور

میری آواز سُن نہ آئے نکل
وہین سے بولے آؤن گا تو چل

جوہین یہ حرف تا بہ لب آیا
گئی وہ ہاتھ سے غضب آیا

بات کہنے مین اس نے کام کیا
قصّۂ دوستی تمام کیا

مین جو آیا تو التفات نہین
وہ نظر وہ سخن وہ بات نہین

اشک جاری ہین دیدۂ نم سے
بات ظاہر ہے حال برہم سے

پوچھتا ہون ہزار باعث کین
جز خموشی وہان جواب نہین

چین بہ ابرو ہوئی سماجت سے
سرگرانی بڑھی لجاجت سے

پھر کوئی ملنے کی طرح نہوئی
صلح اب کے کسی طرح نہوئی

آج تک ہے وہ بات ذہن نشین
وہم طوفان اٹھانے کا ہے نہین

ہے وہی خشم بے سبب اب تک
وہی غصہ وہی غضب اب تک

رشک جب باعث کدورت ہو
پھر صفائی کی خاک صورت ہو

اسکو پروا نہین مین مرتا ہون — چندے اور انتظار کرتا ہون
بن لے انتقام لون گا مین — سچ کسی اور سے لون گا مین
لطف پیر فلک نے کیون نہ کیے — عمر کیا تھی کہ ایسے داغ دیے
کیسی کیسی سیہ شبین آئین — ایسی ایسی بلائین دکھلائین
دیکھین آگے دکھائے کیا کیا دن — ہے ابھی سترہ برس کا سن
مومن آ تو بھی اپنے نام پہ جا — نام کو ان بتون کے آگ لگا
چھوڑ بس الفت مجازی کو — کر سلام ایسی عشق بازی کو
کب تلک حسرت وصال اناث — کیا نہین جانتا تو حال اناث
بیخ و اندوہ بے نہایت کیون — حیلہ اندیش کی شکایت کیون
کسی نے کی ہے یا نہین تعلیم — آیتِ اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْم

مثنوی دوم

نام این چند نالہ پیہم — ہمچو تاریخ گشت قصۂ غم

کج دار و مریز کب تلک یون — بس جام مین بھر شراب گلگون
پھر لب سے مرے اسے لگا دے — ساغر کوئی متصل پلا دے
ساقی ہین یہ روز ہای گلگشت — ہے غیرت باغ ہر بر و دشت
اب دور فلک سے دل ہوا شاد — ہے نام حمل کا مہر آباد
ہین جلوۂ نو بہار کے دن — مستی بادہ خوار کے دن
تزئین سمن کے ہین یہ ایام — گلگشت چمن کے ہین یہ ایام
کیا رنگ چمن بہار پر ہے — عالم گل و لالہ زار پر ہے
آیا ہے نظر جو سرو بستان — شمشاد کھڑا ہے سخت حیران
اور دیکھ کے جلوہ ہای شمشاد — پابند طرب ہے سرو آزاد
ہے وجد فزا نوای بلبل — قربان ترانہ ہای بلبل
دلکش ہے غضب صدای قمری — کیا چیز ہے ہای ہای قمری
باندھے ہے ہوا نسیم کتنی — ہے روح فزا نسیم کتنی
کیا کیا ہی مچا رہا ہے دھوم ابر — آتا ہے مدام جھوم جھوم ابر
چل سوے چمن بہار دیکھین — سیر گل و لالہ زار دیکھین
بیٹھین لب آبجو پہ یک دم — پی جائین سبو سبو پہ یک دم
شاید اسی طرح چین آئے — جی ٹھہرے کچھ اضطراب جائے
پائے دل بے قرار تسکین — مسرور ذرا ہو جان غمگین
ہو چارہ پذیر درد الفت — اڑ جائے جہان سے گرد کلفت
پامال کرے نہ یون غم عشق — جینے دے عذاب ہر دم عشق
اس رنج و عذاب سے چھٹین ہم — اس حال خراب سے چھٹین ہم

خوننابہ کہان تلک پیے دل
تڑپے ہے شراب کے لیے دل

گھر آتے ہین جب سیاہ بادل
اور پڑتے ہین بس نگاہ بادل

اُمڈے ہے وہین سحاب گریہ
پہونچے ہے فلک تک آب گریہ

چلتی ہے جو باد نوبہاری
دم بھرتی ہے جی کا بیقراری

جب دیکھے ہے سبزہ لہلہاتا
کیا کیا ہی یہ جی ہے تلملاتا

لالہ کا خیال آئے ہے گر
پڑجاتے ہین تازہ داغ دل پر

گلبرگ کہین جو دیکھ پایا
خوننابہ دل آنکھ نے بہایا

یاد آگئی اک عذار گلرنگ
دل غنچہ سے بیشتر ہوا تنگ

رنگینی بزم کا بندھا دھیان
جون بوے گل اُڑ گئے بس اوسان

وہ کوچہ طلسم رشک گلزار
پھر جاے ہے پیش چشم یکبار

دیکھین تو یہ فصل کیا دکھائے
کیا کیا یہ بہار گل کھلائے

آگاہ مآل کار سے ہو
واقف مرے حال زار سے ہو

ہے یہ ہی تو وقت دوستداری
ہے یہ ہی زمان غمگساری

اگلی سی ہے یعنے پھر ملالت
پھر ہوتی چلی ہے وہ ہی حالت

اب عشق ہوا ہے مہربان پھر
بیتاب ہے جان ناتوان پھر

پھر دل کو طپش سی ہو رہی ہے
سینے مین خلش سی ہو رہی ہے

پھر پہونچے ہے اب پیام الم کا
پھر آنے لگا سلام غم کا

پھر داغ کہن ہے تازہ و تر
پھر زخم جگر ہنسے ہے گل پر

پھر چشم ہے خونفشان و خونبار
پھر چہرہ بنا ہے زعفران زار

پھر دیدۂ تر ہے وقف دامان
پھر ہاتھ ہے مائل گریبان

پھر آتے ہین وہ ہی غش سے پیہم
پھر ہے وہی بیخودی کا عالم

پھر ناوک درد دل شکن ہے
پھر سینہ کا زخم خندہ زن ہے

پھر داغ جنون سے سر پہ ہے گل
پھر نالہ ہے ہم نواے بلبل

پھر ہے وہی پیچ و تاب دل کو — پھر ہے وہی اضطراب دل کو
پھر ہے وہی سنگ اور وہی سر — پھر ہے وہی سر وہی ہے پتھر
پھر ہمدم و ہم نفس ہوئی آہ — دمساز ہے نالۂ سحر گاہ
گستاخ ہے آہ خونچکان پھر — منھ لگنے لگا ہے کچھ فغان پھر
غم کرنے لگا ہے غمگساری — دیتی ہے قرار بے قراری
پھر ہے سر سیر دشت سر مین — پھر خار سے چبھتے ہین جگر مین
پھر کوچۂ یار کی ہوس ہے — پھر گھر مرے واسطے قفس ہے
پھر آنکھون سے خون دل بہے ہے — پھر سینہ بھی گرم سا رہے ہے
پھر دل مین مرے لگی ہے آتش — نالے سے برس رہی ہے آتش
پھر جھڑتے شرار ہین سخن سے — پھر اڑتے ہین شعلہ سے دہن سے
ڈرتا ہون کہ دل کہین نہ لگ جاے — پھر اور نہ سر پہ کچھ بلا آے
ایسے نہ پڑین کسی کے پالے — جو درد حسد سے مار ڈالے
ایسا نہ ہوا ایسا بے وفا ہو — جو رحم کو عیب جانتا ہو
مین چاہون اسے پہ وہ نہ چاہے — مین اس سے وہ اور سے نباہے
مین اس پہ مرون مرے نہ پر وہ — مین جان دون اُسپہ اور پر وہ
اس سے مجھے عشق بے نہایت — مجھ سے اُسے نازکی شکایت
ہجران کا مجھے ملال ہر دم — غیرون سے اسے وصال ہر دم
یان چشم مین سرمہ خاک در ہے — بھانکے وہ عدو کو چاک در ہے
یان دل مین بھری امید دیدار — وان دل پہ رقیب کے وہ رخسار
یان چشم کو خواہش نظارہ — وان غیر سے دمبدم اشارہ
اورون سے وصال کی حکایات — اور میری نہ پوچھے بھول کر بات
وان بزم مین راگ ہو رہا ہو — یان نالون کا تار بندھ گیا ہو
وہ غیر کے ساتھ شب گذارے — یان عید نہ آئے غم کے مارے

واں وسعتِ خوابگاہ گلزار
یاں اپنے نصیب بسترِ خار

واں زانوے غیر تکیۂ سر
یاں نیچے دھرا ہو سر کے پتھر

واں سوے رقیب عشوہ باری
یاں جان کے ساتھ دلفگاری

واں بوالہوسوں سے وہ ہم آغوش
یاں ہمدم نیشتر بردوش

بوسوں کے عدو مزے اٹھائیں
ہم جان سے تلخ کام جائیں

واں منھ میں زبان دشمن افسوس
یاں حسرت لب گزیدن افسوس

واں وہ تو بہم طعام کھائیں
ہم مفت کا غم مدام کھائیں

وہ مے کے سبو پیا کریں واں
ہم دل کا لہو پیا کریں یاں

اُن کو ہو سرور ہم کو ہو غم
ہو عید انھیں ہیں محرم

وہ چین سے کاٹے اپنی اوقات
یاں دل کو ہو اضطراب دن رات

لگتا ہے ڈر ان ستمگروں سے
اولے حذر ان ستمگروں سے

معشوق ہیں جتنے بے وفا ہیں
یہ ایک ہیں کس کے آشنا ہیں

ہیں اپنے یہ عاشقوں سے بدظن
ہیں اپنے ہی دوستوں کے دشمن

عاشق کو جو پیچ و تاب پائیں
آرام سے زلف کو بنائیں

بے درد نہ دیکھیں حال اُسکا
تو بھی نہ پڑے وبال اس کا

عشاق تو کھینچیں آہ پُر درد
یہ کرتے ہیں چشم سُرمہ آلود

دو چار قلق کے مارے نالے
عاشق کبھی لب سے گر نکالے

ہرگز نہ اُدھر کو کان رکھیں
یہ گانے میں اپنا دھیان رکھیں

ہنس دیں جو ہو آشکار کوئی
راحت کہ ہے بے قرار کوئی

دشمن کو یہ دوستدار سمجھیں
بیگانہ وشوں کو یار سمجھیں

جو اُن کو نہ چاہے اُس کو چاہیں
ایسوں سے یہ بے وفا نباہیں

جو کوئی کرے علاج ان کا
اس سے رہے خوش مزاج اُن کا

غمخوار کی اپنی جان کھالیں
جو جان دے اس کو مار ڈالیں

جو کھولے نہ دل دل اس سے کھولین — جو ان سے نہ بولے اس سے بولین
جو بات کرے تو اس سے خاموش — جو یاد رکھے وہ ہو فراموش
جو اُن کو بھلاے یاد رکھین — ناشاد رکھے تو شاد رکھین
جو اُن کے وصال سے ہو مسرور — اس سے کہین دمبدم کہ چل دور
جس کو نہ ہو حسرت ملاقات — آنکھون ہی مین رکھین اُسکو دن رات
جو کوئی کہ مائل وفا ہو — بیچارہ رہین صدجفا ہو
اور جس کو نہ ہو غم جدائی — اس سے نہ کرین یہ بے وفائی
ہون کشتن خون گرفتہ سے شاد — معشوق نہین ہین ہین یہ جلاد
جو کوئی کہ ان کے پیچھے مرجائے — ان پر سے نثار جان کرجائے
وہ عشق مین انکے جان دے ہاے — دوزخ کا عذاب سر پہ لے ہاے
ہنگام پسین نہ آپھرین پاس — کیا عذر بجا ہے جاے وسواس
یہ مرنے سے اسکے دلخوش و شاد — فریاد یہ کیا ستم ہے فریاد
حسرت سے نہ ہاتھ کو ملین یہ — تابوت کے ساتھ نے چلین یہ
تا حسرت دل نہ کچھ کہے وہ — محروم اسی طرح رہے وہ
دو اشک نہ آنکھ سے بہائین — چہلم مین سوم مین یہ نہ آئین
پیٹین نہ لسے یہ کھول کر بال — روئین نہ یہ منھ پہ دھر کے رومال
ہوون نہ شریک محفل غم — دیکھین نہ بہار نخل ماتم
کچھ غم نہ کرین یہ لوگ اُس کا — دوون بھی رکھین نہ سوگ اسکا
لب وقف مسی ہو پان کھائین — آج آپ کو اور بھی بنائین
آلودہ حنا سے دست و پا ہون — اغیار نہ دل مین تا خفا ہون
خاطر ہو عدو کی ہاے منظور — ہر روز سے ہون زیادہ مسرور
اور اس کا نہ ہو خیال ہرگز — محزون نہ کرے ملال ہرگز
افسوس وہ نامراد ناشاد — اک روز نہ آئے بھول کر یاد

سچ ہے کہ یہ ایک بے وفا ہین — ہین جتنے حسین بُری بلا ہین
مین حال کو ان کے جانتا ہون — افعال کو ان کے جانتا ہون
اللہ مجھے بچاے ان سے — ہرگز نہ خدا ملاے ان سے
لے شوق سے جان گر ہو درکار — پر مجھکو نہ دے یہ رنج و آزار
ہر آن ہے مرگ ناگہانی — قربان اجل پہ زندگانی
دوزخ کے عذاب سب قبول آہ — لیکن نہین تاب سوز جانکاہ
یہ شعلہ وہ ہے جو سر اٹھائے — اجزاے جحیم بھی جلائے
یہ داغ وہ آتش جہان سوز — اک جس کا شرار آسمان سوز
یہ عشق ہے رنج جاودانی — ممکن ہی نہین نجات پانی
گو آپ کہین نہین دیا دل — پر دیکھے ہین عاشقان کامل
گر سنیے تو کچھ بیان کرون مین — اک راز نہان عیان کرون مین
ہین چند فغان عاشقانہ — آلودۂ درد ہے فسانہ
ہے قصۂ دوستان صادق — ناز صنم و نیاز عاشق
کیا حال عجیب و دلنشین ہے — افسانۂ درد آفرین ہے

آغاز داستان

اس شہر مین ایک نوجوان تھا — عشاق مین شہرۂ جہان تھا
تھا نام تو مومن اور دین کفر — جان محو بتان و دلنشین کفر
رسوا ے زمان و تیرہ ایام — آوارہ و ہرزہ گرد و بدنام
دل بستۂ دام تار زنار — جاروب کش دکان خمار
ہر لحظہ سیاہ مست کافر — تھا ایک ہی بت پرست کافر
ربط اس کو بتان نازنین سے — دنیا سے نہ کام کچھ نہ دین سے
آشفتۂ کاکل پریشان — انداز پرست کفر کیشان
خو ننا بہ فشان کبھو نہ دیکھا — ہر سو نگران کبھی نہ دیکھا

وقت غم و درد گہ نہ پایا
گرم دم سرد گہ نہ پایا

مدہوش شراب نوجوانی
سرشار نشاط و شادمانی

آرام و طرب مین صرف اوقات
مشغول سرور و عیش دن رات

ہر دم اسے شاد شاد دیکھا
سرمست مئے مراد دیکھا

وہ طبع کبھی غمین نہ دیکھی
بھولے سے جبین پہ چین نہ دیکھی

جون غنچہ سدا کھلے ہے جاتا
ہر وقت ہر آن مسکراتا

جون شیشۂ سبز و قلقل مے
صد خندۂ و قہقہہ پیا پے

دیوانون سے شوق بے نہایت
اشعار کا ذوق بے نہایت

تصحیح سخن پہ طبع مائل
علم شعرا مین فرد کامل

بے بذلہ سنی نہ بات کوئی
ختم اس پہ ہوئی لطیفہ گوئی

مل جانے کی ہر کسو سے تھی خو
تھا یار غرض جہان مین تھا جو

ہر پیر و جوان سے آشنائی
سارے ہی جہان سے آشنائی

اور مجھ سے تو اختلاط بعید
یارانہ وار ارتباط بعید

ہمدم وہ مرا مین اس کا دمساز
وہ میرا مین اس کا محرم راز

دو یک دل و یک زبان گویا
دو قالب و ایک جان گویا

پیمان نباہ کے بہم تھے
سو عہد وفا کے دمبدم تھے

تھی لمک کبھی حد سے افزون
اللہ رے جوش گرمی خون

دو رآنکھ سے اک ذرا نہ ہوتا
بھولے سے کبھی جدا نہوتا

جون ناز و نیاز دونون باہم
جون معنی و لفظ دونون توام

ناگاہ کسی سے دل لگایا
اک رشک پری سے دل لگایا

آنکھ آفت جان سے لڑائی
اک ترچھی نگہ کی برچھی کھائی

اک بت کا ہوا وہ آستان بوس
مومن سے بنا برہمن افسوس

کی دوستی ایسے بیوفا سے
بیگانہ رہے جو آشنا سے

یار اپنے ہی گون کے ایک عیار — حیالۂ و دلفریب و مکار
باتون سے تو ٹپکے کیا محبت — اور دل مین نہ ہو ذرا محبت
دیکھی جو ادھر سے یون لگاوٹ — سمجھا نہ کہ سب یہ ہے بناوٹ
الفت ہے کہان کہان ہے یاری — باتین یہ فریب کی ہین ساری
ہین سب یہ فریب دینے کے رنگ — ہین دام مین اپنے لینے کے ڈھنگ
ہے اتنی جو گرمی ملاقات — ہے اوّل عشق کی مدارات
آخر ہے وہی غم جدائی — وہ ہی گلہ ہاے بے وفائی
آغاز مین پاے جو یہ آرام — سوچا نہ کہ کیا ہے اس کا انجام
سمجھا کہ سدا بنھے گی یون ہی — یہ مہر و وفا نبھے گی یون ہی
اب رنج محال مرتے مرتے — ہے عیش وصال مرتے مرتے
سننے کی نہین کبھی یہ دلسوز — افسانہ طرازی بدآموز
یان غیر نہ آسکے گا زنہار — ہر ایک سے اسکو کیا سروکار
کٹ جائے گی یون ہی زندگانی — اب مجکو ہے عیش جاودانی
یہ مشغلہ ہر زمان رہے گا — ایسا ہی بس آسمان رہے گا
چند ایسے خیال خام مین وہ — آتے ہی بس آیا دام مین وہ
رہنے لگا بے حواس اکثر — جانے لگا اسکے پاس اکثر
دیکھے جو اُدھر سے طور الفت — سمجھا ہے اسے مری محبت
جب ہو گیا مرتبہ یقین کا — بس پھر تو یہ ہو رہا وہین کا
پایا جو ذرا وہان ٹھکانا — سب جلئے کا چھوڑا آنا جانا
ہم سے بھی رہی نہ پھر تو وہ بات — یک مرتبہ ترک کی ملاقات
کی ہم نے بہت تلاش اس کی — پر پائی نہ بود و باش اس کی
دیکھا نہ کہین نشان اس کا — ہرگز نہ ملا مکان اس کا
ہر چند تلاش کو بہ کو کی — ہر عیش کدہ مین جستجو کی

لیکن کہین کچھ اثر نہ پایا — بے دید کہین نظر نہ آیا
اُس سے نہ ملے کئی برس ہم — ملنے کو گئے ترس ترس ہم
اک روز ہوائے روح افزا — دم جس کا بھرے دم مسیحا
جنبش وہ دست و پائے تصویر — تن پرور و جانفزائے تصویر
تکلیف کن سیاہ مستی — مفتی طریق مے پرستی
برباد دہ نشان توبہ — زخمہ گر خانمان توبہ
زاہد کی جو وہ ہوا ہو قسمت — کاہے کو رہے ہوائے جنت
اور اسپہ و فور ابر و باران — ہنگامۂ عید بادہ خواران
ابر و گل و سبزہ سب طرب زا — افلاک و زمین سرور انگیز
بس دیکھ کے اس گھڑی کا عالم — اپنے نہ تھے اختیار مین ہم
کھینچا ہے ہوائے دامن دل — بھڑکی تپ شوق گلشن دل
جی چاہا کہ سیر دشت کیجے — ہے ابر شراب ناب پیجے
دل مین ہوئی اپنے جائے صحرا — زنجیر بنی ہوائے صحرا
آخر ہوے مضطرب شتابان — لے ہی گئی الفت بیابان
دیکھین تو کچھ اور ہی ہے عالم — صحرا ابھی نہین بہشت سے کم
رخسار زمین پہ سبزہ ہر سو — ریحان خط عذار گلرو
از بسکہ ہے سبزہ جلوہ آرا — ہے خاک طلسم چرخ خضرا
یون سبز گیاہ جانفزا ہے — گویا خط یار دل ربا ہے
کیا یون جو ہے جوش سبزہ بیحد — ہر جائے ہے معدن زمرد
خود رو گل و دشت کیسے کیسے — شاید کہ بہشت مین ہون ایسے
ہر رنگ کے گل جو ہین نمودار — صحرا کی زمین ہے صحن گلزار
ہے سرخ تو رشک لالہ و گل — ہم رنگ سرشک خون بلبل
جام مئے لالہ گون سے فائق — داغ آتش جلوۂ شقائق

ہے کوئی اگر سیاہی مائل — سو دیدۂ اہل حسن کا تل
ہے زرد تو نور چشم گلزار — یا جلوۂ حسن عاشق زار
اور ہے جو سپید تو وہ دلخواہ — جیسی شب ہجر کی سحر گاہ
ہم جلوۂ دلبر سمن فام — جا نسوز نجوم آب اندام
ان پھولون سے ہے زمین جو رنگین — صحرائے نگار خانہ چین
ثمرا کے ہے بید سے نگون سر — فوارۂ آب حوض کوثر
گرد شت نہین ہے غیرت باغ — ہے لالہ کے دل مین کس لیے داغ
سنبل کو یہ پیچ و تاب کیون ہے — احوال چمن خراب کیون ہے
ہنگامہ سیر کس قدر گرم — گلگشت مین شیخ شہر سرگرم
اس وقت کہ لطف آسمان تھا — ہم پر یہ سپہر مہربان تھا
مین محو تجلی تماشا — ہر سمت روانہ بے تماشا
تھے مائل عیش و شادمانی — دم دیتی تھی ہم پہ زندگانی
قسمت نے وہان بھی غم دیا ہائے — یہ بخت زبون نے کیا کیا ہائے
اک اور رہی تازہ گل کھلایا — یعنی وہ جوان یاد آیا
تھا آب جو زیر کاہ پنہان — غم عین سرور مین ہوا دان
تھی سیر کہان کی کیا تماشا — کچھ اور ہی پھر تو تھا تماشا
وہ سبزہ کہ باعث طرب تھا — وہ گل کہ نشاط کا سبب تھا
وہ ہی مرے حق مین سم ہوا پھر — وہ ہی سبب الم ہوا پھر
تھی برق جو موجب تبسم — اور موجۂ ابر کا تلاطم
ہے ہے پھر اسی نے جی جلایا — ہے ہے پھر اسی نے خون رلایا
طغیان سرشک چشم گریان — غارتگر خانمان تھا طوفان
نالیدن رعد آہ و زاری — آتش وہ برق بے قراری
تھے ہم جو گئے پئے تماشا — سو آپ ہی بن گئے تماشا

القصہ بتنگ آگیا دل — ہرگز نہ کسی طرح لگا دل
روتے ہوئے ہم چلے وہان سے — دو چار قدم چلے وہان سے
بے طرح قلق نصیب جان تھا — گھر آنے کا ہوش پھر کہان تھا
بیتاب ہوے بے خبر چلے آہ — لی جوش جنون مین اور ہی راہ
گمراہی ہر ایک گام پر تھی — گمراہی تھی کاہے کو خضر تھی
دیکھو تو یہ بخت کی رسائی — گمراہی نے کی یہ رہنمائی
یعنی اسی حالت قلق مین — وارد ہوے دشت لق و دق مین
کیا دشت کہ رشک دشت مجنون — جس سے کہ ہو کربلا کا دل خون
لبریز بہار صد جنون تھا — ہر سنگ وہان کا بیستون تھا
ہر نخل بحال صاحب دق — ہر موجۂ باد آہ عاشق
ہر نغمۂ طائران صحرا — جون نامۂ قیس وحشت افزا
ہر برگ درخت چہرۂ زرد — ہر چشم طلسم چشم پر درد
ایک شخص بہت خراب و خستہ — چہرہ پہ غبار غم نشستہ
بیٹھا تھا وہ جانشین مجنون — حیران و ملول و خوار محزون
کیا تن تہ خاک اللہ اللہ — کیا صورت پاک اللہ اللہ
یہ جلوۂ حسن ناتوانی — زیبا اُسے لاف لن ترانی
تشریح کا صفحہ وہ تن زار — ہر ہر رگ و پے غرض نمودار
کیا جبہہ سے نور عشق تابان — مسجود دو سر آمد خوبان
لٹکے ہوے سر سے بال اسکے — تھے ضعف سے کیا وبال اسکے
کرتے تھے بیان وہ خم بخم بال — سب جان کے پیچ و تاب کا حال
وہ موے سیہ شب جدائی — ہان ہجر کی رات سر پر آئی
وہ بال کہ زیب بخش سر تھے — آلودۂ خاک اس قدر تھے
بس یک سر مو کو جھاڑیے گر — پیدا ہو وہین زمین دیگر

سر پر گل داغ یون نمودار — جون لالہ ہو زیب بخش دستار
سب حال جبین کی چین سے ظاہر — قسمت کا لکھا جبین سے ظاہر
حیران سا چہرہ آئینہ وار — منہ زرد بہ رنگ زعفران زار
دو دو دل و متہم بہ گیسو — ناخن کی خراش و نام ابرو
آنکھین سبب سرشک گلگون — جون جام سرشہید پر خون
مژگان موے سر شہیدان — یا خار کہ دل مین تھے وہ پنہان
اب آنکھون مین اشک جو بھر آئے — وہ گریہ کے ساتھ باہر آئے
ظاہر برخ مردمک سے ہے غم — ہے ان کو مگر کسی کا ماتم
ہین ورنہ سیاہ پیرہن کیون — ہین دست مژہ سے سینہ زن کیون
پر غم ہے تو ان کو کس کا ہے غم — ماتم ہے تو کس کا ہے یہ ماتم
جاری ہے جو متصل سدا خون — شاید دل زار کا ہوا خون
بے وجہ کہان یہ ماجرا ہے — یون بھی یہ تعلق کہین ہوا ہے
ہے کچھ تو کہ ہے کچھ اور ہی طور — کچھ تو ہے کہ ہے نظر ہی کچھ اور
اللہ رے نگاہ حسرت آلود — دل خون کن آہ حسرت آلود
انداز نگاہ چشم حیران — چون طرۂ خم بخم پریشان
وہ کان کہ دو جلاجل غم — وہ کان کہ برگ نخل ماتم
لخت دل چاک گوشوارہ — صد برگ عذار پارہ پارہ
بینی تھی کہ شمع بزم ماتم — لب یا مہ عشرۂ محرم
سبزہ سر پشت لب نمایان — جون سبزہ تربت شہیدان
اک داغ سیاہ خال سا تھا — یہ لطف فغان شعلہ زا تھا
آہون سے جو ٹپکے متصل خون — لب ہو رہے لالہ رنگ و گلگون
سرگرم فغان وہان کہان تھا — سوراخ نئے گلو وہان تھا
دندان تھے وہ وقت لب بصد یاس — یا زخم مین ریزہ ہاے الماس

خنجر تھا آلی یا زبان تھی
خنجر سے زیادہ تر دوان تھی

تھی یا کوئی تیغ آتشین دم
یا شعلۂ آتش جہنم

تھا سیب ذقن تو سیب تھا وہ
جو سوکھ کے زرد ہو گیا ہو

گردن کہ مئے الم کا مینا
تھی جسمین لہو کی گھونٹ صہبا

کیا دست خفا گلو سے چسپان
عریانی کے جامہ کا گریبان

امید اجل وصال جانان
آغوش کشادہ چشم حیران

داغ اسکے زبس مثال گل تھے
تھے ہاتھ کہان نہال گل تھے

پہونچے تھے جو اشک چشم پرخون
جون دست نگار نچہ گلگون

اس سوختہ دل کا تھا وہ پنجہ
یا نخل چنار کا وہ پنجہ

کیا دولت سوزش درون گرم
ہان پنجۂ مہر سے فزون گرم

زخمون سے جو خون دل ہے جاری
تھمتا نہین متصل ہے جاری

ہر زخم سے کیا بہار خون ہے
سینہ نہین آبشار خون ہے

سینے مین زبس نہان ہے آتش
یہ بال نہین دھوان ہے سرکش

کاہش سے یہ حالت تن زار
پہلو کے سب استخوان نمودار

ہے فرق جو استخوان مین باہم
تشبیہ بتائین اس کی کیا ہم

ہے قید مین مرغ جان غمناک
پہلو ہے قفس یہ اسکے ہین چاک

تھی پشت خمیدہ یا کمان تھی
تھا تیر کہ آہ خونچکان تھی

دل سینے مین تھا زبسکہ مضطر
رعشہ کا سا تھا خلل بدن پر

اس دل کو کہون مین کیونکہ سیماب
سیماب کہان ہے ایسا بیتاب

ہان کہیے تو مرغ نیم بسمل
پر اس کا کہان یہ مضطرب دل

وہ جوش قلق پہ لینے گر آئے
دو چار گز آپ شاید اڑ جائے

اسکی تپش اک جہان ہلا دے
ہر زلزلہ آسمان ہلا دے

لاغر تھا یہ جسم کس ادا سے
پڑتے تھے کمر مین بل ہوا سے

پیشانی چین نما کمر تھی — تھی زلف کسی کی یا کمر تھی
وہ ناف کہ بحر غم کا گرداب — وہ ناف کہ چشم جان بیتاب
یون دیدۂ جان سدا جو دا ہے — کیا راہ اجل کی دیکھتا ہے
کہتا ہے حجاب چپ ہی رہنا — یہ حرف نہ گفتنی نہ کہنا
پھرتی نہین کام مین زبان کچھ — ہے مہر دہن حجاب یا ن کچھ
چپ خامشی کی یہ جا ہے مومن — انگشت بہ لب حیا ہے مومن
سر بازیون کا جو دلمین ہے دھیان — ہے زانو و فرق گوے و چوگان
یہ ساق کا حال ضعف سے ہے — ہے سلسلۂ گران رگ و پے
صحرا کے چبھے جو پاؤن مین خار — اور پشت سے پھر ہوے نمودار
یہ حال یہ رنگ پشت و پا کا — جیسے کہ ہو خار پشت صحرا
پاؤن کے جو پھوٹے خام چھالے — اور اس سے بہے لہو کے نالے
اور اس سے جو پاؤن تر ہوا ہے — عالم عجب اک بہار کا ہے
جیسے کہ حنائی یار کا پاؤن — خوش رنگ کسی نگار کا پاؤن
یہ حالت قامت خمیدہ — جیسے شجر خزان رسیدہ
وہ قامت خم الم فزا یون — چون بید سر مزار مجنون
دیکھا جو نگاہ غور سے خوب — واللہ وہی جوان مطلوب
پر اور ہی طور ہو گیا کچھ — تھا اور کچھ اور ہو گیا کچھ
نے ہوش نہ آشنا شناسی — نسیان جنون سے بیحواسی
جون خشک شجر ستم کشیدہ — جون نکہت گل ز خود رمیدہ
جون ابر نہایت اشکباری — جون رعد بشدت آہ و زاری
ہر آہ کہ لب پہ ہے شرر ریز — دیپک کا ہے نغمۂ جنون خیز
جو نالہ کہ زینت زبان ہے — جون نوحۂ مرگ نوجوان ہے
القصہ سنا جو کان دھر کے — سمجھے جو بہت خیال کر کے

نالہ نہین حرف درد وغم ہے — افسانۂ الفت صنم ہے
ایام گذشتہ کا بیان ہے — مذکور محبت بتان ہے
ہے درد زبان غم نہانی — ہے حالت دل کی قصہ خوانی
یعنی ہے زبس تصور یار — ہے یار سے یون وہ گرم گفتار
اے جلوۂ برق خانمان سوز — اے شعلۂ آتش جہان سوز
اے طعنہ زن فسون نگاہان — اے موجد قتل بیگناہان
اے غارت جان وجان مومن — اے آفت خانمان مومن
اے دلبر و دلربائے دلدار — اے کافر بے وفائے عیار
اے محرم و محرم تمنا — اے ہمدم و ہمدم مسیحا
اے مہر عروج کج ادائی — اے ماہ بروج بے وفائی
اے نقش و نگار مسکن حسن — اے تازہ بہار گلشن حسن
اے نورس بوستان خوبی — تجھ پر سے نثار جان خوبی
اے جادوے پرفن وفسونساز — بازی دہ عاشقان جانباز
اے باعث قطع دست موسیٰ — اے غیرت دلبر زلیخا
اے داروے درد بیقراران — اے مرہم زخم دلفگاران
اے موجب آہ وزاری دل — اے باعث بیقراری دل
اے حوصلہ سوز چارہ سازان — آتش زن آرزو گدازان
کب تک یہ ستم کے طور ظالم — کب تک یہ جفا و جور ظالم
کب تک یہ ستمگری کا شیوہ — کچھ عیب ہے دلبری کا شیوہ
کیون بھاتے ہین اتنے جور تجکو — آتا نہین کیا کچھ اور تجکو
کیون رنج پسند غم کشون کا — کیا یہ ہی ہنر ہے مہوشون کا
یا ہے ترے زعم مین وفا عیب — ہے بھی تو نہین ہے اسمین کیا عیب
کیا تو ہی جہان مین مہ جبین ہے — آخر کوئی اور بھی حسین ہے

ہین اور بھی لوگ واقف ناز — اور ون مین بھی ہین ترے سے انداز
رکھتے ہین جہان مین اور بھی آن — اور ون پہ بھی لوگ دیتے ہین جان
مرتے نہین تم پہ کچھ سبھی تو — عشاق ہین آخر اُن کے بھی تو
تم سا نہین کوئی شوخ جلاد — کرتا نہین کوئی ایسی بیداد
یہ تم نے نئی طرح نکالی — معشوقی ہے آپ کی نرالی
ہر ناز و ادا ستمگری ہے — عاشق کشی آہ دلبری ہے
جو جو کہ ستم کیے ہین تم نے — جو داغ مجھے دیے ہین تم نے
جو تم نے بنائی میرے جی پر — ظلم کوئی کرے کسی پر
درپیش یہی ہو گر سبھی کو — چاہے کوئی کاہے کو کسی کو
دیکھو تو نگاہ غور سے خوب — لیلےٰ بھی تو تھی کسی کی محبوب
مجنون سے تھے کیا سلوک اُسکے — ایسے ہی تھے یا سلوک اُسکے
شیرین کہ وہ موجب جفا ہے — مشہور جہان مین بے وفا ہے
وہ بھی تو نہ تھی ستمگر ایسی — پہونچی سر کوہکن پہ کیسی
شیون کیے بعد مرگ کیا کیا — پر کیا کرے چارۂ قضا کیا
سب کرتے ہین پاس یار صادق — ہوتا ہے سبھی کو درد عاشق
ہوتی ہے جو گرم نالۂ بلبل — کر ڈالے ہے چاک پیرہن گل
ہے سرو کے دلمین جاے قمری — سر رکھے ہے زیر پاے قمری
پروانہ جو دے ہے شمع پر جان — ہوتا ہے نثار شمع ہر آن
وہ بھی تو نہین وفا مین کچھ کم — بن جاے ہے آپ نخل ماتم
جل جاے ہے سر سے لے قدم تک — روتی ہی رہی ہے مرتے دم تک
کتان کا ہے چاک پیرہن گر — ہے داغ کلف دل قمر پر
اک تم ہو کہ ہے یہ حال میرا — اور تم کو نہین خیال میرا
پر تم بھی تو ہو گئے اب ایسے — تھے پہلے تو لطف کیسے کیسے

یہ ظلم تھے کب کہان ستم تھے
کیا کیا مرے حال پر کرم تھے

تھی حد سے زیادہ مہربانی
اظہار محبت نہانی

مجھ بن نہ کبھو طعام کھانا
ہمراہ ہی بس مدام کھانا

ہر رات کو میرے ساتھ سونا
اک لحظہ کبھی جدا نہ ہونا

سم تھا تمھین مے کا جام مجھ بن
مے جانتے تھے حرام مجھ بن

تھے لطف و کرم یہی ہمیشہ
دلداری و دلدہی ہمیشہ

بس دیکھ کے مسکرا ہی دینا
الفت کو جتا کے جی ہی لینا

وز دیدہ کبھی نگاہ کرتے
دل مین اسی طرح راہ کرتے

وہ بن مرے بے قرار ہونا
وہ بن مرے زار زار رونا

وہ میرے بغیر اداس رہنا
وہ بیخود و بیحواس رہنا

غم چین جبین سے آشکارا
ایک دم بھی فراق ناگوارا

گر کوئی گھڑی کی لگ گئی دیر
یہ فکر کہ کس لیے ہوئی دیر

بے فائدہ بے قرار رہنا
وسواس سے دل ہی دل مین کہنا

کیا دیر کا یا خدا سبب ہے
کیون آئے نہین وہ کیا سبب ہے

گھر کو نہ مرے تباہ کرنا
بیکس کی طرف نگاہ کرنا

جو تیری رضا ہو خیر آلہی
مین جی چکی اُس بغیر آلہی

وہ دیدۂ منتظر سوے در
یا حلقۂ در وہ دیدۂ تر

بیتاب وہ گشت صحن خانہ
سارے حرکات وحشیانہ

بے طاقتیون کا زور جان پر
یا فاد ردیا قوی زبان پر

مین آیا جو تن مین جان آئی
دیکھا تو نظر مین آن آئی

کس لطف سے منھ کو دیکھ رہنا
کس ناز سے غصہ ہو کے کہنا

کیون دیر لگی تمھین کہان تھے
جاؤ وہین اب تلک جہان تھے

تشریف شریف جلد لائے
یان کاہے کو اب بھی آپ آئے

اب اور طرف ہے دل تمہارا — آنا ہے یہاں کا ناگوارا
لگتا نہیں اب یہاں ذرا جی — بیزار یہاں سے ہو گیا جی
اب میری نہیں ہے راہ دل میں — ہے اور کسی کی چاہ دل میں
اب کاہے کو ہے وہ اگلی سی بات — یاد رہتے تھے میرے پاس دن رات
یاد آنے لگے گے گے تم — ویسے نہیں مجھ سے اب رہے تم
ہے یاد وہ رات دن کی صحبت — آپس کی وہ الفت و محبت
پہروں ہی گلے سے لپٹے رہنا — یہ رنج نزاکتوں پہ سہنا
لب سے مرے لب ملائے رکھنا — بازو سے وہ سر اٹھائے رکھنا
وہ سینے پہ لیٹ کے ستانا — مطلب کے سخن پہ روٹھ جانا
وہ صلح ادھر ادھر لڑائی — وہ ہیں خفگی وہیں صفائی
وہ منھ میں زبان کی لذتیں ہائے — ظاہر حرکت سے غیبتیں ہائے
اپنا جو ہوا کچھ اور ارادہ — جی چاہا کچھ اس سے بھی زیادہ
پھر کیا ہی ادا سے کج ادائی — کس ناز سے کرنی ہاتھا پائی
وہ ہاتھ کو روکھ کے جوش انکار — وا کرنے نہ دینا بند شلوار
وہ ہاتھ کو دم بدم جھٹکنا — وہ تکیے پر سر کو دے پٹکنا
آہستہ لگانی آہ لاتیں — حیلہ کی وہ کیسی کیسی باتیں
وہ ہاتھ کو زور سے چھڑانا — وہ ہو کے تنگ کاٹ کھانا
ہر جائے کی چٹکیاں وہ لینی — آزردہ ہو گالیاں وہ دینی
وہ نیچے پڑے ہی تلملانا — قابو سے تڑپ کے نکلے جانا
وہ جی سے تنگ ہونے لگنا — کچھ بس نہ چلا تو رونے لگنا
وہ چین بجبین ہو کے کہنا — کن بکسیوں سے رو کے کہنا
ہے تم کو تو یہ ہی شغل دن رات — اچھی نہیں لگتی مجھ کو یہ بات
بھرتا ہی نہیں ہے تیرا جی بس — کرتا ہی نہیں ہے تو کبھی بس

اتنا تو نہ چاہیے ستانا
ہر شام سے صبح تک جگانا

اس ظلم کا کچھ ٹھکانا بھی ہے
آخر کسی اور کے بھی جی ہے

یہ ظلم اٹھائے کوئی کب تک
آ پہونچی ہے اب تو جان لب تک

کیا جان ہی لینے کی ہے جی مین
ہے فائدہ کچھ تمھین اسی مین

منظور یہی ہے گر تو کہہ دو
گر جان ہی لینی ہے تو لے لو

ہان ہان تری بات اب مین سمجھی
ہے بات یہی قسم خدا کی

چاہے ہے تو یہ کہ اسکو موت آئے
مرجائے یہ اور مری بلا جائے

پھر اور کسی سے دل لگاؤن
آنکھ اور ہی شوخ سے لڑاؤن

ہین کیا ہی سلوک عاشقانہ
یہ رہ گئی الفت زمانہ

بیرحم تو اب تو مجکو دے چھوڑ
بس چھوڑ خدا کے واسطے چھوڑ

اتنا نہ ستا کہ جی ہی جائے
فرصت دے کہ جان مین جان آئے

بیزاری مین اس کا لطف کیا ہے
آسو رہین وقت خواب کا ہے

ہے یاد وہ دوستی کا عالم
وہ شوخی و دلبری کا عالم

کس لطف سے چھیڑتی ستاتی
گدگدیون سے خوب سا ہنساتی

ہوجاتا مین ہنستے ہنستے بیدم
آتین مجھے ہچکیان بھی پیہم

کہتی کسی نے تمھین کیا یاد
آتی نہین ہچکیان سوا یاد

ہان کس نے کیا ہے یاد بولو
ہے کون تم اس کا نام تولو

لاتا گل و عطر مین کبھی گر
فرماتی یہ مجھ سے مسکرا کر

یہ گل تو عمل کیا ہوا ہے
یہ عطر فسون پڑھا ہوا ہے

یہ سونگھون نہ مین نہ یہ لگاؤن
ممکن نہین تیرے دم مین آؤن

گہ دیکھتی تھی مجھے غضبین گر
پاتی تھی کبھی جو چین جبین پر

کہتی تھی کہ آج خیر تو ہے
کیسا ہے مزاج خیر تو ہے

کس واسطے کچھ اداس سے ہو
کس سوچ مین بیحواس سے ہو

کیا کس سے ہوا خلاف مرضی — کچھ مین نے کیا خلاف مرضی
کیا مجھ سے خفا ہو سچ کہو تم — کس واسطے یون اداس ہو تم
اچھا نہین بند غم مین رہنا — جانے بھی دو فکر ما نو کہنا
ہنس بول کے قید غم سے چھوٹو — کیا بات ہے کچھ تو منھ سے پھوٹو
کہتا مین کہ بات کچھ نہین ہے — کچھ آپ ہی آپ دل غمین ہے
کہتی کہ نہ مجھ سے بھی چھپاؤ — کچھ بات نہین قسم تو کھاؤ
کہتا مین قسم تمھاری جان کی — تم سے کوئی بات کب نہان کی
گر کچھ ہو تو ما جرا کہون مین — کچھ بات نہو تو کیا کہون مین
کہتی کہ قسم دروغ کھانی — تم نے مری جان کی سہل جانی
ایسی مری جان ہے کہان کی — کیون کھاؤ قسم نہ اپنی جان کی
ہین یاد وصال کی وہ راتین — ہین یاد وہ شوخ شوخ باتین
آئینے کو رکھتی آگے لاکر — اور کہتی یہ منھ سے منھ ملاکر
لو دیکھو ذرا کرو خود انصاف — ہم دونون مین کس کا رنگ ہے صاف
ہے دونون مین کون خوبصورت — ہے دونون مین کون ماہ طلعت
پھر اپنے غرور مین جو آتی — خاطر مین کسی کو بھی نہ لاتی
خود بینی سے ہوش مین نہ رہتی — آئینہ کو پھینک مجھ سے کہتی
دیکھو تو بغور چشم بد دور — یوسف کہ وہ ہے جہان مین مشہور
کیا اسکی بھی صورت ایسی ہی تھی — کیا اسکی بھی طلعت ایسی ہی تھی
کیا اسکے بھی ایسے ہی تھے گیسو — خمدار و سیاہ و عنبرین مو
کیا ایسا ہی حسن تھا نہ ہوگا — یہ حسن کبھی ہوا نہ ہوگا
مانا بھی کہ یہ ہی رنگ رو تھا — ایسا ہی وہ چہرۂ نکو تھا
اور ایسے ہی موے مشکبو تھے — ایسے ہی خمیدہ مو بمو تھے
پر اس مین یہ بات تو نہ ہوگی — کیون میری سی گات، تو نہوگی

یہ چشم سیاہ تو نہ ہوگی — یہ شوخ نگاہ تو نہ ہوگی
یہ خوش سخنی کبھو نہ ہوگی — یہ گرمی گفتگو نہ ہوگی
پامال روش جہان نہوگا — ایسا تو خرام ہان نہوگا
یہ فتنہ فزا چلن نہوگا — ہر بات مین بانکپن نہوگا
ایسی تو نہ ہوگی عشوہ باری — ایسی تو نہ ہوگی طرحداری
ایسی تو نہ ہوگی جامہ زیبی — ایسی تو نہ ہوگی دلفریبی
ایسی تو شرارتین نہون گی — یہ گرم اشارتین نہونگی
یہ غمزۂ فتنہ گر نہون گے — یہ ناز نہون گے پر نہون گے
گر فندق پا پہ رنگ آیا — ایسا کہ بس اپنے جی کو بھایا
کس رنگ سے اور رنگ لانا — کس ناز سے مجکو بھی دکھانا
ٹھکرا مرے سینے کو کہا یون — رنگین ہے باندھ لو یہ مضمون
ہے یاد وہ عالم ملاقات — ہے یاد وہ شوخی اشارات
میلان جو ہوا معاشرت کا — دھیان آہی گیا مباشرت کا
بس خواہش دل سے رہ نہ سکنا — اور پاس حیا سے کہہ نہ سکنا
پھر کیا ہی شرارتون سے کہنا — پردے مین اشارتون سے کہنا
انگڑائی کبھی تو ہنس کے لینی — چلمن کبھی اُٹھ کے چھوڑ دینی
ہین وعدے ہوے تھے جو بہم یاد — ہے کچھ بھی وہ قول اور قسم یاد
کہتی تھی مجھے قسم خدا کی — سوگند حبیب کبریا کی
گر دیتی ہون اس مین دم مین تجکو — ہو تیغ علی کی مار مجکو
اب دل نہین میرا میرے بس مین — جو تجکو یقین ہون وہ قسمین
ہے مصحف رو کی اپنے سوگند — اس روے نکو کی اپنے سوگند
اپنے مجھے ناز کی قسم ہے — تیرے ہی نیاز کی قسم ہے
وہ رخ کہ ہے رشک لالۂ باغ — وہ سینہ کہ میرے غم سے ہے داغ

وہ طرۂ عنبریں کسی کا — وہ دودِ دلِ حزیں کسی کا
وہ رحم کسی کا یعنے میرا — وہ درد کسی کا یعنے تیرا
وہ دل کہ کسی کا مبتلا ہے — وہ جان کہ مجھ پہ سے فدا ہے
وہ آہ جسے نہین ہے تاثیر — وہ جرم ہے جسکی قتل تعزیر
وہ حال کہ جس پہ رحم آوے — وہ درد کہ جس سے جی ہی جاوے
وہ دیدہ کہ خون فشان سدا ہے — وہ نالہ کہ پایہ عرش کا ہے
وہ دن کہ ہے رشک روز محشر — وہ شب مری زلف سے سیہ تر
شام غربای سر بسر غم — صبح دہم مہ محرم
لب تشنگی حسینؑ و عباسؑ — امواج فرات و شرم الیاس
بیداد ستمگران بدکیش — فریاد ستم کشان درویش
تاب و تپ آتشین فسانہ — سوز دم سرد بیکسانہ
ان سب کی مجھے ہزار سوگند — سوگند ہزار بار سوگند
ہے تجھ سے مجھے دلی محبت — گو تجکو نہ ہو مری محبت
اور جیسا کہ تجکو چاہتی ہون — تو دیکھیو کیا نباہتی ہون
مجکو تری جان کی قسم ہے — جس وقت تلک کہ دم مین دم ہے
ایسی ہی رہے گی آشنائی — آتی نہین مجکو بے وفائی
اس مین نہین فرق یکسر مو — یہ بات یقین جانیو تو
جھوٹی نہین مین کہ راست گو ہون — گر اسمین مین کچھ بھی جھوٹ بولون
سب قہر خدا کسی پہ ٹوٹین — آنکھین مری سامنے کی پھوٹین
سچ جان کہ دل سے ہے تری چاہ — واللہ باللہ ثم باللہ
کہتا مین اگر جھوٹ ہے سب — تم لوگ کسی کے ہوتے ہو کب
معشوقون نے کس سے کی وفا ہے — ان قسمون کا اعتبار کیا ہے
تم لاکھ کہو پہ مین نہ مانون — ہرگز تمھین باوفا نہ جانون

باتین یہ بنانے کی ہین ساری
دو روز کی چاہ ہے تمھاری

باتین لگین مجھ سے بھی بنانے
اس سے کہو تم کو جو نہ جانے

جس روز کہ بگڑین میری جان تم
بس خیر کہان ہین اور کہان تم

پھر پوچھنے کے نہین کہین مری بات
سننے کے نہین کہین مری بات

ہوگا یہ کرم نصیب دیگر
اور ظلم و جفا و جور مجھ پر

کیا کیا نہ کروگی پھر جفا تم
دیتی یہ جواب ہو خفا تم

اے واہ رے تیری بدگمانی
اللہ رے تیری بدگمانی

تو آپ زبسکہ بے وفا ہے
اپنا ہی سا سب کو جانتا ہے

تھے جیسے کہ وہ کرم تمھارے
ہین ویسے ہی اب ستم تمھارے

تھی جیسے کہ پہلے مہربانی
ہین ویسی ہی اب جفائین جانی

پر اس کا مجھے بہت عجب ہے
اس ظلم و ستم کا کیا سبب ہے

آخر وہی تم ہو اور وہی ہم
پر کیا ہے کہ اب نہین وہ عالم

ہو کس لیے برخلاف کہدو
کیا بات ہے منھ پہ صاف کہدو

بے وجہ غضب اور آہ ایسا
کیا مجھ سے ہوا گناہ ایسا

کچھ بات تو کیجے گو ہو بہتان
کیون ہو گئے میرے دشمن جان

کیا جرم ہوا معاف کیجے
دل میری طرف سے صاف کیجے

پھر بہر خدا تمھارے قربان
ہو جائیے ویسے ہی مری جان

پھر خلوت خاص مین بلا لو
دل کی مری حسرتین نکالو

پھر ملکے شراب ناب پیجے
پھر وصل سے کامیاب کیجے

اب مجھ مین نہین ہے تاب فرقت
کب تک مین سہون عذاب فرقت

بیتابی دل سے لب پہ ہے جان
ہون کوئی گھڑی کا دم کا مہمان

اب مرنے مین میرے کیا ہو باقی
فانی ہین سبھی خدا ہے باقی

اس طرح غرض بہک رہا تھا
کچھ جوش جنون مین بک رہا تھا

اس جوش مین اور جوش آیا — بیہوش کو طرفہ ہوش آیا
پھر وردِ زبانِ انا الصنم ہے — منصور سے مرتبہ نہ کم ہے
بس مومن دلگداز خاموش — اب طاق ہوئی ہے طاقتِ ہوش
باقی نہین اب تو ہم مین حالت — ہے اور ہی درد و غم مین حالت
جاری ہے ہر ایک چشم سے خون — تھے شعر کہ نالہ ہائے موزون
اس قصۂ غم نے جی کھپایا — اس سوزِ نہان نے دل جلایا
کر ڈالا کباب سامعین کو — آگے نہین تاب سامعین کو
ہر حرف ترا شررفشان ہے — ہے آگ کا شعلہ یا زبان ہے
زین بیش ز سوز سینہ مخروش — چون شمع خموش باش خاموش

مثنوی سوم

تازہ فغانے کہ کشیدم زدل — وان سخن غم کہ شنیدم زدل
ہست خوش افسانۂ شیریں بنام — قول عنین آمدہ سالش چونام
ساقیا زہر پلا دے مجکو — شربت مرگ چکھا دے مجکو
ہان سیہ مستی حرمان پہ نگاہ — دے وہ مے یعنے کف مار سیاہ
تلخی یاس عیادت کب تک — حسرت ذوق شہادت کب تک
کیا ذرا سودۂ الماس نہین — سم ہلاہل ترے کچھ پاس نہین
گر یہان ہے تو اٹھا لا جلدی — اور نہین پاس تو جا لا جلدی
کیا خمار خفقان ہے ظالم — بس چلا جی تو کہان ہے ظالم
بھر دے اک جام کہ مرجاؤن ابھی — بھول کر آپ مین آؤن نہ کبھی
کاسۂ عمر کا بھرنا اچھا — ایسے جینے سے تو مرنا اچھا
کاش مرجاؤن کہ چین آئے کہین — بد دماغی سے سر زیست نہین
کب تلک نزع کی حالت مین رہون — کب تلک یون ستم مرگ سہون
کب تلک ناک مین دم آہ رہے — ورد لب نعرۂ اللہ رہے
کب تلک چشم سے خون ہو جاری — کب تلک درد کرے دلداری
عمر برباد نہ جائے اے کاش — دل کی آئی مجھے آئے اے کاش
ہائے یہ ظلم سہا کیونکر جائے — مین جیون اور مرا دل مرجائے
ہو وصال اب نہ جدائی مجکو — آئے دشمن کی بھی آئی مجکو
جو کسی پر نہین مرتا ہرگز — جینے سے جی نہین بھرتا ہرگز
بس وہ دنیا مین ٹھہرتا ہی نہین — مین جو مرتا ہون سو مرتا ہی نہین
ملک الموت بھی کیا ہے بیدرد — آہ سچ ہے کہ بڑا ہے بیدرد
تھا مون ہون دل کو سدا بھر کر آہ — کیسی یہ آن بنی دل پر آہ

جان ہمہ رنج و سراپا غم ہے — رنج سا رنج ہے غم سا غم ہے
دیکھتا ہون عجب احوال اپنا — کیا کہون کس سے کہون حال اپنا
درد ہجران سے سبھی کو ہے فراغ — بات پوچھے کوئی یہ کس کو دماغ
سب ہین بیدرد نہین کس کا غم — غمزدون کا ہے کسی کو کیا غم
کون پوچھے ہے کسی کا احوال — جانتے ہم ہین سبھی کا احوال
کون سنتا ہے فغان درویش — تہ درویش بجان درویش
کوئی ناشاد ہو یا ہو ناکام — اپنے سب خوش ہین کسی کو کیا کام
کوئی ہمدم ہے نہ دمساز مرا — کوئی محرم ہے نہ ہمراز مرا
کوئی اتنا نہین جو حال سُنے — متوجہ ہو کچھ احوال سُنے
کوئی اتنا نہین چو چارہ کرے — چارۂ مومن آوارہ کرے
چارہ گر ہو نہ سکے فکر تو ہو — وصل جانان نہ سہی ذکر تو ہو
ماجرا سُن کے مرا رونے لگے — روتے دیکھے تو ذرا رونے لگے
سینۂ چاک کا گر ہو نہ رفو — مانگ دے چاک گریبان تو کبھو
چشم خونریز سے خون پاک کرے — پیرہن ساتھ مرے چاک کرے
دل ہو مضطر تو نہ آرام لے وہ — مین جو تڑپون تو ذرا تھام لے وہ
نرم سا کچھ تہ پہلو رکھ دے — سر کو دے پٹکون تو زانو رکھ دے
کچھ کرے بات ذرا بہلائے — جی کسی ڈھب سے مرا بہلائے
ہاے مین ڈھونڈھ کے لاؤن کس کو — ماجرا اپنا سناؤن کس کو
کون میرا مگر اپنا مین ہون — عاشق بیکس و تنہا مین ہون
یہ بھی مشکل ہے کہ خاموش رہون — ہان مگر خود ہی سنون خود ہی کہون
سو یہ کیونکر ہو کہ مین ہون بیہوش — نے حواس اور نہ سمجھے ہے نہ ہوش
جو کسی کی نہ ذرا بات سُنے — مجھ سے دیوانے کی کیا بات سنے
اور کہنا بھی ضروری مجھکو — کہ نہین ضبط و صبوری مجھکو

سو یہ ٹھہری نہ سنے گو کوئی — کیجیے آپ پریشان گوئی
اس متکلم سے یہ مطلب ہے مرا — جو سنے وہ ہی مخاطب ہے مرا
گو کہین ہو وہ کسی جا ہووے — دل مین پر درد ذرا سا ہووے
ہو پہ مجھ سا وہ نہ ہو دیوانہ — تا سنے سمجھے مرا افسانہ
اُس کو پہونچا ہو جدائی کا درد — تا وہ جانے کہ ہے آہین کیا درد
ماجرائے غم حرمان سمجھے — سرگذشت شب ہجران سمجھے
بات کچھ میری زبانی سن لے — غور سے ساری کہانی سن لے
سب مضامین و معانی سوچے — مطلب راز نہانی سوچے
نہ کہانی نہ یہ ہے افسانہ — داد و بیداد ہے مظلومانہ
نہین اشعار یہ ہین نالے کئی — سوزش دل کے ہین بتخانے کئی
مظہر حسرت و حرمان ہے یہ — باعث عبرت یاران ہے یہ
یعنے اک شوخ پہ ہم مرتے تھے — صدقے دل جان فدا کرتے تھے
اور وہ سرو قرار ارباب جفا — جسمین الفت نہ مروت نہ وفا
حرف بد گو کو بھلا جانے وہ — بے ادائی کو ادا جانے وہ
بے گنہ مجکو ستایا اس نے — اُف نہ کی تو بھی جلایا اس نے
ہر طرح دل کو مرے داغ دیا — خاک کی مجھ سے کہ جی خاک کیا
دیکھی کیا کیا نہ تباہی مین نے — مدتون تو بھی نباہی مین نے
پھر تو یکبارگی صحبت بگڑی — ہم مین اور ان مین قیامت بگڑی
ایسی بگڑی کہ صفائی نہوئی — نہوئی ترک لڑائی نہ ہوئی
بحفگی پھر کسی صورت نہ گئی — نہ گئی دل سے کدورت نہ گئی
کب سنایا کہ کہین وہ نہ منے — بن بگاڑے نہ بنے پر نہ بنے
چندے اس غم مین بُرا حال رہا — کیا کہون آہ کہ کیا حال رہا
کچھ غم و غصہ لڑائی کے سبب — اس ستمگر کی جدائی کے سبب

کچھ پشیمان کہ کیون کی تھی چاہ — اس کا انجام نہ کیون سمجھے آہ
اور جو چاہا تھا چھپایا ہوتا — عشق اتنا نہ جتایا ہوتا
جو رصد ہا نہ اُٹھائے ہوتے — ناز بیجا نہ اُٹھائے ہوتے
یون نہ سہنی تھی جفاے پیہم — یون نہ کر دینا تھا خوگر بہ ستم
اور کیا تھا تو یہ لڑنا کیا تھا — خو بگاڑی تو بگڑنا کیا تھا
گاہ یہ جی مین کہ اب پھر ملیے — بے سبب قصہ ہے سب پھر ملیے
وہم سے دل پہ قیامت ناحق — کچھ ندامت ہی ندامت ناحق
سخت ناکردہ خطا کی خجلت — بدگمانی بجا کی خجلت
الفت و مہر نماندہ بہ نگاہ — ان خیالات سے احوال تباہ
پر ذرا جینے کا کچھ طور بھی تھا — ان خیالون مین خیال اور بھی تھا
دھیان مین جور بھی آجاتے تھے — ستم کردہ بھی یاد آتے تھے
صبر بھی شکل دکھا جاتا تھا — دل نہ ملنے پہ بھی آجاتا تھا
اشک بھی آنکھون سے کم بہتے تھے — جان و آرام بھی مل رہتے تھے
خار و پہلو مین بگڑ جاتی تھی — دست و زانو مین بگڑ جاتی تھی
وشنہ گردن سے خفا ہوتا تھا — سنگ بھی سر سے جدا ہوتا تھا
شاد و خرم بھی ذرا ہوتے تھے — ہنسنے لگتے بھی تھے گو روتے تھے
دل پہ گہ ہاتھ بھی دھر دیتے تھے — کسی سے بات بھی کر لیتے تھے
کئی دن مین ہوا غم اور بھی کم — پھر ذرا اور بھی کم اور بھی کم
پھر تو وہ خبط وہ سودا ہی گیا — دل بیمار بحال آہی گیا
رنگ فتنہ نے جھلک دکھلائی — منہ پر اک سرخی کی تہ سی آئی
آتش شوق کی حدت نہ رہی — ناتوانی کی وہ شدت نہ رہی
زخم کاری ہوے آخر ناکام — آگیا جوش طپش کو آرام
سخت جانی کا گلہ دل پر شاق — حسرت وصل نہ اندوہ فراق

نہ سبک سر بن گرانجانی سے — گر پشیمان تو پشیمانی سے
نالہ و آہ فغان کچھ نہ رہا — رنج کا نام و نشان کچھ نہ رہا
اب شب و روز مسرت کا خروش — انبساط و طرب و عیش کا جوش
یارون مین ہنسنے کا غل آٹھ پہر — وقف لب خندۂ گل آٹھ پہر
زمزمہ ساز برنگ بلبل — نغمہ پرداز برنگ بلبل
نغمہ سنجی و خوش الحانی و بس — شعر گوئی و غزل خوانی و بس
رات دن ہنسنے ہنسانے کی بات — یارون سے ملنے مین صرف اوقات

آشناؤن مین سدا گھر مین کہان
گہ وہان گاہ وہان گاہ وہان

مشاہدۂ خوش حرکاتے پس چلمن و رسیدن بہ عشرت کدۂ رشک چمن

ایک دن جاتے تھے اک یار کے پاس — یار غمخوار و وفادار کے پاس
راہ مین طرفہ تماشا دیکھا — غرفہ و بام دل آرا دیکھا
آگے اُس غرفے کے چلون ہے پڑی — پس چلون کوئی عورت ہے کھڑی
محو نظارۂ رنگ بازار — ناگہان ہو گئی وہ مجھ سے دوچار
کہ وہ چلون کا ذرا تھا پردہ — گرچہ تھا پردہ پہ کیا تھا پردہ
ہوے آپس مین نظارے کیا کیا — کیے ابرو سے اشارے کیا کیا
ترجمان چشم و نظر مطلب سے — کچھ تبسم بھی نمایان لب سے
اور مین حیران و سراپا حیرت — کیا کہون مین کہ مجھے کیا حیرت
کہ الٰہی یہ تماشا کیا ہے — گر سر خود ہے تو ڈر کس کا ہے
کیون نہین چلون اُٹھا دیتی یہ — کیون نہین گھر مین بلا لیتی یہ
اور جو تابع ہے تو کیون باک نہین — کیا سبب ہے کہ خطرناک نہین
جی مین آیا کہ تجسس کیجے — کسی ڈھب بھید یہان کا لیجے

پھر ڈرا مین کہ کچھ آفت تو نہ آئے
دل کے ہمراہ کہین جان نہ جائے

جی خم زلف دوتا مین نہ پھنسے
پھر ستم دیدہ بلا مین نہ پھنسے

مفت مین اور بلا نازل ہو
قلق و رنج نصیب دل ہو

فکر اندیشہ و انجام و مآل
وہم ناکارہ و بے صرفہ خیال

خوب سوچا کہ بُرا حال نہو
بدتر آگے سے بھی احوال نہو

پھر کہین اور نہ کچھ کر گذرو
ان خیالون ہی سے بس درگذرو

گر نہ جانا کہ یہ ہے کون تو کیا
اس مین فرمائیے کیا بگڑے گا

اور جانا تو ہوا کیا حاصل
اس تجسس سے بھلا کیا حاصل

جی مین پھر آئی کہ یہ بات ہے کیا
دل کا لگنا نہوا کھیل ہوا

دل کسی سے کوئی اب لگتا ہے
کار افتادہ ہے کب لگتا ہے

جس طرح سے بنے یان راہ کرو
دل کو اس راز سے آگاہ کرو

آگئی طبع تو پھر مت آنا
کرکے معلوم الگ ہو جانا

اور جو یہ راز نہانی نہ کھلا
جیتے جی جی مین یہ ارمان رہا

کہ نہ جانا کہ وہان کیا کچھ تھا
کیسے وہ لوگ تھے کیسا کچھ تھا

محو تدبیر صدا فکار ہوے
کیا حماقت مین گرفتار ہوے

سو فریبون سے وہان تک پہونچے
پہونچے ہم اور کہان تک پہونچے

وہ مکان رشک تصور افلاک
جلوۂ عالم بالا تہ خاک

ہمنشین ہمدم و غمخوار ہوے
ہم بھی اک محرم اسرار ہوے

گرچہ تھا اور طرح کا نہ مزاج
لیک شدت سے ظریفانہ مزاج

زیب لب مضحکہ ایجاد کلام
رات دن ہنسنے ہنسانے سے کام

رنج و افکار سے بے غم رہنا
شاد و خندان خوش و خرم رہنا

دیکھی یہ گرمی صحبت جو وہان
دل افسردہ لگا بہلنے وہان

طبع آخر کو ذرا آ ہی گئی
صحبت زندہ دلان بھا ہی گئی

ہنسی آنے کو غنیمت جانا — وان کے جانے کو غنیمت جانا
لطف اس طرح کے جب پانے لگے — پھر تو ہر روز وہان جانے لگے
ایک چندے یہی اوقات رہی — روز پہرون کی ملاقات رہی
وان ہر اک طرح بہلتا تھا دل — کہ ہوئی اس مین بلا اک نازل
کہین باہر سے کوئی وان آیا — میرے بیٹھے ہی وہ مہمان آیا
سنتے ہی اسکے مین آنے کی خبر — پردے کے واسطے آیا باہر
اک ذرا آن کے باہر ٹھہرا — دم کے دم جان کے باہر ٹھہرا
تدعا یہ کہ وہ پھر گھر مین بلائے — کچھ ہنسے بولے ذرا جی بہلائے
اتنے مین دل جو مرا گھبرایا — جی مین کچھ سوچ کے مین گھر آیا
دوسرے دن جو ہوا گھر سے روان — جانب کوچہ رشک بستان
ایک دیوانہ حقائق آگاہ — تازہ مضمون سے غزلخوان سر راہ

غزل

پھر محبت مین مزا آتا ہے — کیون نہ کھائین ہمین غم بھاتا ہے
پھر کھجائے ہے ہتھیلی دیکھون — سیم تن کونسا ہاتھ آتا ہے
مدد اے کشمکش شوق کہ پھر — دل کہین کھینچے لیے جاتا ہے
دل سے مطبوع مکان مین ہر دم — جی پھر اب صبر کا گھبراتا ہے
عشق کی زمزمہ سنجی ہے ہے — ولولہ ناک مین دم لاتا ہے
کس کی چشمک سے ہے اخترشمری — فلک آنکھین مجھے دکھلاتا ہے
ہے غم پردہ نشین جو ناصح — پھر زبان کھولتے شرماتا ہے
کس سے پھر وعدۂ وصل ہے کہ دل — میرے ملنے کی قسم کھاتا ہے
پھر ہون دیوانۂ بیخود کس کا — خار تلوے مرے سہلاتا ہے
پھر دل اک بت کو دیا مومن نے — کب وہ ان باتون سے باز آتا ہے

رجوع بقصہ

گرچہ اُس نے مجھے آگاہ کیا — پر دل سادہ نے گمراہ کیا
بے خبر تھا مجھے کچھ دھیان نہ تھا — الفت تازہ کا ارمان نہ تھا
کہ سمجھتا یہ شگون غم ہے — مژدۂ ولولۂ ماتم ہے
ہین یہ مجذوب کے لب پر جو کلام — وحشت تازہ کا دیتے ہین پیام
دل کا لگ جانا جتاتے ہین مجھے — خبر غیب سناتے ہین مجھے
جان دینے کی اشارت ہے صاف — مرگ نو کی یہ بشارت ہے صاف
کچھ نہ سمجھا مری نادانی ہاے — عقل و بے صرفہ پشیمانی ہاے
کیا کرون وسوسہ و وہم نہ تھا — ورنہ ایسا بھی تو ناقہم نہ تھا
الغرض جب مین وہان جا پہنچا — تازہ پیغام اجل آ پہونچا
دم لیا بھی نہ کہ دم دینے لگے — ملکا می کے مزے لینے لگے
دام الفت مین گرفتار ہوے — پاے بند ستم یار ہوے
نہ کچھ آشفتہ سری نے مارا — کہ مجھے چارہ گری نے مارا
کی یہ تشخیص نے میری تدبیر — کہ ہوا مبدم احوال تغیر
ہو گیا نبض شناسی سے جنون — سنو حال دل دیوانہ کہون
صاحب خانہ نے بعد اکرام — بیقرارانہ کیا مجھ سے کلام
کہ یہان عید و محرم ہین بہم — کل سے کیا کیا طرب و غم ہے بہم
یعنے وارد ہے وہ مہمان عزیز — جسکے قربان مری جان عزیز
لیک بیمار و پریشان احوال — نہ وہ جلوہ نہ وہ رونق نہ جمال
بے بدل شعشۂ نایاب ہوا — رنگ رو ماہ سے مہتاب ہوا
ہے رگ خواب سے غفلت محسوس — ہو گئی طرز تجاہل کا بوس
یہ نزاکت تو گران ہے جی پر — لے گیا تاب و توان رنج سفر
آپ کچھ چارہ گری کیجے غرض — نبض دیکھو کہ ہو تشخیص مرض

مین نے اس نبض پہ جو ہاتھ دھرا — ہاتھ سے میرے مرا دل ہی چلا
صاف صندل سے زیادہ وہ ہاتھ — نرم مخمل سے زیادہ وہ ہاتھ
پنجۂ مہر کا سا شعشۂ نور — دست گلدستہ رہے جسکے حضور
اُسکو جون ہاتھ لگایا مین نے — دل سے بس ہاتھ اُٹھایا مین نے
دھر دیا تھا مجگر ہاتھ مین دل — لیے بیٹھا تھا مگر ہاتھ مین دل
آفت تازہ جو جان پر آئی — یہ غزل اپنی زبان پر آئی

غزل

کیا لگا دست دل آرام سے ہاتھ — دل گیا ہاتھ سے اور کام سے ہاتھ
کس کے ہاتھون سے لگا تھا کہ جُدا — نہین ہوتا دل ناکام سے ہاتھ
پختہ مغزان جنون سے ہون مین — کیون اٹھاؤن طمع خام سے ہاتھ
ہاتھ دینے تو ہو اب ہاتھ مین پر — کان پر رکھیے گا پھر نام سے ہاتھ
دھوئے شبنم سے نہ ہوگا ہمرنگ — مہر کا دست گل اندام سے ہاتھ
ہاے پہونچے نہین اس پانون تلک — ایک شب گردش ایام سے ہاتھ
کیا کہون آہ بقول مومن — دل گیا ہاتھ سے اور کام سے ہاتھ

آگاہ شدن معشوقہ از افغان شریر و گلفشانی نخنہاے نازآمیز

اس غزل نے اسے آگاہ کیا — ہاتھ کو ہاتھ جھٹک کھینچ لیا
ہنس کے یون صاحب خانہ سے کہا — کہ یہ درمان مرض جانے کیا
ہے یہ بیچارہ تو آپ ہی بیمار — زردی رُخ سے عیان ہے آزار
کوئی نادان ہے کہے اُسکو طبیب — درد مین خود ہے گرفتار غریب
ہان خلل جوش جنون کا ہے اسے — شرط ہم بدتے ہین سودا ہے اسے
کیا تماشا ہے کہ ہم جانین مرض — یہ طبیب اور نہ پہچانین مرض
یہ ہمارا نہ خلل مبتلائین — ہم مریض ان کا مرض پاجائین

پہلے وہ آپ ہنسے یہ کہہ کر
پھر تو سب لوٹ گئے قہقہہ کر

سُن کے یہ مین نے جگر تھام لیا
خوش بیانی نے غرض کام کیا

طبع نے کچھ بھی سجھایا نہ جواب
بات ایسی تھی کہ آیا نہ جواب

منھ کسی طرح سے کھولا نہ گیا
چاہا ہرچند پہ بولا نہ گیا

جب یہ حالت ہوئی سب کو معلوم
پھر تو ہنسنے کی مچی اور بھی دھوم

کوئی کہنے لگی رنجیدہ ہین آج
بیمزہ ہین نہین کل کا سا مزاج

کوئی بولی کہ لڑآئے ہین کہین
کچھ کسی سے بگڑآئے ہین کہین

آپ نے اتنے مین ہنسکر یہ کہا
کہین مے پی تھی کہ اب نشہ چڑھا

یا کسی کی انھین یاد آئی ہے
بیخودی بیخبری چھائی ہے

بیحواسی سے نہین نام کو ہوش
کچھ نہ کچھ تو ہے کہ بیٹھے ہین خموش

کوئی پوچھو تو ہوا کیا ان کو
آئی درپیش بلا کیا ان کو

کیا سبب کس لیے بیہوشی ہے
کچھ تو ہے بات کہ خاموشی ہے

انھین کچھ تاب بیان ہے کہ نہین
انکے بھی منھ مین زبان ہے کہ نہین

انھین کچھ بات بھی کرآتی ہے
کہین کچھ بات اگر آتی ہے

کیا ہوا بیٹھے ہین کیون بیدم سے
کچھ خفا تو یہ نہین ہین ہم سے

گر ہین آزردہ تو کیون آئے ہین یہ
آج تشریف عبث لائے ہین یہ

اور جو آئے ہین تو کچھ بات کہین
یہ بھی کچھ بات ہے چپ بیٹھے رہین

یا سدھارین کہ ہے انکے بھی تو گھر
بیٹھین کاہے کو جھکائے ہوئے سر

جائین ناکامون مین گر ہین ناکام
مردہ کا زندہ دلون مین کیا کام

مجکو ہرچند نہ تھی طاقت و تاب
پر دیا آپ کو تھا اتنا جواب

کہ مین اچھا تھا یہان جب آیا
پر ہوا یان ہی پری کا سایا

بس یہ کہتے ہی تو سب جان گئے
بات جو دل کی تھی پہچان گئے

پھر تو ناوک فگنی ہونے لگی
بے دھڑک طعنہ زنی ہونے لگی

ایک ایک اور پہ رکھکر بولا
ایک نے صاف زبان کو کھولا

ایک نے اپنے پہ رکھکر ڈھالی
ایک نے پردے مین جھٹ دی گالی

اک نے تعریف دلیری کی کی
دل مین چٹکی سی کسی نے لی

ہم بھی دیتے رہے پر سب کو جواب
گو نہ تھے ہوش نہ تھی بات کی تاب

طور پر اپنے لگایا سب کو
نہ ہنسے خود پہ ہنسایا سب کو

سارے دن تو رہے ہمصحبت یار
جب ہوئی شام تو اُٹھے ناچار

جی تو اُٹھنے کو نہ کرتا تھا ولے
پاس رسوائی سے ہم اُٹھ کے چلے

اُسکے کوچے سے نہ اُٹھتا تھا قدم
بیٹھے جاتے تھے ہر اک گام پہ ہم

وان سے آنے کی کہان طاقت تھی
کیا کہون آہ عجب حالت تھی

دل مین جب ہوک اٹھی بیٹھ گیا
پانون اُٹھا بھی تو جی بیٹھ گیا

عجب احوال سے گھر تک پہونچا
خون دل دیدۂ تر تک پہونچا

گھر مین آیا تو ولے ہوش کہان
دل وہان جان وہان دھیان وہان

شوق فرمائے کہ ہان پھر چلیے
جی مین یہ آئے کہ وان پھر چلیے

دل بیتاب کو پھر تھام لیا
بیقراری ہی مین آرام لیا

نہ گئے وان کہ نہ ہو وہ بدنام
بیحواسی سے لیا عقل کا کام

پر بُری طرح گذاری وہ رات
جاگتے ہی کٹی ساری وہ رات

صبح تک شام سے بیتابی تھی
بستر خواب پہ بے خوابی تھی

یاد جو آئی وہ دن کی تقریر
لگ گئی چپ بنے رشک تصویر

دھیان اس ہاتھ کا جو آن بندھا
آپ ہی ہاتھ سے اپنے مین چلا

قلزم اشک نے طغیانی کی
دست مژگان نے وہ فشانی کی

بن گئی جان پہ دست دل سے
ہوئی تو صبح پہ کس مشکل سے

صبحدم جوش زیادہ آیا
جلوۂ روز جزا دکھلایا

یعنی بیتابی دل اور بڑھی
خواہش صبر گسل اور بڑھی

شوق نے سلسلہ جنبانی کی — بیقراری نے یہ طغیانی کی
ایک دم گھر مین ٹھہرنے نہ دیا — نہ لیا چین ذرا پر نہ لیا
صبح کو دیکھتے ہی لے ہی گئی — نہ سُنی کچھ نہ کہی لے ہی گئی
ناگہان تھی وہ کہین کوٹھے پر — میرے آنے کی نہ تھی اُسکو خبر
بے خبر سامنے آئی یک بار — بید هڑک ہو گئی مجھ سے وہ دوچار
دیکھتے ہی مجھے غش آنے لگا — ہوش بھی صبر رخصت جانے لگا
پر ذرا آپ کو تھاما نا چار — پھر جو دیکھا تو نہ دیکھا زنہار
پوچھو مت کیا کہون مین کیا دیکھا — جو نہ دیکھا یہ سنا تھا دیکھا
اس سراپا کا مین کرتا تو بیان — پر سراپا ہے یہان لال زبان
جا کے اُن لوگون مین جسدم بیٹھے — ملے معمول سے باہم بیٹھے
پھر وہ شکر شکنی ہونے لگی — پھر وہ شیرین سخنی ہونے لگی
ایک نے ہمنفسون مین سے کہا — آج بے وقت یہ آنا کیا تھا
مفت مین آ کے ستایا سب کو — پڑے سوتے تھے جگایا سب کو
صبح کے ہوتے ہی دوڑے آئے — راہ بہکے ہوے کچھ گھبرائے
سو گئے طالع بیدار کہین — رات کو نیند بھی آئی کہ نہین
کیا ہوا خیر تو ہے فرماؤ — اپنی باتون سے نہ تم شرماؤ
پھر تو مین نے بھی زبان کو کھولا — سوزش طعنہ سے جل کر بولا
نیند آتی تو نہ آتا ہرگز — یون نہ سوتون کو جگاتا ہرگز
عیش و آرام مین ہوتا گھر مین — دیر تک چین سے سوتا گھر مین
کب مین اسوقت بھلا آتا تھا — کبھی پہلے بھی چلا آتا تھا
یہ سمجھ کر کہ یہ ہو دے نہ خفا — صاحب خانہ نے یون اس سے کہا
لاتے ہین پاس یہ میرے تشریف — انکے آنے سے تجھے کیا تکلیف
چاہا جب آئے یہ اپنا گھر ہے — بے تکلف یہ انھین کا گھر ہے

ہان مگر تیرا ارادہ ہے کچھ اور | کہ لگاوٹ کے یہ ہونے لگے طور

قطعہ

سمجھی مین ناز کی یہ باتین ہین | اور انداز کی یہ باتین ہین
سن کے وہ بولی کہ ہان کیا صاحب | کیا کہا آپ نے اچھا صاحب
گھر جوان کا ہے یہ تو یہ ہی رہین | ہم چلے جاتے ہین لو یہ ہی رہین
سن کے آواز یہ ہم رہ نہ سکے | آہ کی اور تو کچھ کہہ نہ سکے
پھر سخن ایسے ہی کچھ ہونے لگے | وہ تو ہنسنے لگے ہم رونے لگے
وان سے وہ طعنہ سناتے ہی رہے | ہم ادھر حال جتاتے ہی رہے
ریخ واندوہ سے جی کھوتے رہے | جب تلک بیٹھے رہے روتے رہے
پھر جو کچھ اور بھی جی بھر آیا | ہو کے ناچار اٹھا گھر آیا
گھر مین آیا تو زبون ترا حال | زار کل سے بھی فزون ترا حال
جی کو دم لینے نہ دے جوش فغان | سختی جان نقاہت سے گران
بیقراری نہ ٹھہرنے دے کہین | صبر اب کیا ہو کہ طاقت ہی نہین
بے سبب گاہ توقع گہ پاس | ہوش جینے کے نہ مرنے کے حواس
آرزوہاے نہانی کیا کیا | حسرت و دل نگرانی کیا کیا
بیخودی سے دل و جان بے آرام | نہ کہ اس مین پے تعطیر شام
دے گل لائی صبا بستان سے | یعنے اک نامہ بر آیا وان سے
لب کچھ آمادۂ الفاظ نوید | خندہ زن جیسے گل باغ امید
کیسا بہ تمکین و بہ انداز خرام | شوکت و دبدبہ افزا ہر گام
طرز رفتار سے عالم پامال | چل بے شوکت کہ باین جاہ و جلال
ہو سواری تو سلیمان کی ہو | آمد آمد کسی ذیشان کی ہو
آ کے اک نامہ دلدار دیا | خط مشکین رقم یار دیا
نامہ تھا کاہے کو حرز جان تھا | یا دہان بند دم افغان تھا

واہ کیا جون وہ طلسم افسون — ہاتھ آیا یہی گنج مضمون
کہ تمھاری بھی عجب ہین حرکات — ایسے نادان کہ سمجھتے نہین بات
کیا مناسب تھے یہ بیباک سخن — نامناسب تھے یہ بیباک سخن
حرکت اچھی نہین بدنامی کی — یہی باتین تو ہین ناکامی کی
پاس رسوائی کا گر اپنی نہو — دیکھو تم مجکو تو رسوا نہ کرو
بسکہ ہوتا ہے محبت مین اثر — مجکو سب درد کی تیرے ہے خبر
دل مشتاق تپان ہے یان بھی — زینت لب یہ فغان ہے یان بھی

غزل

کاکل آشفتہ و پیچان کیون ہے — زلف کا حال پریشان کیون ہے
کس کے نالے نے بنا دی دم پر — زمزمہ ہمدم افغان کیون ہے
رنگ اڑا لے گئین کس کی آہین — چہرہ جون مہر درخشان کیون ہے
کس کی وحشت کا خدا صبر پڑا — شوخی چشم غزالان کیون ہے
غمزے نے کس کو رولایا بیباک — خار دامن سر مژگان کیون ہے
خندہ زن کس کا ہوا زخم درون — شدت گریہ پنہان کیون ہے
کس کے یہ متصل آنسو پونچھے — ہاتھ ہم پنجہ مرجان کیون ہے
کون تلخی سے ہوا شیرین کام — بے مزہ شور نمکدان کیون ہے
کس کا دل لے کے گنہگار ہوے — خوار تر خشکی دامان کیون ہے

دل مومن سے ہوئی کیا صحبت
ہندوے زلف پریشان کیون ہے

مین نے آنکھون سے لگایا اسکو — جی کا تعویذ بنایا اسکو
پڑھ کے وہ نالۂ لبریز عتاب — مختصر سا یہ لکھا مین نے جواب
کہ ترے صدقے مری جان مومن — جان مومن ترے قربان مومن
اس طرح رو دیا بازار و نزار — دل کے بھر آنے سے مین تھا ناچار

دل مرے قابو مین اے جان نہ تھا
ورنہ ایسا بھی تو نادان نہ تھا

کہ کچھ آتا نہ خیال انجام
جان کر مین تجھے کرتا بدنام

اس جگہ تو ہے بہت ضبط ضرور
پر کرون کیا کہ ہون دل سے مجبور

کیا کہون کس سے کہون حال دل آہ
درد سے میرے کوئی کیا آگاہ

چین ہے دن کو نہ شب کو آرام
بیقراری سے شب و روز ہے کام

ہر زمان آہ ہے ہر دم رونا
ہر گھڑی جان حزین کا کھونا

ہے روان چشم سے جیحون دن رات
لب پہ یہ نالۂ موزون دن رات

غزل

جلوہ اس بت نے دکھایا مجکو
کب قیامت مین غش آیا مجکو

سرمۂ دیدۂ خورشید ہون مین
خاک مین کس نے ملایا مجکو

شعلہ رو ابتو اٹھا دے جلمن
سوز پنہان نے جلایا مجکو

ناصح اس مہ کو کہے ہے لیلے
تو نے دیوانہ بنایا مجکو

ہائے کس شوخ پہ جی لوٹے ہے
تپش دل نے ستایا مجکو

دیکھون اس دولت بیدار کو مین
خواب کیسا نظر آیا مجکو

محو دیدار بت کافر ہون
کیا ہوا ہائے خدایا مجکو

شکل بستر کی سی بخت اپنے کہان
اس نے کب ساتھ سلایا مجکو

مہر کو رنج شب ہجر نصیب
وصل کا دن نہ دکھایا مجکو

منھ کو مومن سے چھپانا کافر
یہ تقیہ تو نہ بھایا مجکو

اب گیا وان تو تکلم بر لب
دشنہ در جان و تبسم در لب

پر وہی اگلی سی شیرین سخنی
دل مین سو زخم و لے خندہ زنی

اورون سے حرف دلاویزانہ
آشنا سے سخن بیگانہ

آخر اس طور سے ماہر تھا مین
کچھ نہو پھر بھی تو شاعر تھا مین

کھو دیا دل سے سبھی کے وہ گمان
وہم کا کچھ نہ رہا نام و نشان

جان بیتاب کو بھی سمجھایا
پھر تو معمول یہی ٹھہرایا

روز یکبار مقرر جانا
دو پہر تین پہر بیٹھ آنا

ایک کچھ دن بدن احوال تباہ
آج تک کل سے کہین حال تباہ

منہ کی پہلی سی بحالی نرہی
رنگ مین نام کو لالی نرہی

آنکھون مین اشک بھی آہی جاے
خون دل رنگ دکھا ہی جاے

رہے ہونٹون پہ فغان خونبار
دمبدم دیدۂ تر جیحون بار

تھامون گو آپ کو پر تھم نہ سکون
تھمون تھمنے دے اگر درد درون

برسے کچھ چشم سے حیرانی سی
ٹپکی نظرون سے پریشانی سی

مجھے اس حال کو جب پہونچایا
رحم تھوڑا سا انھین بھی آیا

سامنے چپکے سے آجانے لگی
چھپ کے وہ شکل دکھا جانے لگی

حرف تسکین دموا سا اکثر
دل وہی اور دلاسا اکثر

عذر ہر لحظہ مین مہجوری کا
ذکر ناچاری و مجبوری کا

حالت اپنی جو ہوئی اور تغیر
ہوئی اسکو بھی زیادہ تاثیر

چھا گئی چشم مین اک بیخوابی
دل کو بھی رہنے لگی بیتابی

دیکھ غمگین وہ مجھے غم کھاتی
سُن کے حسرت مری سن ہو جاتی

کسی سے روتے اگر سن لیتی
چپکے سے کونے مین جا رو دیتی

صبح تک شب کو نہ سویا کرتی
یاد کر غم مرا رویا کرتی

ایک شب ایک جگہ فرصت پا
مجکو وان چپکے سے بلوا بھیجا

مین چلا کیسے تجمل سے اُدھر
پانون رکھتا فلک مفتم پر

جب کہ دروازے پہ پہونچا تو کہا
یفتح اللہ لنا الباب عشی

پانون رکھا جو مین گھر کے اندر
لگی اک آگ جگر کے اندر

بعنے وہ شعلہ رخ و شعلہ عذار
سے بجا یا نہ ہوئی مجھ سے دچار

بڑھ گئی تاب جگر سوز مری — خرمن صبر پہ بجلی سی گری
کہا کچھ بات کہون کہہ نہ سکا — چاہا خاموش رہون رہ نہ سکا
چشم و دل دونون پریشانی مین — جنگ بیتابی و حیرانی مین
وہ کہے چپ کہ ادب کی جا ہے — وہ کہے کہہ لے جو کچھ کہنا ہے
ہاتھ کب آتی ہے ایسی صحبت — مفت مین جاتی ہے ایسی صحبت
ناگہان ملتی ہے یہ تنہائی — پھر کہان ملتی ہے تنہائی
سو دم چند تو خاموش رہا — نشہ حیرت کا تھا بیہوش رہا
محو نظارہ تماشاے حسن — سخت حیران خود آراے حسن
جوش جب دھوم مچانے آیا — رفتہ ہوش اپنا ٹھکانے آیا
پھر تو ہم غم کے بیان پر آئے — دلنشین نالے زبان پر آئے
اپنا احوال سنایا اسکو — درد دل خوب جتایا اسکو
سن کے فرماتی ہین وہ کیا سب جھوٹ — عشق صادق کا ہو دعوی سب جھوٹ
یہ تو مانا ہے نہ مانون گی مین — تم کو بیتاب نہ جانون گی مین
سن کے یہ مین نے کہا اے بیدرد — سچ تو یہ ہے کہ تو ہی ہے بیدرد
ورنہ پہونچا ہون مین مرنے کے قریب — یہ مرض اور نہ درمان نہ طبیب
غور سے سن طپش جان کو مری — دیکھ چشم جگر افشان کو مری
سختی ولولہ عشاق سے پوچھ — شوق دل والہ و مشتاق سے پوچھ
تو غم و درد کو کیا جانے ہے — شب غم تیری بلا جانے ہے
کیا کہون آہ یہ قسمت اپنی — جسکے پیچھے ہو یہ حالت اپنی
اس کو پروا ہی نہ ہو کچھ زنہار — فکر درمان نہ خیال آزار
کچھ نہ واقف غم جان سے ہو مرے — بے خبر درد نہان سے ہو مرے
جی سدا جسکے لیے بھر آئے — درد دل اسکو نہ باور آئے
کہہ کے یہ بات جو مین رونے لگا — اور ہی حال مرا ہونے لگا

پھر تو اشک آنکھون مین وہ بھر لائی
یہ سخن رو کے زبان پر لائی

کہدون مین بھی اگر اپنا احوال
پھر کہو آپ کا ہو کیا احوال

میری حالت کوئی کیا جانے ہے
کیا کہون خیر خدا جانے ہے

کہہ کے یہ سن کے یہ مین دو روئے
روئے اور خوب ہی دو نو روئے

آگئی پھر وہ جدائی کی گھڑی
بات کہنے مین گئی رات بڑی

وہ ادھر گھر مین مکدر پہونچے
ہم اُدھر روتے ہوے گھر پہونچے

شب جو باقی تھی سو غم مین گذری
اسی اندوہ و الم مین گذری

شب کا کیا حال کہین طول سے ہم
صبحدم پھر گئے معمول سے ہم

وہ ہی صحبت رہی وہ ہی عالم
وہ ہی ہنسنا وہ ہی رونا باہم

یون ہی با عشرت و عیش و آرام
جب کہ گذرے ہمین کچھ اور ایام

بعد چندے فلک ناہنجار
بدچلن بدروش اور کج رفتار

جمع احباب پریشان گردان
گردش افزاے بیابان گردان

دیکھ وان روز کا جانا میرا
بیٹھنا ہنسنا ہنسانا میرا

راہ بیداد کی لی ظالم نے
چھوڑ دی رسم ردی ظالم نے

سر پہ اک آفت تازہ لایا
بدسلوکی سے مرے پیش آیا

اور ہی نقشہ دکھایا ہے ہے
اور ہی فتنہ اٹھایا ہے ہے

اور ہی کچھ ستم ایجاد کیے
جو کیے ظلم سو بیداد کیے

کیا کیا ہاے کیا آوارہ
مجھے بھلائے کیا آوارہ

یعنے وان کوچ کی اُن کی ٹھہری
ناگہان کوچ کی اُن کی ٹھہری

جس گھڑی ہم تلک آئی یہ خبر
چھا گئی بے خبری سی دل پر

ایک غلو ہوش پہ بیہوشی کا
عالم اک اپنی فراموشی کا

خود فراموشی و غفلت کوشی
بیخودی بے خبری بیہوشی

اس مین پیغامبر آیا وان سے
ترجمان لعل لب جانان سے

کہ سُنا تم نے سفر ٹھہر گیا — اپنا جانا بس اُدھر ٹھہر گیا
ملنے کے دھیان رہے جی ہی مین — جی کے ارمان رہے جی ہی مین
سوچتے رہتے تھے تدبیر وصال — تھے ملاقات کے کیا کیا نہ خیال
یون جدائی کی خبر کاہے کو تھی — دور گردون پہ نظر کاہے کو تھی
جو کچھ اس وقف بلا نے چاہا — وہ فلک نے نہ خدا نے چاہا
کہین کیا آہ جو کچھ سمجھے تھے — نہ ہوا آہ جو کچھ سمجھے تھے
خیر وہ تو نہ ہو پر نہ ہوا — چاہا تھا جو نہ ہوا پر نہ ہوا
لیکن اسوقت ذرا فرصت ہے — ہے مکان اور کا اور خلوت ہے
جی مین آجائے تو آجاؤ یہان — آن کر شکل دکھا جاؤ یہان
اور اسوقت بھی گر آپ نہ آئے — ہم کہان اور کہان تم پھر ہائے
سن کے یہ بات مین باحال تباہ — بیخود انہ ہوا اس کے ہمراہ
پایۂ شوق کہان تک پہونچا — وہ تھی جس جاے وہان تک پہونچا
کیا نئے ڈھب سے ملاقات ہوئی — کہ نہ کچھ بولے نہ کچھ بات ہوئی
مل کے حیرت زدگان بیکس — دور بیٹھے ہوئے روتے رہے بس
خونفشان لب پہ وہ آہین باہم — حسرت آلودہ نگاہین باہم
گرچہ ہرگز بھی نہ تھی تاب کلام — پر یہ بولی وہ ذرا جی کو تھام
کہ یہ کیا حال ہے کیون روتے ہو — مفت کس واسطے جی کھوتے ہو
اب تم اورون سے لگالیجو جی — نہ ہوے ہم تو کوئی اور سہی
ہان مگر سنکر ہو تو ہم کو ہو — رنج واندوہ ہو جو ہم کو ہو
کہ بری آہ ہماری خو ہے — ہم مین اک مہر و وفا کی بو ہے
خیر رہنا ہوا اب تک اپنا — اب وطن تم کو مبارک اپنا
تم رہو خوش کسی جانان کے ساتھ — ہم چلے حسرت و حرمان کے ساتھ
کام دل رنج و بلا کو سونپا — تم کو لو ہم نے خدا کو سونپا

کہہ کے یہ اُٹھ گئی جی کھوتی ہوئی — ہچکیان لیتی ہوئی روتی ہوئی
ہم بھی روتے ہوے اپنے گھر آئے — بادل مضطرب و مضطر آئے
کیا کہون کیونکہ گذاری وہ رات — گذری کس حال مین ساری وہ رات
کس سے یہ صدمہ سہا جاتا ہے — کس سے وہ حال کہا جاتا ہے
جو ہو دل دادہ سمجھ لے آپی — کار افتادہ سمجھ لے آپی

سفر معشوقہ دلنواز و قلق و آوارگی عاشق جانباز

جب سفر قافلۂ شب نے کیا — کوچ ہر اختر و کوکب نے کیا
بار انداز ہوا روز سپید — نکلی وہ گھر سے کہ نکلا خورشید
وان چلی وہ تو یہان جان چلی — ہان چلی جان کہ ہان جان چلی
ہم نے بھی چاہا کہ ہم راہی ہون — ہمدم باد سحر گاہی ہون
پاس رسوائی سے پر جا نہ سکے — ہمرہ اہل سفر جا نہ سکے
گو نہ کی مرحلہ گردی ہم نے — لیک کی دشت نوردی ہم نے
پاس کا کوئی نہ چھوڑا صحرا — سیر کرتے رہے صحرا صحرا
دھوم سودے مین مچائی کیسی — دشت کی خاک اڑائی کیسی
ابتلک بھی تو ہے وہ ہی احوال — ابتلک ہے اسی سودے کا خیال
ابتلک بھی تو ہے وہ غم ویسا ہی — ابتلک تو ہے الم ویسا ہی
ابتلک بادیہ گردی ہے وہی — ابتلک دشت نوردی ہے وہی
ابتلک تو ہے وہی بیہوشی — ابتلک تو ہے وہی خاموشی
آہ و زاری ہے وہی ابتک تو — بیقراری ہے وہی ابتک تو
وہی حسرت ہے وہ ہی ارمان ہے — وہی اندوہ و غم ہجران ہے
وہی دن رات تصور ہے بندھا — شکل ہوتی نہین آنکھون سے جدا
ہر گھڑی دھیان وہی وہ ہی خیال — وہی اندوہ وہی رنج و ملال

وہ ہی دیوانون کی باتین ساری — وحشیون کی حرکاتین ساری
دل بیتاب کو ہے ولولہ یان — اور وہ ہونگے تنعم مین وہان
ذکر بھی یان کا نہ بھاتا ہوگا — دھیان بھی اپنا نہ آتا ہوگا
دن مسرت مین گزرتے ہونگے — یاد بھی ہم کو نہ کرتے ہونگے
رات کو اور ہی عشرت ہوگی — غیر سے گرمی صحبت ہوگی
ہے محبت مین اثر کہتے ہین — سنتے لوگون سے یہ ہم رہتے ہین
گر یہ سچ ہے تو وہ ہونگے بیتاب — چین ہونے کا نہین جون سیماب
روز و شب یاد ہماری ہوگی — جب نہ تب یاد ہماری ہوگی
ہر گھڑی ہوگا تصور سے وصال — ہر زمان ہوئے گا اپنا ہی خیال
چند یہ لفظ جو آئے لب پر — صدق ان کا نہین ظاہر سب پر
جو کہ عاشق ہین سو جانین گے اسے — منکر عشق نہ مانین گے اسے
کوئی اس بات کو کیا مانے ہے — اس کو لوگون کی بلا جانے ہے
عشق سے سب تو خبردار نہین — ہر کوئی محرم اسرار نہین
عشق کے کیا کوئی جانے ہے رنگ — عشق کے پوچھیے ہم سے نیرنگ
عشق کے دیکھے ہین ہم نے عالم — عشق جانے ہمین اور عشق کو ہم
مرتے دیکھے ہین بہت دیوانے — سیکڑون ایسے سنے افسانے
ایک ان مین سے حکایت یہ ہے — کسی مجنون سے روایت یہ ہے

حکایت بہ تمثیل اثر عشق دل آزار و ذکر جان دادن معشوق و عاشق جان نثار

اک جوان تھا بہ الم خو کردہ — شور وحشت کا نمک پروردہ
حکم بے ربط دہ ملک جنون — افسر داغ بسر چون مجنون
کیا کہا گر یہ کہا کچھ نہ کہا — نہ رہا مرتبہ اس کا نہ رہا
قیس کو اس سے بھلا کیا نسبت — ایک شاہ ایک گدا کیا نسبت

ذرہ کو مہر سے کیا رتبہ ہے — کچھ بھی ذرے کا بھلا رتبہ ہے
قیس اک طفل دبستان جنون — اور وہ استاد زباندان جنون
اس سے جب بزم غم آرائی ہو — عشق کو مرتبہ افزائی ہو
غم مین اک جان اسی کے باعث — درد کو شان اسی کے باعث
فخر الفت کو اسی کے دم سے — ناز وحشت کو اسی کے دم سے
جگر و سر زنش نشتر غم — سینہ وقف خلش خار الم
سر سے لے پانون تلک غم تھا وہ — ہان مگر عشق مجسم تھا وہ
لہو اس چشم سے پیہم جاری — سیل خون سخت دمادم جاری
دل لگانے کی تمنا اسکو — جی کے جانے کی تمنا اسکو
چاہ کرنے کو سدا آمادہ — یعنے مرنے کو سدا آمادہ
دل مین بس آنکھ لڑانے کی ہوس — زخم تیر مژہ کھانے کی ہوس
دیکھا گر کوئی دل آرا نقشہ — پھر تو بس اور رہی کچھ تھا نقشہ
صورت اچھی جو نظر آجاتی — کیا بری شکل وہین بن جاتی
زلف کی بو جو صبا لانے لگے — جی بگڑنے لگے غش آنے لگے
گر کسی نے کہی لیلی کی بات — نیند پھر اسکو کہان ساری رات
نام شیرین کا جو آجائے کہین — منھ مین پانی سا بھر آئے وہین
ذکر اندوہ سے جی کھونے لگے — عشق کا نام لیے رونے لگے
ایک دن جمع کیے محرم راز — ہر طرح ہر کوئی افسانہ طراز
کوئی مشغول حکایات کہن — ذکر شیرین سے شرر ریز سخن
حال فرہاد سے سرگرم بیان — خونچکان حرف و شرر ریز زبان
وحشت قیس سے آشفتہ کلام — لفظ غم ریز جنون خیز تمام
حرف زن طرفہ روایت سے کوئی — قصہ خوان اپنی حکایت سے کوئی
اک بیان قصۂ مشہور کرے — ایک دیکھا ہوا مذکور کرے

ایک نے بات مین کچھ پا کے محل پڑھ دی یہ حضرت مومن کی غزل

غزل

بو کچھ آتی ہے صبا سے تیری خاک مین دم ہے جفا سے تیری
بس لگا لے مجھے چھاتی سے اب تنگ ترہون مین قبا سے تیری
غیر کو بھی ہے عذاب شب غم کوئی مر جاے بلا سے تیری
جوش وحشت ہے یہی تو اک دن الجھین گے زلف دوتا سے تیری
کیون کہ حسرت سے فلک کو دیکھون شرم آتی ہے حیا سے تیری
نہ سنا رنج شب غم ہے ہے دشمنی اہل وفا سے تیری
آج ہمرنگ حنا ہے گریہ مل دون آنکھین کف پا سے تیری
ہجر مین ہے قلق جان شکنی حسرت روح فزا سے تیری
مومن اس بت سے بگڑنا ہی تھا بن چکی بات خدا سے تیری

رجوع بقصہ

یہ غزل سنتے ہی بیتاب ہوا خون فشان دیدۂ پرآب ہوا
دلدہی و لولۂ دردنے کی گرم جوشی نفس سردنے کی
لے لی چٹکی سی خلش نے دل مین گدگدی سی کی تپش نے دل مین
شدت غم سے بھر آئی چھاتی ناخن غم سے کھجائی چھاتی
اک دھوان نالہ وافغان سے اٹھا شعلہ کیسا دل سوزان سے اٹھا
تپش و لولہ جان تک پہونچی آتش سینہ زبان تک پہونچی
آگ جو شعلہ اٹھاتی دوڑی تو اجل آگ بجھاتی دوڑی
جب یہ سمجھا کہ چلی جان حزین کوئی دم ہے سو دم باز پسین
جی مین آیا کہ وصیت کر لون کچھ بیان جان کی حسرت کر لون
کہ کوئی حال سے آگاہ نہین محرم راز نہان آہ نہین
سوزش دل سے ہوا گرم بیان آتش حرف ہوئی شعلہ فشان

کہ سنو ہمنفسان ہمدم ہین تپ دل کے جگر سوختہ ہم
یعنے مرتے ہین اک آتش خو پر دیتے ہین دم شکن ابرو پر
یہ وصیت ہے کہ جب نعش اٹھاؤ نعش صحرا کی طرف لے کر جاؤ
وہ جو کوچہ ہے بہت روح فزا دلکشا طبع کشا سینہ کشا
وان سر راہ ہے اک بام بلند سرفرازی مین فلک سے دہ چند
اس مین اک غرفہ ہے باصد تزئین ایک مہ وش ہے وہان غرفہ نشین
ہاے اس کو مین نہ جا سکتا تھا ورنہ مین آپ مین آسکتا تھا
ہے یہ مرنا اسی کافر کے لیے اسی بیدرد ستمگر کے لیے
اسی کے شوق مین جان نکلے ہے ہر ہن مو سے فغان نکلے ہے
اسی کے عشق مین محروم ہوا وصل یک شب بھی میسر نہوا
نعش پہلے مری لیجا یو وان کہ بھلا کوئی تو نکلے ارمان
گو نہ تھک جاؤ پہ وان دم لیجو دم کے دم جان کے وقفہ کیجو
وہ بھی شاید کہین آکر دیکھے غرفہ کی چلون اٹھا کر دیکھے
کہہ کے یہ کھینچی اک آہ جان سوز جل گیا جون دل ہنگامہ فروز
جان سینے سے گئی درد کے ساتھ ہو گیا سرد دم سرد کے ساتھ
دیکھ یہ رنگ محبت کا حال اہل محفل ہوے حیران کمال
واہ اے عشق اسے جان سے کھویا بات کہنے مین جہان سے کھویا
دوستدارون نے بُرا حال کیا سارے یارون نے بُرا حال کیا
کوئی سرگرم فغان جان سوز نالہ ہنگامہ محشر افروز
کسی کے لب پہ مین مرجاتا کاش کسی کے چہرے پہ ناخن کی خراش
کسیکی آہ کرے خونباری کسیکی چشم سے دریا جاری
آخر اس طرح باحوال خراب لے چلے نعش اٹھا کر احباب
الغرض پہونچے جب اس شکل سے وان جس جگہ تھا بت کافر کا مکان

وہ گلی جس سے تماشا گہ تھی — جلوہ گر غرفہ مین وہ ناگہ تھی
دیکھ اس حال کو افسوس آیا — گر پڑی دل جو ذرا گھبرایا
گرتے ہی مر گئی بس وہ دلگیر — جذب الفت نے دکھائی تاثیر
کچھ نہ سمجھی کہ یہ کیا کرتی ہون — جان کر دیتی ہون جان مرتی ہون
کیا سمجھتی اسے تھے ہوش کہان — ہوش ہوتے بھی تو کیا ہوتا وان
کہ یہ لکھا ہوا تقدیر کا تھا — مقتضی عشق کی تاثیر کا تھا
عشق کے ڈھنگ بیان کیا کیجے — اسکے نیرنگ بیان کیا کیجے
اس کا ہر جاے جدا ہے عالم — جس جگہ دیکھیو نیا ہے عالم
اسکی تاثیر فسون و جادو — اثر اس کا کوئی چھوڑے ہے کبھو
یہ کسیکو نہین رکھتا محروم — جس پہ گذرے ہے اُسے ہے معلوم
زندگی مین ہو اگر وصل محال — بعد مرنے کے مقرر ہو وصال
کون مایوس بھلا ہوتا ہے — جذبۂ عشق برا ہوتا ہے
کشش دل بھی ہے کیا کوئی بلا — یار سو کوس سے آتا ہے چلا
پاس فرہاد کے کہیے شیرین — مضطرب ہو کے گئی تھی کہ نہین
سر مجنون پہ بھی تو ہے مشہور — کہ ہوا ناقۂ لیلےٰ کا عبور
چھوڑتا یہ تو کسیکو بھی نہین — کھینچ لاتا ہے کہین سے یہ کہین
جب موے پر بھی بر آتی ہو امید — وہ بھی آجائین تو کچھ کیا ہے بعید
لوگ جا کر بھی تو پھر آتے ہین — گاہ بچھڑے بھی تو مل جاتے ہین
مومن زار کہ تھا گرم بیان — سوزش سینہ سے تھا شعلہ فشان
دل کی آتش سے جلا خاک ہوا — بجھ گیا شعلہ بھڑک کر دل کا
آتشین نالہ ز دور رفت ز ہوش — ہمچو شمع سحری گشت خموش
ختم المومن نوحا حزنی — ختم اللہ لہ بالحسنیٰ

مثنوی چہارم

چہ در پردۂ دل فغان بختم
کہ طرح چنین مثنوی ریختم

دم شعلہ افشان جان حزین
بود نام وسالش تف آتشین

کھولیو سانی منہ کو سُبو کے
پیتے ہین کب سے گھونٹ لہو کے

جام شراب اسمر بھر دے
چشم بھر آئی ساغر بھر دے

غفلت بیجا رشک پری کیون
حال سے میرے بیخبری کیون

ہوش مین آکیا نشۂ ہے تجکو
ایسا کہان کا نشۂ ہے تجکو

محو تعطل کب تک رہنا
مست تغافل کب تک رہنا

ربط لب و پیانہ کہان تک
ہا و ہوے مستانہ کہان تک

چپ ہو سُن آواز کسیکی
آہ فلک انداز کسیکی

شور نگون ہے بانگ تظلم
صور شکن ہے بانگ تظلم

غور سے سن فریاد ستم کش
جلد کہین دے داد ستم کش

مست شراب غم کی خبر لے
سینہ کباب غم کی خبر لے

جان شکنی پیوند گسل ہے
جوش خمار نشۂ دل ہے

بادہ سخنی خارہ ہے ظالم
شیشۂ دل صد پارہ ہے ظالم

ہاے وبال جان ہے جینا
جنبش دم ہے ریزہ مینا

بادہ شر شک و چشم پیالہ
ہا و ہوے مستانہ ہے نالہ

نشۂ غم مین حال دگر ہے
بادۂ الفت زہر اثر ہے

یعنے بُری اب آن بنی ہے
دل شکنی ہے جان شکنی ہے

تڑپتے ہے سینہ بات کیے سے
درد اٹھے ہے سانس لیے سے

ضعف سے کیونکر حال بیان ہو
لب جو کھلے تو بند زبان ہو

گردش پہلو کیا کیجاوے
جسم ہلے جب زلزلہ آوے

چشم کشائی کوہ کنی ہے — جنبش مژگان تیشہ زنی ہے
فرش زمین سے جسم بہم ہے — یہ بھی مگر اک نقش قدم ہے
باد صبا سے حال دگرگون — گردش بالین گردش گردون
جوش طپیدن حوصلہ فرسا — دل کی طپش سے زلزلہ برپا
حیرت و حسرت نالہ و زاری — مضطر با نہ باتین ساری
بہ گئے خون ہو دل جگر اپنے — آتا ہے رونا حال پر اپنے
گریۂ خونی غیرت حیجون — منبع فتلزم دیدۂ پرخون
بسکہ سر شک خون سے بھرا ہے — عرصۂ دامن صحن منا ہے
دل کے تلق سے دشت نوردی — نقش قدم ہے صحرا گردی
پڑ گئے لاکھون پانون مین چھالے — جوش جنون نے پانون نکالے
ہائے اذیت کیونکر جاوے — چین نہ آوے موت نہ آوے
کاوش تازہ پیہم جی کو — نزع کی حالت ہر دم جی کو
سخت مشوش ہون کیا کیجے — دل کو تسلی کیونکر دیجے
کس کنے بیٹھون کیونکر ٹھہرون — ٹھہرے یہ دل تو دم بھر ٹھہرون
یار نہین ہین اپنے ڈھب کے — آئے ہے وحشت ملنے سے سب کے
سیر گلستان خار لگے ہے — موج روان تلوار لگے ہے
شعر روان سے اشک روان ہو — راگ سنے سے مشق فغان ہو
درد نہان نے پیر نکالا — عمر ابد نے مار ہی ڈالا
راحت دل کیا تاب نہین ہے — موت تو کیسی خواب نہین ہے
چشم رکھے وادرو نہفتہ — سونے نہ دیوے طالع خفتہ
ضعف دل اپنا زور جتاوے — نیند کے بدلے غش پہ غش آوے
ولولہ طاقت سوز قیامت — رات کٹے جون روز قیامت
کھانا بالکل چھوٹ گیا ہے — غصہ و غم ہر وقت غذا ہے

کام نہین ہے جز ناکامی — آب کے بدلے خون آشامی ہے
موجۂ دریا اشک و دامن — آہ و فغان و نالۂ پیہم
سجدۂ ہر دم شعلہ نشانی — قبلۂ دوزخ داغ نہانی
خلعت زیبا داغ تن اپنے — گرد عبیر پیرہن اپنے
جامۂ سالم دیکھ تعلق ہو — جیب سیے سے سینہ شق ہو
تا کجا خاموشی رہون مین — حال دل اپنا کچھ نہ کہون مین
رحم کی اُسکے آس کہان تک — راز نہان کا پاس کہان تک
ضبط کہان تک جی پہ بنی ہے — صبر کہان تک اپنے بھی جی ہے
جان کو کوئی کب تک کھوے — ابتو کہین گے ہووے سو ہووے
رخصت نام و ننگ ہے ابتو — قافیہ اپنا تنگ ہے ابتو
ابتو کدورت دل کی نکالین — خاک کہان ہر باٹ پہ ڈالین
ابتو لحاظ اس کا نہ کرین گے — شکوۂ بیجا کا نہ کرین گے
کھولتے ہین اب راز نہانی — شوخ بھی دیکھے شوخ بیانی
نالۂ جانکاہ آئے ہے لب تک — درد فزا آہ آئے ہے لب تک
قصۂ عشق آغاز ہوا ہے — بسملہ مدآہ رسا ہے
تازہ حدیث عاشق غم کش — شکوۂ جور و تاب ستم کش
کون ستم کش یعنے مرا دل — کون ستمگر یعنے وہ قاتل
جسنے کہ خاک و خون مین لٹایا — اشک کے بدلے خون رلایا
جسنے ہمین ناکام کیا ہے — سچ تو یہ ہے کیا کام کیا ہے
بسکہ طبیعت مشغلہ جو تھی — اپنی سدا سے چاہ کی خو تھی
اہل جفا مین دھوم تھی اپنی — جور کشی معلوم تھی اپنی
شوق نہان مشہور ہمارا — دیکھو جہان مذکور ہمارا
سبکو تمنا چاہ کی اپنی — کان کو لذت آہ کی اپنی

گرم ادا دل سوز جلن کے — تنگ دہن مشتاق سخن کے
اور ہمین بھی چاہ کا پکا — عشق و دل و جان کاہ کا پکا
مہر و شوق سے لاگ سی دل کو — گرم رکھے اک آگ سی دل کو
ایک نہ اک سے کام ہی رہوے — نام سدا بدنام ہی رہوے
تاب ہمیشہ صرف جفا ہو — عجز نیاز ناز سدا ہو
جبکہ بہت تکلیف اٹھائی — حال پر اپنے مرحمت آئی
سمجھے کہ بگڑا طور کچھ اپنا — حال بنا اب اور کچھ اپنا
جان بغم خوگر کو سمجھائے — عشق سراپا غم کی برآئے
جی کو سنبھالا حیلہ و فن سے — دل بہلایا شعر و سخن سے
عیش کو پھر مہمان بلایا — ربط قدیمی یاد دلایا
تازہ کھلا گل باغ طرب مین — ربط ہوا گل خندہ و لب مین
ہو گئی یاری دل سے خوشی کی — مہری تبسم سے بھی ہنسی کی
جان و فرح ہم گو ہر و احست — خواب و مژہ ہم بستر و احست
چشم تر و شوار بہ غم مین — سوشکر آبی ایک ایک دم مین
سیر چمن مین روز گذارلی — ہمنفس دم باد بہاری
رود و شراب و صحبت یاران — رات کہ عید بادہ گساران
طبع کشیدہ رنج کشون سے — گرمی صحبت شعلہ وشون سے
زمزمہ سازی سے دمسازی — چنگ نوازی گوش نوازی
سینہ سے ٹھنڈک کو جو لگایا — سوزش دل کا سینہ جلایا
حوصلہ ہاے جان بکالے — دل کے سبھی ارمان نکالے
چندے یوہین اوقات بسر کی — عیش و طرب مین شام و سحر کی
چرخ نے دیکھ آرام ہمارا — غم سے زمین پر سر دے مارا
جان فلک کی ہو گئی مضطر — دم مین بدل گئے آنکھین اختر

چرخ کو اپنا چین نہ بھایا — دور زمان کو چین نہ آیا
ظلم فراموش یاد کیے پھر — جور و ستم ایجاد کیے پھر
عشق کو خواب خوش سے جگایا — بیٹھے بٹھائے فتنہ اٹھایا
تلخی غم دی عیش اٹھاکر — شہد پلایا زہر ملاکر
یعنے ہمارے ہم ہنرون سے — ہم نسبون سے ہم گہرون سے
شادی اٹھی اک گھر مین شتابی — اس مین ہوئی یہ خانہ خرابی
بسکہ مکلف نالہ اثر تھا — انکا مکان بھی اپنا ہی گھر تھا
تھی جو وہ بزم جان و دل آرا — مین بھی وہان تھا محفل آرا
کارکن و مختار وہان مین — مہتمم ہر کار وہان مین
اندر باہر سو رفت آئی — تھی متعدد بزم آرائی
سوے ہر اک بزم اپنا گذر ہو — مجکو پکارین کام جدھر ہو
اپنا گذر جون صاحب خانہ — تا در رنگین بزم زمان نہ
پردے سے اک آواز خوش آئی — جسنے یہ چپ ہے مجکو لگائی
وصف کی اسکے تاب کہان ہے — رنگ بیان کی لال زبان ہے
لفظ جو تھے مربوط صدا سے — سو نہ ادا ہو نطق ادا سے
کیا کہون اسکی سحر بیانی — لفظ کئی اور لاکھ معانی
لفظ نہ تھے اک تازہ فسون تھے — جسکے موکل عشق و جنون تھے
چھیڑ کی باتین جادوے بابل — جس سے مسخر ہو ہی گیا دل
گرچہ سخن کا ہوش کہان تھا — لیک عجیب ناز فغان تھا
ہم سخنی پر طور دگر سے — بات اُدھر سے نالہ اِدھر سے
آہ نے کتنی تیز اثری کی — پردہ نشین نے پردہ دری کی
چلون اٹھاکر دو ہین گرادی — ایک جھلک سی اپنی دکھادی
پردہ اٹھایا شوق نہان نے — منھ کو چھپایا تاب و توان نے

کیا کہون عالم اتنی جھلک سکا — رنگ اوڑے ہے مہر فلک کا
جون نظر آئی وہین نہان تھی — کیسی تجلی برق طپان تھی
دیکھ وہ عالم جلوہ گری کا — ہوش اڑے کیا پری کا
قامت رعنا آہ ستم کش — تاب جبین یا شعلۂ آتش
زلف مسلسل سلسلہ جنبان — حلقۂ کاکل یا در زندان
تیغ شکاری جنبش ابرو — چشم کی گردش شوخی آہو
کشتہ مژگان ترک نگاہان — سرمہ فسان تیغ صفاہان
رنگ صبا گلریز تکلم — خندۂ گلبن طور تبسم
بسکہ وہ شکل پردہ نشین ہے — دل سے زبان تک آتی نہین ہے
گرچہ مرا ہر موے زبان ہو — تو بھی سراپا وہ نہ بیان ہو
ہو متحیر دیکھ رہا ہین — دیکھ وہ عالم مرہی گیا ہین
عالم حیرت رخ نے دکھایا — آئینہ نے آئینہ بنایا
کہنے بنائے رنج نے ہم — حیرت دل سے کھوئے گئے ہم
دلمین رہے صد حرف نگفتہ — کھل نہ سکا کچھ شوق نہفتہ
کیا کہون حالت جان حزین کی — بات تو سمجھو بات نہین کی
دیر تلک بیہوش پڑے تھے — اٹھکے بھی تو خاموش کھڑے تھے
وقت سخن کب طاقت آئی — جب وہ گئے تب طاقت آئی
کسکا سخن اب تاب کہان کی — تاب جو کچھ تھی صرف فغان کی
جاتے ہی اسکے آئی قیامت — راحت رفتہ لائی قیامت
دل نے ادھر کو پھر نہ کیا منھ — پھرتے ہی وہ منھ پھیر لیا منھ
دم مین بگڑ گئی بازی ساری — تاب وتوان نے طاقت ہاری
لے گئی مرا چین وہ بالکل — ساتھ سدھارے صبر و تحمل
جوش نے اٹھکر جی ہی بٹھایا — شوق نے کیا ہنگامہ اٹھایا

دم مین تمنا کے جو نہ آوے
وہ بھی نہ لے جی جاوے ہی جاوے

گر نہ فریب امید نکالے
جان کو اس دم کون سنبھالے

تاب اجل نے جینے کا پایا
رنج مین جون تون روز گذارا

شام کو بارے آنکھ بچا کر
دیکھ گئے اس حال کو آکر

آکے تسلی دے گئے کچھ کچھ
تاب و توان پھر لے گئے کچھ کچھ

کیا کہون کیا کیا جلوے دکھائے
وہ ہین گئے اور وہ ہین پھر آئے

لطف و نوازش ہائے پیہم
ٹھہرے نہ ٹھہرے آئے پیہم

روز وداع بزم جب آیا
مژدۂ مرگ تازہ سنایا

آکے سو سو ناز و ادا سے
بس نہین چلتا حکم قضا سے

وصل بھلا تدبیر سے کیا ہو
جناب و جدل تقدیر سے کیا ہو

چاہا تھا تسکین دیجیے تجکو
کچھ تو تسلی دیجیے تجکو

سو تو کسی ڈھب سے نہ بن آئی
بگڑی جو ترکیب بنائی

کچھ بھی اگر تدبیر بن آتی
جی ہی مین جی کی کیون رہجاتی

دلدہی کرتے اور دل لیتے
یان ہی جو ملتے تو مل لیتے

یان سے گئے پر ملنا مشکل
وصل جدائی کیا کیا مشکل

لیجے تو ملنا کیونکر ہووے
بن ملے حالت ابتر ہووے

قید کہون کیا اپنے مین گھر کی
کانپتی جاوے باد سحر کی

دھیان نہ آنے پائے کسی کا
ذکر نہ ہرگز آئے کسی کا

باد صبا پیغام نہ لاوے
مرغ سلیمان اوڑنے نہ پاوے

تا دم مرگ ارمان نہ نکلے
نزع بھی ہو تو جان نہ نکلے

ضعف سے غش بھی ہونے نہ پاؤن
طاقت کیا جو آپ سے جاؤن

رفتہ زمان کا چرچا ہووے
عمر روان کا چرچا ہووے

سبکی نیند اس فکر مین جاوے
خواب مین بھی تا کوئی نہ آوے

آرزو شد کیا ہووے فسانہ
رات کا آنا روز کا جانا

جی کی تباہی کیجیے کہان تک
صبر نہ آوے قید یہان تک

خیر پھر اب اے جان لین گے
جیتے رہے تو آن ملین گے

یان ہی کبھی کر آئین گے اب کے
تم سے بھی ہم مل جائینگے اب کے

وہ تو گئے یہ کہہ کے اُدھر کو
یان قلق آیا دیکھنے گھر کو

چھٹتے ہی ہجران سخت کی شامت
آپ سے مہمان آئی قیامت

نالۂ دل نے شور مچایا
خانۂ گردون سر پہ اُٹھایا

آہ نے آتش دی دل و جان کو
آپ جلایا اپنے مکان کو

زلزلۂ بیتابی جان سے
گر گئے ارکان تن کے مکان سے

اشک نے کیا کیا کی خونریزی
چشمہ چشم و جیحون ریزی

جوش طپیدن کام نہ آیا
جی نہ گیا آرام نہ آیا

جی پہ بنائی کیا کیا دل نے
کام بگاڑا اپنا دل نے

زردی رخ نے رنگ کیا کیا
وسعت غم نے تنگ کیا کیا

سینہ غبار غم سے مکدر
آئینہ دل دم سے مکدر

نقش قدم گلدستۂ قالین
سنگ و زمین سے بستر بالین

صبر خیال و تاب زمانہ
مشغلہ خواب و خواب فسانہ

عیش وطن اندوہ غریبان
دست جنون سے چاک گریبان

پانوٗن سے وحشت سر نہ اُٹھاوے
شوق مغیلان تلوے کھجاوے

سوز نہانی ثانی دوزخ
سینہ کرے مہمانی دوزخ

سیر گلستان سے خفقان ہو
دیکھ کے جدول اشک روان ہو

خار چبھین گلگشت چمن سے
ناک مین دم خوشبوے سمن سے

نغمۂ بلبل نالہ سکھاوے
خندۂ گل پر رونا آوے

چہرہ سے ظاہر درد درون ہو
حال زبون ہر روز فزون ہو

اک دن آخر جی گھبرایا — لوٹنے سے بھی چین نہ آیا
دل نہ ٹھنبا ہر چند سنبھالا — دل نہ گیا سو طرح نکالا
صبر گسل بیتابی جان اب — پاس و لحاظ ننگ کہان اب
سلسلۂ ناموس جنون سا — سلسلۂ جنبان شوق درون سا
اوٹھ کے غرض ناچار چلے ہم — جانب کوے یار چلے ہم
نشہ کا عالم شوق سے ہم پر — لغزش پا ہر ایک قدم پر
سوچتے دل مین عذر و بہانہ — جوش حرکات مضطرانہ
دل نے غرض اک بات بنائی — خضر نے بھی یہ راہ سجھائی
حیلہ بہانہ کیا کہ کرامت — جیتے ہی جی ہو جس سے قیامت
پہونچے جو ہین ہم جا کے گھر اُسکے — ہوش گئے دروازے پر اُسکے
دیکھے نگہبان چشم سے بہتر — آنکھ سے ٹپکے خون کبوتر
چلنے نہ دیوین باد بہاری — تا نہ کرے پیغام گذاری
پھر نہ سکے گرد اُسکے مکان کے — ہو نہ سکے قربان دہان کے
آرزوے لب بوسہ زمین کا — سجدۂ درمان جبین کا
کیا کہون کیا کیا رہ گئی دل مین — دل کی تمنا رہ گئی دل مین
اتنے مین نکلی گھر سے باہر — خادمۂ مکروہ المنظر
تفرقۂ لب چاک گریبان — رخ کی سیاہی شام غریبان
خاک و محیط گنبد مینو — مرکز چشم و دورۂ ابرو
بینی و رخسار فرده — نیچے کے جسم پر ابر مرده
خرس کی پشم اشعار خمیده — سخت غبار آلاٹ دیده
نقش اجل تصویر دباتھی — صورت فتنہ شکل بلا تھی
ڈائنون کا وہ کھائے کلیجا — دیو کا خود پھٹ جائے کلیجا
بات مین وہ آواز مسلسل — صور کا جیسے نفخۂ اول

ہنستے نہ دیکھا اُسکو کسی نے — دل نہ دیا آسودہ دلی نے
اُسکی جبلت مین غمگینی — شیرۂ مادر سرکہ جبینی
اُس سے کہا جو دل نے بتایا — وہ ہی جو دل مین تھا ٹھہرایا
تازہ پیام سودا بھیجا — مشورۂ دل کھلا بھیجا
وان سے جواب صاف ہی لائی — بات بنائی پر نہ بن آئی
درد شراب سختی قاتل — تلخ سخن مانند ہلاہل
ساختہ سرف تلخ نمایان — اوس لب شیرین پر سوہتان
سایہ نمط ناچار پھرے ہم — خاک پہ ہر ہر گام گرے ہم
ورد لب جان سرگشتہ — صد گلہ بخت برگشتہ
آن کے گھر مین پھر وہی حالت — بلکہ زیادہ یاس وخجالت
پھر طپش دل زلزلہ آرا — پھر قلق جان حوصلہ فرسا
غلغلہ ہم آہنگ قیامت — یاس بہشت رنگ قیامت
خوف کہ بس کر آئے یہ کیا ہم — ڈر کہ ہوئی رسوائی باہم
نام کیا بدنامی دل نے — کام کیا ناکامی دل نے
بسکہ ہوئی تشویش مذلت — کرنے لگے تفتیش مذلت
ہائے خبر تو خوب نہ پائی — ہو گئی عالم مین رسوائی
تھی جو امید جان لبا پنی — مر ہی گئے کیا کہیے اب اپنی
اُٹھ گئی کیا مایوس تمنا — ہائے امید افسوس تمنا
اب کی قلق بے طور زیادہ — حالت ابتر اور زیادہ
یاس وغم واندوہ خجالت — جان شکنی کچھ نزع کی حالت
طرفہ بہ ظاہر مرنے کے سارے — چار مہینے یون ہی گذارے
کیسے مہینے عمر دو عالم — روز قیامت جسکا ہر اک دم
بخت نے کیا کیا کچھ نہ کیا پھر — چرخ نے تازہ داغ دیا پھر

یعنے وہ رشک مہر و خشان آئی میرے ایک دوست کے مہمان
اور یہ مجکو بھی خبر آئی جان تمنا دوڑ کر آئی
غم سے شگون تازہ لیا پھر مشورہ دل سے مین نے کیا پھر
دل نے کہا اے شوق مجسم مضطر بانہ کام سے پہم
جان سے تجکو کھو کے رہین گے جانے کو ہم تو اب نہ کہین گے
جانے سے ہو گی پھر رسوائی جان کے کیون اندوہ فزائی
ایسا ہی گر ہے حوصلہ فرسا شوق سرا پا زور تقاضا
لاؤ زبان پر کام تمنا بھیجو اسے پیغام تمنا
مجکو بھی دل کی بات جو بھائی محرم راز اک جلد بلائی
اسکو اسی دم اس جا بھیجا حال دل اپنا کہلا بھیجا
گرمی شوق و سوز نہانی آہ سحر کی شعلہ فشانی
چشم سحر آلودہ کا شکوہ بخت بخواب آسودہ کا شکوہ
قوت فزائی غصہ و غم کی آب دہی خونناب ستم کی
ہجر قیامت زا کی شکایت مرگ قدم فرسا کی شکایت
عرض محجاب رسوا کرون عذر امید بجا کرون
حرف زبان زد ہجر کی کاہش عرض مکرر وصل کی خواہش
اسنے لیا جون نام ہمارا دینے لگے پیغام ہمارا
سنتے ہی نام عاشق بیکس کہنے لگے کس ناز سے بس بس
بار دگر یہ نام نہ لینا رنج پیہم مجکو نہ دینا
نام کو اسکے آگ لگاؤن دل کی طرح سے اسکو جلاؤن
ننگ دو عالم آپ تو تھا ہی مجکو بھی کیا بدنام کیا ہی
پھر نہ سوال وصل کرے وہ پھر نہ خیال وصل کرے وہ
اب نہ توقع وہ رہ نہ ملون گی اب نہ تمنا کر نہ ملون گی

اب نہ ملون گی یاد رہے یہ — نام نہ لون گی یاد رہے یہ
وہ نہین اپنی چاہ کے لائق — اب ہون کسی بدنام پہ عاشق
خواب تمنا یاب نہ دیکھین — ملنے کا میرے خواب نہ دیکھین
مرتے ہین تو مر جائین بلا سے — چاہتی ہون مین یہ تو خدا سے
آہ نہ دیکھا حال زبون کو — ہائے نہ سمجھی جوش جنون کو
غور نہ کی بیتابی جان پر — کان نہ رکھا شور و فغان پر
غصے کے بدلے رحم نہ کھایا — کچھ بھی خدا کا خوف نہ آیا
سمجھی نہ ناحق خون کا اثر وہ — سوچی نہ جی مین یہ کہ اگر وہ
سنتے ہی یہ مر جائے تو کیا ہو — خون ہے مومن کا نہ بُرا ہو
جی سے گذرنا کیا عجب اخر — دیر سے ہے وہ جان لب آخر
پہلے بھی عاشق یون ہی موئے ہین — ایسے ہزارون قصے ہوئے ہین
سیکڑون ہین مشہور فسانے — اُن کو بھلا گر کوئی نہ مانے
آنکھون کی دیکھی بات کہون مین — جوش ہے کیا خاموش رہون مین

حکایت

عشق جبلت اک جوان تھا — زمزمہ سنج آہ و فغان تھا
سرتاپا تاثیر محبت — شکل و فنا تصویر محبت
نالے عظام غیرت نے مین — خون تمنا ہر رگ و پے مین
صبح جدائی شام غریبان — کام دل ناکام رقیبان
بے رخ رشک شمع منور — تاب دہ پروانہ مضطر
برق طپش آرام طپیدن — شوخی آہو رام رمیدن
چہرہ سے ٹپکے حیرت کیسر — چین و جبین آئینہ و جوہر
سیر چمن گلریز جفا ہو — جلوہ لالہ داغ فزا ہو
آب روان سے جی گھبراوے — عکس سے اپنے وحشت آوے

ہو جو سرشک اس چشم سے جاری — آنکھ چرا وے ابر بہاری
ضعف سے شکل گردش بالین — بیحرکت جون صورت قالین
کیونکہ زبان پر حرف غم آوے — بات سے پہلے لب پہ دم آوے
غش مین پڑا جون مردہ ہووے — نیند کہان پر پہرون سووے
حال پر اسکے شفقت آوے — تو بھی نہ اسکو کوئی جگاوے
آپ ہی جاگے جاگے نجاگے — آئے حواس اور سارے بھاگے
جاگتے ہی اک فتنہ جگایا — آنکھ کھلی اور طوفان آیا
گریۂ شور آمیز تلاطم — آب دہ آئینہ قلزم
سیل سرشک آثار خرابی — اہل محلہ مردم آبی
گریۂ خونین سے دم طغیان — دست مژہ جون پنجۂ مرجان
سینہ برنگ آبلہ پکے — آہ سحر سے دوزخ ٹپکے
نام دو آزار فزا ہو — دل سے نہ دم بھر ہاتھ جدا ہو
چہرہ گل و گل رنگ شکستہ — رنگ ہزار دام گسستہ
شور فغان تمہید قیامت — داغ جنون خورشید قیامت
دیکھے جدھر کو چشم بھر آوے — آنکھ مین آنسو جون نظر آوے
قوت غذا غم غصہ کھانا — خواب فراش نیند کا آنا
جامہ قبائے گل اندامان — جیب سحر ہمدامن دامان
شاخ کمان غم کھینچے سے بازو — سینے مین تیر عشق ترازو
ضعف قوی سے چارہ کم اسکو — کھینچنا مشکل تا بدم اسکو
ہر دم لب پر جان حزین تھی — ہر آن آن باز پسین تھی
سنگ ہو آب انداز نظر سے — یاس در و دیوار سے برسے
دل کی حقیقت کچھ نہ کہے وہ — دیکھے جدھر کو دیکھ رہے وہ
شدت رفت مین ہنس دیوے — تا کوئی عاشق جان نہ لیوے

راز نہفتہ سب سے چھپاوے
اپنے کو وہ دیوانہ بناوے

یار وعدو بیگانہ وہمدم
حال سے اسکے سب نامحرم

جو کوئی پوچھے حال نہ بولے
بات تو کیا پھر منہ بھی نہ کھولے

تنگ کرو تو تھوک اڑاوے
ہوش تو خاصے پر کف لاوے

یان کوئی اپنا کیا سر مارے
سخت کہو تو تھپڑ مارے

کان مین پوچھو دھوم مچاوے
بات کو یون دم مین اڑاوے

کچھ نہ کھلے احوال کسی پر
گذرے جو کچھ سو اپنے ہی جی پر

دل ہی سے دل کا حال بیان ہو
درد نہان کا چارہ نہان ہو

ذکر الم غماز نہ ہووے
ہونٹ ہلین آواز نہ ہووے

جب نہو کوئی تب تو بن آوے
باتین ہزارون جب تو بناوے

اپنے سے ہووے اپنی حکایت
طالع و چرخ و دل کی شکایت

جور و جفاے یار کا شکوہ
فرقت دل آزار کا شکوہ

سن ہی لیا اک یار نے ناگہ
ہو ہی گیا سب حال سے آگہ

آگہی اپنی اسکو جتائی
بگڑے سے بھی پھر کچھ نہ بن آئی

حرف دروغ آثار سے کیا ہو
ہو کے مقر انکار سے کیا ہو

حال جب اپنا آپ کہا کچھ
پھر نہ بنی اقرار سوا کچھ

آخر اُسے ہمراز بنایا
درد فزا افسانہ سنایا

یعنے یہ غم جو دل مین نہان ہے
نقب زن غم خانۂ جان ہے

اس کا سبب اک پردہ نشین ہے
حور کو جس سے پردہ نہین ہے

چشم دل مایوس ملائک
پردہ ور ناموس ملائک

روے نظر پر برقع ادا سے
غرق عرق آئینہ حیا سے

ناز نہفتہ ظرف حیا مین
چرخ نہین شاگرد جفا مین

شرم زیادہ ناز و ادا سے
ناز و ادا شرمندہ حیا سے

لا نہ سکے غم دل کا زبان تک
جا نہ سکے پیغام وہان تک

نکلے تو جی اور راہ نہ نکلے
راہ ملاقات آہ نہ نکلے

یاس انیس درد نہانی
آرزو اپنی دشمن جانی

اسنے کہا پھر صبر کہان تک
ابتو کسی کو بھیجیے واں تک

حال سے اسکو کچھ تو خبر ہو
حرف الم کا کچھ تو اثر ہو

شاید اسی سے چارہ گری ہو
چارۂ درد بے خبری ہو

وہ ہی کوئی تدبیر نکالے
جان تپش آرا کو سنبھالے

ورنہ یوہین مرجاؤگے اک دن
چین نہ غم سے پاؤگے اک دن

عمر کے باقی ہین جو کئی دم
ہوئین گے صرف نالہ پیہم

جان سے وہ بھی تنگ تو تھا ہی
وہ ہین کسی کو بھیجدیا ہی

مطلب ومضمون خوب سکھا کر
قصہ سنا کر حال دکھا کر

اسنے جب اسکو تنہا پایا
حال سراپا رنج سنایا

حالت عاشق شرح وبیان کی
آہ نے ہم ورد زبان کی

عرض کیا پیغام تمنا
مطلب یاس انجام تمنا

رو کے حدیث شوق ادا کی
آگ پہ روغن تھی نہ نا کی

جلکے کہا یون سوز نہانی
جس سے کہ دل ہو کوہ کا پانی

سنکے پیام زلزلہ مضمون
اُسنے جواب نازدیا یون

صبر نہ تھا تو عشق کیا کیون
چاہ کا میری نام لیا کیون

پہلے ہی کرنا تھا حذر انکو
مرنے سے حاصل جانکر انکو

ملنے کو سمجھے کیون مرے آسان
کیون نہ ہوے اسوقت ہراسان

فائدہ اب پیغام دیے سے
حاصل کیا بدنام کیے سے

کوئی جفاے عشق سہے کیون
تاب نہو تو زندہ رہے کیون

ایسے سے الفت ہو نہ کسی کو
آگ لگے اس گرم دل کو

اور نہ ہون بدنام کہین مین — کل شکے وہ مرجائے نہین مین
پھر کے جو ہین پیغامبر آیا — آکے پیام مرگ سنایا
جان الم کش تاب نہ لائی — جوش قلق کو تاب نہ آئی
بات سے اُسکے جان ہوا تھی — شمع سحر اور باد صبا تھی
ایک ہی دم مین تھا دم رخصت — آہ کی بھی دی غم نے نہ فرصت
عشق کا اور نے کام ہے یہ تو — نیک بہت انجام ہے یہ تو
عشق سے جو ہو کس کو عجب ہے — عشق حریف مرد طلب ہے
مومن زار اب بند زبان کر — ختم سخن کر ترک بیان کر
تا بہ کجا یہ گرم بیانی — تا بہ کجا یہ شعلہ فشانی
تاب سماعت اب نہین ہمکو — آگ لگے اس گرمی دم کو
پھونک دیا جی تیری زبان نے — سینہ جلایا سوز نہان نے
چشم سے سیل اشک رواں ہے — تو نہین شاعر مرثیہ خوان ہے
حرف قلق نے سخت ستایا — تیری تپش نے سب کو لٹایا
طال حدیث العشق فاقصر — اقلقتنا ولوالک اصبر

مثنوی پنجم

این تازہ فغان کہ برکشیدم — این نالہ کہ از جگر کشیدم
حرفیست بخون دیدہ مرقوم — نام و سالش حنین مغموم

ساقیا اب ناز بیجا کس لیے — چین ابرو بے محابا کس لیے
تند خوئی باعث آزار ہے — زہر قاتل تلخی گفتار ہے
بے مزہ ہے شکر افشانی تری — بے نمک ہے سرکہ پیشانی تری
اے تنک ظرف اس قدر بدخو نہو — دل ہوا کھٹا ترش ابرو نہو
بے نیازی کا سبب اے بدمزاج — کیا رہی ہے ہمکو تیری احتیاج
کام کیا اب ساغر سرشار سے — بادہ کش ہون جام چشم یار سے
مجلس غم ہے مجھے بزم شراب — ہوگیا دل گرمیون سے جی کباب
جلوۂ مے نے پلایا خون مجھے — آگئی یاد لب میگون مجھے
دیکھ دور ساغر مل کی بہار — پھر گئی آنکھون کے آگے چشم یار
وصل کا عالم نظر مین چھا گیا — پھر نشہ خود رفتگی کا آگیا
چشم تر لبریز خون پیمانہ ہے — جون صراحی گریہ مستانہ ہے
جوش مے کی طرح کیا آتا ہے آہ — خون دل منہ مین بھر آتا ہے یہ
ضبط پیہم کی توانائی نہین — طاقت صبر و شکیبائی نہین
ناجرا ہے سخت مشکل کیا کرون — کیا کرون تھمتا نہین دل کیا کرون
ناز بیجا اور مین کم حوصلہ — کیا رکے ہے ولولہ سا ولولہ
بس چلے تاب و توان کا کب تلک — پاس ہو راز نہان کا کب تلک
پھر سر شک لالہ گون غماز ہے — رنگ رو پھر مائل پرواز ہے
پھر ہوا ہے ناخن غم جان خراش — پارہ پارہ دل جگر ہے پاش پاش
پھر مین کیا کیا ولولے تاثیر کے — پھر پھرے دن نالۂ شبگیر کے

پھر ہے وقتِ نالۂ و فریاد دل — دشمن جان ہے پھر اک صیاد دل
پھر کسی زلف سیہ کا دھیان ہے — ظلمت کفر اپنا پھر ایمان ہے
پھر غرض کھانا کہان پینا کہان — خون دل لخت جگر ہے آب و نان
ذکر خفتن معنی بیگانہ ہے — طالع خوابیدہ پھر افسانہ ہے
فکرہائے بیخودی کا ہوش ہے — عقل کو کتنا جنون کا جوش ہے
پھر وہی درماندگی بیچارگی — پھر وہی صحرا ہے اور آوارگی
پھر اطبا نے کیا ترک علاج — چارہ سازون کا پھر اب بگڑا مزاج
ہم نفس ہین دمبدم گرم فغان — ناصحون کی لڑکھڑاتی ہے زبان
رو کے آنسو پونچھتے ہین بار بار — زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہین یار
حال چاک سینہ کیا ہیہات ہے — کانپتا کچھ نیچہ گر کا ہاتھ ہے
تاب پرسش رازدارون کو نہین — اٹھ گئے پہلو سے روتے ہم نشین
سوچتے شاگرد ہین سال وفات — مرثیہ کی فکر ہے شیون کے ساتھ
کون سے شاگرد وہ استاد فن — بے سخن ہے دل رہا جنکا سخن
وحشت و مضطر کرم تسکین و یاس — بیخودی مین بھی ہین جنکے بدحواس
اکبر و عظمت سرافراز سخن — پایہ بالاتر برافراز سخن
باعث ناز و غرور روزگار — میرے مشفق میرے مونس میرے یار
شیفتہ سرو فتر اہل قلم — نکتۂ خاطر نشان جسکا رقم
بیعدیل و بے سہیم و بے بدل — بے نظیر و بے مثال و بے مثل
رازدان نکتہ ہائے کس مدان — معنی کرسی نشین خاطر نشان
ہم نفس ہمدم رضا جو دوستدار — شیفتہ دلدار و الہ جان نثار
یارجانی محرم راز نہان — بے ریا مونس کوئی ایسا کہان
محو امید و تمنائے وصال — بعد میرے زندگی اسکی محال
جان پہ اللہ کیسی آ بنی — حال بگڑا جائے ہے یہ کیا بنی

زندگانی کے ہمین لالے پڑے — ہائے کس بیدرد کے پالے پڑے
دشمن جانی ہے یار و کیا کرون — کیا کرون اے دوستدار و کیا کرون
رشک دشمن نے ستایا ہائے ہائے — سوز غیرت نے جلایا ہائے ہائے
کاسۂ عمر آہ بھرتا ہی نہین — خضر ہون مین کیا کہ مرتا ہی نہین
ٹھوکرین کھاتی ہے مرگ دادخواہ — آئی کیا ہے سخت جانی سنگ راہ
یاد عیسے کا م لب دمساز ہے — جو نفس ہے سو دم اعجاز ہے
آس ملنے کی نہین مرنا محال — ہر طرح سے ہم ہین محروم وصال
چارہ و تدبیر کا امکان نہین — درد اپنا قابل درمان نہین
کیا تھمے پونچھے سے اشک لالہ گون — پاکدامن نے رلایا ہے یہ خون
ہو شگاف سینہ کا کیونکر رفو — چاک پردے سے نہ جھانکے وہ لہو
بہر طاقت قوت کیا جز زہر غم — اسنے کھائی میرے ملنے کی قسم
ہے فسون افسانہ کیونکر نیند آئے — بند ہون آنکھین جو وہ آنکھین ملائے
چاندنی کے پھول سے تسکین کہان — مہروش کی یاد مین ہے دل تپان
چارۂ غش کر سکے کیونکر گلاب — لیگئی ہوش اس رخ گلگون کی تاب
وائے کاکل کی کجی کو کیا کرون — مشک سے ناسور ہے زخم درون
نام سے عنبر کے جی گھبرا گیا — پیچ مین کس زلف کے مین آگیا
درد دل کا چارہ یاس انگیز ہے — نرگس بیمار کو پرہیز ہے
ہائے وہ یوسف لباس بے تمیز — بے پیراہن رکھے مجھ سے عزیز
کچھ نہین کھلتی ہے وجہ احتراز — پاکدامن ہے وہ تو مین پاک باز
ایسے عاشق سے حذر بے فائدہ — پاس عصمت اسقدر بے فائدہ
کیا ہے آخر فتوے اہل جمال — گر نہین معشوق عاشق پر حلال
مفتیان عشق لکھتے ہین تمام — بوالہوس شوہر بھی ہو تو ہے حرام
ہین براہین و دلائل بے جواب — لیکن اس سے کہہ سکے کیا شیخ

اس تجاہل کیش کو سمجھائے کون
کون سنتا ہے زبان پر لائے کون

چارہ غیر از صبر و خاموشی نہین
بے زبان کو حکم سر گوشی نہین

کم نگاہ و کم نما بے دید ہے
بے مروت بے وفا بے دید ہے

حال ابتر کو دکھاؤن کس طرح
ماجرائے غم سناؤن کس طرح

التماس شوق نظرون مین محال
ناتوان ہین پر ندیکھے میرا حال

نکلے باتون مین اگر منھ سے دھوان
شعلۂ رخسار ہو آتش زبان

شعر سے زینت فزائے خم ہو زلف
موشگافی گر کرون برہم ہو زلف

آئے گر کچھ تذکرے مین لفظ آہ
ہو مکدر سرمہ سے چشم سیاہ

سرگذشت قیس محرومی مآل
گر کہون کچھ کچھ کہ ہے حسب حال

یون کہے وحشت فزا افسانہ ہے
ایسی باتین جو کرے دیوانہ ہے

تھی زبس عاشق نواز و دلفروز
نام لیلے ہے سیہ روتیرہ روز

ذکر شیرین کس مزے سے ہر نمط
بر سر فرہاد پر جانا غلط

واہ انصاف دل خارا شکن
بے گنہ پرویز و مجرم کوہکن

وصل شکر تہمت لذت فزا
تلخ کامی ہائے شیرین افترا

اور انداز ستم کیا کیا کہون
کیا کرون ہے پاس اسکا کہون

اور یان تو ننگ ہے نام آوری
شان شوکت ہے خرابی ابتری

ہو چکی ہے کیسی رسوائی مری
شہرہ ہے ہنگامہ آرائی مری

وحشیان عشق مین سرخیل ہون
خانہ برباد ی مین رشک سیل ہون

جا بجا قصہ مرا مشہور ہے
اہل وجد و حال تک مذکور ہے

حق تو یہ ہے عشق بازی یہ نہین
پایۂ عشق مجازی یہ نہین

پہلے تھا یہ عشق کا رتبہ کہان
میری خواری سے لگی الفت کو شان

دے گئین نام اسقدر بدنامیان
کام کی نکلین مری ناکامیان

بیوفا میری وفا کے ہین گواہ
فتنہ گر طرز ستم کے دادخواہ

ابتدا سے جان پر کھیلا کیا — ہائے مجھ ناکام نے کیا کیا کیا
چپکے چپکے غل مچاتا ہی رہا — تھک نہ بیٹھا ناز اٹھاتا ہی رہا
جامۂ سالم کبھی پہنا نہین — پردہ در تھی اک نئی پردہ نشین
کیا کہون دیکھے ہین کس کس کے ستم — پر نرالے سب سے ہین اس کے ستم
مہربانی دل دہی بھی جور ہے — اور تھی کچھ اور یہ کچھ اور ہے
حال میرا لائق اظہار ہے — لیک پاس آبروے یار ہے
جوش سودا ہے ولے بکتا نہین — لگ گئی چپ پر مین کہہ سکتا نہین
پھر گئے نالے پہونچکر تا گلو — اُف کرون کیونکر کہ ہے وہ شعلہ خو
کیا بن آتی ہے سوا صبر و شکیب — یون خرابی ہے افغان یا نصیب
خلش کی سینہ کاوی ہے غضب — اہتمام خون تراوی ہے غضب
پاس مطلب زہر قاتل ہے کہ بس — ریزۂ الماس ہے ہر ہر نفس
رگ گیا دم کیا کرے ناچار ہے — گر نہ نکلے ٹھہرنا دشوار ہے
لب پہ آیا قصۂ درد آفرین — دل سے نکلے نا لہاے دلنشین
بہر استقبال آتا ہے اثر — گفتگوے غیرت آہ سحر
بسکہ اک رشک پری جانانہ ہے — ہمدم افسون مرا افسانہ ہے
کیا فسانہ جس سے خوب آزار ہو — فتنۂ روز جزا بیدار ہو
داستان عاشق حرمان نصیب — سرگذشت نا امید ناشکیب
حیرت افزا ماجراے شوق ہے — انتہا و ابتداے شوق ہے
یہ معما کون سمجھے بن کہے — عقل بھی میری طرح حیران ہے
وہ جو قصہ رہ گیا ہے ناتمام — جب تلک اسکا نہو دے اختتام
ابتدا اسکی سمجھ مین آے کب — فہم سامع مدعا کو پاے کب
کون سا قصہ وہ خواری کا بیان — اس سے پہلے مثنوی کی داستان
یعنے جب قاصد پھرا لیکر جواب — لفظ ہاے معنی و مضمون عتاب

آس ٹوٹی سن جواب جان گسل
نکلی وہ پیمان شکن پیمان گسل

اڑ گیا رنگ امید چارہ جو
نا امیدی کی بر آئی آرزو

ہائے ہجر و آرزو ہائے وصال
جان سے گذری تمنائے وصال

سر اٹھایا خاطر مایوس نے
پانون پھیلائے کف افسوس نے

چشم سے ٹپکے سرشک لالہ گون
فوج حرمان نے کیا حسرت کا خون

شور و افغان نے اٹھایا سر پہ گھر
ہر نفس نکلا لیے لخت جگر

ہو گئی دل سوزہ آہ آتشین
آسمان رس نالہ کرسی نشین

خاک اوڑائی اشک کلفت تو نے
جی بجھایا آتش جان سوز نے

ہو گیا افسانہ سا خواب وصال
تھی امید وصل یا تاب وصال

داغ دل ہمراہ اشک آنکھون آئے
خار خار رنج نے یہ گل کھلائے

دل نے پائی جرم الفت کی سزا
جان نے چکھا تلخکامی کا مزا

صد خلش خار و رگ جان مین ہوئی
کشمکش دست و گریبان مین ہوئی

جوش وحشت سلسلہ جنبان ہوا
بادیہ آباد گھر ویران ہوا

جان بیطاقت ٹھکانے لگ گئی
ضعف کی محنت ٹھکانے لگ گئی

دیکھ جوش دست برد اضطرار
لڑکھڑائے پائے تسکین و قرار

آہ و افغان سے دم آیا ناک مین
جی کدورت نے ملایا خاک مین

جلوے اس بیدیہ کے نظرون مین چھائے
جس طرف کو دیکھیے دیکھا نجائے

اشک سے آنکھون پہ چربی چھا گئی
دل گدازی سی نظر مین آگئی

وصل کی حسرت مین سودا ہو گیا
دمبدم لب پر کہ یہ کیا ہو گیا

ہر نفس صد جوش طبع غم گزین
دمبدم بیتاب تر جان حزین

جی نہ بہلے گرچہ بہلایا کرون
دل نہ ٹھہرے لاکھ ٹھہرایا کرون

مجلس احباب سے نفرت ہوئی
بیکسی سے گرمی صحبت ہوئی

کینہ یاران دل غمناک مین
پرسش احباب سے دم ناک مین

باغ و بستان مجلس ماتم لگے
کنج خلوت کے سوا جی کم لگے

وحشت و سودا بلائے خانگی
گوشۂ تنہائی و دیوانگی

گہ خیال چشم مین حال خراب
اشک میگون سے سیہ مست شراب

گہ فراق طرہ سے چین جبین
گاہ فکر زلف مین دل شانہ بین

یاد کو مین دوڑنے پھرنا کبھی
آپ اپنے پانون پر گرنا کبھی

شوخی وحشت سے گھبرایا کرون
جان کھونے مین مزا پایا کرون

جب تصور آئے ہون مین پائمال
اسکو اپنے زعم مین دکھلاؤن حال

صبح سے تا شام جون مہر منیر
دمبدم رنگ رخ و حالت تغیر

شام سے تا صبح جون ماہ تمام
چشم کو آسودن و خفتن حرام

نصف شب ہم گردش امسال و پار
دورۂ خورشید نصف النہار

مہر و مہ داغ وفائے روز و شب
روز و شب حسرت فزائے روز و شب

آئین یہ راتین ولے جیتے رہے
روز بد دیکھے بھلے جیتے رہے

ہم سے بیطاقت نہ پہونچے تا بگور
سخت جانی نے جتائے اپنے زور

زندگی باقی تھی دن مر مر کٹے
کٹ گئے پر کیا کہون کیونکر کٹے

ہر نفس ہر دم دم خنجر ہوا
مین خیال سر بریدن مین مرا

کٹ گیا دن بھی اگر شب کٹ گئی
صبح کی پوتھی کہ چھاتی پھٹ گئی

اختیار مرگ مین ناچار زیست
سہل نزع سخت دل دشوار زیست

جب کہ گذرے چند روز اس حال سے
باز آیا چرخ اپنی چال سے

پاس بدنامی فلک کو آگیا
شور و آہ نالہ سے گھبرا گیا

بھر گیا جی آسمان کا جور سے
دل کو خالی کر چکا ہر طور سے

دل گیا جوش اثر کا آہ پر
طالع برگشتہ آئے راہ پر

اُف رے دعوے آہ عالم سوز کے
دن پھرے کس عاشق بدروز کے

پیروخواہش حصول آرزو
کیا اجابت کو دعا کی جستجو

خضر نے گم کردہ رہ کو آلیا — حاصل مطلب نے مطلب پالیا
قصہ کوتاہ ایک دن تھی جانگداز — گرمی افسانۂ زلف دراز
آز شادی مرگ نو امید اجل — یاد مژگان باعث طول امل
ہر نظر محو رخ تاب و ثبات — پیش چشم اسکے نگاہ التفات
دیدۂ شوق تجلی سوے در — گردش چشم وفا نظر
اعتماد نالۂ شبگیر تھا — انتظار مقدم تاثیر تھا
ناگہان وارد ہوئی اک پیر زال — جسکے صدقے نوجوانی کا جمال
رخ سے انداز شگفتن آشکار — کیا جبین داغ دل صبح بہار
ہر نفس رشک نفسہاے نسیم — جلوہ گر اس غیرت گل کی شمیم
خم حضور قامت خم قدر و — خندۂ ور رفتار جون کبک و تدرو
ہمزبان طوطی شکر فشان — اس لب شیرین سے گویا ترجمان
چشم و طرز دل نوازیہاے یار — صد نگاہ آشنا بیگانہ وار
زیر لب حرف بشارات و نوید — خندۂ منت فزا جون صبح عید
گوہر افشانی لب گفتار سے — یہ پیام اس لعل گوہربار سے
اے خراب اے بیحیا اے نابکار — اے ذلیل اے مضطرب اے بیقرار
اے ہوس آمیز رنگ عاشقی — دشمن ناموس و ننگ عاشقی
اے پشیمانی پسند اے بے تمیز — اے دل آزار دل آرام عزیز
اے قتیل و قاتل صد آرزو — اے ستمگر اے ستمکش اے عدو
اے نصیحت ناشنواے بے شعور — اے زبون اضطراب اے ناصبور
اے قرار اضطراب اے ناشکیب — اے مصیبت بہرہ اے حسرت نصیب
اے قبول شوق دشواری پسند — اے پسند وحشت خواری پسند
اے خراب حالت عبرت فزا — اے مطیع حسرت فرمان روا
اے عدوے عقل و ہوش اے بیحواس — دور تھا تو پر نہ آیا میرے پاس

یہ نہ سمجھانا سمجھ کیا ہووے گا
ساتھ میرے کون رسوا ہووے گا

کیسے خوشخو کو ملامت ہووے گی
کیسے نازک پر قیامت ہووے گی

طعنے دینگے غیر کس محبوب کو
بدکہین گے لوگ کیسے خوب کو

کیسی چھاتی طعنے سے چھن جائے گی
کیسی نازک جان پر بن جائے گی

مل سکین گے کیونکہ رسوائی کے بعد
یاس ہے ہنگامہ آرائی کے بعد

گر نہ تھی تکو تمنائے وصال
شوق کا میرے تو کرنا تھا خیال

دیکھنا تھا میرے حال زار کو
سوچنا تھا حسرت دیدار کو

کیا کہون کس بے گنہ سے کیا کیا
خیر وہ تو جو کیا اچھا کیا

اب بھی گر کچھ پاس رسوائی کرو
دور یہ ہنگامہ آرائی کرو

کوئی ملنے کی کرون تدبیر مین
ہجر مین کب تک رہون دلگیر مین

تھا مطول بسکہ عذر اضطراب
مختصر سا یہ لکھا مین نے جواب

گر کیا بیخود ہجوم اشتیاق
اب برابر ہے ہمین وصل و فراق

گر ملو شکر عنایت کچھ نہین
اور نہ ملیے تو شکایت کچھ نہین

کوئی اس پرفن کی باتین کیا کہے
ان جوابون پر پیام آتے رہے

گہ گہے بے واسطہ باتین ہوئین
چپکے چپکے کچھ ملاقاتین ہوئین

گرچہ دل اس دلربا سے پھر گیا
آشنا نا آشنا سے پھر گیا

پر رکھا پاس وفا نے تھام تھام
بیوفاؤن مین رہین تا نیک نام

ورنہ اس نفرت پہ مشکل تھی نباہ
اجتماع احتراز و شوق آہ

وجہ نفرت یہ کہ وہ آتش عذار
دور ہی سے خوشنما تھی جون شرار

پاس سے دیکھا تو بس دیکھا نجائے
ہر نگاہ منفعل آنکھین چرائے

غم سے جی چشم غلط بین کا جلا
چشم بد دور ایک رشک صد بلا

دل ہوا سرد اختلاط گرم سے
بجھ گیا جی جوش آب شرم سے

لاف الفت کی ندامت ہائے ہائے
آپ اپنے پر قیامت ہائے ہائے

جبہ نم سے دیدۂ نم منفعل — مجھ سے دل مین دل سے باہم منفعل
قدر ذوق حسرت عشاق کی — حسرتین ناکامی مشتاق کی
پاس خاطر داریٔ طبع نفور — دلربائیہائے غم اپنے سے دور
دل سے نقض عہد و پیمان کی قسم — دمبدم جان پشیمان کی قسم
وصل مین رنج جدائیہائے ہجر — شکوہ ہائے کم نمائیہائے ہجر
گرم جوشی موجب دل تفتگی — آمد اس کی باعث خود رفتگی
شوخیان رشک رم صبر و شکیب — کیا بلائے جان وہ شکل مہیب
شعلۂ دوزخ رخ انور کی تاب — جس سے ہر مومن کو واجب اجتناب
جبہ یا صبح وداع مہ جبین — روسیہ پر تیرگی ظاہر نہین
گرد وہ اک دل تنگیٔ مایوس کا — ہر شکن خط تھا کف افسوس کا
موے سر سے شام غربت روسفید — ظلمت شبہائے ہجران صبح عید
دیدۂ حیران سے رخ بے آب تر — زلف عاشق سے کہین بیتاب تر
طرہ یا روز سیاہ بوالہوس — جعد رشک دود آہ بوالہوس
ابروے بے موے ظاہر جلد یون — زنگ خوردہ جیسے تیغ سیمگون
یا بنام مخمل فرسودہ خواب — یا شکستہ کہنہ محراب خراب
شوخی مژگان خرام ناشکیب — نرگس بیمار مرنے کے قریب
یون سفیدی مین سیاہی کم نما — جون بیاض صبح صادق مین سہا
ہر نگاہ تیز تیغ بے اثر — غیرت تیر ہوائی ہر نظر
خانۂ چشم ایک صحراے خراب — آنکھ کے ڈھیلے کلوخ خوردہ آب
گوشۂ چشم بافسون فتنہ گر — وہ شلث جس کا ویرانی اثر
کان گل تھے لیک مرجھاے ہوے — فصل بہمن کی ہوا کھاے ہوے
لالۂ پژمردہ وہ رنگین عذار — داغ چیچک داغ رشک نوبہار
ناک وہ مقراض قطع آرزو — منفعل تشبیہ سے زنبق کی بو

بوالہوس کا بوسہ لینا قہر تھا — وہ لب شیریں کہ میٹھا زہر تھا
بارے یاں تو آبرو میری رہی — دانت وہ موتی تھے گو جھوٹے سہی
گرنہ تھا غنچہ دہن گلرنگ تھا — گو زبان سے ہو ولیکن تنگ تھا
تھے وہ دندان مسی آلودہ سین — لیک سین لفظ وقت واپسین
اختلاط لب سے عار و ننگ پان — مارے خجلت کے نہ ٹھہرے رنگ پان
رشک نفخ صور آواز بلند — خندۂ صبح قیامت زہرخند
کیا کریہ الصوت جیسے شور رعد — شہر پر بجلی گرے ہنسنے کے بعد
خانۂ دشمن مین آواز حبیب — کوچۂ جانان مین غوغاے رقیب
فصل فروردی مین فریاد زغن — بہمن و دی نغمۂ مرغ چمن
شاکی ہجران کے لب پر ہاے وصل — نالۂ مرغ سحر شبہاے وصل
دام مین ہنگامۂ مرغان باغ — استخواہان ہاے ہا پر شور زاغ
نالۂ آوارۂ گم کردہ راہ — شہرۂ فرمان قتل بے گناہ
شورش واعظ دم وجد و سماع — پاے جانان کی صدا وقت وداع
عاشقون پر ناصحون کا ولولہ — محتسب کا میکدہ مین غلغلہ
آہ و زاری نوجوان کی نعش پر — وہ صدا ان سب سے نامطبوع تر
اس ذقن کو کسنے باندھا ہے کنوان — چاہ بابل کے اٹھا دل سے دھوان
کیسی گردن جسکے آگے دم بدم — ہووے گردن ناقۂ لیلے کی خم
پائی گردن مین جو اس گردن کی بات — اونٹ کو کہتے ہین اب ڈائن کی ذات
عاشقون کو جلوہ اسکے دوش کا — چارہ درد حسرت آغوش کا
دیکھے شانے کو اسکے گر کہین — چھوڑ دے بس شانہ بینی شانہ بین
کیا عفونت آشنا بوے بغل — سبزۂ بیگانہ وہ موے بغل
سوکھے سوکھے ساعد و بازو ستم — جیسے دو خار مغیلان ہون بہم
وصف ساعد کا جو دھیان آجاے ہے — خامہ بھی ہاتھون سے نکلا جاے ہے

فکر سے طبع سخنور ہاتھ اٹھائے — وہ تو کیا تشبیہ بھی گر ہاتھ آئے
ایک سی تھی باعث رنگ حنا — وہ کف دست اور وہ دشت کربلا
طائر جان کشتۂ پرواز تھا — پنجہ رشک پنجۂ شہباز تھا
اسکے سینہ کو کہون کیا آسمان — حوف یہ سطح مقعر مین کہان
چھاتیان وہ کتنی نامعلوم بس — بیگمان دو نقطۂ موہوم بس
تفرقہ اتنا کہ بہر ربط ہم — شکل خط منحنی وہ پشت خم
گر محاذی انکے ہون فہم حکیم — بھول جاوے بحث خط مستقیم
اسکی جو خوبی تھی سو معیوب تھی — سینہ صافی کتنی نامرغوب تھی
بدنما تر موے چینی سے کمر — منفعل باریک بینی سے کمر
مار زنار کشیشان سے خجل — کیا رگ خواب پریشان سے خجل
سنبلستان ترنم گیسو سے ناف — نافۂ مشکین ہجوم مو سے ناف
آگے جی کہتے ہوے شرمائے ہے — اپنی باتون سے خجالت آئے ہے
ہے یہ زور شاعری کی جاے کب — کیا کہون وارہ گئے حیرت سے لب
لکھنے کے قابل نہ جانی ہوگی بات — خامہ کو میلان نہین سوے دوات
وہ سرین صاف سطح مستوی — ذکر جسم اندیشی کی بالا دوی
کیا تصور نے کیا ہے کام زہر — کاسۂ زانو تھا گویا جام زہر
پھر دھوان اٹھا دل مشتاق سے — جل گیا جی یا دشمع ساق سے
پٹھہ کھوے کی بعینہ پشت پا — خار ماہی رشک ہر انگشت پا
پنجہ ایسا جیسے پاے عنکبوت — ناخن اسکے پردہ ہاے عنکبوت
وہ کف پا کسقدر نفرت فزا — کون چھیڑے اسکو جز دزد حنا
رشک تیغ اصفہانی قد خم — خلق کا ہیبت سے نکلا جاے دم
کجروی ظاہر بُرے اطوار سے — فتنہ برپا صدمۂ رفتار سے
شور آواز قدم افلاک تک — چونک اٹھین خفتگان خاک تک

خانہ بربادی کے غم مین خاص و عام
خاک مین ملجاے یہ طرز خرام

لطف تو یہ ہے کہ اس صورت پہ ناز
گرمی خو آتش عالم گداز

بے محابا دعوے حسن و جمال
جوش لاف جلوہ ہاے بیمثال

سب پہ وہم عشق سے جور و جفا
بوالہوس سے بھی تمناے وفا

الٰہی سے دعوے عقل و شعور
اپنے نزدیک آپکو جانے ہے دور

باتین اس احمق کی مین کیا کیا کہون
طعنہ ہاے سامعین کب تک سہون

کب تلک اپنی خرابی کا بیان
بیوقوفی بے حجابی کا بیان

وسعت تقریر سے تنگ آگیا
آدمی ہون مجکو بھی ننگ آگیا

بندھ گیا دل مین تلافی کا خیال
ذلت نقص نظر کھینچے کمال

اب کہون وہ داستان جس سے جہان
یون کہے ایسے نصیب اپنے کہان

کیجیے ایسے قلق کی گفتگو
سامعین کا جی نہ گھبراے کبھو

ہو بیان اس دلربا کی دلبری
جس سے چھپتی پھرتی ہین حور و پری

ایسے یوسف کا کرون قصہ رقم
ہو زلیخا کو گران خواب عدم

وہ حکایت جلوۂ دلخواہ کی
جس سے بس کھلجائین آنکھین ماہ کی

خیرہ جسکے حسن سے ہووے نگاہ
مہر کو آئے نظر روز سیاہ

دیکھ لے چہرہ کی تابش چشم کور
آنکھ جھپکے زہرہ کی جس کے حضور

جلوہ فرما ہو جو وہ عالم فروز
کون دنیا مین رہے پھر تیرہ روز

کس قدر ہین اپنی جان بازی پہ ناز
ہین مگر معشوق اس کے عشقباز

خونبہاے گل ہے رنگ و بوے داغ
سرفروشون کا نہین ملتا دماغ

شان و شوکت کی یہ کیسی ہے دلیل
شان و شوکت میری نظرون مین ذلیل

سربلندی ہر قدم پامال ہے
میری وحشت کا بلا اقبال ہے

کیا کہون یہ تبصرہ کیونکر چل گیا
کس طرح اس مہروش پر دل گیا

اک جگہ وارد ہوا ناگاہ مین
اس خرابی سے نہ تھا آگاہ مین

کیا جگہ تھی کثرت آفات کی — ہمنشین ہین جمع اس بدذات کی
کیسی کیسی نازنین اک اک پری — گرم فنکر دلربائی دلبری
ایک سے اک آتشین رخسار تر — ایک سے اک دلربا دلدار تر
ان مین اک رشک پری محسود حور — سب بلائین سی لگین جسکے حضور
اس پری رخسار پر دل آگیا — جلوۂ پنہان نظر مین چھا گیا
ہو گیا کیسا ہوا عزت کا پاس — رنگ کے ساتھ اڑ گئے ہوش وحواس
جانب چلون نظر جو جا پڑی — ایک بجلی تھی جو جان پر آپڑی
ایسے رخ کی تاب کیا لائے نظر — اس لیے تھا پردہ تا آئے نظر
ورنہ کیونکر چھپ سکے ایسی چمک — پردہ کملجائے تو حائل ہو فلک
تھی تجلی طور کی چلون کی آڑ — کیا کہون تنکے کی اوجھل ہے پہاڑ
چشم حق بین کو ہے مشکل امتیاز — یان حقیقت کھل گئی کیسا مجاز
جلوۂ پنہان نمایان ہو گیا — وعدۂ محشر وفایان ہو گیا
دیکھکر وہ جلوہ ہائے دلفریب — ہو گئی غش میری جان ناشکیب
مین تو کیا تھا جو نہوتا ہائے غش — ہو تو موسے کو مکرر آئے غش
میری بیہوشی سے ہوش آیا اُسے — خوب خاموشی نے سمجھایا اُسے
پائے بند غم ہوئی وارستگی — کھل گئی بیتابی و دلبستگی
مخبر انداز نظارا ہو گیا — راز پنہان آشکارا ہو گیا
کان کھولے اسکے جوش آہ نے — قدر افزون کی غم جانکاہ نے
بیگمان درد نہان آیا یقین — جان نثاری ہو گئی بس دلنشین
غل مچایا شور سیر آہنگ نے — غم کیا ثابت تغیر رنگ نے
رہ گئی سن نالہائے زار سے — حیرت آئی حیرت دیدار سے
اشک رحمت آشنا آب حیات — گرم جان بخشی نگاہ التفات
حرف شرم آگین واظہار وفا — پردہ در مضمون اقرار وفا

مژدۂ وصل و نوید دلدہی — ہر ہوس محو امید دلدہی
گر مجوشی جانگداز اشتیاق — اشتیاق ناز و ناز اشتیاق
حرف تسکین بیقراری کا سبب — عرض رغبت رغبت انگیز طلب
پاسداری حسرت دوری کا ذکر — رہنمائے سعی مجبوری کا ذکر
پردۂ انکار مین اقرار سا — عذر نام و ننگ بے تکرار سا
الغرض چندے یہ دلداری رہی — دوستکامی دشمن آزاری رہی
اکثر اس گھر مین ملاقاتین ہوئین — سو نیاز و ناز کی باتین ہوئین
گاہ لکھ کر نامۂ عاشق نواز — شوخی مضمون کو جسکے لاف ناز
دیدیا مجکو کہ اسکا کیا جواب — مدعا پاسخ طلب پر لاجواب
لیک سرنامہ پہ نام اُس کا رقم — ایک مدت جس سے تھے بدنام ہم
اور القاب آرزومند ستم — قابل معشوق پابند ستم
بیمروت بیوفا نامہربان — بے تمیز و بے خرد نافہم دان
بے زبان پاسخ وہ دندان شکن — دل شکن طرز شکن پیمان شکن
ناسزائے لطف و شایان جفا — خوگر آزار و پشیمان وفا
شور بخت لذت وصل مدام — تلخ عیش و تلخ روز و تلخ کام
خاک راہ حسرت مشکل پسند — از نظر افگندۂ بخت بلند
دردمند زحمت بیچارگی — ہرزہ تاز کوچۂ آوارگی
تختۂ مشق فکرت ابلہ فریب — سرخط اندیشۂ حرمان نصیب
دور گرد بارگاہ عاشقی — کج خرام شاہراہ عاشقی
سخت نافہم ادائے دلفریب — بے تمیز نازہائے دلفریب
ترک صحبت گفتنی آزردنی — کشتنی دل خستنی خون کردنی
خاطر مہر آشنا کو کیا ہوا — کیا ہوا تیری وفا کو کیا ہوا
سنگدل نکلا تو اور ایسا غضب — عہد سارے توڑ ڈالے بے سبب

ہاے تو بیداد گر مین دادخواہ — یہ ستم کرتا ہے کوئی بے گناہ
یون اذیت میری چاہی واہ واہ — واہ واہ اچھی نباہی واہ واہ
چھوڑ دینا تھا تو کیون رسوا کیا — کیا کیا اے بے مروت کیا کیا
وہ موکد عہد و پیمان کیا ہوے — وہ مواثیق صد ایمان کیا ہوے
کیا کرون دل سخت نکلا آہ تو — مجھ سے یون سختی کرے اللہ تو
بیدلی کس بادفا دلدار سے — بے رخی اور مجھ سے مہ رخسار سے
کیا خبر تھی یہ کہ ہرجائی ہے تو — موجب صد گونہ رسوائی ہے تو
ہمکو بھی ایسے سے اب ملنا نہین — چل نہین ملتا نہ مل پرواہ نہین
یک یہ تو کہیے کس کو دل دیا — مین بھی دیکھون اسکو جسکو دل دیا
اس مین ہے کیا بات بتلاؤ ذرا — اپنے چاہیتے کو دکھلاؤ ذرا
دیکھون کیا ہے اسمین جو مجھ مین نہین — کیا ادا ہے اسمین جو مجھ مین نہین
اب بھی آجاے وے اسکے گھر بجا — دلفریبی ہے لگاوٹ پر بجا
ان ستم کیشون مین غمخواری نہین — ایک مین مجھ سی وفاداری نہین
ہین یہ ظاہر داریان دو چار دن — اور محبت بھی ہوئی تو چار دن
پھر کہان تم اور کہان یہ بیوفا — ہو کدھر ہین میری جان یہ بیوفا
پختگی ان مین نہین ہے نام کو — آگ لگ جاے خیال خام کو
دیکھنا آخر ندامت ہوے گی — آپ اپنے پر قیامت ہوے گی
بھولتے ہو بھول جاؤ گے بہت — یاد رکھو یاد آؤن گی بہت
ایسے ہرجائی سے پھر ملتا ہی کون — بیحیا اے بیحیا ایسا ہے کون
مجکو پھر کیا ہے پسند اب جو تمھین — تم رہو اس کو مبارک وہ تمھین
پڑھ کے یہ نامہ لکھا مین نے جواب — اے دل آرام سراپا انتخاب
دوستدار و خیرخواہ و جان نواز — محرم اسرار اور دانای راز
نکتہ سنج و نکتہ فہم و نکتہ چین — ہم نفس ہمدرد ہمدم ہمنشین

چارہ ساز دردمند لاعلاج — دلنواز عاشق نازک مزاج
مجتنب ہم بزمی غماز سے — محترز حرف خلل انداز سے
خوردہ گیر دلبر خواری پسند — بوالہوس دشمن وفاداری پسند
باعث آرام جان ناشکیب — کام بخش عاشق حرمان نصیب
مہربان مہربانی پیشگان — قدردان جانفشانی پیشگان
کیا کہون تجھ سے کہ مجھ پر کیا بنی — دل گیا کس طرح کیسی آبنی
شرم آتی ہے مین گو معذور ہون — اختیار اس مین نہ تھا مجبور ہون
اک پری وش سبز رنگ و سبز پوش — جسکے آگے حور کے اوڑ جائین ہوش
دیکھکر وہ جلوۂ جان آفرین — زہر کھائے سبزۂ خلد برین
ماتم لیلے مین مجنون شاد ہو — نوحہ خجلت سے مبارک باد ہو
چرخ مینو مضطرب آن آن مین — خضر ڈوبے چشمۂ حیوان مین
رنگ سے اُسکے مشابہ ہے زبس — مہر کو ہے مہ کے ملنے کی ہوس
زور سے ترک نگہ دل چھین لے — چشم کافر دل سے پہلے دین لے
غمزۂ جادو بلا اعجاز اثر — بانی عابد فریبی ہر نظر
گر اشارہ کچھ بھی اس ابرو کا پائے — سجدے کرتا بس امام شہر آئے
گر کرے ایما ذرا وہ مست ناز — طائف میخانہ ہون اہل حجاز
وہ فسون طرز کمین دلبری — جس کی پابند ہوا ہر پری
شوق گل بلبل کے دل مین خار ہے — فصل فروردین سے دل بیزار ہے
مرگئین اس غیرت شمشاد پر — قمریان ہین سرو سے آزاد تر
اس رخ مہتاب انور کے حضور — شمع سے پروانہ بھاگے دور دور
مہر کے نظارہ سے ہے احتراز — دن کو کیا ہو چشم حربانیم باز
فرش رہ اُسکا ہے سو آداب سے — دل کتان کا پھٹ گیا مہتاب سے
دلربائی پر گر اپنی آئے وہ — مین تو کیا تیرا بھی دل لیجائے وہ

کہدون تجھ سے مین اگر ہو ایک بات — ہے ستم وہ اور مجھ پر التفات
پیش چلتی کچھ نہ تھی مجبور تھا — دل نہ دیتا اس کو مین مقدور تھا
حال بگڑا جائے تھا ہر آن پر — بے طرح سی بن گئی تھی جان پر
گر نہو تجکو یقین اے بدگمان — آپ کرلے آن کر تو امتحان
ہر جگہ تھا محرز مومن نہ یان — بیوفائی عیب ہے لیکن نہ یان
منھ لگائے جبکہ وہ شیرین کلام — لے زلیخا یوسف مصری کا نام
بس یہان زور آزمائی ہو چکی — دام دلکش ہے رہائی ہو چکی
گر تمھین سچ ہے مری الفت کمال — تو کوئی تدبیر وصال
اب بہت مضطر ہے جان ناشکیب — کب تلک آخر رہون حرمان نصیب
وہ اگر چاہے تو ملنا کیا محال — اس سے استدعا کرونمین کیا مجال
بس نہین چلتا مرا ناچار ہون — دیکھتا حسرت سے سو سو بار ہون
بن ملے آخر رہا جاتا نہین — صبر کرتا ہون مگر آتا نہین
اس جگہ حیران ہون مین کیا کرون — کیا کرون مین کیا کرون مین کیا کرون
ہنس دیا اس شوخ نے پڑھکر جواب — گریۂ غم کی بڑھی یون آب و تاب
بات سے ظاہر نہانی دلدہی — روز افزون مہربانی دلدہی
دلفریب اللہ وہ عیاریان — میری خاطر سب کی خاطرداریان
گاہ گاہ ہے شعر پڑھوایا کرین — وصل کے مضمون سے شرمایا کرین
تذکرے ہجران کے دل پر شاق ہون — حسرتون کے ذکر سے مشتاق ہون
گاہ چاہون سے دکھا دیون جھلک — یہ عنایت جھپکے ہے آنکھ اب تلک
بدگمانی گاہ عشق غیر کی — کثرت الفت سے باتین بیر کی
گاہ باور التماس اضطراب — شوخی بیجا کو پاس اضطراب
گاہ وہ نالائقی پر طعنہ زن — عیب جوے حسن معشوق کہن
عمر رفتہ پر کبھی افسوس ہو — تا نہ دل پھر اس سے کچھ مانوس ہو

ایکدن ناگاہ وہ خورشید فام — جلوہ گر خورشید سان بالائے بام
وحشی اسیر اضطراب شوق سے — محرق جان سوز و تاب شوق سے
آرزو دل مین فراوان تیر کی — اس لیے پہلے سے یہ تدبیر کی
کہدیا سب سے کہ اک رازنہان — آج پوچھون گی کہ ہے بیتاب جان
وہ زبون طالع کہ ہے اختر شناس — آئے تو تم بھیجدینا میرے پاس
جوہین اس گھر مین ہوا اپنا گذر — آئے کچھ شیلش زہرہ کی نظر
آفرین ہے طالع مسعود کو — پہونچے ہم یون منزل مقصود کو
کرکے استقبال وہ ماہ تمام — لیگئی بارے مجھے بالائے بام
ہے نئی یہ گردش چرخ کبود — اختر عاشق کو ہوا اتنا صعود
دیکھکر اوج منجم بے سخن — جاہ کیوان پر عطارد طعنہ زن
پایہ بالاتر رہے عرش برین — خاک کو یون کردیا کرسی نشین
آخر مہ مین کیے ہمنے یہ چین — تھا مبارک اجتماع نیرین
مشرقستان تاب رخ سے جلوہ گاہ — مٹ گیا سب شکوہ روز سیاہ
تہنیت گو مضطرب ناہید نام — خواب راحت بخت خفتہ کو حرام
حکم عشرت ران فضائے مشتری — معجز زہرہ زدائے مشتری
تازہ رجعت رشک وصل یارمین — نحس اکبر طالع اغیارمین
صرف دشمن جور و بیداد فلک — خون حلال تیغ جلاد فلک
شور و غوغا شکر کا دونون طرف — اقتران یکدگر سے سو شرف
آخرین درجے مین الفت کی نظر — گہ مقارن گہ مقارب یکدگر
بوسہ و آغوش کا عالم رہا — کوئی عشرت کا تقاضا کم رہا
عہد و پیمان وفا باہم ہوے — وعدہ ہاے وصل مستحکم ہوے
میرے گھر اقرار آنے کا کیا — قول اس سے پھر نہ جانے کا کیا
وقت رخصت مضطرب ہونے لگی — دیکھکر حسرت زدہ رونے لگی

آنے کب دے گر نہو لوگون کا پاس ذکر سے جانے کے جاتے تھے حواس
جوش آیا کسمسا کر رہ گئی تا بہ دامن ہاتھ لا کر رہ گئی
چلتے چلتے کہدیا جلد آئیو کچھ بہانا ہو نہو ہو جائیو
دمبدم میل طبیعت ہو زیاد جو مراد اپنی وہی اس کی مراد
شام ہجران بیخودی سودائے وصل روز افزون رغبت شبہائے وصل
جی سوا خلوت کے گھبرانے لگا صحبت دشمن مین فرق آنے لگا
مضطرب رکھنے لگی آوارگی صاحبی اورا سقدر بیچارگی
دیدۂ مشتاق مائل سوے در حسرت نظارۂ پیغامبر
ہر کبوتر دیکھکر ہو بے قرار پاس ناموس اُڑ گیا بس ایک بار
لے فغان زاغ سے وہ بے سکون بلبل شیدا کے آنے کا شگون
سوز غم سے ہر زمان جلتی رہے یا دل گرمی مین جان جلتی رہے
گفتگو سب ہمدمون سے چھوڑ دی بات کرنی محرمون سے چھوڑ دی
آخر اس احوال کا چرچا ہوا راز پنہان بن کہے افشا ہوا
جب سُنی اس بدبلا نے خیبر حال جسکا کہہ چکا ہون پیشتر
وہ کریہہ الشکل مردود جہان ہو چکا ہے جسکی صورت کا بیان
ایکدن وہ آکے مہمان رہ گئی بدزبان کیا جانے کیا کیا کہہ گئی
ملتے ہی باہم جدائی ڈال دی نیک کے دل مین بُرائی ڈال دی
بھر دیے کان اُس سراپا ناز کے خاک منھ مین تفرقہ انداز کے
ایسے بیدردونکو یارب موت آئے جو بنا وین جی پہ انکی جان جائے
جو کہ یہ چاہے کسی کا ہو بُرا پیشتر اس سے اسی کا ہو بُرا
خاک مین ملجاے خود جو خاک اڑائے جیتے جی جلتا رہے جو جی جلائے
خانہ برباد دن کا ہو خانہ خراب ہاے مجھ سے بیگنہ پر یہ عذاب
پھر کہان وہ دلدہی جان پروری یہ بدموآموزی ہے یا افسون گری

پھر نئی میری نہ کچھ اپنی کی — کیسی صحبت بات مین جاتی رہی
بے سبب اس شوخ کا بگڑا مزاج — موت آئی تھی ہماری کیا علاج
بگڑی وہ اور میری جان پر بنگئی — کیسی جان ناتوان پر بنگئی
دونون وہم و بدگمانی سے خفا — مجھسے وہ مین سخت جانی سے خفا
سرگرانی سب گئی انجام سے — جان نکلی زندگی کے نام سے
یاس کو بے طاقتی سے تقویت — آرزو خون شہید بے دیت
دست برد نالۂ افغان ستم — کنج عزلت مین ہجوم درد و غم
لب گزا تر ہجر سے ذکر وصال — دشمن جان دوستداری کا خیال
یاد مین کوٹھے کے لوٹون خاک پر — سر زمین پر اور دماغ افلاک پر
دھیان اس کی جانفزا آواز کا — کان کا پردہ تھا پردہ ساز کا
لب گزیدن لذت آماے شکر — اب تلک محسوس بوسہ کا اثر
وصل کی خواہش بھری دل مین تمام — ہر ادا اپنا ادا کرتی تھی کام
جس تمنا کا اٹھایا تھا مزا — وہ زیادہ تر ہوئی حسرت فزا
تلخ کامی نیشکر کھا کر ستم — بے مزا ہونا مزا پا کر ستم
ہنستے ہنستے اشکباری ہاے ہاے — بعد راحت بیقراری ہاے ہاے
چارہ دان و بے دوائی حیف حیف — کامیاب و نیوائی حیف حیف
وجہ کھلجاتی تو عقدہ باز تھا — عذر رشک افزا پرداز تھا
ایک ناگفتہ حکایت رہ گئی — حرف شکوے کی شکایت رہ گئی
اب بھی ملجائے جو ملجائے کہین — جذب دل یان تک سے لائے کہین
کاشکے تاثیر جان بے قرار — ایکدم اس کو نہ لینے دے قرار
کچھ اثر کچھ پاس ننگ و نام آئے — کارگر ہی دردوری کام آئے
پھر صفائی سے بنے آئینہ دل — پھر نہ دیکھے روے زنگ کینہ دل
پھر پھرین دن عاشق سرگشتہ کے — شکوے کم ہون طالع برگشتہ کے

بے غمی پھر اپنی غمخواری کرے — جانفزائی اُس کی دلداری کرے
پھر نگاہ آشنا آئے نظر — گوشۂ چشم وفا آئے نظر
پھر وہی میلان طبع یار ہو — پھر دل آزاری سے جی بیزار ہو
پھر فروغ ماہ سیما دیکھ لون — چشم حیران کا تماشا دیکھ لون
پھر وہی باہم ملاقاتین رہین — پھر وہی گوش آشنا باتین رہین
پھر مرے پہلو مین دلبر بیٹھ جائے — فتنہ جو اٹھا ہے تھک کر بیٹھ جائے
پھر کرے وہ مہروش دل سوزیان — پھر شب عشرت کی ہون بہروزیان
پھر ہو گرمی صحبت دلدار کی — پھر جلے جان تپان اغیار کی
طنز کی باتین کہین غمناز کو — چھیڑ کر کیا کیا اس خلل انداز کو
جان و دل کو چین ہو آرام ہو — ابتدا جو تھی وہی انجام ہو
بلکہ دل مین رہ گئی ہے جو ہوس — وہ بھی نکلے اس تنعم سے کہ بس
شکر گو ہون طالع بیدار کے — ساتھ کھائین ساتھ سوئین یار کے
کیا کہا مین نے کہان ایسے نصیب — نا سزا ہے آز آرام و شکیب
پھر فغان کرتا ہون جی گھبرائے ہے — کیا کرون رہ رہ کے حسرت آئے ہے
دل نہ ٹھہرا تھا کہ مضطر ہو گیا — جی نہ سنبھلا تھا کہ بدتر ہو گیا
اے نسیم صبح گر جائے اُدھر — تو یہ کہدینا کہ اے بیداد گر
کب تلک بس بے نیازی کب تلک — کب تلک دشمن نوازی کب تلک
کب تلک بے جرم پر جور و جفا — بے سبب آزردگی کیون بیوفا
کب تلک بیوجہ پشیانی مین چین — آخر اس محروم کا تو دل نہین
تلخ گوئی تند خوئی کب تلک — انتہا بھی ہے کہ روئی کب تلک
کب تلک مد نظر اظہار خشم — انتقام شور الفت زہر چشم
دعوے غفلت سگالی کب تلک — لافہائے لاابالی کب تلک
کب تلک جلادی و غارت گری — کب تلک عاشق کشی کین پروری

عار و ننگ زیر دستی کب تلک — کب تلک بد گو پرستی کب تلک
کب تلک ناعاقبت اندیشی آہ — کب تلک نافہم کافر کیشی آہ
کب تلک جرم بد آموزی معاف — جا بجا ابلہ فریبی گاہے لاف
رحم نا انصاف کب تک داد خواہ — واجب التعذیر کب تک بیگناہ
کب تلک ترک ولا ساکب تلک — کب تلک یہ ناز بیجا کب تلک

تیری بیزاری سے جی بیزار ہے — سخت کوشی نیم جان پر بار ہے
تیری باتون سے ہون پامال ستم — خاک سر پر خار ہین زیر قدم
موت سوجھی بے نگاہ التفات — پھر گئین آنکھین تری آنکھونکے سات
لاگ لب کو وا شدن سے لگ گئی — چپ تری ترک سخن سے لگ گئی
بات بگڑی سب بگڑنے سے ترے — بن گئی بے ڈھب بگڑنے سے ترے
تیرے غصہ سے غضب آیا غضب — دم رکے ہے تیرے رکنے کے سبب

کون سی تقصیر کی حیران ہون — کیا کہا بدگونے مین بھی تو سنون
جو سنا ہے وہ نہین آتا یقین — گرچہ ہون بیہوش پر اتنا نہین
مین کہان افسون کہان کسکی مجال — انتقام چشم جادو کا خیال
ابتدا سے منکر تسخیر ہون — عامل افغان بے تاثیر ہون
تاب و طاقت اپنی روز عشق ہے — گر عزیمت ہے تو شور عشق ہے
جو کیا تھا وہ الٹ جاتا اگر — جان دیتے تم مری ہر بات پر
جس فسون گر نے کیا ہے یہ فساد — سمجھو اُس کی بات کا کیا اعتماد
جو ہے بہتان کا سبب معلوم ہے — حال میرا اُس کا سب معلوم ہے
ہے خبر آخر تمھین ہر راز کی — بات کیا اس شعبدہ پرداز کی
یہ نہین جو کچھ کہا مت مانیے — مدعی کا قول باطل جانیے
لائق جور و جفا ہے وہ نہ مین — مفتری فتنہ بلا ہے وہ نہ مین
آؤ مل جائین کہ دم ہے ناک مین — اس کدورت کو ملائین خاک مین

اس ستمگر کو سنائین خوب سا — ہنسکے آپس مین رولائین خوب سا
گرمی صحبت ہو اس کے روبرو — گاہ مین اس کو جلاؤن گاہ تو
مومن اتنی بے قراری کس لیے — جوش مایوسانہ زاری کس لیے
نا امیدی اسقدر کسواسطے — شیون شام و سحر کسواسطے
آیۂ لا تقنطوا تو ہو گی یاد — قول حق پر کیون نہین ہے اعتماد
ساتھ دل کے کھو دیا کیا دین بھی — نذر اس بت کے کیا کیا دین بھی
رحمت حق سے ہے کیون مایوس تو — کافر ایسا ہو گیا افسوس تو
ہا لہاے نارسا سے فائدہ — ان بتون کی التجا سے فائدہ
سنگدل ہین ان کو کیونکر آئے رحم — کس پر آیا ہے کہ تجھپر آئے رحم
تو عابید ین دعاسے چاہیے — چاہیے جو کچھ خدا سے چاہیے
ضبط آہ و نالۂ و فریاد کر — بھول جا سب کچھ خدا کو یاد کر
پھر تماشاے نیاز و ناز دیکھ — انتقام تفرقہ پرداز دیکھ
رحم کن بر حال زار خویشتن — با خدا بسپار کار خویشتن

مثنوی ششم

نام و تاریخ این فشار غموم — نیست جز آہ و زاری مظلوم

الٰہی نالۂ آخر فشان دے — فغان شعلہ ریز و خونچکان دے
عنایت کر مجھے آتش زبانی — کہ لب تک لا سکون سوز نہانی
دے اتنی گرمی طرز تکلم — کہ ہو غرق عرق برق تبسم
جھڑیں باتونمیں میرے منہ سے وہ پھول — کہ جائیں شعلہ رو گل ریز کو بھول
بتان سنگدل کا جی جلا دے — زبان کو شعلۂ دوزخ بنا دے
اثر دے نالۂ افلاک رس کو — دعائے نوح کر ہر ہر نفس کو
کہ گر موج سخن کا دم بھرے جوش — تنور سینہ سے طوفان کرے جوش
کند نالہ کو دے چین ببود — بندھا امید آہ حسرت آلود
نہو وحشت رم لیلیٰ سے مانوس — کرے صحرائے مجنون میرا پابوس
رکھوں پہلو میں اُس شیرین دہن کو — سکھاؤں سینہ کاوی کوہکن کو
دکھائے چشم تر کی اشکباری — خزاں گریۂ ابر بہاری
ہو گریۂ چشم جادو کے مقابل — بھرے پانی فسون چاہ بابل
رہے یوں ہی قیامت آسمان پر — نہ آئے حرف کچھ آہ و فغان پر
کسی میں ہو نہ بات اس بیکسی کی — نہ جائے پیشوائی واپسی کی
رہے نام و نشان بدنامیوں سے — نکالوں کام کچھ ناکامیوں سے
ذرا طاقت کہ بیتابی کروں میں — رہوں جیتا کہ اس بت پر مروں میں
تامل کر سکون عرض وفا کا — تحمل ہو سکے پیہم جفا کا
بھرے رحمت دم اظہار الفت — فلک پر ہو دماغ گرد کلفت
دل نامید کا ارمان نکلے — اجابت کی دعا پر جان نکلے
رقیب بوالہوس بیگانہ سا ہو — دل جانان محبت آشنا ہو

مری حالت پہ رحم آجائے اُسکو
عدو کی تلخکامی بھائے اُسکو

مرے سوز درون سے چشم تر ہو
نگاہ حسرت آلا پر نظر ہو

اُٹھا دے پردۂ روے منور
کرے روز سیہ کو صبح محشر

دوا سوچے تپ دل تفتگی کی
خبر رکھے مری خود رفتگی کی

تمیز عشقبازی نکتہ رس ہو
تغافل صرف ارباب ہوس ہو

دم رفتن قیامت کا جو ہو ذکر
جواب خون مومن کی پڑے فکر

کرے درمان بیمار محبت
نہ سمجھے سہل دشوار محبت

مرے اقرار ذلت کو نہ مانے
مری نالائقی کی قدر جانے

کرے ہر ہر طرح عاشق نوازی
مرے اشعار سے ہو نغمہ سازی

مرا احوال سن کے گوش دل سے
نہ گھبرائے فغان متصل سے

کرے بیداد دوری کی مکافات
نکالے کوئی تدبیر ملاقات

پیے گر مے تو پیمانے کی میرے
قسم کھائے تو غم کھانے کی میرے

الٰہی کیا کروں خود کام ہے وہ
بت غارت گر اسلام ہے وہ

تعجب کیا دعا کی ناشکیبی
اثر ہونے نہ دے عابد فریبی

نہ چھوڑے وہ صنم ایمان کسی کا
بنائے داغ جبہ شیخ ٹیکا

اگر ترک نگہ جائے سوے چرخ
تو کردے مشتری کو ہندوے چرخ

اگر لاف ورع ہو درد پنداز
بناوے وہ رگ گردن کو زنار

وفور خود پرستی چشم بد دور
شیوع بت پرستی دل سے منظور

بہم ربط رقیبان کے خیالات
رواج شرک ہیں مصروف دن رات

نرالا سب سے اسکا کیش و آئین
محب اہل بیت و دشمن دین

غضب خونریز و کافر ماجرا ہے
فضائے خانہ دشت کربلا ہے

گلے اپنے شہیدوں کے لگے خاک
جسد مردے کا اس مذہب میں ناپاک

نہ ڈھونڈھے قتل عاشق میں سبب کچھ
برائے مصلحت جائز ہے سب کچھ

مسلمانون کے حق مین دوزخ اندیش — کہے کفار کو مومن وہ بدکیش
طلسم شیعگی جادو کلامی — صفت میری جو ہو تو نیک نامی
مری الفت چھپائے مجھ سے بیدین — تقیہ فرض جانے مستحب کین
خلافت ہے حق لیلےٰ کہے وہ — مرے بس در پئے ایمان رہے وہ
ہوس اور دن کا غم مطلب رسی سے — مجھے تفضیل سب پر واپسی سے
یہ مومن اس سے کہہ تو جو نجانے — وہ کافر تو خدا کو بھی نہ مانے
کہان تقلید مذہب اس پری کو — جو قدرت سمجھے ہے جادوگری کو
دم رفتار جو ہو شر اموات — کرے دعوائے خلاقی وہ اثبات
ہلاک خلق جانے چشم کا کام — اجل رکھے نگاہ ناز کا نام
اگر ارض و سما کا ذکر آجائے — غبار رود دود دل عاشق کا دکھلائے
عذاب اندیشۂ حرمان کو جانے — جہنم آتش ہجران کو جانے
کہے کو چہ کو فردوس برین وہ — پری رویون کو جانے حور عین وہ
الٰہی غیرت شان الٰہی — نجانے سہل مومن کی تباہی
مصیبت ہے بلا عشق بتان کی — کہان بندے مین طاقت متحان کی
کہان تک بے نیازی کبریائی — نہین اب تاب ایمان آزمائی
وہ بت دیتا ہے طعنہ کس ادا سے — کہ اب تم چاہتے ہو کیا خدا سے
گذر اس گھر مین جو ہے رشک جنت — ملا معشوق مجھ سا حور طلعت
غلط جلوہ ہے میرا شعلۂ طور — جہنم مین گئی ہے کیا بلا حور
ہوا رحمت کو کیا کہہ کیا ستم ہے — ترے بندے پہ بیداد صنم ہے
نہین زنہار شایان غیوری — غرور اس بت کا میری ناصبوری
جلال غنچہ پرور جوش مین آئے — تلافی کچھ مری خواری کی ہو جائے
یہ دن دکھلائے ہان قدرت نمائی — کہ صبح وصل ہو شام جدائی
کرے تزئین تو تشریف اسلام — دل و جان سے ہو وہ زیبا صنم رام

نکالے عرض ایمان مطلب اپنا — کروں آخر اسے ہم مذہب اپنا
پڑھے کلمہ مرا وہ نا مسلمان — مبارک باد دین کیا کیا مسلمان
ادا ہو احتساب پارسائی — بنے دیندار کافر ماجرائی
امام شہر کی تجدید ایمان — کرے کس کس طرح تائید ایمان
الٰہی ناک میں دم ہے دعا سے — چلی جان آہ اجابت کی جفا سے
نہ کی تاثیر نے پروائے ناری — ہوئی اس بت سے حاصل شرمساری
تظلم سے اثر کے بے نیازی — فزوں تر کر گئی ناز مجازی
بلا طاقت شکن ہے سختی جور — غرور اس سنگدل کا بڑھ گیا اور
ہوا بگڑی دعا ہائے سحر کی — ہوئی اب آبرو مژگان تر کی
زبان پر نغمہ واں یاں آہ حیف — سرور افزا غم جان کاہ ہے حیف
تبسم ریز حرف اشکباری — تسلی بخش یاد بے قراری
بے آرام ذکر جاں سے بیتاب — حدیث تلخ سے شیریں ہوا خواب
نہیں ڈر جذبۂ طاقت گسل کا — دل آسودہ ہے اس آرام دل کا
نہ کچھ اندیشۂ آہ جہاں سوز — نہ بیم نالہائے آسمان سوز
نہ ترس طعن نقص دلربائی — نہ کچھ معیوب اسیروں کی رہائی
ستمگر بیوفا بیدرد بیباک — نہ عاشق ہے معزز نے ہو سناک
تغافل پر نہ چھوڑے نوگرفتار — نہ دلداری کرے لیکن وہ دلدار
نہ سمجھے ظلم کو وہ فتنہ گر ظلم — عداوت آشتی سے رحم پر ظلم
الٰہی کس ستمگر سے پڑا کام — کہ ناکامی نے میری کر دیا کام
ہوس نکلی فراق جان گسل کی — رہی دل ہی میں حسرت میرے دل کی
نہ نکلا ایک ارمان آہ میرا — گیا جی مفت میں اللہ میرا
رہا خمیازہ فرمائے برو دوش — خمار بادۂ شوق ہم آغوش
شکر ریز فسوں تھا حرف مطلب — ہوئے بند التماس بوسہ میں لب

مری یہ شورش شیرین کلامی — رہی لذت فزائے تلخکامی
نہ پہونچے خلوت دلدار مین گاہ — ملے تو خانۂ اغیار مین آہ
ملے کیونکر نہ مژگان دست افسوس — کف پا کے ہے سہلانے سے مایوس
نہ کیون رو رو کے بس اپنا کرے خون — نرکھے چشم پردہ پائے گلگون
جگر خون گشتہ بید ست و پائی — نہ آئے ہاتھ وہ پائے حنائی
الٰہی ہاتھ میرے ٹوٹ جائین — جو لی ہون اس ستمگر کی بلائین
ہوا اک شب نہ مین قربان جانان — کرون ایسی سیہ روزی کو قربان
چراغ بزم دشمن وہ دل افروز — یہان تیز آتش حرمان جانسوز
اگر اس شمع رو کے گرد پھرتے — تو پروانون کی نظرون سے نگرتے
متاع صبر و راحت گر تلف ہے — الٰہی حق مرے دل کی طرف ہے
سکون کیا ہو سکون کی کونسی بات — نہین وعدہ بھی کیا ذکر ملاقات
ملاقات اُسکو بھی ہے گرچہ منظور — ولیکن کیا کرے نا چار و مجبور
اگر بھیجے تو کیونکر بھیجے پیغام — کرے کس طرح خودداری کو بدنام
غرور حسن سے آسان ہے دشوار — بھلا مطلوب کیونکر ہو طلبگار
خلاف وعدہ جب ہو کام معشوق — تو نازیبا وفا پیغام معشوق
طلب عشاق کی ہے کسقدر عار — غلامی پر نہو یوسف خریدار
کہون کیونکر زمان سرو آزاد — غم قمری مین ہو پابند فریاد
نہایت یہ کہ گوش شوق سے گل — ذرا سُن لے فغان و آہ بلبل
سنا ہوگا یہ ہے افسانہ مشہور — کہ خسرو کا فرستادہ ہے شاپور
گیا کیونکر نہ تھا بلقیس کے یان — ولے ہدہد بنا مرغ سلیمان
نہ کیون اس طبع نازک پر گران ہو — کہ یہ خفت نصیب دشمنان ہو
الٰہی کسقدر بگڑی ہے تقدیر — کہ کچھ بنتی نہین کیا کیجے تدبیر
تمنا وصل کی کیونکر جتاؤن — پیام شوق کیونکر لب پہ لاؤن

کہون کیا ولولے مین آرزو کے
کہ ملتے بھی ہین تو گھر مین عدو کے

کہان سے لاؤن وہ پیغام پرداز
کہ ہو اس شوخ کا بھی محرم راز

وگرنہ بیم طبع نازنین ہے
کہ پھر مین کیا نہین وہ بھی نہین ہے

حذر اس آتشین خو کے غضب سے
کہ عالم پھونک دے اک شعلہ تب سے

اگر آزردگی سے دے وہ دشنام
تو لے عیسےٰ سے بس جلاد کا کام

نگاہ قہر جب تیغ آزما ہو
حریم کعبہ رشک کربلا ہو

مگر اتنا کرے باد سحرگاہ
کہ آخر تو وہ کوچہ ہے گذرگاہ

ذرا میرا بھی سنتی جاے پیغام
نہین آتے ہین کیا ناکام کے کام

کرے پرکانین اس گل کے اظہار
یہ راز عندلیب نوگرفتار

کہ ظالم کب تلک غفلت شعاری
ذرا بیخود کی اپنے پاسداری

کہان تک سینہ سوز بیہاے بیجا
غضب ہے پک گیا میرا کلیجا

کہانتک مشق ناز بے نیازی
خط باطل ہے کیا عاجز نوازی

کہانتک بیدماغی سرگرانی
کہ جان ہے پائمال ناتوانی

کہانتک دور باش جور و بیداد
ستم ہے اہتمام نالہ و فریاد

کہانتک صرف ہمت کسب زرین
نہین اب خاک بھی غیرون کے گھر مین

کہانتک کثرت عشاق کی فکر
کبھی تو کچھ بھی اس مشتاق کی فکر

کہانتک طرز بے پروا خرامی
قیامت کو ہے لاف نیکنامی

کہانتک خواہش عشق نسا بس
عذاب غیرت لذت فزا بس

کہانتک ضبط جوش نوجوانی
ہوس مرحوم لطف زندگانی

کہانتک جبر دل پر اختیاری
طبیعت کیا نہین رغب تمھاری

کہانتک پاس رسوائی کہانتک
مری فریاد پہونچی آسمان تک

کہانتک وہم دامن کب رہا پاک
کہ داغ خون مے دونون ہین ناپاک

کہانتک دور اندیشی سے وسواس
ہجوم شوق مین کیا ننگ کا پاس

کوئی پیغامبر جو رازدان ہو — ادا فہم اشارات نہان ہو
زبان دان نگاہ لطف آلود — کہین شاگرد چشم سرمہ فرسود
مکرر امتحان فرمودۂ ناز — فسون خوان زبان بندی غماز
محل اعتماد ننگ و ناموس — نظرباز فریب چشم جاسوس
تمھین بھیجو کہ جان مین جان آئے — دل خود رفتہ کو اوسان آئے
وگرنہ کام آخر ہو چکا ہے — مکرر چارہ فرما رو چکا ہے
نہین کچھ بھی امید زندگانی — تھکی اس کشمکش مین سخت جانی
رہے گرناز سے تم سرگراں اب — تو یہ پامال دوری پھر کہان اب
اس آغاز محبت کا مآل آہ — کہ ہو دے وصل سے پہلے وصال آہ
نہ پروا تھی تو کیون تھے درپے دل — نہ کی کچھ دلدہی جب لے گئے دل
نہ آنا تھا تو کیون گھر مین بلایا — بٹھاکر پاس یہ فتنہ اٹھایا
نہ تھی منظور گر تمکو ملاقات — تو کی آنکھین ملا کر کس لیے بات
تری وہ ہاے پہلو دار تقریر — نوید ہمکناری جس کی تعبیر
نگاہ لطف سے کیا کیا اشارے — کہ منظور نظر ہو تم ہمارے
نہ بگڑو تو کہون اپنی بنی کی — کہ تم دشمن نہ تھے پر دشمنی کی
خیال دلدہی اب جان طلب ہے — حدیث لطف یاد آنی غضب ہے
ستم ہے ظالم اندیشہ کرم کا — تو خود انصاف کر اپنے ستم کا
قرار ہمکناری نے ستایا — کنارے گور کے مجکو لگایا
خبر پامال غم کی لے تو لو تم — ملے ہم خاک مین اب تو ملو تم
غلام اپنا کیا بازی لگاکر — یہ کھل کھیلے نہ تھے کچھ داؤ کھاکر
نہ تھے صاحب کہ بنکلے بیوفا تم — کہون بھاگتا پھرتا ہون یا تم
عدو کی عشقبازی آشکارا — غرض سچ ہے کہ تم جیتے مین ہارا
نظر تیری پھری اے مہ جبین اب — وہ چشم مہر کا ایما نہین اب

کہان اے بدر سیما وہ ترحم
کہ ہون مین رازدار سیر انجم

نہین کیا تم نے احکام آزمائے
انھین باتون نے تو یہ دن دکھائے

مجھے جب زائچہ تم نے دکھایا
قران ہی اول و ہفتم مین پایا

نہ زہرا سب سعادت پر تو انجم
رہین رونق فزائے برج پنجم

سدا ساعت دبیر آسمان کی
ضمیر الفت حکیم نکتہ دان کی

ہمیشہ اختر بد طالع غیر
شرف بخش ہبوط و راجع السیر

نہین کچھ اعتبار دور افلاک
کہ اک گردش مین مجکو کر دیا خاک

سیہ روزی کا جلوہ کسقدر ہے
کہ شام ہجر کی ظلمت سحر ہے

مرے داغ آفتاب عالم افروز
کہ جسکی روشنی سے شام غم روز

یہ سب کچھ سچ پر اتنا بھی کہین گے
کہ جیتے ہین تو اک دن مل رہین گے

سلیمان ہمدم مقیس ہوگا
قران زہرہ و برجیس ہوگا

بدل جائیگی آخر تیری عادت
مرے طالع مین ہے سہم السعادت

ترا الا نہان تد نظر ہے
کہ استقبال دا قبال قمر ہے

تری دلسوزیون سے کیون ہون مایوس
نہین کچھ احتراق تیر منحوس

سعادت سے ششم کی جیتے ہین ہم
کہ یان بہرام کو ہے عشرت جم

دلیل اسکی ہے استیلائے ناہید
کہ ہو عیش اور عیش وصل جاوید

قبول قوت کیوان ہے مشتم
نہو صحبت سے میری رنج کش تم

کہان آبادی کاشانۂ غیر
کہ برج منقلب ہے خانۂ غیر

اگر ہو سعد اکبر کوکب اس کا
ولے یہ درجہ رہتا ہے کب اس کا

کہ نے پھر دور ریجان زحل ہے
سعادت سرحد وجہ خلل ہے

رہے کب آتش عرض ہوس تیز
فرح ہے نیر اعظم کی غم ریز

نحوست ہے دلیل برج آبی
نظر آتی ہے کچھ خانہ خرابی

یہ ہے مضمون حکم انتقالات
کہ ہوگی ان جفاؤن کی مکافات

بہم ہم تم کرین گے کامرانی — نہ ناکامی رہے نے سرگرانی
ابھی سے گر جفا کم ہو تو اچھا — زیادہ ربط باہم ہو تو اچھا
نہین تو ہوگی اس دن شرمساری — کسے منظور ہے خجلت تمھاری
نہ شرماؤ کہ شرمانا پڑے گا — نہ گھبراؤ کہ گھبرانا پڑے گا
کرو اظہار گر شوق ملاقات — تمھین اول تو کیا ہے شرم کی بات
نہو کیون گرمی صحبت کا ایسا — کہ مین پروانہ ہون تم شمع سیما
کہان تک بیوفا غفلت شعاری — خبر لے ہے بری حالت ہماری
مرے غوغا سے غل ہے آسمان پر — کیسی آگئی آفت جہان پر
فراز عرش ہے شور تظلم — خدا کے واسطے کا فرترحم
اجازت دو دل کو اپنے گردون — اٹھا کر پھینک دے بنیاد گردون
کہین شعلے شرارافشان فغان کے — اوڑا ڈالین دھوین ہفت آسمان کے
مری آہین جلادین خرمن برق — فغان سے رعد آب شرم مین غرق
مرے نالون سے نالان ایک عالم — سبھی بیگانہ و احباب بے ہمدم
مری گریہ سے آبے رنگ طوفان — ترے گھر کے سوا سب شہر ویران
مرے غوغائے شب سے صبح گاہان — سدا دیوان مین شور داد خواہان
مرے ہاتھون سے سود اظلم پیشہ — گریبان پاؤن پڑتا ہے ہمیشہ
رفو سازون سے وہ گستاخی کی دست — کہ جیب محتسب اور پنجۂ مست
جنون کی کیا کہون زور آزمائی — جواب حرف ناصح ہاتھ پائی
بلا ترشوخ تر گستاخ تر مین — کہین تم سے زیادہ خرقہ درمین
جہنم تاب حرف ہر جگر سوز — قیامت ہمنشین کی جان پر روز
سدا سودائیون کی طرح بکنا — در و دیوار کو حیرت سے تکنا
تصور سے ترے ہر دم حکایت — کہ شوق وصل ہے اور بے نہایت
کبھی کہنا کہ کیونکر آئے یان تم — ہوے کس طرح بارے مہربان تم

کبھی قول و قسم ترک جفا پر — کبھی تکرار پیمان وفا پر
کبھی شکوے نصیبوں کے ہزاروں — کبھی طعنے رقیبوں کے ہزاروں
کچھ آپ ہی آپ مضطر ہونے لگنا — ہنسی کی بات مین بھی رونے لگنا
کبھی ہنسنا تو حال چشم تر پر — ہمیشہ نوحہ تابوت اثر پر
بگڑنا الٰہی ناز سا سے — بنے کیونکر کہ لڑتا ہون ہوا سے
سدا آوارگی صحرانوردی — ندے آرام شوق دشت گردی
کدورت سے غبار دل نکالون — جفاے آسمان پر خاک ڈالون
اُڑائی خاک یون بیہات اپنی — ملائی خاک مین اوقات اپنی
سمجھ تو کسکی ہے بے امتیازی — کرے فخر زمان یون ہرزہ تازی
مسیح وقت کی بیچارگی حیف — وحید عصر کی آوارگی حیف
قیامت ہے وہ پامال جفا ہو — کہ جسکا چرخ ہفتم خاک پا ہو
ستم ہے اس مکرم پر ستم ہو — جو صدر مجلس اہل کرم ہو
نہین کچھ عیب آخر قدردانی — کرو تم دلدہی مین جانفشانی
نہین ایما کہ بس رخصت طلب ہون — جو کہنا ہے سو کہہ چک جان لب ہون
نظر ہے محو شوق گرم جوشی — نگہ اے بیمروت چشم پوشی
یہ بے پروا ترے انداز کب تک — تغافل ناز ہے پرناز کب تک
اگر ہے شوق بے اندازہ بیداد — بگڑ مل کر کہ ہے یہ تازہ بیداد
مجھے بھی اک ذرا آجاے طاقت — تو شاید تاب پھر کچھ لاے طاقت
نہین اب قابل جور و جفا مین — سدا غش رہتے رہتے مرگیا مین
نہ جانو یہ تگ و دو ہرزہ تازی — نہ سمجھو کھیل میری عشقبازی
نہ پھولو اس قدر سنگین دلی پر — نہین فرہاد سے کچھ مین بھی کمتر
نہ جاؤ آہ بے تاثیر پر تم — کرو تغییر حالت پر نظر تم
بدل جاتا ہے اک دم مین زمانا — نہین اس چرخ کجرو کا ٹھکانا

نہ سمجھو یہ غرور جاودانی — کہ میری جان نثاری جانفشانی
معاذ اللہ اگر معجز نما ہو — تو بعد مرگ بھی کیا جانے کیا ہو
نہوتی خاک مضطر مین جو تاثیر — نہ بنتا کشتۂ سیماب اکسیر
سرایت عشق کی وہ بد بلا ہے — کہ جس سے خاک مین عاشق ملا ہے
ہوے جب ملتفت یہ سوے معشوق — تو کیا مشکل کہ بدلے خوے معشوق
کیے ہین جذب دل نے کام کیا کیا — نہین تمنے سُنا یہ ماجرا کیا

آغاز داستان

کہ تھا اس شہر مین اک خانہ ویران — جنون تعلیم فرماے اسیران
جوان سال و کہن پیر محبت — سراپا اس کا تصویر محبت
عیان صورت سے دلکی شعلہ یاری — ہیولے مین زیادہ جزو ناری
جو دیکھے اسکی فطرت کی تب و تاب — کہے اپنے کو آپ ابلیس کذاب
کہان یہ مہر مین آتش فشانی — کہ اسکے سایہ سے ہو سنگ پانی
دلیل اعتدال طبع آزار — برنگ نرگس بیمار بیمار
ہذال و ناتوانی خواہش جان — نشان تندرستی کاہش جان
جنون قوت فزاے جان بیتاب — بہر نوبنگاہ چشم بے خواب
قلق کلفت زداے جان مضطر — صفا پروردۂ طبع مکدر
نفس بے اختیار نالہ ہر دم — تظلم سے نفس ناکام پر دم
تمناے ستم ہنگامہ سر بجاد — قیامت خانہ زاد شور فریاد
روان پرور خیال جانفشانی — اجل کے آسرے پر زندگانی
نہ چھوڑے دل لگانے کی تمنا — قیامت ناز اٹھانے کی تمنا
اسیر حسرت گیسوے دلدار — گرفتار گرفتاری دل آزار
خراب آرزوے خواری عشق — ہلاک حسرت بیماری عشق
اسی ارمان مین رویا کرے وہ — نگاہ پاک کو دھویا کرے وہ

پھرے دیوانہ وار اک اک گلی مین — یہ کیا سودا ہوس سودے کے جی مین
ہوا اس سے آتش سوزنہاں تیز — پڑھے اشعار کیا کیا درد آمیز
کوئی گر حال پوچھے تو نہ بولے — نگہ سربستہ مطلب پر نہ کھولے
رہے دل ہی مین دل کی پرعیان سب — نہ کوئی رازدان اور رازدان سب
اقارب کو گلہ بیگانگی کا — مین دیوانہ ہون اس دیوانگی کا
اجنا کو شکایت بلکہ سو بیر — کہ ہمکو جانتا ہے بدگمان غیر
ہوئے اک روز آخر سب فراہم — پریشان گفتگو کرنے کو باہم
یہ فکر جلسہ آشفتہ سری کی — بلا لائی ہوئی ہے کس پری کی
ہلاک جنبش ابرو ہے کس کا — اسیر حلقۂ گیسو ہے کس کا
یہ کی کس چشم میگون نے خرابی — کہ ہے خود رفتہ جون رند شرابی
جلایا اس طرح کس شعلہ خو نے — یہ دن دکھلائے کس خورشید رو نے
یہ فتنہ کس کی قامت نے اٹھایا — بلا مین کسکی زلفون نے پھنسایا
یہ کس دست نگارین کے ہین نیرنگ — کہ رنگ خون نیا کچھ لائے ہے رنگ
لگایا آخر اک کافر پہ بہتان — کہ وہ ہے آفت عقل و دل و جان
یقین کا بدگمانی سے لیا کام — کیا اس بے گنہ کو مفت بدنام
سخنہاے غلط کو سب نے جانا — ہوا یہ تذکرہ آخر فسانا
کسے رسوائی بے جرم کی فکر — جہان سنیے یہی چرچا یہی ذکر
ہوا شہرہ قریب و دور کیا کیا — علاج اتہام قربا کیا
سنی جب اٹھتے اٹھتے یہ حکایت — ہوئی وہ سادہ رو حیران نہایت
کہ میرا جلوہ دیکھا کیونکر اسنے — کہان سے سینک لی چشم تر اسنے
ہوا بے پردہ کب حسن نقابی — کہان ایسی حیا پر بے حجابی
نظر بازی کسے مدنظر ہے — کہ پردے ہی مین ہے شوخی بھی گر ہے
پری سے ہو سکے دیوانگی کیا — نکالے پاؤن مجھ سے خانگی کیا

اگر شہرت نے کی یہ بے حجابی — کہ گھر بیٹھے ہوئی خانہ خرابی
زبس تھا اعتماد دلربائی — نہ سمجھی تہمت آشفتہ رائی
یقین جانا کہ سنکر میرے انداز — ہوا ہوگا شہید خنجر ناز
ہوئی جب دلنشین یہ بے نشان فکر — لگی رہنے اسی کی ہر زمان فکر
غضب لذت اٹھانے کا بندھا دھیان — کھڑے ہونے لگے ہر بات پر کان
کرے سامع فریبی جب یہ افسون — کہ واں ہے کاہش جان روز افزون
بڑھی جانکاہی روز نہانی — جتائے زور عجز ناتوانی
شکست رنگ نقش روے سادہ — نزاکت لحظہ لحظہ ہو زیادہ
رہی آخر نہ چالاکی نہ چستی — خیال باطل اور اتنی درستی
نہ سوے شوق ہمخوابی کے مارے — انھین افکارمین راتین گذارے
رہی بیٹھی صبا کی رہگذر مین — کٹے دن انتظار نامہ بر مین
اسی حالت مین گذرے جب کئی سال — کہ تھے مثل زمان تغییر احوال
زبس مطلوب نازش تھا طلبگار — بنی سو خود فروشی پر خریدار
نہ آیا صبر بے دیدار مشتاق — نہ ٹھہری جان وطاقت ہوگئی طاق
کی آخر مشورت اک ہمنشین سے — کہ اٹھتا ہے دھوان جان حزین سے
جلایا شوق وصل تفتہ جان نے — کیا خاک آتش سوز نہان نے
انھین فکرون مین سرگردان ہون نزہت — کہ اس وحشی سے کیونکر ہو ملاقات
ذرا دیکھون تو کیا ہے اسکی صورت — نکردے خاک تاثیر کدورت
نہ کیونکر رحم آئے سنکر احوال — کہ ہے اک سرفراز اس طرح پامال
کوئی تدبیر لے تو ہی بتادے — کسی صورت سے وہ صورت دکھادے
کہا اسنے کہ اے سرمایۂ ناز — فدا تیرے ستم پرسب کے انداز
بلا تیری مرے اندوہ وغم مین — کہ وہ کیا مین پرسی کو لاؤن دم مین
بکال اپنی ہوس ہاے نہانی — ترے قربان عیش جاودانی

ذرا دھر کان حرف دلنشین پر — نکر بیداد جان نازنین پر
کہان تک دور بینی ہے کہان تو — بلا لے شوق سے اسکو یہان تو
وہ گو بدنام ہے پر چھپ کے آنا — کوئی گر جان لے تو مین نے جانا
عذاب ہجر شیری جان سے دور — نصیب دشمنان اندوہ مہجور
مرے کہنے پہ چل مت ہاتھ سے جا — بنالے پاؤن کیون انداز بیجا
ہنرمندی سے ہو تو کیون کھلے عیب — کہ وہ ستار ہے جو عالم الغیب
قرار اس مصلحت نے جبکہ پایا — دل بیتاب کو آرام آیا
وہی ٹھہری جو ٹھہرائی تھی دلمین — زبان پر آئی جو آئی تھی دلمین
بلا کر اک عجوز حیلہ پرداز — کہا اے جادوے پرفن فسون ساز
وہ مجنون جو نیا پیدا ہوا ہے — مجھی پر کہتے ہین شیدا ہوا ہے
ذرا تکلیف کر اس نوجوان تک — کسی ڈھب سے اسے لے آیہان تک
کہ منع محشر آرائی کرون مین — علاج درد رسوائی کرون مین
مرے کہنے کو شاید مان جائے — عبث ہے جانفشانی جان جائے
غرض یہ دلنشین فتنہ اٹھایا — کہ اس خود رفتہ کو مہمان بلایا
نیا ڈھب اور سوجھا امتحان کا — کہ سرخط ہے ضمیر نکتہ دان کا
زبس تھی ناتوانی اس کی معلوم — کہ بھایا ناز کو آزار مظلوم
کی آرایش وہ آئینہ خانہ — شبیہ سادہ رویان زمانہ
دکھایا نقش حیرانی نظر کو — مرقع کر دیا دیوار و در کو
وہ ایوان آفت عقل و دل و دین — کرے سجدہ جسے بتخانۂ چین
ہے اس اعجاز مین عیسیٰ بھی حیران — کہ تصویرون سے آہین پڑ گئی جان
عجب نقش و نگار و حسن تدبیر — انھین مین اک طرف اپنی بھی تصویر
وہ جسدم آکے بیٹھا اس مکان مین — نہ تھی تاب سکون تاب و توان مین
غضب ہے اس بلا کا کیا ٹھکانا — پری خانہ مین دیوانے کا آنا

کیا گھر دل مین شوق بیدلی نے — محل پایا غم آب و گلی نے
ہوا وحشت فزا درد نہانی — ٹھکانے لگ گئی بے خانمانی
زبس ہر صورت خورشید خرسند — نگاہ شوق کو نظارہ دشوار
سراپا حیرت افزائے نظر تھا — جہان پہونچی نظر گویا کہ گھر تھا
صفا سے گر نہوتی لغزش پا — تو رہتی پا بہ گل چشم تماشا
شبیہ اک ان مین رشک نقش تسخیر — کہ تھا جادو کا پتلا وہ نہ تصویر
عجب صورت کہ جس سے ناز ظاہر — سکون سے شوخی انداز ظاہر
خموشی سے عیان شیرین زبانی — گل افشان معنی غنچہ دہانی
نشان رشک سودا نقطۂ خال — کہ وہ بے مثل تھی جسکی یہ تمثال
تظلم فرق معنی کے سبب تھا — لباس کاغذی بے وجہ کب تھا
وہ صورت دیکھتے ہی اڑ گیا رنگ — دکھایا جوش وحشت نے نیا رنگ
ہوا شوق نظارہ محو دیدار — بنایا بیخودی نے نقش دیوار
گئے خونریزہ گلہائے اشک افشان — بنے کلک مصور موے مژگان
خط تقدیر تھا بے نقش ہستی — کہ مٹتا مذہب صورت پرستی
ہوا غش مرشد آداب ابرو — سکھایا سجدۂ محراب ابرو
عیان رخ سے ہوئی دلکی کدورت — تغیر رنگ نے کردی یہ صورت
جمے نقشے عذاب جان گسل کے — قیامت آگئی جاتے ہی دل کے
نہ چھوڑا دم ذرا جوش فغان نے — نکالین حسرتین درد نہان نے
زمین پر بے قراری نے لٹایا — طپش نے خاک مین اسکو ملایا
نہ ٹھہرا دل ذرا کتنا سنبھالا — ہوا بیتاب تر جتنا سنبھالا
ادب سے اٹھکے وہ تصویر اتاری — کہ تھا گستاخ شوق ہمکناری
ہوا بیہوش چھاتی سے لگا کر — بنا تصویر جان تازہ پاکر
یہ حالت دیکھکر سمجھی وہ عیار — کہ ہے یہ بوالہوس نے عاشق زار

ہوئی بیزار الطاف نہان سے
حجاب آیا ادائے امتحان سے

گران تھی اس سے گرچہ مہربانی
کہ پوچھے حال درد سخت جانی

دلے پاس طلب سے آخر کار
ہوئی مستفسر مطلب وہ ناچار

بیان اُسنے کیا جو ماجرا تھا
ہوا ظاہر کہ وہ سب افترا تھا

کہا اے عاشق شوریدہ انجام
سیہ مست شراب تلخی کام

مبارک درد بے درمان تدبیر
کہ وہ بیدرد ہے جسکی یہ تصویر

خبر لے اپنی کیون سودا ہوا ہے
کہ وہ لیلےٰ شمائل بد بلا ہے

وبال جان نازک دلربائی
ترحم کو وہ سمجھے بے حیائی

دماغ لطف دلداری کہان ہے
کہ یہ آرام جان جان جہان ہے

سبھی اس بیوفا پر دیتے ہین جان
نہین مرنے کا اُس پر کسکو ارمان

ہزارون نیم بسمل جستجو مین
ہزارون مر گئے اس آرزو مین

کہان ایسے کسی کے بخت بیدار
کہ ہو ہمخواب وہ خورشید رخسار

غرض نام و نشان سارا بتایا
دل گم گشتہ کا یون کھوج پایا

پتا اس سے مکان کا لگ گیا وان
کہ جی تاب و توان کا لگ گیا وان

کیا معلوم جب اپنا ٹھکانا
ہوا وحشت زدہ وان سے روانا

چلا بیتاب سوے کوے دلبر
کہ کھینچا جذب دل نے سوے دلبر

کی ایسی پیروی تاب و توان کی
کہ سیدھی راہ لی اسکے مکان کی

سر کو سجدہ پامال زمین تھا
نشان پا کی جا نقش جبین تھا

زبان تہنیت گو نالہ مایوس
لب خود کام سرگرم زمین بوس

نگاہ حیرت چشم تماشا
سوے در دوڑتی تھی بے تحاشا

صفا و تاب کیا کیا جلوہ گر تھی
نظر صدقے در و دیوار پر تھی

لگے یکبار پانون لڑکھڑانے
بنایا تھا مگر وان گھر صفا نے

تمنا تھی فدا ہونے کی جی مین
لگا بیتاب پھرنے اس گلی مین

کہ ناگہ اک کنیز برق رفتار ہوئی جون شعلۂ آتش نمودار
نہ چالاکی ہی مین رشک قمر وہ کہ تھی خورشید سے بھی گرم تر وہ
نشاط افزا بہار گل جبینی شگفتن جان نثار گل جبینی
عیان طرز نظر سے مہربانی نگہ نا آشنائے سرگرانی
دہن جون غنچہ لبریز تبسم گل افشان بے سخن طرز تکلم
ادا فہم نگاہ چشم مشتاق زبان دان اشارہ ہائے عشاق
مشخص اک نظر مین سارے آزار طبیب درد عاشق چشم بیمار
سخن سازی مین افسون کی سی تاثیر وہ لب معجز نما و سحر تقریر
ہوئی جونہین دوچار اس خستہ جان سے تو واقف ہو گئی درد نہان سے
کہا اے درد مند چشم بیمار ترا درمان ہے عیسےٰ سے بھی دشوار
کہ وہ سرکش ہے جسکا تو ہے پامال نہین ہنتی کسی دل خستہ کا حال
عداوت ذکر سے عشاق کے ہے تنفر نام سے مشتاق کے ہے
کرے کس طرح کوئی چارہ سازی کہ سم ہے چارہ گر کی بے نیازی
پیام شوق کا یارا کسے ہے تو ان جرأت بجا کسے ہے
مگر اک مین کہ ہمدم ہمزبان ہون سدا سے معتمد ہون رازدان ہون
اگر چاہون تو لے لون نام عاشق بیان کردون کوئی پیغام عاشق
سو وہ بھی وقت پاکر ایک ڈھب سے نہ گستاخانہ انداز ادب سے
اگر افسانۂ غم تو سنا دے مجھے نام و نشان اپنا بتا دے
تو مین اس نازپرور کو سنا دون جواب شوخی و انداز لا دون
کہ ہے میری طبیعت رحم مانوس جوانی پر ترس آتا ہے افسوس
کہا مین نے کہ اے غمخوار عاشق دل معشوقۂ دلدار عاشق
مین وہ آوارۂ ہر زہ درا ہون کہ ناحق خلق مین رسوا ہوا ہون
اگر اتنی کرے تو مہربانی کہ پہونچا دے یہ پیغام زبانی

تو مین تیرا غلام زر خریدہ — غلط ہے بندۂ جان آفریدہ
کہ اے بیرحم و بیدرد و ستمگار — دل آزار و دل آرام دل زار
تغافل حال سے میرے نہ کر تو — خیال امتحان سے در گذر تو
نہین دم مجھ مین کیا تاب تظلم — ترحم اے ستم پیشہ ترحم
تری صورت نے میرا دل لیا ہے — تری تصویر نے حیران کیا ہے
دل آزار تمنائے ملاقات — ہوا ہون جان سے بیزار ہیہات
بھری ہے حسرت دیدار دلمین — نہان ہے جلوۂ رخسار دلمین
نہ لائے لب پہ عذر ناز کی دوش — کہ ہے اعضا گسل شوق ہم آغوش
ہوا گستاخ ادب سے حرف مطلب — ہے لب پر التماس بوسۂ لب
سنا اس تند خو نے جب یہ پیغام — کہا کہدے کہ اے عیار خود کام
عبث ہے مجھ سے اظہار محبت — کہ ہون دانائے اسرار محبت
مجھے ہے خوب تیرا حال معلوم — مگر سن چکی ہون عشق کی دھوم
سب اس غفلت مزاجی پر خبر ہے — کہ تو عاشق ہے لیکن اور پر ہے
بگاڑے گا کہین باتین بنا کر — یہ دم دے تو کسی نادان کو جا کر
فسون نالہ بے تاثیر ہے یان — سراپا معجزہ تقریر ہے یان
خدا کے واسطے رسوا نہ کیجو — کہین اس بات کا چرچا نہ کیجو
رہے اسکو مبارک جو ہے بدنام — تری ناکامیون سے مجھکو کیا کام
کبھی اے بے خرد بھولے سے زنہار — نہ لینا نام میرا پھر خبردار
ملا جب یہ جواب سامعہ سوز — ہوا سرگرم آہ آتش افروز
کہ بخت تیرہ یہ کیا رنگ لایا — سر شک سرخ در نا بہا تھا
نظر آتی ہے یاس جاودانی — نہین بیہودہ لاف لن ترانی
ہوا تاثیر غم کو کیا خدایا — نہ آیا رحم اس بت کو نہ آیا
پھرانا چار نا یوسانہ وان سے — یہ کرتا مشورت شوق نہان سے

کہ کیا کیجے علاج بدگمانی — یقین کس طرح آئے جانفشانی
مگر ترک وطن اک چند کیجے — کسی صحرا مین دل خورسند کیجے
کہ بے نام و نشان بدنامیان ہون — ذرا کچھ دور یہ ناکامیان ہون
تو پھر شاید محبت باور آئے — ترحم کچھ مری حالت پر آئے
خیال خام کی یہ پختہ کاری — کہ دل گرمی غریبی بے قراری
عنان کش جوش وحشت سوے صحرا — طپش رشک رم آہوے صحرا
کیا آخر سفر بیچارگی سے — ہوا دیرانہ گھر آوارگی سے
چلا منزل بمنزل خاک اوڑاتا — ہوا پر خاک کے تودے لگاتا
سراسیمہ پریشان حال بیدل — نہ ہمراہ و نہ سامان و نہ منزل
نہ زیر سایہ وقف دوپہر کو — نہ حد و انتہا عزم سفر کو
تگ و دو جوش وحشت سے شب و روز — سپہر کجرو ش کو گردش آموز
روان بیتاب جون ریگ روان وہ — کہ اک صحرا مین گذرا ناگہان وہ
نہ صحرا خانہ زنبور تھا وہ — کہ نیش خار سے معمور تھا وہ
نہ صحرا رشک میدان قیامت — ملا دے خاک مین شان قیامت
غضب پر ہول و پر آشوب و پر درد — تصور سے رخ سیاح ہو زرد
کچھ آیا وہ جنون افزاے جانکاہ — پسند خاطر مشکل پسند آہ
زبس مطبوع تر دیرانہ تر تھا — بس ایسا رہ پڑا گویا کہ گھر تھا
اسی پر ہول وحشت لق و دق مین — بسر کی ایک مدت پر قلق مین
تمنا بیخود حرمان نصیبی — سیہ مستی مے شام غریبی
اگر آتش فشان یا د وطن ہو — نسیم صبح سے گرم سخن ہو
کہ اے باد بہار دلنوازی — نہال خشک کی کچھ چارہ سازی
سنا دے رفع بدنامی کی باتین — کرون کبتک مین ناکامی کی باتین
شمیم یار ہو پہنچانا تو ان تک — کہانتک بیدماغی کہہ کہانتک

قسم کھانا کہ وہ مطلب غلط ہے — غلط ہے سب غلط ہے سب غلط ہے
اجازت ہو تو پھر آؤن وطن مین — پھرون آوارہ کیون دشت محن مین
یہ کہتے کہتے جوش آہ و زاری — دم صبح و گر تک اشکباری
اسی غم مین ملول و شاد ہونا — اسی سودے مین ہنسنا اور رونا
اسی آزار سے بیمار رہنا — اسی اندوہ مین من مار رہنا
اسی اندیشہ سے آشفتہ احوال — اسی دلبستگی مین فارغ البال
خیال گفتگوے دلنین خاموش — سراپا ماندگی غارتگر ہوش
بڑھا غش کا زمانہ رفتہ رفتہ — قریب مرگ پہونچا رفتہ رفتہ
ہوا اس بیخودی سے جب خبردار — کہ دیوانہ بکارخویش ہشیار
خیال آیا کہ یان مرنے سے حاصل — عبث جی کے فدا کرنے سے حاصل
چلو اس کوچے مین چل کر مرو نمین — علاج حسرت و حرمان کرو نمین
دم آخر ہو کچھ تاثیر شاید — کرے وہ چارۂ و تدبیر شاید
ہوا جان بر تو حیلش جا دوان ہے — موا تو یہ اجل پیدا کہان ہے
غرض آزار نے کی رہنمائی — اسے سوے وطن پھر موت لائی
جب آیا شہر مین وہ مچ گئی دھوم — اقارب کو ہوا یہ حال معلوم
قلق سے بہر استقبال دوڑے — وہ گو بدحال تھے خوش حال دوڑے
سر رہ آلیا اُن دشمنون نے — بجھائی آگ کب آتش زنون نے
وہ کوے یار تک جانے نہ پایا — کہ سد راہ تھا جو کوئی آیا
رہا اوہام گوناگون سے مانوس — کہ تھا ملحوظ اس کا پاس ناموس
نہ دیکھی پیش جاتے گھر مین آیا — ٹھکانے ہرزہ گردی نے لگایا
تحمل ناتوانی سے گران تھا — کوئی دم کا گھڑی کا میہمان تھا
وطن مین وقفہ یہ ہے کوئی دم تھا — کہ احرام سفر سوے عدم تھا
نہ ٹھہری لب پہ اکدم نیمجان حیف — کہان آیا تھا اور پہونچا کہان حیف

زبس اس کوچے مین جانے نہ پایا — خیال سیر جنت دل مین آیا
اقارب آشنا حیران و گریان — تب و تاب الم سے سینہ بریان
فغان و آہ مرگ ناگہانی — تمام عمر و آغاز جوانی
نصیحت گر ہوے اب نعرہ زن ہاے — بچھایا بخیہ سازون نے کفن ہاے
دسی اُسنے جان کیسی حسرتون سے — کہ یہ بیدرد روے شد تون سے
اٹھایا سر پہ گھر ہنگام فریاد — کیا جن دوستون نے خانہ برباد
غضب ہے بیکسی کیا کیا اثر تھے — کہ جو قاتل تھے وہ ہی نوحہ گر تھے
انھون نے حیف لاش اُسکی دبائی — جنھون نے دوستی کی خاک اڑائی
کرین کیون دفن وہ ظالم خدایا — جنھون نے خاک مین اُسکو ملایا
یہ حالت دیکھ کر عشق فسون ساز — ہوا بار دگر ہنگامہ پرداز
کہان تک چشم پوشی غیرت آئی — نگاہ بیکسی سے حیرت آئی
گذاف حسن سے تنگ آگیا بس — کہان تک درگذر گھبرا گیا بس
چھوڑا اس تغافل کیش کو بھی — کیا مظلوم ظلم اندیش کو بھی
نہ بیٹھا چین سے بن سر اُٹھائے — نہ آئی نیند بے فتنہ جگائے
کیا اس مایۂ راحت کو بیتاب — دکھایا ہوش افزاے سحر خواب
نہ خواب آگاہی اسرار تقدیر — کہ تھی خواب عدم ہی جسکی تعبیر
نظر آیا کہ باغ دلنشین ہے — اگر جنت تو فردوس برین ہے
اک ایوان اسمین رشک قصر شداد — مذہب اور مرصع تا بہ بنیاد
میسر کم کسی کو جو دہان فرش — کہ یون استبرق و سندس کہان فرش
جوان اک جلوہ فرما شہ نشین مین — کہ یہ جلوہ نہین روے زمین مین
کئی ہم بزم اسکے وہ پریوش — سلیمان دیکھکر جسکو کرے غش
یہ طلعت کب کبھی دیکھی سنی تھی — وہی صورت جو حور و نکی سنی تھی
ادا ے دلربائی ناز سب کے — ترحم پیشگی انداز سب کے

نظر سے بے حجابی پر عیان شرم — اس افسردہ کی دلجوئی مین سرگرم
ولے وہ بدد ماغ و رو کشیدہ — گریبان تازہ دامن دریدہ
سکون محو جنون سامانی اس مین — نہ وہ زندان پہ وہ زندانی اس مین
پریشان حالت و بیتاب و مضطر — نگاہ شوق مائل جانب در
یہ حالت دیکھ یہ محو تماشا — اسی جانب کو دوڑی بے تحاشا
کہ ناگہ پاسبان نے آن گھیرا — کہا فردوس مین کیا کام تیرا
چور کھے اپنے دل تفتہ کو محروم — بجز دوزخ ٹھکانا اسکا معلوم
یہ سنکر وہ جوان مضطر آیا — کہ دیکھون رحم اسکو کیونکر آیا
کہا روکا کسے جانا نہ ہے یہ — مین اک بندہ ہون صاحب خانہ ہے یہ
نصیب اس باغ کے اے مانع خیر — کہ ایسی رشک حور آئے پے سیر
سمجھ اس گل زمین کی سرفرازی — کہان یہ بید ماغ اور ہرزہ تازی
ہوا گستاخ آخر ولولے سے — یہ کہکر لگ گیا اسکے گلے سے
کہ بس اب تو نہین کچھ بدگمانی — یقین آئی وفا و جانفشانی
سحر چونکی جو دل بیتاب دیکھا — بس آنکھین کھل گئین وہ خواب دیکھا
چلے آتے تھے آنسو چشم تر مین — کہ وہ ہے ماجرا شب کا نظر مین
نہ بہلی طبع بہلاے سے ہرگز — نہ ٹھہری جان ٹھہرائے سے ہرگز
ہوئی سرگرم استفسار احوال — کہ ہے ضبط نفس سے جان پامال
گئی گھر اسکے جسپر افترا تھا — کہ تا معلوم ہو یہ قصہ کیا تھا
ملی آپس مین جب وہ سحر پرداز — ہوئی جادو بیانی سے فسون ساز
کہا اسنے کہ وہ شیدا کہان ہے — تمھارا چاہنے والا کہان ہے
وہی شور محبت اب تلک ہے — کہ ذوق تلخکامی بے نمک ہے
کہا اسنے کہ لو اپنی خبر تم — بنو نادان نہ اتنی جانکر تم
مری جان کل گھر آتے ہی مواوہ — ترے صدقے ترے قربان ہوا وہ

ترے غم مین گیا دنیا سے ناکام ہوئی مین مفت اک عالم مین بدنام
تجھے معلوم ہے سب ابتدا سے جو کچھ اُس پر بنی تیری جفا سے
نہین دیکھی تھی اُس نے تیری تصویر نہین آئی تھی رنگ رخ مین تغییر
نہین محو تماشا بن گیا تھا نہین حیرت کا پتلا بن گیا تھا
کہا دلمین جو سنکر اس نے افسوس کہ ایسا عاشق اور مرجاے مایوس
چلی تربت پہ اسکی جذب دل سے چلے کیا پیش درد جان گسل سے
کسی حیلہ سے اسکو بھی لیا ساتھ کہ ساتھ آئے تو جانے کیا کیا ساتھ
ہوئی جب شمع تربت وہ دل افروز کہا یہ کھینچکر اک آہ جانسوز
کہ مجھ بن کس طرح آرام آیا یہ کیا خواب عدم مین چین پایا
لپٹ کر گور سے رونے لگی بس وہ خاک تفتہ گل ہونے لگی بس
طپان ایسا دل مشتاق بے صبر کہ شق اس زلزلہ سے ہوگئی قبر
گلے سے لگ کے اس آرام جانکے نکالے حوصلے جان طپان کے
قیامت مین بہم ربط برو دوش کہان سے جی اٹھا شوق ہم آغوش
نصیب اُسکے حیات جاودانی کرے جو اس طرح سے جانفشانی
یہ مرنا کاہے کو جینے سے کم ہے کہ خواب ناز یہ خواب عدم ہے
نہین یہ ماجرا ظالم فسانہ نہ مین آگاہ ہے سارا زمانہ
سُنو تو ایسے سو قصے سُناؤن اگر باور نہ ہو مر کر دکھاؤن
یہ ہی بہتر کہ دلجوئی کرو تم ہماری جان دینے پر مرو تم
نہین تو جذبۂ شوق ملاقات خدا جانے کرے کیا کیا مکافات
غضب ہے التفات داد و بیداد بھلا دون گا تغافل مین رہے یاد
دکھا دون گا تماشا چشم ترکا رہا یون خشک کب دامن نظر کا
نہین یہ بوالہوس کی عشقبازی کہ اتنا ہا روے جی چارہ سازی
نہوا ارمان دل آزاری کا میری علاج آئے نہ عیاری کا میری

کہین جانے نہ دے کیا تاب بے طاقت ادب سنگ رہ شوق رفاقت
سراپا محو حیرت آئنہ دار ترا منھ دیکھتی رہ جائے ناچار
وہ کیا سچ تو یہی لے نازنین ہے کہ کس چلتا ہمارا بھی نہین ہے
بکا لون زلف کا بل میری کیا تاب کرون اس عقدہ کو حل میری کیا تاب
وہ عاجز ہے مین عاجز تر ستمگر ترحم کر ترحم کر ستمگر
کہانتک شوق وصلت مین مرون مین نہین جی صبر کرتا کیا کرون مین
نہین جان ٹھہرتی ٹھہراؤن کیونکر نہین دل مانتا سمجھاؤن کیونکر
کہانتک آرزوے ہمنشینی رکھے وا ماندۂ خلوت گزینی
کہانتک سوز شوق ہمکناری کرے یون گرم جابر مین ہماری
کہانتک اشتیاق بوسۂ لب فسون خوان فغان وجوش یارب
کہانتک پاس ہمخوابی جگاوے پریشان خواب بیداری دکھاوے
کہانتک حسرت ذوق ملاقات کہانتک تلخکامی بے مکافات
کہانتک رشک دشمن یار جانی کہانتک مہربان نامہربانی
کہانتک طول ایام جدائی کہانتک عرض غم کی نارسائی
کہانتک سوز دل شمع شب تار کہانتک بخت خفتہ چشم بیدار
کہانتک بیکسی فریادرس ہو کہانتک سینہ مین دل خون ہوس ہو
کہانتک کچھ نہو تدبیر و آرام کہانتک چھوڑ دون تقدیر پر کام
کہانتک مفت جی جائے کہانتک کہانتک کچھ نہ بن آئے کہانتک
حریف یاس اک مدت ہوا مین خبر لے جلد ہی ظالم موا مین
نہین بچتا کہ جی پر ہے قیامت رہے عاشق کشی تیری سلامت
الٰہی اب کہان طاقت فغان کی قسم اس کم سخن غنچہ دہان کی
نہین تاب و توان آہ شبگیر دعائے کردہ کی ہو جائے تاثیر
وگرنہ حکم مرگ ناگہان کو کہ سن لے نالہائے ناتوان کو

بنی ہے ہر طرح دم پر آہی | آکہان یارائے جوش و ادخواہی
ادائے آرزو کا کس مین حال اب | اکرون عرض تمنا کیا مجال اب
آلہی مومن اتنا ناتوان ہے | کہ ذکر اس سنگدل کا بھی گران ہے
سخن رفت از تو ان خاموش گشتم | کشیدم نالہ و بیہوش گشتم

تمام شد مثنوی ششم

نامۂ مومن جانباز بجانب محبوبۂ دلنواز

اے چارہ گر مریض بیتاب | اے نور فزائے چشم بیخواب
مرہم نہ زخمہائے عاشق | درد عاشق دوائے عاشق
اے نبض شناس جان مضطر | ناسور زدائے دیدۂ تر
اے مایۂ لطف زندگانی | جانبخش وفائے جاودانی
اے جان وفا شعار مومن | درمان دل فگار مومن
دھیان آپ کا اذنون کدھر ہے | کچھ حال کی میرے بھی خبر ہے
بیمار ہون اور قریب مردن | ہر دم ہے عذاب جان سپردن
ہے گرم ادائے دلفریبی | جانسوز حرارت غریبی
اک آگ سی لگ رہی ہے تن مین | شعلے سے بھڑکتے ہین بدن مین
بستر کئی بار سب جلایا | اس آگ نے خاک مین ملایا
گرمون ہی جلا کیا مین ناکام | تو فرش زمین ہے اور آرام
کیا عضو گدازیان کہون مین | انگشت نمائے شمع ہون مین
بیتاب طبیب دور سے ہین | ہمسایون کے گھر تنور سے ہین
سرکش ہین زمانہ ہائے پیہم | کوچہ ہے تمام دخمۂ جم
کتنے ہی مجوس جل گئے ہین | کتنون ہی کے پانون مل گئے ہین

گبر آئے تو دور دور سے ہین
پر پاس تو نا صبور سے ہین

گرمی یہی گر رہے کوئی دن یان
ہو جائین گے برہمن مسلمان

پروانے ہے گرچہ دل سے مجھ پر
پر جلتے ہین یان طبیب کے پر

پاس آنے کی تاب کا ہیکو ہے
جل جانے کی تاب کا ہیکو ہے

سب جوش عرق سے گھل گیا جسم
ہر عضو مین کیا رہا بجز آہم

بحر ظلمات موج زن ہے
دریاے فرات موج زن ہے

ہے شرم سے نیل پانی پانی
موج عمان نے چین مانی

سب پاس کے گھر گسستہ پنجہ
طوفان زدہ کشتیون کے مانند

جوش خفقان سے دل کا یہ حال
ہر شعلۂ سینہ برق تمثال

برہم زدہ صدر تا برو و دوش
تا مغز عظام عصن منفوش

اعصاب رہین سر بسر پیچ
جیسے تری زلف پیچ در پیچ

یون اوردۂ بحون طپیدہ
جیسے رگ گردن بریدہ

کیا کیجے صداع کی شکایت
کس دکھ مین ہے اسقدر سرایت

از بسکہ ضماد کر دیا ہے
صندل کو بھی درد سر دیا ہے

کیا چارہ گرون کو غیر تین ہین
تشخیص مرض مین حیر تین ہین

اپنی سی تو سوچتے ہین سب کچھ
آتا نہین دھیان مین یہ اب کچھ

خود ہو گئے اس الم مین بیمار
بے علم ہو کیا علاج و تیمار

علت مجھے یا ہے تمکو معلوم
جو کچھ کہ ہوا ہے تمکو معلوم

یعنے از بس محرم آیا
ہنگام و فور ماتم آیا

تھا غم ترا دل کو ناگوارا
اس فکر نے مجکو جان مارا

ہر چند غم امام ہووے
پر تجکو نہ غم سے کام ہووے

ہر شب تجھے عشرت دل افروز
ہر روز ہو ترے گھر مین نوروز

ہر شام طرب سعید تجکو
ہر صبح ہو صبح عید تجکو

ہون مین بھی شریک محفل سرور | تو مجھ سے رہے مین تجھ سے مسرور

نامۂ با سوز و گداز بہ سمت معشوقۂ طناز

اے گل گلستان رعنائی | تو بہار ریاض زیبائی
اے مہ آسمان حسن و جمال | بے نظیر جہان وہم و خیال
اے دُر شاہوار ناسفتہ | گوہر آبدار ناسفتہ
اے گل تابر نیامدۂ | اے نہال بہر نیامدۂ
غنچۂ باصبا نخوشیدہ | رنج گلچین ہنوز نادیدہ
اے بت رو بدہر تنہا دہ | در کف کافری نیفتادہ
اے دل و دین بیک نگہ بردہ | خون بیچارہ مونے خوردہ
اے تغافل شعار بے پروا | حال معلوم کیا تجھے میرا
تجکو وان لاف کبریائی ہے | یا بلا دین و دل پہ آئی ہے
تجکو دعویٰ ہے بے نیازی کا | حوصلہ کس کو پاک بازی کا
ہے تجھے پاکدامنی کا خیال | مارے ڈالے ہے مجکو شوق وصال
کیون یہ دعوائے لن ترانی ہے | آخر اک دن قیامت آنی ہے
مومن ناتوان پہ ناز نہ کر | ہے خدا بھی تو احتراز نہ کر
کس لیے تجکو مجھ سے کام نہین | خون کرنا مگر حرام نہین
شرط دین ہے جو پاکدامانی | تو ستم بھی ہے نامسلمانی
دیکھ ایک بیگناہ مرتا ہے | جان تجھپر نثار کرتا ہے
مجھ سے عاشق کی یون دل آزاری | ہووے فی النار ایسی دینداری
شعلہ کی طرح ہاتھ ملتا ہون | بیم دوزخ سے تیری جلتا ہون
تجکو ڈر سوزش الیم سے کیا | حور کو آتش جحیم سے کیا
عذر بیہودہ دلپسند نہین | باب توبہ ہنوز بند نہین

ایسے نازک کو کون دے ہے سزا — نوجوانی کا تم اُٹھاؤ مزا
ہے بفتوائے اہل ذوق حرام — تجھ سے شیریں دہن کو تلخی کام
ہین یہ دن لطف زندگانی کے — پھر کہان و لوے جوانی کے
بے مزا کر نہ عاقبت بینی — نر ہے گی لبون مین شیرینی
جب کچون کو نہ سخت پاؤ گے — سخت جانی سے تنگ آؤ گے
پھر یہ موسم جو یاد آئے گا — شوق کچھ اور گل کھلائے گا
ان دنون کی جو آئے گی حسرت — کیجیے گا گناہ بے لذت
فائدہ پھر ہوس سے کیا تم کو — مجھ سا مشتاق مل چکا تمکو
میری باتین نہین تمھین معلوم — ورنہ کاہے کو یون رہون محروم
مین وفادار ہون وفا کی قسم — تیری حسرت فزا جفا کی قسم
بے وفا بندۂ خدا گر ہون — لیک تجھسے پھرون تو کافر ہون
تو جو ہے ہاشمی نسب اے جان — ہے محبت تری مرا ایمان

اشعار مثنوی ناتمام

کہان ہے تو اے ساقی تیز ہوش — کہ مانند مے مجکو آیا ہے جوش
شراب سراسر ہدایت پلا — کہین سے مے توبہ تاثیر لا
وہ مے جسکے اہل ورع تشنہ کام — وہ مے جسکو زاہد نجانے حرام
وہ مے فکر عقبےٰ ہے جسکا خمار — وہ مے جسکے آلودہ پرہیزگار
وہ مے جس کا مینا دل اتقیا — وہ مے جسکے دردی کش اہل ریا
وہ مے جس سے روشن ہوا کبار دل — وہ مے جسکے بدمست ہشیار دل
وہ مے جس کا ساقی لب مرسلین — وہ مے جو مزا دے دم واپسین
وہ مے جسکی نکہت نسیم بہشت — وہ مے جسکی تلخی نعیم بہشت
وہ مے جو غم نزع سے دے نجات — وہ مے جس مین تاثیر آب حیات

وہ مے جسکے مدہوش آداب دان — وہ مے ہو دے زن جسکی تسبیح خوان
وہ مے جسکے تر دامن اہل یقین — وہ مے داغ جسکے گل جیب دین
وہ مے جسکی کلفت صفائے سحر — وہ مے جسکی قلقل دعائے سحر
وہ مے نشہ جسکا حضور دوام — وہ مے چشم اہل نظر جسکا جام
وہ مے جسکی گردش قرار و ثبات — وہ مے جو ہے ہم دورۂ اسم ذات
وہ مے جسکی بو جان صاحبدلان — وہ مے جسکا رنگ آتش مقبلان
وہ مے جو پے درد عیسے دوا — وہ مے جس سے محروم اہل ہوا
وہ مے جس سے روح الامین کامیاب — وہ مے جسکو قدسی کہین آفتاب
وہ مے جس سے سرشار جام فلک — وہ مے جس سے شیرین ہمکام ملک
وہ مے جس سے مومن زبان تر کرین — وہ مے جس سے پرہیز کا فر کرین
وہ مے جس کی موجین تجلی طور — وہ مے جسکے کف مہر و مہ کا ظہور
وہ مے جسکی حد سے زیادہ صفت — وہ مے جسکو صوفی کہین معرفت
وہ مے جسکا خمخانہ عرش عظیم — وہ مے جس کا خمار رب کریم
شہ مسند کبریا و جلال — مہ بے زوال سپہر کمال
گل گلستان تنزہ نسیم — نسیم ریاض تقدس شمیم
بہار چمن زار بے رنگ و بو — تبسم وہ غنچۂ آرزو
ہیولے طراز ندۂ جزو کل — نگارندۂ صورت خار و گل
کہن باغ نخل وجوب و قدم — نوی بخش نخل وجود و عدم
چمن آفرین باغبان دہور — مہین نخلبند خفا و ظہور
ہوائے دل بے ہوا و ہوس — نفس پرور باد عیسے نفس
ادائے شکر خندہ آموز گل — قدافزائے گلبن رخ افروز گل
طراوت فزائے شمال و صبا — عقوبت ربائے سموم و وبا
فرازندۂ خیمۂ آسمان — نوازندۂ زہرۂ نغمہ خوان

ردا باف برجیس روشن قیاس — قضا طیلسان و بحکم لباس
فروزندۂ مہر عالم فروز — مذہب نمائے مہ تیرہ روز
کمر بند بہرام شمشیر زن — صف آراؤ جلاد لشکر شکن
مرصع نگار سریر فلک — قلمدان سپار دبیر فلک
فراتر نہ پایہ گاہ اجل — بنا فگن قصر جاہ زحل
تتق بند جلباب شہلائے تار — خطا پوش ہر عاصی تیرہ کار
کدورت بر چادر ماہتاب — گریبان درصبح زرین نقاب
نگہبان نخجوانۂ بے ستون — بدور آور ساغر واژگون
لیا جسنے دوزخ مین گرتونکو تھام — کیا جسنے صہبا کو ہم پر حرام
بشر کو دیا قدر تون سے وہ جوش — سبوے امانت نہ تھا بار دوش
ہمین گولی خدمت احتساب — خرابات دشمن کو رکھا خراب
کسیکو نہ ہمپر دیا اختیار — ہمین محتسب اور ہمین بادہ خوار
وہ جام محبت پلایا ہمین — کہ ہوش اپنی جان کا نہ آیا ہمین
اُسی مے کی ہین شور شین ہر طرف — وگرنہ کہان خاک کو یہ شرف
کہ ہو جان اہل فلک خاک رشک — مے لعل سے سُرخ تر رنگ اشک
جوان عزتون پر بھی ہون ہم خراب — تو ہے تیغ در رہ جہاد احتساب
وہ بھیجے بشیر و نذیر انبیاؑ — کہ فردوس دوزخ کو دکھلا دیا
نہ سوجھا کسی بے بصر کو تو کیا — کہا کور اہل نظر کو تو کیا
جو انصاف سے اک ذرا کیجے غور — سزاے پرستش نہین کوئی اور
یہ کیا کفر ہے اے طلبگار غیر — کہ بندہ ہو اُسکا پرستار غیر
وہ راحم کہ لاتقنطوا خود کہے — پے معذرت تا وسیلہ رہے
پذیرندۂ توبۂ جرم کوش — سیاہی زداے رخ بادہ نوش
وفور ترحم سے وہ بے نیاز — کرے عفو تا جرم عشق مجاز

وہ عالم کہ معلوم ہر بات اسے
نیاز سخن بے اشارات اُسے

وہ قادر کہ گر چاہے اسکا کرم
مٹا دے مرے دل سے عشق صنم

نہ قدرت نمائی سے یہ بھی محال
کہ وہ بت کرے آرزوے وصال

سوا اسکے یہ تو کسی سے نہو
جو وہ کر سکے سو کسی سے نہو

وہ حاکم کہ سب جسکے فرمان پذیر
عناصر سے لے تا بہ چرخ اثیر

اجازت اگر ہو ابابیل کو
کرے طعمہ ہر صاحب فیل کو

اگر حکم اہلاک نمرود ہو
تو پشہ سے جون پشہ نابود ہو

اطاعت کی کافی ہے قاطع دلیل
کہ وہ قوم موسیٰ کو دے رود نیل

ہو فرعون کو آتش جانگداز
کہان آپ کو اس قدر امتیاز

اشارت سے آتش وہ افسردہ ہو
کہ تشبیہ سے لالہ پژمردہ ہو

یہ کیا تاب منکر جو مانگے دلیل
کہ مشہور ہے ماجراے خلیل

جو سمجھیں تو کیا دور کفار سے
کہ ہون آب دوزخ کے انکار سے

یہ محکوم ابلیس جانین کہین
کہ آتش سزاے پرستش نہین

نکلتا اگر اسکی طاعت سے کام
تو پروانہ جبل کرنہوتا تمام

بنے امر سے اسکے صرصر نسیم
اڑا دے چمن کو برنگ شمیم

گلستان عالم کی یہ خاک اڑاے
کہ جون گرد دل آہ غمناک اڑاے

ارم کو بنا دے برق ودق
کہ ہو رنگ گل جسکے دیکھے سے فق

بجھا دے اگر مشعل ماہ کو
بچھیڑے چراغ ہوا خواہ کو

اگر محفل شہ سے لیجاے نور
رہے شمع شہر ندسے دور دور

اگر وان سے فرمان آرام ہو
تو کیا دم کہ پھر قطع یک گام ہو

کہے گر چلی جا تو پیہم چلے
غرض اسکے کہنے پہ ہر دم چلے

جو فرمان زمین کو ہو بہر خلق
الٹ دے ابھی آسمان کا طبق

کہے گر نہ چل چرخ کو بیٹھ جاے
ہے فتنہ پہ کیا ذکر جو سر اٹھاے

وہ رازق کہ دے نعمت رنگ رنگ — سزاوار ہر ذوق اور بیدرنگ
نہیں اُسکے خوان سے کوئی تلخکام — وہی اشتہا بخشے وہی طعام
وہ کفران نعمت پہ دے بیحساب — محبون کو غم میکشون کو کباب
وہ ناصر کہ گر اس کی امداد ہو — فغان سے مری چرخ برباد ہو
وہ حافظ کہ آتش سے خس کو بچاے — تپ عشق سے بوالہوس کو بچاے
ڈبو دے نہ تابوت موسی کو نیل — حق کاہ مین سیل ہو سلسبیل
وہ عادل کہ دے زلف کو پیچ و تاب — اگر جان عاشق کو ہو پیچ و تاب
نہ مسلم کا درگاہ مین اسکے پاس — نہ کافر کو انصاف سے اسکے پاس
نہ کی نے کرے گا کسی کی طرف — وہ جسکی طرف حق اُسی کی طرف
وہ صانع کہ جس نے بنایا ہمین — نہ دیکھا تھا جو کچھ دکھایا ہمین
نہ ہم جو کہ بالاے عیوق ہین — اسی دست قدرت کے مخلوق ہین
اسی ذات سے ہے وجود جہان — اگر وہ نہ ہووے تو پھر ہم کہان
اسی مہر کی تابش آب حیات — کہ ہے خضر ہر ذرۂ کائنات
وہ بیچون اور ڈھنگ اسی کے ہین سب — وہ بے رنگ اور رنگ اُسی کے ہین سب
ملائک مین ہے وہ نہ انسان مین — ولے اسکا جلوہ ہے ہر شان مین
نہ نور مجرد وہ خلاق مہر — نہ عرش برین پر محیط سپہر
منزہ کم و کیف سے اسکی ذات — مبرا تخیل سے اُسکے صفات
وہ عالم مین مانند لم جلوہ گر — کہ ثابت کرو تو ہے نفی سخن
کرے جلوہ تو بھی نہ آئے نظر — رہے دل مین پر دل وہی بیخبر
کہان تاب آئینہ عرض صفت — کہ حیرت ہے معراج ہر معرفت
کمال سخن ہے خموشی یہان — دل افسردگی گرم جوشی یہان
عجب راہ ہے کوئی طاقت گداز — رکھین پانون یان پھونک کر شعلہ باز
نہ پیر و یہان گرم پا بے دلیل — کہ جلتے ہین بال و پر جبرئیل

بیان کیا ہو گو سر بسر جوش ہے — خرد بے خبر ہوش بے ہوش ہے
کہے کون جز طعنہ یاں آفرین — زبان اور حمد زبان آفرین
کوئی ہرزہ تازی سے جاوے کہاں — نہیں گرمی پیش جاتی یہاں
کہ گر مدح کو رہنمائی نہ ہو — تو دل سے زبان تک رسائی نہ ہو
سزا سیمہ پرواز کی جا نہیں — یہ اوج اوج عرش معلے نہیں
خدایا کرے کس زبان سے بیان — ترا شکر یہ بندۂ بے زبان
کہ طعن سخن کی ملالت نہیں — ادب دانیوں سے مخالت نہیں
نہیں زرد رنگ رخ آبرو — زبان لال تھی تن ہوا سرخ رو
مری خامشی قبلہ گاہ سخن — یہ درگہ حریم پناہ سخن
مری بے شعوری شعور آفرین — کہ مقصود دونوں کا شوخی نہیں
مگر اور مشکل بنی جان پر — کہ ہے شکر واجب ہر انسان پر
اگر اسکی پرسش ہو روز حساب — تو حیران ہوں میں کہ پھر کیا جواب
مگر تو ہی اپنی عنایت کرے — کہ لب خامشی کی شکایت کرے
ملے تیرے دیوان قسمت سے ساتھ — خموشی کو تعزیر مجھکو نجات

دیگر

پلا ساقیا جام کوثر مجھے — خراب شراب ہدی کر مجھے
وہ ذوق آشنا لذت افزا شراب — کہ تسنیم ہو شرم سے جسکی آب
وہ مے جو کرے لوث عصیان کو دور — کہے جسکو خالق شراب طہور
وہ مے جسکے حور و ملک تشنہ کام — وہ مے جو سوا احمدی کے حرام
وہ مے جسکا صہبا و خم حوض و نہر — وہ مے جو پے تشنہ کامی ہے زہر
وہ مے جس کی تیزی دم ذوالفقار — علیؑ سرخوش نشہ بے خمار
وہ مے مشتری جسکے ہیں سرفروش — وہ مے جسکا صدیق ساغم بدوش
وہ مے جس کا خود فرستہ پیر ہدا — صراحی و مینا کی گردن عصا

وہ مے جسکی قلقل نداے صلوٰۃ — سجود صراحی اواے صلوٰۃ
وہ مے جس کی موج صفا نقش نین — وہ مے جسکی مستی مین لغزش نہین
وہ مے جس کا میکش نہ گمراہ ہو — وہ مے جس سے کیا دل آگاہ ہو
بجھے اس سے گر تشنہ کامی مری — نشی ہو شیرین کلامی مری
خراب شراب سخن ہو قبول — بنون مے فروش ثناے رسول
محمد سزاے ستایش گری — مدیح ستین جس کی پیغمبری
دل ساکنان سپہر برین — سرا نبیا سید المرسلین
وہ امی وہ نے نقشبند علوم — کلام اسکے سب دلپسند علوم
یہ کیسے فنون اُسکو حاصل ہوے — کہ سارے صحف نقش باطل ہوے
اسی بات پر حجت اتمام ہے — کہ جو بات ہے وحی والہام ہے
عجب بات ہے اسکی نام خدا — کہ بعضے سخن ہین کلام خدا
کہان ایسا علامہ روزگار — کہ حکم کواکب ہو تقویم پار
اسی ابر کی ہین دُرافشانیان — کہ یون آب ہو علم یونانیان
نہین عقل اول کو بھی یہ کمال — اُسی کو ہے معلوم آخر کا حال
وہی شافع حسنات روز جزا — اسی کی گذارش پہ عفو و سزا
نکو خواہ ساری امم کا وہی — وسیلہ نجات و کرم کا وہی
وہی ساقی کوثر و سلسبیل — وہی آبرو بخش عبد ذلیل
اسی کے مقلد کو جنت مین راہ — اُسی کی ضراعت پہ عفو گناہ
اسی کی اطاعت کا سارا حساب — محب پر عنایت عدو پر عذاب
نہ کیجے اگر حسب شرع رسول — خدا کی بھی طاعت نہو گی قبول
یہ کیا منزلت ہے زہے عزوشان — کہ ہے خاک مال اوج ہفت آسمان
یہ کیا جسم خاکی کی معراج ہے — کہ نقش قدم عرش کا تاج ہے
کرے بان کی پرواز کی گر کمین — تو اڑ جاے دنیا سے روح الامین

کوئی مرتبہ اس سے اعلےٰ نہو — یہ رتبہ ہوا ہے کسی کا نہو
ثبوت اوج یہ عیسیٰ کے اظہار سے — نہین کام چلتا کچھ انکار سے
جو کہتے ہین خرق فلک ہے محال — یہی ہے دلیل حضیض خیال
سمجھنے کی ہے بات اے نکتہ دان — ہوا خلق جسکے لیے آسمان
ہوا خرق اسکے لیے پھر اگر — تو کیا دور ہے گفتگو مختصر
کہان نکتہ چین مین دم جنگ ہو — کہ یان بحث کا دائرہ تنگ ہو
بس اے تیرہ باطن نہ انکار کر — کہ برہان ساطع ہے شق القمر
سمجھ مین جو آوے وہ اعجاز کیا — خیالات وسواس پرداز کیا
گیا ہے کدھر فلسفی کا خیال — کہان فکر ناقص کہان یہ کمال
تری عقل کیا اے ظلوم وجہول — کہ حیران ہین یان سب نفوس وعقول
فلک سے نہو حصر اسکی صفات — زیادہ ثوابت سے ہین معجزات
صعود اس کا گو مرکز خاک ہے — یہ بدتر بلندی مین افلاک ہے
جو وہ اوج ہو جلوہ گر پھر کہان — ستارون کی تاب آسمانونکی شان
یہ تابش مین انجم کا پایا نہین — کہ اُنکے ہے ظل اسکے سایا نہین
کدورت کہان جسم اطہر ہے وہ — کہ نور مجرد کا مظہر ہے وہ
نہوئے مین سایہ کے کیا بات ہے — یہ ادراک فخر کرامات ہے
نہین یہ پذیرائے طبع سلیم — کہ حکمت سے خالی ہو فعل حکیم
لگا پوے اندیشۂ چرخ تاز — رہے پائے بند طریق مجاز
حقیقت کھلی کچھ نہ اس بات کی — عبث سعی مین صرف اوقات کی
مگر جب خدا ہی سے کی التجا — تو ہاتف نے پیر خرد سے کہا
کہ اے نکتہ سنج سراپا شعور — نہونا تھا سایہ کا اسکے ضرور
رہے تا شریرون کو بیم اجل — نظام جہان مین نہ آوے خلل
اگر وہ سبب خلق افلاک کا — تو سایہ بھی باعث ہے اہلاک کا

اگر ذات وجہ وجود اسم — تو سایہ سے آباد ملک عدم
کیا عقل کل سے فلک نے سوال — کہ ہے مصدر گونہ گونہ کمال
محمدؐ کے سایہ نہین کیا سبب — کہا اُسنے مت پوچھ اسکا سبب
نہین راز یہ قابل اظہار کے — کہ اسرار ہین حفظ اسرار کے
ہوا جبکہ بہر ہدایت ضرور — کہ ہو جلوہ فرما زمین پر وہ نور
گوارا نہ تھا بسکہ ہونا جدا — رہا سایہ حاضر حضور خدا
یہ ہے رسم تجکو نہین کیا خبر — کہ رکھ چھوڑتے ہین زمان سفر
مصور سے کھنچوا کے تصویر یار — برائے سکون دل بے قرار
مرے دل کی پوچھو تو ہے بات اور — یہ فکر اور سب کے خیالات اور
غلط یہ گمان ذہن کا کام ہے — جو انصاف کیجے تو الہام ہے
بس سایہ تھا ہم شمار گناہ — نہ حاصل ہوا قرب عصمت پناہ
عجب تشنہ کامون کو طاری ہوا — انامل سے جب چشمہ جاری ہوا
نہ سمجھے یہ مضمون جوش ہمم — کہ بحر کرم ہے وہ دست کرم
کہون کس طرح اُسکو یوسف جمال — کہان ماہ کنعان مین ایسا کمال
کہان اسکے عشاق صاحب مذاق — کہان شورش لذت اشتیاق
کہان ذوق بخش جرحت کہان — صباحت کہان اور ملاحت کہان
بہت فرق ہے بلکہ بالکل جدا — حبیب زلیخا حبیب خدا
حضور اُسکی طلعت کے بے آفتاب — چراغ سحر سے کہین آفتاب
یہ ایما ہے اعجاز شق القمر — کہ کٹتے ہین مہر و اُسے دیکھکر
یہانتک تو حسن اُسکا مشہور ہے — ہوس مین ملاقات کی ور ہے
وہ مستاصل بیخ کفر و عناد — کہ جسکی چھڑی تیغ وقت جہاد
دم قتل کفار قہر خدا — ستمگار و خونخوار بہر خدا
زمان کشش سخت چالاک و چست — شکست بتان مین تگا پو درست

قضا کی نظر سوے ایما رہے — اجل پر غضب کا رفرما رہے
عجب احتساب اُسکا اعجاز جوش — خرابات افتادہ جون بادہ نوش
نگہبان صد گونہ اسرار دل — گہ خواب جون بخت بیدار دل
نہ ثبت فقط قول جن و بشر — گواہ نبوت شجر تا حجر
مطاع جہان و مطیع آلہ — سرافراز عبد جہان بادشاہ
بہار ازل خاتم المرسلین — گل اولین و بر آخرین
کرون کس طرح مین شمار صفات — کہ ممکن نہین احصار صفات
یہ مشکل گرہ کھولے بیدست کیا — مین کیا اور مری فطرت پست کیا
کہان مین کہان مدح خیر الانام — علیہ الصلوٰۃ وعلیہ السلام
درود خدا وقف اصحاب و آل — ہوے ختم جن پر جہان کے کمال
خصوصًا مہین پیروان رسول — کہ چارون ہین ارکان کاخ قبول
خصوصًا ائمہ کہ ہین پیشوا — ہدایت نگاہ و طریقت نما
خصوصًا شہیدان خونین کفن — گل اندام و گل فام و گل پیرہن
پلا ساقیا آب آتش اثر — کہ جل جاے گرمی سے دامان تر
صراحی نمط اشکباری کرون — تہ دل سے فریاد و زاری کرون
بنے قصر میخانہ بیت الحرام — کرون دور مستانہ مانند جام
مین دل کھولکر بلبلاؤن ذرا — مین رو رو کے طوفان دکھاؤن فدا
نہ روکون دل و جان غمدیدہ کو — جگاؤن اثر ہاے خوابیدہ کو
کرے خاک بیزی دعاے سحر — ملے خاک مین سب صفاے سحر
فلک رس ہے غوغا مناجات کا — کرون التماس اپنی حاجات کا
الٰہی مجھے دل دے اور دلکو داغ — جلے صبح محشر تلک یہ چراغ
رہے شعلہ زن آتش دل فروز — کہے گرم جوشی تپ سینہ سوز
مری چشم دریا بہاتی رہے — مری آگ عالم جلاتی رہے

مری وحشتین چین لینے نہ دین
مری حسرتین جان دینے نہ دین

ٹھہرنے نہ دے ایک جا اضطرار
رکھے جان کو بے طاقتی بے قرار

مرے دل کو تسکین نہ آئے کہین
مری بے قراری نہ جائے کہین

قلق سے مرا زخم ناسور ہو
مے لالہ گون زور انگور ہو

مرا ولولہ خون ترا وی کرے
نہانی خلش سینہ کاوی کرے

جو دم لے فغان کو ملامت کرون
رُکے دم تو کیا کیا قیامت کرون

دکھلاے مزے مجکو شور جنون
پری طلعتون کا نظارا کرون

اڑائین مری خاک رسوائیان
رہے سر پہ جوش تماشائیان

بناؤن مین بازیچہ اس حال کو
ہو شنبہ بھی آوینہ اطفال کو

مرے پند گو مجھ سے ڈرتے رہین
لحاظ لکد کوب کرتے رہین

سلاسل پہ زور آزماتا رہون
سدا بیڑیان مین توڑاتا رہون

گرفتار ہر بند آفات مین
گے طوق گردن مین گہ ہاتھ مین

گرین سر ٹپکنے سے دیوار و در
بنا کر رہون قید خانے کو گھر

نہ اُلجھے کبھی خار دامان کے ساتھ
جگر چاک ہووے گریبان کے ساتھ

کبھی ہرزہ گردی ٹھکانے لگے
کسی شوخ کو رحم آنے لگے

رہین مر کے بھی وحشتین برقرار
قیامت کو اُٹھون تو دیوانہ وار

یونہین سوے جیب و کفن ہاتھ جاے
مری ہرزہ گردی مرے ساتھ جاے

کرے دفن اتنا نہووے کوئی
مری بیکسی کو نہ روووے کوئی

پے گور پانون نہ پھیلاؤن مین
کسی دشت مین مر کے رہجاؤن مین

جو نہلاے تو سیل دریا مجھے
کفن دے تو دامان صحرا مجھے

جنازہ اُٹھاے تو روز نشور
کسی دوش کا بار ہون کیا ضرور

نہ چھوڑین مرا ساتھ شبہاے تار
لیے جاؤن یہ تیرگی تا مزار

سدا جان کنی مین گذرتی رہے
مری زندگی مجھ پہ مرتی رہے

مرے منہ پہ سرخی نہ جھلکے کبھو — نہون زرد رنگون مین مین زرد رو
ہوا دار افغان ہو باد سحر — ہنسے زخم گل پر شگاف جگر
گذر جائے خوش زندگی غم کے ساتھ — رہے آہ و نالہ مرے دم کے ساتھ
مری آس حرمان بندھایا کرے — تمنا کی حسرت نہ آیا کرے
مصیبت مین جان بلاکش رہے — دل و جذب دل مین کشاکش رہے
کرے سختیان سنگ کہسار غم — مجھے سر اٹھانے ندے بار غم
دوا سے اثر کو علاقہ نہو — کبھی درد دل سے افاقہ نہو
رکھے سخت بے طاقتی مضمحل — نچھوڑے ذرا مجھمین جان ضعف دل
دبائے مجھے ناتوانی مری — نہ کام آئے کچھ سخت جانی مری
کھجایا کرون ناخن غم سے دل — تھلکتا رہے دست ماتم سے دل
نہ تاب طپش ہو تو آرام آئے — دم آخرین فکر انجام آئے
لب زخم سے خون ٹپکتا رہے — نمک شور الفت چھڑکتا رہے
بھرے ساغر چشم تلخاب دل — پلائے مے ناب خونناب دل
نشے مین محبت کے سرشار رہون — خراب نگہ ہائے خمار رہون
فغان ہے مرا شور رندانہ وش — یہی بیخودی بس کہ آجائے غش
لگے چپ پر اسپر بھی کیا کیا کہون — رہے جب تلک دم بلکتا رہون
قلق سے سدا تلملایا کرون — سنے کون پر بلبلایا کرون
رہے گرم افغان امید اثر — رہین اجابت دعائے سحر
جہان مین مرے عشق کی دھوم ہو — یہان تک کہ دلبر کو معلوم ہو
مرا نام بدنام کیا کیا نہو — جہان سنیے میرا ہی افسانہ ہو
ہر اک کوچے مین غل مچاتا پھرون — مین خود خاک اپنی اڑاتا پھرون
جو چھیڑے کوئی تو قیامت کرون — ملامت گرون کو ملامت کرون
سدا اہل تدبیر سے جنگ ہو — اُدھر کف مین بیڑی ادھر سنگ ہو

مری واپسی بینوائی کرے — مری گمرہی رہنمائی کرے
رہون ہرزہ گرد بیابان شوق — سر خار پامال جولان شوق
بجز پیروی دم نہ لین آبلے — کف پا سے آنکھین ملین آبلے
ہوائے طپیدن اڑائے مجھے — مری بے پری پر لگائے مجھے
مراد م بھرین مضطرب زاریان — مرے نام پر جان دین خواریان
ہین دیوانہ و دل فراست شعار — ہین ناکام و سرگرمی کاروبار
پھرون اپنے احوال ہین شاد شاد — ہو یاس آرزو نامرادی مراد
نگہ ہائے حسرت سے دیکھون جدھر — وہ و وہ مرے حال کو دیکھکر
کرون گر ہین بدطالعی کا گلہ — کسی کو نہ ہو سننے کا حوصلہ
قلق سے مرے سب یہ بیتاب ہون — کہ بیگانے مانند احباب ہون
ترحم سے ہر پیرہن ہو قبا — ملین مجھ سے اغیار جون اقربا
یہ وہ غیر جنکے نہین دل ہین چاہ — نہ وہ غیر جو اس سے رکھتے ہین راہ
نہ وہ اقربا جو ہین بیگانہ وار — نہ وہ اقربا جو ہین اس پر نثار
ستمگر بھی سمجھائین اس شوخ کو — ذرا راہ پر لائین اس شوخ کو
کرے میری تدبیر بیچارگی — زمانہ بدل جائے یکبارگی
مراد دور آجائے تو سیر ہو — کہ پامال جان و دل غیر ہو
مرے بن ملے اس سے پھر جائے وہ — مرے پاس آئے تو گھبرا جائے
نہ لے پھر مرے گھر سے جانے کا نام — چلے میرے کہنے پہ وہ خوشخرام
نہو صبر پھر بے قراری کو دیکھ — کرے دلدہی جان نثاری کو دیکھ
نہ پیہم یہ جور و جفا ہو سکے — نہ یون امتحان وفا ہو سکے
مری حالت زار دیکھی نہ جائے — مری چشم خون بار دیکھی نہ جائے
جو نیل تمنا مین تاخیر ہو — مکافات حسرت کی تدبیر ہو
شب وصل روز جزا ہو گر شیخ جام کی — ملائی کرے فرشتہ ایام کی

پلائے مجھے اپنی جھوٹی شراب — کرے ایسے ناکام کو کامیاب
ہنسون مین رُلائے رقیبون کو وہ — مری طرح روئے نصیبون کو وہ
نہ پروا کہ ہے منھ دکھانا کبھی — ترستے رہین دیکھنے کو سبھی
شرارت کرے آتش افروزیان — جلانے کو ہون میری دلسوزیان
مری ہر طرح جان نوازی کرے — بلا سے کوئی پھر جیے یا مرے
نہو تنگ گر بھینچ ڈالا کرون — نہ ملنے کا بد لا نکالا کرون
سدا دلبری دلستانی کرے — عنایت کرے مہربانی کرے
کبھی مجھ سے ہرگز کنارہ نہ ہو — نہ ہو بوالہوس کا گذارا نہ ہو
لگے جی نہ میرے مکان کے سوا — نہ ٹھہرے کہین جان یان کے سوا
مزا میرے ہی ساتھ کھانے مین آئے — اگر یون نعیم جنان ہو نہ بھائے
لگے ذکر کیا ہے پلک سے پلک — نہ ہو میرے بازو پہ سر جب تلک
مرے پاس آلیٹے جو شام آئے — مرے ساتھ سونے مین آرام پائے
شکر ریز رغبت مذاق طلب — ملائے ہی رکھے مرے لب سے لب
جو اُٹھون تو اٹھ جائے وہ پاس سے — نہ پھرنے دے گرد اپنے وسواس سے
محبت مین بھی جان دینے نہ دے — بلائین اگر لون تو لینے نہ دے
کرے معتمد ساتھ جاؤن جہان — پس امتحان بھی رہے بدگمان
ہو قابو مین تو بھی وہ بے اختیار — وفا پر وفا کا نہو اعتبار
رکھے مجکو جیسا مین اُسکو عزیز — نہ معشوق و عاشق مین ہو کچھ تمیز
مہیا ہون عشرت کے سامان سب — نکالے مرے دل کے ارمان سب
بس اب چپ کہ مومن دعا ہو چکی — بہت زاری و التجا ہو چکی
ہر اک شعر مین جلوہ گر ہے قبول — تضرع سے بعد اثر کیا حصول
دل سامعین محو تاثیر ہے — دعا ہے کہ افسون تسخیر ہے
مبارک وصال تمنائے وصل — تجلی مہ رو و شبہائے وصل

مثنوی بمضمون جہاد

پلا مجھکو ساقی شراب طہور — کہ اعضا شکن ہے خمار فجور
کوئی جرعہ دے دین فرجام کا — کہ آجائے بس نشہ اسلام کا
برنگ مے ایمان کو آجائے جوش — نہ اپنا رہے اور نہ دنیا کا ہوش
عناد نہفتہ کو ظاہر کرون — دم تیغ سے قتل کافر کرون
پے تشنہ کامی سبو در سبو — پیون شوق سے ملحدون کا لہو
یہی اب تو کچھ آگیا ہے خیال — کہ گردن کشون کو کرون پائمال
بہت کوشش و جان نثاری کرون — کہ شرع پیمبر کو جاری کرون
دکھادون بس انجام الحاد کا — نہ چھوڑون کہین نام الحاد کا
نہ کیونکر ہون اس کام مین منکب — ظہور امام زمان ہے قریب
وہ خضر طریق رسول خدا — کہ جو پیرو اس کا ہے سو پیشوا
وہ نور مجسم وہ ظل الٰہ — کہ سایہ سے جسکے خجل مہر و ماہ
زہے سید احمد قبول خدا — سر امتان رسول خدا
نکو گوہری کا نہ پوچھو شرف — علیؑ و حسینؑ و حسنؑ کا خلف
رہے حشر تک زندہ وہ نیکذات — ہے کفار کی موت اسکی حیات
خدا نے مجاہد بنایا اسے — سر قتل کفار آیا اسے
دم اس دست و بازو پہ دیوے اجل — لب تیغ کے بوسے لیوے اجل
جلو مین ہمیشہ دوان ہو ظفر — رکاب اسکی پکڑے روان ہو ظفر
کہون کیا لوائے امامت کا اوج — کہ ہین غوث و ابدال سب اہل فوج
خبردار ہو جاؤ اے اہل دل — کہ رحمت برستی ہے اب متصل
ہوا مجتمع لشکر اسلام کا — اگر ہو سکے وقت ہے کام کا
ضرور ایسے مجمع مین ہونا شریک — کہ خوش تم سے ہو وحدہ لاشریک

جو داخل سپاہِ خدا مین ہوا — فدا جی سے راہِ خدا مین ہوا
حبیب حبیب خداوند ہے — خداوند اس سے رضامند ہے
امام زمانہ کی یاری کرو — خدا کے لیے جان نثاری کرو
سمجھ لو جو کچھ بھی ہے تمکو تمیز — نہ جان آفرین سے کرو جان عزیز
کسی کو نہین ہے اجل کی خبر — کہ آجائے بیٹھے ہوے اپنے گھر
تو مقدور کس کا کہ آنے ندے — تن خستہ سے جان کو جانے ندے
تو بہتر یہی ہے کہ جان کام آئے — پس مرگ تربت مین آرام آئے
قیامت کو اٹھو تو تم با مراد — لب الحمد گو اور دل شاد شاد
عجب وقت ہے یہ جو ہمت کرو — حیات ابد ہے گر اس دم مرو
جو ہے عمر باقی تو غازی ہو تم — سزاوار گردن فرازی ہو تم
یہ ملک جہان ہے تمھارے لیے — نعیم جنان ہے تمھارے لیے
شراکت یہان کی ہے طالع کا اوج — کہ ایسا امام اور ایسی ہے فوج
سعادت ہے جو جانفشانی کرے — یہان اور وان کامرانی کرے
الٰہی مجھے بھی شہادت نصیب — یہ فضل سے افضل عبادت نصیب
الٰہی اگرچہ ہون مین تیرہ کار — پہ تیرے کرم کا ہون امیدوار
تو اپنی عنایت سے توفیق دے — عروج شہید اور صدیق دے
کرم کر نکال اب یہان سے مجھے — ملا دے امام زمان سے مجھے
یہ دعوت ہو مقبول درگاہ مین — مری جان فدا ہو تری راہ مین
مین گنج شہیدان مین مسرور ہون — اسی فوج کے ساتھ محشور ہون

خاتمہ

سپاس و منت مر خدائے را جل شانہ و عز اسمہ کہ سخن بر زبان آفریدہ و گوش را ازان بہرہ ور ساخت و ابر را گہر افشانی آموخت و صدف را بدان آبستنی کرد یعنی بی بضاعتان را از گران مایگان قدری فزون تر نوخت و عارض معنی را فروغ مہر جہانتاب داد و نقاب الفاظ بران باز کشید و جمال مطلق را از بند مستوری بدر آورد و پردہ بیگانگی در میان انداخت یعنی فرقی نازک در میانہ محرم و نامحرم نہاد ؎ ہر کس نشناسندۂ راز ست و گرنہ ہمہ اینہا ہمہ راز ست کہ معلوم عوام ست + درود نامحدود بر روح مقدس سید فصحا ابلغ البلغا خواجہ عالم و عالمیان سیدنا و مولانا و نبینا حضرت احمد مجتبی محمد مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ و صحبہ و سلم کہ بدولت گفتار بلاغت آثار سخن بپایۂ اعجاز رسید و بتاثیر کلام معجز نظامش کار یکۂ اخنجر و سنان بر نیاید از زبان بر آید نطق را آن مایۂ شرف و امتیاز حاصل شد کہ ملائکہ از بہر ادراک این فضیلت از لباس ملکی و رزی انسانی فرود آمدند و لسان عربی را مزینی و رجحانی بہر سید کہ لغت ناشناسان تازی زبان را شایستہ خطاب گویائی ندانستہ ملقب بعجم ساختند ؎ حق جلوہ گر ز طرز بیان محمد ست + آری کلام حق بہ زبان محمد ست + اما بعد بندۂ ہیچمدان عبد الرحمن خلف میر حسین تسکین غفر اللہ لہما سیئاتہما و تجاوز عن خطیئاتہما بخدمت نکتہ سنجان و دقیقہ گزین و ادا پرستان سخن آفرین التماس میدارد کہ این گلکدۂ معانی و گنج طلسم وجدانی و شیرۂ خانۂ روحانی نسخہ سحر حلال و مرقع تماثیل خیال و بیت الشرف مہر کمال صفۂ عرائس مضامین غرا و روضۂ ریاحین اشعار مطرا مصداق ان من البیان لسحرا نسخ زبرا و لین و دستور العمل آخرین مجموعۂ افکار نو آئین یعنی دیوان بلاغت آگین کہ بہین نتیجہ ایست از نتائج طبع بلند و نفائس فکر ارجمند مقنن قواعد سخنوری و سخندانی و مروج احکام نکتہ سنجی و نکتہ رانی غواص قلزم تحقیق و شناور دریای تدقیق نبض شناس سخن و مزاجدان گفتار عروج کوکب فن و فروغ طالع اشعار نازک خیال ژرف نگاہ و والا اندیشہ بلند نظر رنگین بیان ادا فہم وقت آفرین معنی پرور سفراط وقت بقراط زمان فلاطون عصر جالینوس دوران اوستادی و مولائی حکیم غفر انماب مومن خان متخلص بہ مومن سلکہ اللہ تعالی بحبوحۃ الجنان تا ابد الابدین و افاض علیہ من شایبیب الرحمۃ و الرضوان فی اعلی علیین بسکہ وارستگی و آزادگی لازم طبیعت خان مبرور بود و ازین رو بتالیف و ترتیب کلام خویش چہ ریختہ و چہ فارسی سری نداشتند مدتہا در زمان حیات ایشان از حلیہ

انتظام معطل واز پیرایۂ ترتیب معرّیٰ بود عاقبت چون تشنگی طلب ارباب ذوق بغایت رسید وغوغاے خریداران از حد درگذشت جناب مستطاب نواب عالی درجات قدسی صفات محمد مصطفےٰ خان بہادر مدظلہ العالی بجمع وتدوین ہمت عالی مصروف داشتند ودر فراہم آوردن اصناف کلام ریختہ حضرت مصنف دقیقہ از دقائق فروگذاشتند اما از انجا کہ ہنوز آن قلزم فیض در روانی وآن ابر رحمت در گرانفشانی بود کلام بلاغت نظامش آنا فانا متزائد ومتضاعف ویوما فیوما متکاثر ومتوافر میشد تا آنکہ بدر کمال را زمان خسوف فراپیش آمد وآفتاب ہنر تردیک لب بام رسید یعنی جناب خان ممدوح را مرض الموت درگرفت وآثار مرگ از آغاز مرض بر ناصیۂ حال ایشان آشکارا گشت چون آن روان فرساز حمت قدری دیر کشید بندہ مگینہ کہ از بدو صبا تا آخر عمر حضرت سابق الوصف در کنار عاطفت ایشان منظور نظر تربیت مانده وباوجود نسبت برادرزادگی علاقۂ پسرخواندگی با آنجناب ہم دارد فرصت وقت را کہ فی الحقیقت فرصت پروانۂ محفل در آخر شب وفرصت مرغ چمن در آمدز مہر پیش بنود غنیمت شمردم ونسخہ کہ بجہد بلیغ وسعی موفور مطابق مجموعہ فراہم آوردۂ نواب معلی القاب بابسیاری از غزلیات ورباعیات ومخمسات ومثنویات وافراد دیگر کہ بعد از ترتیب اولین از صفحہ اندیشہ لوح بیان ریختہ بود بقلم خود نگاشتہ بودم از اول تا آخر بامید تصحیح وتقریر بنہج ترتیب خویش پیشگاہ مصنف علیہ الرحمہ برخواندم چنانچہ پارہ را بزیور اصلاح وحلیہ تہذیب آراستند وپارہ بحال خود گذاشتند وسہ روز در وفات ایشان باقی ماندہ بود کہ دیوان تشریف تمامی در برکشید واین مصرعہ از زبان حال خان مغفور تراوش یافت ؎ حوالت باخدا کردیم ورفتیم + اکنون بجزم یقین میتوان گفت کہ بعد این تدوین وترتیب کہ مرّۃ بعد اولی وثانیًا بعد اخری بر روی کار آمدہ ہر کہ بیرون ازین سفینہ بیتے از ابیات یا فردے از افراد از نتائج فکر صاحب دیوان نشان دہد باید دانست کہ الحاقے بیش نیست یا خود از کلام اوست یا مطروح ومنسوخ سخن کوتاہ کتابی است عدیم النظیر ونخبہ ایست فقید البدل حروف نشین ومعانیش نوآئین انچہ در گفتار میر ومیرزا جستہ جستہ توان یافت اینجا دستہ دستہ میتوان دید منصفی باید صاحب ذوق وماہر فن تا داد رسد کہ سخنور شاعری نکردہ است بلکہ ساحری کردہ پایۂ سخنش چندان کہ کاوی بالاتر یابی ودر گفتارش چندانکہ سنجی گران تر بینی۔ شعرا بدینجا کہ رسانیدہ وریختہ را این مرتبہ کہ بخشیدہ۔ کتاب نیست گوہر نایاب است۔ دیوان نیست

انتخاب است ؎ ز فرق تا قدمش ہر کجا کہ می نگرم + کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجا است +
شناوران سخن را مژدہ باد کہ دیوان مومن حلیۂ انطباع پوشید و جنس گران ارز کہ جان گرامی بہا لگی
آن نتواند کرد چون ماہ کنعان در بازار مصر بہ ہیچ می ارزد خزفی چند بیارند و بضاعتی با خود برند
دختے بدیدنش بہ پردازند و صحائف پیشینیان را از دست بنہند ؎ ہان اہل نظر وقت وداع
دل و دین است + یوسف بخرید آمدہ در قافلۂ ما + فقط الحمد للہ اولاً و آخراً و ظاہراً و باطناً
والصلوٰۃ والسلام علی خلقہ سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین تمام شد

تقریظ مطبوعۂ سابق از شاعر بعدیل و سہیم رشک سلیم منشی انوار حسین تسلیم مرحوم

حمد خالق لوح و قلم و نعت خواجۂ شفیع الامم و منقبت آل کرم و محبت اصحاب معظم بیدلیست بے پایان
و دامانیست بیکران چالش کنان فصحت آباد خیال گام ازین راہ گردانیدہ اند و آشنایان
بحر زخار اندیشہ طیلسان پندار از دوش برکشیدہ اگر کوردرہ کوہ شتابد غیر از مضحکہ ہیچ ثمرہ نیابد
بمثل ہیچ مدنی کہ محض مبیواد باشد و مطلق بے استعداد غشاوہ رعونت بر دردیدہ تند و بفتوائے
ابلہی نابینا یانہ کند کند باشد کہ سر زیر و پا بالا باشد و گروہ اطفال خشک زن بر قفاہان اگر
در پردہ مدح ولی نعمت کہ عین شکر رازق مطلق است زمزمہ سرایند و ترنم نماید مقام شناس از مجاز
راہ براہ حقیقت خواہند برد و از دائرہ صورت روبناموس معنی خواہند آورد آرے آقا
از در تعریف باشد و سزاوار توصیف چنانکہ کاشف دقائق مروت و واقف حقایق فتوت
عنوان صحیفۂ قدردانی دیباچہ جرائد مہربانی محبت کیش الفت اندیش آب رنگ شگفتہ روئی
شمع انجمن دلجوئی رفیق پرور کرم گستر آسمان زمین مہرپروری نردبان دل بدست آوری
منصف مزاج عذر نیوش عطا پاش خطا پوش ملجاے مردم نزدیک و دور جناب منشی
نول کشور مالک مطبع اودھ اخبار و کانپور کہ ابر نیسان آبکے ست از بحر عطایش و حکایت
حاتم مقدمہ ایست از دفتر سخایش ہمت بمرتبۂ غایت ست کہ در نقصان خود فائدہ دیگران را
سود و سودا پندارند و حوصلہ بدرجۂ نہایت است کہ در رنج خود راحت عالم را مطمح نظر کیمیا اثر دارند
بفضل ایزد بسیار بخش رونق و ترقی کارست و بہر وقت بہر دکاکین کتب گرمی روزبازار کتب

مطبوعہ را از منزلت بہا انداختہ بمرگ خودم لعل را کم میرزا از خذف ریزہا ساختہ در ہر کارخانہ مطبع
کتاب نادر الوجود زیر تجویز طبع است و در طبع آن خیال تمتع برداشتن خاص و عام مقصود بالطبع روح ممدوح
از حد بیان متجاوز است کہ دست و زبان تحریر و تقریر آن عاجز ہم پیشگان تحکم کاوش در کشت مند
سینہ میکارند و بالجملہ بمیسر مایہ خویش سخت آویزش زانو را ستون چنین کردہ اند و در ہر شک
بر رو آوردہ ادنی و رشیوۂ دلدار یہا انیست و لب لباب افسانہ ام چنین است کہ برخواہش
عزیزان علامۂ عصر و شہرۂ آفاق محسود شیوا زبانان عجم و عراق نیروی بہادران عرصہ تحریر بازوے
دلاوران معرکہ تقریر شیر بیشہ فصاحت بلبل بوستان بلاغت ناخدائے سفینہ سلاست تاجدار
قلمرو متانت ناظم صاحب کمال ناشر عدیم المثال مقنن قوانین اردوے معلی و رایجاد فن سخن
یکتاوے بحتا فخر المتقدمین صاحب زبان شیوا بیان **حکیم مومن خان** کہ رحمت حق
بر روح پاکش باد و داخل مدینہ منورہ خاکش کلیات کرامت آیات آن رضوان پناہ مغفرت
دستگاہ را بیمزد در مطبع کانپور طبع فرمودند و بلکہ عوض حق تالیف و مبلغ شوق آنان زر نقد
پیش نمودند من کجا و کجا تعریف دیوانش من کجا و کجا ستودگی زبانش بندش چیست تراش در
شست الفاظ سبحان اللہ تازگی مضمون واہ واہ زور قوت سخن دیدنی و شور طلاقت فن
شنیدنی ساحری در پردۂ شاعری کردہ و دل صورت پرستان معنی بدست آوردہ لمعانی معانی
روشنش آفتاب اور تاب و تب انداختہ و ابرو نازک گردن مصرعہ بلندش بر ہلال کار نازک ساختہ
کل کانچی کلیات فیض بنیاد مشق تازہ کدام کاتب متوطن بلدۂ شاہجہان آباد یگان یگان در نقص انتخاب
زدی کاغذ برق سراب سیاہی را با سپیدی اتحاد در اعداد و خرابی کاغذ بران مستزاد خط شستہ چون
خط جوہری از سمت توصیف و تعریف بری تصرف طبع کاتب بران مزید حکم طبع تعجیل و تاکید تخفیف کلیف
بشغل کار دیگر مطبع ہر قدر کہ توانست نقش اول و دوم و سوم را دید یعنی کانپی و پروف و فرورابی اعانت دیگرے
بصحت رسانید نقش اولین کہ بی سنگ و بنشین بود مانند دانہ سپند سر آتش نشست بر سنگ قبول نمود آلہی تو
مست بودم عنان اختیار از دست رہا کردم و در ترانہ مدح ولی نعمت نغمہ خارج آہنگ پرداختم
ہمان بہ کہ بخاتمہ تقریظ در سازم و بدعاے ترقی آقا پردازم فقط **تاریخ** چون درین مطبع **کلام مومن**
منطبع از کرم سبحان گشت ۔ گفت تسلیم بسال طبعش ۔ طبع از دیدن آن شادان گشت

تاریخ طبع سابق از شاعر عدیم المثل مورخ کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع ھذا

کیا ہی بے مثل کلیات چھپا	جس کا شایق ہر دل سے پیر و جوان
سال ہجری مین شوق سے عاقل	لکھ عجب کلیات مومن خان

۱۳۲۴ھ

خاتمۃ الطبع

للہ الحمد و المنہ کہ ان ایام فرخندہ فرجام مین کلیات فصاحت آیات بلاغت سمات سخنور بے بدل استاد ضرب المثل مقتدائے زبان آوران افصح الفصحا حکیم مومن خان دہلوی تغمدہ اللہ بغفرانہ و اسکنہ بحبوحۃ جنانہ مطبع فیض منبع منشی نول کشور واقع شہر لکھنؤ مین بسرپرستی عالی ہمت بلند حوصلہ امیر والاہمم ستودہ شیم فرخندہ خو معلی القاب عالیجناب منشی بشن نرائن صاحب بھارگو مالک مطبع دام اقبالہ بحسن انتظام و اہتمام مالا کلام کیسر یداس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ مطبع ہذا بصد خوبی و بہزاران خوش اسلوبی بماہ دسمبر ۱۹۳۰ء بار ششم زیور طبع سے آراستہ و پیراستہ ہوکر نذر ناظرین کرام ہوا

فہرست منتخب دواوین اردو

یہ وہ دواوین ہین جن مین سے اکثر دیوان آپ کو دوسری جگہ نہین مل سکتے ۔
ہر علم وفن کی کتابین مطبع ہذا مین موجود ہین فہرست کتب طلب فرماکر ملاحظہ کیجئے فہرست بلا قیمت روانہ ہوگی ۔

کلیات ظفر ہر چہار جلد ۔ کامل دو جلد ۔ سنگلاخ سے سنگلاخ زمینون مین نہایت روانی کے ساتھ غزلین لکھی ہین از ابو ظفر سراج الدین بادشاہ آخری دہلی ۔ انتخاب کلیات ظفر ۔ اسمین ظفر کی مشہور مشہور غزلین درج ہین ۸ر

کلیات مومن ۔ مومن کے کلام کی شوخی مشہور عام ہی اسمین اُن کی مثنویات بھی شامل ہین ۔ ۴ر

دیوان ناسخ ۔ استعارات اور تشبیہ مین اُنکا کلام اپنی آپ نظیر ہی ۔ از شیخ امام بخش ناسخ لکھنوی ۴ر

کلیات میر تقی میر ۔ تعریف فضول ہی کل شعرائے ماضی وحال کے پیشوا مانے جاتے ہین اور زمانہ اُنکی تعریف مین رطب اللسان نظر آتا ہی ۔ اس کلیات مین اُن کا تمام کلام مثنوی رباعی قطعات وغیرہ کے اقسام سے موجود ہی ۔ ۴ر

کلیات سودا ۔ ہجو گوئی کے بادشاہ اور قصیدہ کے اُستاد ہین میر تقی میر نے بھی انکو شاعر مانا ہی ہر قسم کا کلام اسمین موجود ہے ۔ ۴ر

کلیات صنعت ۔ صنائع وبدایع لفظی ومعنوی کی اکثر خوبیان اس مین دکھائی گئی ہین ۔ ۱۲ر

کلیات نظیر اکبر آبادی ۔ نظیر ہر رنگ مین فرد تھے جملہ اقسام کا کلام ان کی کلیات مین موجود ہی ۔

دیوان وقار مصنفۂ رائے کشن کمار صاحب مُنیس بلاری ضلع مراد آباد ۱۰ر

بہارستان اشعار ۔ از دیوان رائے کشن کمار صاحب ۴ر

کلیات صفدر ۔ مصنفۂ نواب صفدر علیخان صاحب کلام سادہ اور صاف ہے ۴ر

کلیات وہبی ۔ کاغذ دو قسم سفید چکنا ۱۲ر
ایضاً کاغذ سفید رسمی ۔ از منشی شیو پرشاد صاحب ۱۰ر

دیوان غافل ۔ از منور خانصاحب غافل لکھنوی ۰ر

دیوان داغ غیر مطبع ۔ اسکی تعریف فضول ہی یہی وہ کلام ہی جس نے داغ کو فصیح الملک کا خطاب دلایا ۴ر

گلزار داغ۔ زبان اور محاورات دہلی کا معدن ہے ۔ عہ

دیوان رند۔ از سید محمد خاں صاحب رند نہایت پختہ اور متین کلام ہے ۹ر

دیوان غالب۔ مشہور و مقبول ہی از تصنیف شاعر کامل مرزا اسد اللہ خان غالب اس کتاب کو نہایت صحیح کرکے بسائز تقطیع پر چھاپا گیا ہی اسمین مشکل الفاظ کے معنی واقعہ طلب اشعار کے واقعات کا اضافہ کیا ہی ایک چھوٹا سا مقدمہ حسین مصنف کی سوانحعمری درج ہی اول مین لگا دیا گیا ہے اور اس کلام کا اضافہ کیا گیا ہی جو جدید دستیاب ہوا ہے غرضکہ یہ دیوان نہایت عمدہ حیثیت مین آگیا ہی ٹائیٹل سبز رنگین گندہ ۴ر

دیوان ذوق۔ اسمین جدید کلام کا بھی اضافہ کیا گیا ہے ۱۲ر

کلیات اسمٰعیل۔ تمام مضامین نظم جو اکناف و اطراف عالم مین مشہور ہو چکے ہین از مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی مجلد عہ

دیوان امیر موسوم بہ مرآۃ الغیب۔ منشی امیر احمد مرحوم کی پہلی شاعری کا رنگ ملاحظہ فرمانا ہو تو مرآۃ الغیب دیکھیے ضمنہ خانہ جو آپ کا دوسرا دیوان ہی اُس سے اشکا رنگ بالکل جُدا ہی عہ

کلیات رعب۔ یہ وہ دیوان ہی جس کی آج اطراف عالم مین دھوم ہی مولوی محمد حنیف علیہ رحمہ رعب مرحوم۔ ایک زبردست عالم ہونیکے علاوہ نہایت زبردست شاعر بھی تھے اسمین ہر رنگ کی غزلین ہین۔ طرز جدید اور قدیم قصاید مثنوی نظمین سب جمع کی گئی ہین۔ اول مین مصنف کا عکسی فوٹو اور مرتب دیوان کی تصویر عکسی ہی۔ قیمت عہ

دفتر حسرت۔ المعروف بہ دیوان انجم صاحب عالم مرزا آسمان جاہ بہادر متخلص بہ انجم خلف سلطان ابن السلطان حضرت سلطان عمر واجد علی شاہ بادشاہ اودھ مرحوم و مغفور کا کلام زبان خاصا نہ۔ بیاض شستہ۔ مضامین رنگین و لطیف۔ اس دیوان مین معانی آفرینی رنگینی کلام فصاحت و بلاغت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہی درد و اثر جو شعر کی بڑی تعریف ہی ہر ایک شعر مین موجود ہی اسی سے ہر شعر تیر و نشتر کا کام کرتا ہی ۱۲ر

کلیات شاداں۔ یعنی کلام بلاغت نظام وزارت پناہ راجہ راجگان مہاراجہ جگموہن لال صاحب بہادر شاداں سابق یمین السلطنۃ وزیر اعظم دولت آصفیہ مرحوم۔ ہر دو دیوان یکجائی عہ

سراپائے پیری۔ انسان کے عالم صغیر کے اوپر ایک دلچسپ مسدس ۱ر

الشتعص

منیجر نولکشور پریس و صفحہ بکڈپو لکھنؤ